تحقیق سیّد و سادات

قرآن، حدیث، تاریخ و انساب کی روشنی میں

محمود احمد عباسی

ناشر مکتبہ محمود ۱/۲۶ بی ایریا۔ لیاقت آباد۔ کراچی

جملہ حقوق طبع واشاعت بحق مولف محفوظ ہیں

نام کتاب :- تحقیق سید وسادات (قرآن، حدیث، تاریخ وانساب کی روشنی میں)
مولف :- محمود احمد عباسی۔ کاشانۂ محمود۔ بی ایریا۔ لیاقت آباد۔ کراچی۔
ناشر :- مکتبۂ محمود ۱/۲ بی ایریا۔ لیاقت آباد۔ کراچی۔
طابع :- ایجوکیشنل پریس۔ کچہری روڈ۔ کراچی۔
کتابت :- عبدالمقتدر خوشنویس بلیسری۔ کراچی۔
تعداد طبع اول :- ایک ہزار۔
قیمت مجلد :-

فہرس مضامین وعناوین کتاب تحقیق سید وسادات

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
١	فہرس مضامین	٣
٢	پیش لفظ	٥
٣	آغاز	
٤	سید	١٧
٥	قریشی گھرانے	١٨
٦	قریشی سادات	١٩
٧	آیات قرآنی میں سید کا مفہوم	٢١
٨	کلام نبوی میں سید کا مفہوم	٢٣
٩	اقوال صحابہ میں سید کا مفہوم	٢٤
١٠	لفظ سید شعرائے عرب کے کلام میں	٢٦
١١	کتب سیر و تاریخ و انساب میں سید کا مفہوم	٢٩
١٢	غیر قریشی قبیلے	٣٣
١٣	وحدت النسانی	٣٦
١٤	فرامین نبوی و مکاتیب صحابہ کرام	٣٧
١٥	مکاتیب خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	٣٨
١٦	مکاتیب امیر المؤمنین عمرؓ و دیگر خلفاء	٣٨
١٧	مکاتیب حسین بن علیؓ	٤١
١٨	بنی ہاشم و سیادت نسبی	٤٥
١٩	حسنی خاندان	٤٧
٢٠	خاندان عبداللہ بن حسن مثنیٰ	٥٣
٢١	شرفائے مکہ	٥٨
٢٢	ادریسی خاندان	٦٠
٢٣	حسینی خاندان	٦٢
٢٤	خلاصہ کلام	٦٤
٢٥	الشریف	٦٧
٢٦	لقب الشریف بنی ہاشم سے کب مخصوص ہوا	٧٠
٢٧	خلافت عباسیہ کا ضعف اور فروغ رفض و شیعیت	٧٣
٢٨	بنی بویہ	٧٧
٢٩	ماتم حسینؓ کی ابتداء	٨١
٣٠	عید غدیر کی ابتداء	٨٢
٣١	مشہد علیؓ	٨٣
٣٢	تدفین	٨٤
٣٣	مزار شریف نزد بلخ	٩٠
٣٤	نجفی قبر کی دریافت	٩٣
٣٥	دریافت قبر کی مہمل حکایتیں	١٠٢
٣٦	واہی اور مہمل روایتیں	١٠٦
٣٧	تعمیر مشہد حسینی	١١٧
٣٨	مغالاۃ فی البشر	١٢٣

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۳۹	تصنیف نہج البلاغۃ	۱۴۰
۴۰	فروغ رفض کے کارنامے	۱۴۲
۴۱	الشریف بطور لقب خاندانی	۱۴۲
۴۲	نقیب بنی ہاشم	۱۵۱
۴۳	عبیدی فاطمیت و نسبی سیادت	۱۶۱
۴۴	محضر تکذیب دعوئے فاطمیت	۱۶۸
۴۵	ذریت حسین اور لقب الشریف کی تخصیص	۱۸۴
۴۶	خروج مہدی	۱۹۱
۴۷	مہدی المنتظر	۲۰۲
۴۸	اسماعیلیہ و متصوفیہ	۲۱۱
۴۹	امام مہدی اور صوفیہ کے قطب	۲۱۸
۵۰	نسبی برتری کی چند وضعی حدیثیں	۲۲۲
۵۱	پنج تن پاک	۲۳۲
۵۲	پنج جا و پنج تن	۲۳۵
۵۳	نادعلی	۲۳۶
۵۴	سادات اہل الجنت	۲۳۹
۵۵	جوانانِ جنت اور خاتونِ جنت کی سرداری کی چند وضعی حدیثیں	۲۴۳

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۵۶	خطبات جمعہ و عیدین	۲۵۳
۵۷	خطبہ جمعہ و مدح اشخاص	۲۵۸
۵۸	خطبہ صدیق اکبرؓ	۲۶۰
۵۹	نعت و ثنائے رسول اکرم	۲۶۰
۶۰	مضمون خطبہ	۲۶۱
۶۱	صلواۃ و سلام	۲۶۳
۶۲	خطبے میں دعائے خیر کی ابتداء	۲۶۴
۶۳	ذکر و ثنائے خلفائے اربعہ کی ابتداء	۲۶۶
۶۴	خطبہ عباسیہ	۲۷۰
۶۵	تصانیف خطبہ	۲۸۳
۶۶	خطبہ تفضیلیہ	۲۸۶
۶۷	نگاہِ بازگشت	۳۰۶
۶۸	التحیات اور درود	۳۰۹
۶۹	آل محمدؐ	۳۱۲
۷۰	صلواۃ علی النبی	۳۱۷
۷۱	خاتمۂ سخن	۳۲۲
۷۲		

باسمہ تعالےٰ

پیش لفظ

ازقلم علاّمہ تمنّا عمادی زید مجدہ مقیم ڈھاکہ

خالق کائنات تبارک وتعالےٰ نے دو طرح کے مخلوق پیدا کئے، ذوی العقول اور غیر ذوی العقول۔ غیر ذوی العقول میں ذی روح اور غیر ذی روح۔ ذی روح میں صرف روح نباتی والے نباتات ہیں، اور جو روح حیوانی بھی رکھتے ہیں وہ حیوانات ہیں، اور جو روح نباتی بھی نہیں رکھتے وہ جمادات ہیں۔ جمادات میں بھی اعلیٰ وادنیٰ پیدا کئے ہیں مثلاً جواہرات اور سونا۔ چاندی وغیرہ بھی ہیں اور معمولی پتھر اور لوہے بھی۔ اسی طرح حیوانوں کی بھی ہر نوع میں آپ کو اعلیٰ وادنیٰ ملیں گے چاہے وہ ملکی تفریق کی وجہ سے ہو یا کسی اور سبب سے۔ عرب کے گھوڑے چین کے ہرن مشہور ہیں۔ جس کو جو فضل وشرف ملا ہے فطرت کی طرف سے ملا ہے اس لئے کہ ان میں سے کسی کو بھی کسب وسعی سے شرف حاصل کرنے کی کوئی ایسی صلاحیت نہیں دی گئی کہ خود اس کو حاصل کر سکے۔ کوئی انسان کسی اچھے پتھر کو خراد کرا اور آب دیکر قیمتی بنا دے کسی درخت کو سینچ کر یا قلم لگا کر اس کو اس کے دوسرے بنی نوع سے ممتاز کردے کسی جانور کو کچھ تعلیم دیکر کوئی خصوصیت اس میں پیدا کردے تو یہ انسان کا فعل ہے ان چیزوں کی اس سے زیادہ کوئی خوبی نہیں کہ ان چیزوں نے انسان کے عمل کو قبول کرلیا۔

ذوی العقول میں جن وانس دونوں ہیں قوم جن کے حالات ہمیں معلوم نہیں مگر اتنا معلوم ہے کہ وہ بھی انسانوں کی طرح مامور ومکلّف ہیں وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ = (جن وانس دونوں اللہ تعالیٰ وتبارک کی عبادت ہی کے لئے پیدا کئے ہیں) ابلیس کے متعلق فرمایا گیا ہے کہ وہ قوم جن سے تھا کَانَ مِنَ الْجِنِّ (الکہف) انسانوں کی طرح شاید ان میں بھی نسبی فرق وامتیاز ہو انسانوں میں یہ فرق وامتیاز نسبی ہی نہیں آب وہوا کی وجہ سے بھی ہیں بعض ملکوں کے لوگ قوی وتنومند قدآور ہوتے ہیں بعض جگہ کے پستہ قد اور کمزور، بعض گورے ہوتے ہیں بعض کالے۔ اسی طرح ہر طبقے میں بعضے حسین وجمیل ہوتے ہیں بعضے بدصورت، بعضے خوش گلو ہوتے ہیں بعضے بدگلو۔ بعضے ذہین وقوی الحافظہ ہوتے ہیں بعضے غبی وضعیف الحافظہ۔ غرض اس طرح کی جتنی خوبیاں بھی جو ہیں وہ اس کو فطرت سے ملی ہیں انسان کو جو شرف اس کی نباتی حیثیت سے حاصل ہے مثلاً قدآور ہونا یا حیوانی حیثیت سے حاصل ہے مثلاً نسلی امتیاز یہ اس کی غیر اختیاری خوبیاں ہیں ان کے حاصل کرنے میں اس نے خود کوئی سعی وعمل نہیں کی ہے حیوانوں میں بھی اچھی نسل کے گھوڑے اچھی نسل کے مرغ وغیرہ بری نسل والوں پر ضرور شرف رکھتے ہیں مگر انسانوں کے لئے عقل کی بدولت بڑی ذمہ داری عائد ہے۔ دنیاوی حیثیت بھی اور دینی حیثیت سے بھی۔ صرف پدرم سلطان

ہو دکا لڑکا کسی شاہزادے کے لئے جو اس وقت بھیک مانگتا پھرتا ہو باعث فضل وشرف نہیں ہو سکتا کوئی نبی زادہ چوری کرے تو وہ صرف نبی زادگی کی بدولت سزا سے بچ نہیں سکتا نہ دنیاوی قانون کی رو سے نہ شرعی قانون کی رو سے۔ دنیا والے بھی علم وہنر دیکھتے ہیں ایک بھنگی کا لڑکا اگر علم وفضل حاصل کرے تو وہ ایک جاہل نبی زادے اور جاہل شاہزادے سے ضرور افضل سمجھا جائیگا۔ ایک پی۔ ایچ۔ ڈی بھنگی وزارت کی کرسی پر متمکن ہو سکتا ہے مگر ایک جاہل نبی زادہ یا شاہزادہ دربانی سے زیادہ کوئی عہدہ نہیں پاسکتا۔

دینی حیثیت کو اللہ تعالےٰ نے خود فرمایا ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم اللہ تعالیٰ کے نزدیک تم میں سے وہی زیادہ بزرگ قرار پائے گا جو تم میں زیادہ متقی ہوگا اس لئے آخرت کی زندگی میں ایک بھنگی اگر مومن صالح اور متقی ہو تو غیر متقی نبی زادے اور غیر متقی شاہزادے سے زیادہ عند اللہ مکرم ومحترم ثابت ہوگا۔

غرض نسبی شرافت پر ناز کرنے والے درحقیقت ابلیس کے نقش قدم پر چل رہے ہیں اس نے بھی اپنی تخلیقی نسبت پر فخر کرکے کہا تھا کہ تو نے آدم کو مٹی سے پیدا کیا ہے مجھکو آگ سے اس لئے انا خیر منہ میں اس سے اچھا ہوں اسی طرح جو لوگ کہتے ہیں کہ ہم نبی کی اولاد میں ہیں یا نبی کے خاندان کے ہیں جو لوگ ہمارے ہم نسب نہیں ہیں ان سے ہم اچھے ہیں ان سے اعلیٰ وافضل ہیں مگر اللہ تعالےٰ کی بارگاہ میں۔

ع:۔ بندگی باید پیمبر زادگی منظور نیست

نسب کی حیثیت سہاگہ کی ہے۔ ایمان صحیح وحسن عمل اصل سونا ہے نسبی شرافت اگر ایمان صحیح وحسن عمل کے ساتھ ہو تو سونے پر سہاگہ ہے جس کے پاس ایمان صحیح وحسن عمل تو ہے مگر نسبی شرافت نہیں ہے تو اس کے پاس سونا تو ہے سہاگہ نہ ہوا نہ ہو مگر جس کے پاس ایمان صحیح وحسن عمل نہیں، وہ اگر نبی زادہ بھی ہو تو صرف سہاگہ رکھکر اس پر کیا ناز کرسکتا ہے۔ قرآن مجید میں کہیں بھی نسلی نسبت کو نہ ذریعہ نجات بتایا ہے نہ عند اللہ موجب عزت وشرف۔ سارا فضل وشرف اور ساری عزت وکرامت ایمان صحیح وعمل صالح ہی پر موقوف ہے۔ ع:۔

کاندریں رہ فلاں ابن فلاں چیزے نیست

تمنا عمادی عفی عنہ

آغاز

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝
والصلوٰۃ والسلام علی النبی الکریم ۝

وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝ (الانبیا)

(اے رسول) ہم نے تجھ کو نہیں بھیجا مگر جہانوں کے لئے رحمت

قُلْ یٰاَیُّھَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ اِلَیْکُمْ جَمِیْعًا (الاعراف)

(اے رسول) کہہ دو اے لوگو! میں رسول ہوں اللہ کا تم سب کی طرف

وَکَانَ النَّاسُ اُمَّۃً وَّاحِدَۃً (البقرہ)

اور سب انسان ایک ہی اُمت میں۔

خالق ارض وسماء نے ختم الرسل علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات اقدس کو اور سب نبیوں اور رسولوں میں جن کی دعوت ان ہی کی قوم وملک کے لئے تھی ممتاز کر کے کل نوع بشر کی ہدایت و رہنمائی کے لئے چھٹی صدی عیسوی کے اِس زمانہ میں مبعوث فرمایا جب ظلم واستبداد شرک والحاد فسق وفجور اور طرح طرح کی بدکاریوں نسل و رنگ وقبائلی عصبیتوں کی تاریکیوں نے دنیائے انسانیت کو ہر طرف سے گھیر رکھا تھا خشکی و تری پر انسانوں کے ہاتھوں فساد پھیل چکا تھا۔ ظَھَرَ الْفَسَادُ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا کَسَبَتْ اَیْدِی النَّاسِ پھر جس خطۂ ارض کو آپ کے ظہور قدسی کی سعادت نصیب ہوئی اس کے باشندوں کی حالت اور بھی بدتر تھی ان کی روزمرّہ کی زندگیوں میں وحشت و بربریت سرائت کئے ہوئے تھی۔ ایک قبیلہ دوسرے قبیلے کے ایک خاندان دوسرے خاندان کے خون کا پیاسا ہو رہا تھا۔ معمولی معمولی باتوں پر خون کی ندیاں بہہ جاتیں انتقام کی آگ نسلاً بعد نسلٍ وراثتاً سلگتی رہتی احساس برتری اور غرور نسل ونسب کا جذبہ ہر چھوٹے بڑے پر چھایا ہوا تھا نخوت وغرور

نسب کا یہ عالم کہ جسے اپنے برابر کا نہ سمجھتے اس سے تیغ آزمائی بھی موجب عار جانتے۔ غزوۂ بدر کا مشہور واقعہ ہے مشرکین قریش کے سردار عتبہ بن ربیعہ نے انصاری غازیان اسلام سے لڑنے سے یہ کہکر انکار کر دیا تھا کہ تیغ آزمائی [illegible] گے تو اپنے ہم قوم قریشیوں سے کریں گے تم سے نہیں۔ مالنا بکم من حاجة انما نرید قومنا ؎

تم سے لڑنا تو ہمارے لیے ہے مایۂ عار
کہ نہیں تیغ قریشی کے سزاوار یہ سر
کہہ کے یہ اس نے کہا سرور عالم سے خطاب
اے محمد! یہ نہیں شیوۂ ارباب ہنر
جنگ ناجنس سے معذور ہیں ہم آل قریش
بھیج ان کو جو ہیں رتبے میں ہمارے ہمسر

آپ کے حکم سے قریشی مجاہدین میں سے جب حضرت حمزہؓ و علیؓ و عبیدہؓ بن الحارث نے آگے بڑھ کے ہنر آزمائی کی اس مغرور قریشی سردار مشرکین اور اس کے ساتھیوں کی نخوت جاہلیہ و تفاخر نسل و نسب کا چند ہی منٹ میں تو ان کا بہ کر خاتمہ ہو گیا۔ یہ واقعہ ہجرت کے دوسرے سال کے اواخر کا ہے یہی قریش اور حجازی باشندے تھے کہ چند ہی سال کے اندر اسلام کے بنیادی معتقدات توحید اور وحدت مساوات انسانی کی تعلیمات کی برکت سے قبائلی عصبیت نسلی برتری نخوت و تفاخر نسب کے پرستاروں کی کایا پلٹ گئی ؎

یا یہ حالت کہ تلوار بھی تھی طالب کفو
یا مساوات کا اسلام کے پھیلا یہ اثر

کہ حضرت بلالؓ نے جو نسلاً حبشی بھی تھے غلام بھی رہ چکے تھے اور تہیدست بھی تھے جب اپنا نکاح آنحضرت صلعم کے حکم سے قریشیوں میں کرنا چاہا ؎

گردنیں جھک کے یہ کہتی تھیں کہ دل سے منظور
جس طرف اس حبشی زادے کی اٹھتی تھی نظر

نسلی غرور و تفاخر کے متوالے قریشیوں کی طبیعت و ذہنیت میں یہ انقلاب عظیم کہ ایک [illegible]

[illegible]

[illegible] کے دلوں میں جاگزیں [illegible]

نفس ہے وَهُوَ الَّذِیٓ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ۔ پیغمبر خدا نے مواعظ حسنہ خطبات عالیہ میں بار بار ارشاد فرمایا کہ معیار عزت و تکریم حسن کردار و عمل صالح ہے نہ امتیاز رنگ و نسل و نسب۔ ہر انسان محض انسان ہونے کی حیثیت سے شرف انسانیت کا مستحق ہے خواہ تمدنی و معاشرتی و اقتصادی اعتبار سے کمتر ہو وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِیٓ اٰدَمَ فرمایا گیا ہے یعنی پیدائش کے اعتبار سے ہر بنی آدم عزت کا مستحق ہے کَرَّمْنَا بَنِی ہاشم یعنی قربتیں نہیں کہا گیا۔ معاشرتی و اقتصادی اعتبار سے یہ قریشی گھرانے جنھیں نبی کریم کی ولادت باسعادت کا شرف حاصل ہوا زمانۂ قبل اسلام سے یک گونہ امتیازی حیثیت رکھتے تھے لیکن رسول کی رسالت و نبوت نہ قریشیوں اور ہاشمیوں سے مخصوص تھی اور نہ آپ کا خطاب کسی خاص خطۂ زمین کے لوگوں سے تھا مخاطبت تو یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ الفاظ میں کل نوع بشر سے تھی اور پروردگار عالم نے بھی آپ ہی سے یہ اعلان عام بھی کرا دیا قُلْ یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ جَمِیْعًا یعنی اے رسول کہہ دیجئے کہ اے انسانو! میں رسول ہوں اللہ کا تم سب کی طرف چنانچہ قانون الٰہی کی جو مقدس اور بے نظیر کتاب آپ پر نازل ہوئی اسے تمام عالم کے لئے نصیحت فرمایا گیا۔ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ۔ بعثت عامہ کی بنا پر آپ نے روم و مصر و حبشہ و فارس وغیرہ کے بادشاہوں اور حکمرانوں کو اسلام کی دعوت دی اور قاصدوں کے ذریعہ فرامین نبوت بھیجے پھر آپ ہی کا یہ ارشاد بھی ہے:۔

كان النبی یبعث الی قومہ خاصۃ وبعثت الی الناس عامۃ	(مجھ سے پہلے) نبی خاص قوم کی طرف بھیجا جاتا تھا مگر میں عام انسانوں کے لئے نبی بنا کر بھیجا گیا ہوں۔

غرضیکہ آپ کی رسالت جب كَافَّةً لِّلنَّاسِ یعنی کل نوع انسان کے لئے تھی جیسا ارشاد باریتعالیٰ ہے وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَافَّةً لِّلنَّاسِ تو کسی خاص قوم و خاندان کے نسلی امتیاز و سیادت کا موجب کیسے ہو سکتی ہے خصوصاً اس حقیقت کے اعتبار سے کہ آپ کے صلب مطہر سے نسل نہیں چلی خالق اکبر نے اس حقیقت کی یوں وضاحت کی ہے مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ (اور محمد تمہارے مردوں میں سے کسی ایک مرد کے بھی باپ نہیں ہیں لیکن اللہ کے رسول اور خاتم النبیین ہیں)

اِس آیت شریفہ نے حتمی طور سے فیصلہ کر دیا کہ سید الوجود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو نسل اور خاندان کی نسبت سے نہیں بلکہ اسی منصب جلیل کی حیثیت سے تاقیام قیامت دیکھا اور سمجھا جائیگا جس کے لئے آپ کو خلق فرمایا گیا یعنی اللہ کے آخری رسول اور اشرف الانبیا کی حیثیت سے آپ کسی ایک مرد کے نہیں بلکہ کل اُمت کے روحانی باپ ہیں اور آپ کی ازواج مطہرات کل اُمت کی مائیں ہیں وَاَزْوَاجُہٗۤ اُمَّھٰتُھُمْ آپ کی بعثت عامہ کا قانون قرآن مجید ہے جس کا فیض عام ہے کسی خاندان سے مخصوص نہیں۔

علامہ اقبالؒ نے ایک موقع پر نبوت محمدیہ کی غایت الغایات کے بارے میں کہا تھا:۔

> "نبوت محمدیہ کی غایت الغایات یہ ہے کہ ہئیت اجتماعیہ انسانیہ قایم کی جائے جس کی تشکیل اس الٰہی قانون کے تابع ہو جو نبوت محمدیہ کو بارگاہِ الٰہی سے عطا ہوا تھا یا بالفاظ دیگر یوں کہئیے کہ بنی نوع انسان کو باوجود شعوب و قبائل اور الوان والسنہ کے اختلافات کو تسلیم کر لینے کے انھیں تمام آلودگیوں سے منزہ کیا جائے جو زمان، مکان، قوم، نسل، نسب و ملک وغیرہ کے ناموں سے موسوم کی جاتی ہیں"

(اقتباس مکتوب بنام مولانا مدنی مرحوم)

مدینہ میں تشریف آوری کے بعد ہی جو سیاسی وثیقہ شہر کے سب باشندوں کے مابین مرتب کرایا تھا اس میں اوس و خزرج انصاری قبیلوں اور قریشی اور دوسرے مہاجرین کے ساتھ یہودیانِ مدینہ کو حقوق و ذمہ داریوں میں برابر کا شریک کرتے ہوئے لکھا گیا تھا کہ اِن یھود بنی عوف اُمۃ مع المومنین نیز صراحتاً کہا گیا کہ یہود اپنے دینی معاملات میں آزاد ہیں اور مسلمان اپنے دینی معاملات میں۔ للیھود دینھم وللمسلمین دینھم۔

نبی آخرالزماں صلی اللہ علیہ وسلم کی اس طرح ہئیت اجتماعیہ انسانیہ کی ابتدا فرمانے سے بلا امتیاز رنگ و نسل و بلا اختلاف قوم و قبیلہ اسلامی معاشرہ متشکل ہوا پھر آپ کے شاگرد صحابہ تھے جو تفاخر نسبی و نسلی کی آلودگیوں سے منزہ ہو کر زبانِ حال سے کہتے تھے ؎

فنحن بنو الاسلام واللہ واحد	واولی عباد اللہ باللہ من شکر
ہم اسلام کے فرزند ہیں اور خدا ایک ہے	اللہ کے بندوں میں اولیٰ وہی ہے جو اللہ کا شکر گذار ہے

ان صحابہ نے اپنی باری میں دوسری اقوام کو بھی ان آلودگیوں سے پاک کیا۔ عہد صدیقی وفاروقی وعثمانی کے مبارک زمانوں میں یہ حجازی قریشی اور دوسرے صحرانشینان عرب توحید کے علمبردار اور وحدت و مساوات انسانی کے پرجوش مبلغین کی حیثیت سے ملک شام وروم ومصر وحبش وفارس وغیرہ پہنچے بفحوائے آیت شریفہ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّهٖ۔ دین اسلام کی حیات بخش برکتوں سے ان قدیم اقوام کے فرسودہ تہذیب وتمدن میں شرف انسانیت کی نئی روح پھونک دی ؎

اس کی برکت تھی کہ صحرائے حجازی کی سموم
بن گئی دہر میں جاکر چمن آرائے بہار

آج کا انسانی شعور جو رنگ ونسل کے محدود نظریوں سے بلند ہو رہا ہے اور یہ مطالبہ کر رہا ہے کہ کرۂ ارض کے بسنے والے سب انسانوں کا ایک ہی معاشرہ، ایک ہی معاشی نظام اور ایک ہی ضابطۂ حیات واخلاق ہونا چاہیئے اسلامی نظریہ وحدت ومساوات انسانی کی اس میں صاف جھلک نظر آتی ہے مگر وہ جو مثل مشہور ہے "ہر کنالے راز والے" یہی عرب جنھوں نے وحدت ومساوات کا سبق دنیا کو سکھایا تھا، تھوڑے ہی عرصہ بعد سیاسی مناقشات میں ایسے مبتلا ہوئے کہ رفتہ رفتہ عصبیت جاہلیہ کی گھنگھور گھٹائیں ان پر اتنی چھائیں کہ خانہ جنگیوں میں خون کی ندیاں بہہ گئیں سچ ہے وَتِلْكَ الْاَیَّامُ نُدَاوِلُهَا بَیْنَ النَّاسِ (اور یہ دن کہ ان کو باری باری لوگوں میں ہم بدلتے رہتے ہیں) عرب طبعاً سریع الغضب ہوتے ہیں اور جب معاملہ ذاتی عزو شرف اور خاندان وقبیلہ کی حرمت وعزت کا ہو جلد مشتعل ہو کر تلوار سے فیصلہ کرنے پر تل جاتے تھے۔ اسرع الی السیف واحتکم الیہ۔ عہد رسالت ہی کا واقعہ ہے کہ غزوہ بنی المصطلق کے موقع پر کسی مہاجر نے کسی انصاری کی پیٹھ کو اتفاقاً دھکا لگا دیا تھا اس بنا پر لڑائی ہو پڑی دونوں اپنی اپنی قوم کو پکارنے لگے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع ہوئی آپ نے قبائلی عصبیت کے اس مظاہرہ کی شدید مذمت فرمائی صحیح مسلم کی روایت میں آپ کا یہ ارشاد منقول ہے جو کوئی قومی وخاندانی عصبیت سے جدال وقتال کرے اور مارا جائے اس کی موت جاہلیت کی موت ہوگی۔ معلوم ہے انصاری اوس وخزرج قبائل کے تھے جو عربوں کی قحطانی یعنی یمنی شاخ سے تھے اور مہاجر قریشی عدنانی شاخ سے ان دونوں شاخوں قحطانی وعدنانی میں حریفانہ چشمک شروع

ہی سے چلی آتی تھی۔ یہی کیفیت ان متعدد قبیلوں کی تھی جو ان دونوں شاخوں سے متفرع ہوئے مثلاً قحطانیوں میں بنوکلب وتنوخ ولاز دجو علاقہ شام میں آباد تھے لخم وھمدان وکندہ ونخع وغیرہ عراق میں تھے ان کے آپس میں چلتی رہتی تھی عدنانیوں میں دو بڑے قبیلے ربیعہ ومضر ایک دوسرے کے حریف تھے خود ربیعہ کے بکر وتغلب میں نصف صدی تک لڑائی ٹھنی رہی کہتے ہیں پچاس برس میں ستر ہزار آدمی مارے گئے تھے۔ مضر کی نسل میں تمیم وکنانہ وغیرہ تھے قریش کنانہ ہی کی نسل تھے۔ رحمت عالمین کا معجزہ تھا کہ قبائلی عصبیت کو عصبیت اسلامیہ میں تبدیل کر کے تمام مسلمانوں کو واحد قبیلہ میں متحد ومنسلک کر دیا مگر بعض وقت پشتینی مخالفتوں کی دبی چنگاریاں ہوا لگ کر بھڑک اٹھتیں۔ نبی صلعم کے بعض خطبات کے الفاظ سے مترشح ہے کہ آپ کو عربوں کی جبلت سے اندیشہ تھا کہ مبادا خانہ جنگیوں میں پھر مبتلا ہوں۔ مشہور صحابی عقبہ بن عامر الجہنی کی روایت سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ خطبہ میں صحابہ کو مخاطب کر کے فرمایا تھا کہ تمہارے بارے میں مجھے اندیشہ تو نہیں کہ شرک میں مبتلا ہو گے مگر اندیشہ یہ ہے کہ تم دنیوی معاملات میں لڑنے جھگڑنے لگو گے حجۃ الوداع کے یادگار عالم موقع پر کہ اس کے چند ہفتے بعد آپ دنیا سے تشریف لے جانے والے تھے۔ اُمت کو وداعی پیغام سنا رہے تھے نصیحتیں اور وصیتیں کر رہے تھے اسی بات کو بلیغ الفاظ میں لوگوں کو ذہن نشین کراتے ہوئے فرمایا تھا "خبردار! میرے بعد تم کافروں کا سا عمل نہ کرنے لگنا لا ترجعوا بعدی کفارا کہ ایک دوسرے کی گردنیں کاٹنے لگو؟ آپ کی رحلت فرمائی کے پچیس تیس برس بعد ہی آپ کے محبوب منجھلے داماد حضرت عثمان ذی النورین کی مظلومانہ شہادت کے سلسلے میں جس میں کہ عراق کے قحطانی قبیلہ نخع کے الاشتر اور اس کے ساتھی مفسدین کا زیادہ ہاتھ تھا جو خانہ جنگیاں جمل وصفین ونہروان کی پیش آئیں تقریباً اسی ہزار کلمہ گو ایک دوسرے کی گردنیں کاٹ کر فنا ہو گئے یہ تعداد بکر وتغلب کی پچاس سالہ مدت کی لڑائی کے مقتولین کی تعداد سے زیادہ ہے جس کا نظاہرہ علوی لشکریوں نے جن میں قحطانیوں کے مختلف قبائل کے لوگوں کی تعداد بیشتر تھی۔ تین چار سال کی قلیل مدت میں مضریین سے لڑ کر کیا تھا۔ اس فضا میں اپنے قبیلے کی نسبی برتری اور دوسروں پر طعن بھی لوگ کرتے تھے کسی شاعر نے صاف کہہ دیا تھا ؎

لیلحقه بذی الحسب الصمیم	دعی القوم ینصر مدعیه
تاکہ اس کو صحیح النسب والوں سے چپکا دے	یہ قوم کا جھوٹا مدعی اس قوم کے دوسرے جھوٹے مدعی کا ساتھ دیتا ہے

ابی الاسلام لا اب لی سواہ	اذا افتخروا بقیس او تمیم
گر میرا باپ تو اسلام ہے اس کے سوا میرا کوئی باپ نہیں۔	جبکہ دوسرے لوگ قیسی اور تمیمی ہونے پر فخر کریں۔

نہج البلاغۃ کے مشہور شارح ابن ابی الحدید ہی کا قول ہے کہ آخر عہد علوی میں کوفہ کے مختلف قبیلوں تمیم و ربیعہ و کندہ و نخع وغیرہ کی عصبیت و حمیت جاہلیہ کی یہ کیفیت تھی کہ معمولی سا جھگڑا دو قبیلوں کے افراد میں ہو پڑتا حمایت کیلئے اپنے اپنے قبیلہ کی دہائی پکارتے، لوگ دوڑ پڑتے تلواریں سونت لیتے اور فتنہ پھیل جاتا فتسل السیوف و تثور الفتنۃ (جزء ۳)

اللہ تعالےٰ کو مسلمانوں کی بہتری منظور تھی کہ ایسے نازک اور پُرآشوب زمانہ میں مدبر اعظم امیر معاویہؓ کی سیادت و قیادت پر کل امت خوش دلی سے متفق ہوگئی تام ہی اس سال کا "عام الجماعت" رکھا گیا یعنی امت کے اتحاد و اتفاق کا سال، ان کے بیس سالہ عہد خلافت میں امت کا یہ اتحاد و ائتلاف برابر قایم رہا۔ امیرالمومنین کے حلیمانہ و مشفقانہ حکمت عملی و تدبر سے عصبیت جاہلیہ کو سر اٹھانے کا موقع نہ مل سکا کو قبول نے البتہ ان کی وفات کے بعد انقلاب حکومت کے مقصد سے حضرت حسینؓ کو فریب دیا ساتھ کربلا کے بعد باغیانہ شورش کچھ عرصہ ہوتی رہیں بالآخر امیرالمومنین عبدالملکؓ نے اپنے زمانہ میں بغاوتوں کا استیصال کرکے قومی قافلے کو جادۂ ترقی پر پھر گامزن کر دیا۔ ان کے نامور فرزندوں کا عہد تو بلاشک و شبہ اسلامی تاریخ کا سنہرا باب ہے۔ امت مسلمہ کو اس زریں عہد میں اقوام عالم پر غلبہ و تفوق حاصل ہوا۔ اَنتُمُ الاَعلَونَ اِن کُنتُم مُّؤمِنِین کی بشارت پوری ہوئی۔ امیرالمومنین ولیدؒ کے مبارک عہد میں تو گویا جنت ارضی کا سماں تھا۔ قصہ آدمؑ کے سلسلہ میں ارشاد ہوا ہے۔ اِنَّ لَکَ اَلَّا تَجُوعَ فِیہَا وَلَا تَعرٰی (یہ قرار دیا ہے تیرے لئے کہ نہ بھوکا ہو تو اس میں نہ ننگا) یہی حالت عوامی آسودگی کی عہد ولیدی میں تھی اور یہی منشائے شریعت بھی ہے بقول علامہ اقبالؒ ؎

کس نگردد در جہاں محتاج کس	نکتۂ شرع مبین این ست و بس

یہ زمانہ چونکہ فتوحات عظیمہ کا تھا عسکری و انتظامی کل مناصب پر صرف عرب ہی فائز تھے غیر عرب قومیں جو اسلام میں داخل ہوئیں۔ ایک صدی کے اندر انھوں نے اپنی عددی قوت

علمی قابلیت ذہانت اور دیگر اوصاف کی بدولت اسلامی معاشرے میں یوں تو واجبی درجہ حاصل کرلیا تھا مگر مناصب حکومت سے محرومی کی بنا پر عام ناراضی دیکھی ان میں پھیل گئی تھی جو محرک ہوئی عربوں کے خلاف شعوبیہ تحریک کے قایم ہونے کی کیونکہ اس وقت عربوں کی شان بیرونی حاکموں کی سی تھی اور غیر عرب رعایا کی محکوموں کی سی۔ چنانچہ یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ اسی عرب و غیر عرب چپقلش میں قومی و نسلی امتیاز کی باتیں پھر شروع ہوئیں متعدد اقوال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عربوں اور قریش کی فضیلت میں منسوب کئے گئے۔ مثلاً من غش العرب لم یدخل فی شفاعتی ولم تنله مودتی (ترمذی) جو عرب سے نفرت و دشمنی کرے وہ میری شفاعت میں داخل نہ ہوگا اور نہ میری دوستی کا شرف اسے ملے گا نیز یہ کہ محبت قریش کی ایمان ہے ان سے بغض کفر ہے محبت عرب کی ایمان ہے ان سے بغض کفر ہے (الطبرانی) من اھان قریشا اھانہ اللہ (مسند احمد) جو قریش کی توہین کرے اللہ اس کو ذلیل و خوار کرے۔ عرب و غیر عرب کے تعصب کے علاوہ اس زمانے میں عربوں ہی کے دو عدنانی قبیلوں ربیعہ و مضر کی باہمی عداوت نے ایسی شدت اختیار کرلی تھی کہ ایک دوسرے کی صورت دیکھنے کے بھی روادار نہ تھے ان واقعات نے اموی خلافت کی بنیادیں متزلزل کردیں یہی زمانہ عباسی تحریک کے لئے جو بیس پچیس برس پہلے سے ممالک شرقیہ خراسان وغیرہ میں جاری تھی بڑا سازگار رہا کیونکہ اس تحریک کا مقصد ایسے نظام حکومت کو بروئے کار لانا تھا جس میں عرب و غیر عرب کا کوئی امتیاز نہ ہو حکومت کے عہدے اور منصب سب کے لئے یکساں کھلے رہیں اہلیت و قابلیت شرط ہو نہ قوم و نسل و نسب کا پاس دلحاظ عباسی مبلغین نے جو نقیب آل محمدؐ کہلاتے تھے ہاشمیوں کی نسبی برتری آل محمد و اہلبیت کی وضعی حدیثیں پھیلانی شروع کیں مثلاً آنحضرت صلعم سے یہ ارشاد منسوب کیا گیا افضل الناس نسباً بنو ھاشم ثم قریش ثم العرب (تبیین الحقائق) یعنی انسانوں میں باعتبار نسب بنی ہاشم سب سے افضل ہیں پھر قریش پھر عرب ہیں۔ تحریک خفیہ طور سے پھیل چکی تھی کہ بنی ہاشم ہی کے ایک فرد زید بن علی بن حسینؑ نے سمجھانے اور منع کرنے کے باوجود امیرالمومنین ہشام جیسے مقبول امام اموی خلیفہ کے خلاف اقدام خروج کا کچھ ایسی غیر مآل اندیشی کردیا کہ مولانا روم کا وہ مشہور شعر صادق آیا کہ ؎

کور کورانہ مرو در کربلا تا نیفتی چون حسین اندر بلا

خود بھی اور ان کے بعد ان کے بیٹے یحییٰ بھی گرفتار بلا ہوئے اور خاندان کے اور لوگ بھی بلا میں پھنسے عباسی تحریک کے قائد ابراہیم الامام گرفتار و محبوس ہو کر غیر طبعی موت مارے گئے، اس کے تھوڑے ہی دن بعد عباسی پروپیگنڈے کا وہ سیاسی انقلاب آیا جس کے متعلق گورنر خراسان نصر بن سیار نے آخری اموی خلیفہ کو رپورٹ ارسال کرتے ہوئے اس مضمون کے اشعار بھی لکھ دیئے تھے کہ راکھ کے درمیان مجھے چنگاری نظر آرہی ہے ممکن ہے بھڑک اٹھے کاش معلوم ہو جاتا کہ بنی امیہ جاگ رہے ہیں یا سو رہے ہیں۔ یہ چنگاری بھڑکی اور امویوں کا سیاسی اقتدار ۱۳۲ھ میں ختم ہو کر عباسی خلافت قائم ہوئی جس کے تیرہ چودہ برس بعد سے اولاد علیؓ میں سے حسنی و حسینی طالبانِ خلافت کے خروجوں کا تانتا بندھ گیا ۱۴۵ھ سے ۳۵۰ھ تک دو سو برس کی مدت میں ۲۶ باغیوں نے علم بغاوت بلند کیا جن کے تفصیلی حالات کتاب "تحقیق مزید" میں ملاحظہ ہوں، اکثر و بیشتر ناکام ہو کر ہلاک ہوئے ان کی منقبت و تقدیس میں حدیثیں وضع ہوئیں جن میں کہا گیا کہ مقتولین کے لئے کفن اور خوشبوئیں جنت سے نازل ہوئیں اور ان کے جسم ان کی روحوں سے پہلے جنت میں جا پہنچے وغیرہ وغیرہ۔ لقب بھی ان کے تجویز کر دیئے گئے کسی کو شہید کہا کسی کو النفس الزکیہ۔ برخلاف ان کے خلیفہ وقت اور عمال خلافت کو محض اس لئے غاصب و ظالم و جابر و فاسق کہا گیا قبیح اتہامات ان کی سیرت و کردار پر عائد کئے گئے کہ اپنے فرض منصبی کی ادائیگی میں انھوں نے بغاوتوں کا استیصال کر کے فتنہ کو دور کیا نظم و نسق مملکت بحال کیا۔ یہ اقدامات بغاوت کسی اصول اور سیاسی پروگرام سے تو نہ تھے حسب و نسب کی تعلیموں پر دار و مدار تھا۔ ان ناکامیوں کے مداوی کے لئے طرفداروں نے بعد میں سینکڑوں حدیثیں اور مہمل روایات نسبی برتری کی بنا پر ان کے حق و استحقاق کی وضع کیں، کفو کے مسئلہ میں عجب عجب نکتے تراشے گئے، مناکحت میں ہاشمی و غیر ہاشمی کا امتیاز پیدا کیا گیا یہاں تک کہا گیا کہ قریشی گھرانے کا غلام ہاشمی گھرانے کی کنیز کا ہم کفو نہیں ہو سکتا۔ العلم الشامخ کے مولف نے بعض زیدیہ و تفضیلیہ کا یہ قول بھی لکھا کہ فاطمیہ خاتون کا کسی غیر فاطمی کے عقد میں آنا موجب ہوگا اہلبیت کی ہتک حرمت کا۔ جب دین عدل و مساوات و احکام شریعت میں نئی نئی باتیں پیدا کی گئیں مولانا نظام گنجوی متوفی [illegible] ہوئے آنحضرت صلعم کو مخاطب کر کے عرض کیا تھا کہ آپ اب دین کو ملاحظہ کریں پہچان نہ سکیں گے ؎

دین ترا درپئے آرائش اند　　　　درپئے آرائش و پیرائش اند

بستہ شد بسکہ بر و برگ و ساز   گر تو بہ بینی نشناسیش باز

آرائشِ دین سے مراد بدعات و محدثات ہیں جو سیاسی اغراض سے مذہب میں شامل کی گئیں مثلاً درود میں "آل محمد" کا شمول، غیر طبقاتی ملّت میں کفو کا مسئلہ یا حصول خلافت سے محرومی کی بنا پر خلافت کے مقابلہ میں امامت کا نظریہ، اذان کے الفاظ میں فقرات کا اضافہ اور چوتھے خلیفہ کو خلیفہ بلا فصل کہہ کر تینوں خلفائے راشدین کو برملا غاصب کہنا اور جزو دین سمجھنا، شخصیت پرستی میں حد درجہ غلو کہ مولانا رومؒ کو بھی لطیف پیرایہ میں کہنا پڑا ؎

ہیچ خر ساجد نہ دیدم پیش خر   آدمی زین خوئے شد از خر بتر

مگر باوجود اس غلو کے جو ہاشمیوں کی نسبی فضیلت اور نسلی امتیاز کے بارے میں وضعی حدیثوں میں کیا گیا ساتویں صدی ہجری تک کسی صحیح النسب ہاشمی نے خواہ عباسی و جعفری و عقیلی ہوں یا علوی و حسنی و حسینی نہ سیادت نسبی کا ادعا کیا نہ اپنے کو نسباً سید کہا اور نہ آج تک عرب ممالک میں کوئی ہاشمی و حسنی و حسینی اپنی مادری زبان کے لفظ سید کو اظہار و نسب میں استعمال کرتا ہے نہ اپنے منہ سے اپنے کو سید کہتا ہے نہ اپنے نام کے ساتھ لفظ سید لکھتا ہے۔ دوسروں کے لئے احتراماً یہ لفظ محترم و محترمی کی جگہ البتہ استعمال ہوتا ہے غیر مسلموں کے ناموں میں بھی مسٹر کی جگہ بالعموم مستعمل ہے جیسے سید جواہر لال نہرو یا سید چو این۔ لائی۔ عہد اکبری کے حسینی نسب بزرگ جو میر عدلی و گورنری کے مناصب جلیلہ پر فائز تھے اپنے قلم سے نام "عبدہ محمد الحسینی" لکھتے سید نہ لکھتے تھے ان کے فرزند کی مہر میں "فقیر ابو الحسن بن محمد الحسینی" الفاظ کندہ تھے لفظ سید شامل نہ تھا۔

عرب قبائل میں لفظ شریف و سید کے استعمال کے تاریخی حالات پیش کرنے کے ساتھ غیر عرب ممالک خصوصاً ہندوستان میں ان الفاظ کا استعمال کب سے کن حالات میں ہوا جس سے شریف و غیر شریف سید و غیر سید کی تفریق پیدا ہو کر ذاتیں بن گئیں ان سب مباحث پر یہ کتاب مشتمل ہے بحث محض علمی و تاریخی ہے کسی گروہ و خاندان کی نسبی سیادت و شرافت سے اس بحث کا کوئی تعلق نہیں نہ "اصالی سید" یا "شیوخ" حضرات کے ادعا سے کوئی تعلق ہے نہ ان اشخاص کے انساب کی تحقیق سے جو پاکستان بننے سے پہلے اپنے "رہبے" تھے یہاں آ کر "کیسے کیسے" ہو گئے۔

محمود احمد عباسی   کاشانۂ محمود۔ کراچی

سیّد

اہلِ عرب نے اپنی زبان کے اس مشہور لفظ سیّد کو نہ کبھی نسب و قومیت کے اظہار میں استعمال کیا اور نہ کوئی عرب و قریشی قبیلہ و خاندان سیّد کہلایا[1]۔ سَادَ یَسُوْدُ وسِیَادۃً کے معنی مجد و شرف کے ہیں۔ سیّد واحد ہے سادۃ جمع اور سادات جمع الجمع۔

لفظ سیّد کا صحیح مفہوم ہماری زبان میں سردار، سربراہ، مالک و آقا، مخدوم و محترم الفاظ سے ادا ہوتا ہے اور مسٹر و محترمی کا سیّد و سیدی سے۔ غیر قوم و غیر مسلم اشخاص کو اہلِ عرب مسٹر اور محترم کے معنی میں سیّد کہتے ہیں۔

عرب قبیلے و خاندان

عرب قبائل عدنانی ہوں یا قحطانی از روئے تحقیق سیدنا اسمٰعیل علیہ السّلام کی نسل ہیں بمرورِ زمانہ بے شمار قبیلوں اور خاندانوں میں متفرع و منقسم ہو کر اپنے اپنے مورثِ قبیلہ و خاندانوں کی نسبت سے موسوم رہے جیسے فہر ملقب بہ قریش کی اولاد قریشی، ہاشم بن عبد مناف کی ہاشمی و قس علیٰ ہٰذا۔

ظہور اسلام کے بہت پہلے سے قبیلہ قریش کے چھوٹے بڑے بیس خاندان تھے جو اپنے مورثوں کے نام سے موسوم تھے ان بیس قریشی خاندانوں میں یہ دس زیادہ ممتاز و معروف تھے یعنی بنی ہاشم (ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب کی اولاد) بنی امیہؓ (امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف کی اولاد) بنی نوفلؓ (نوفل بن عبد مناف بن قصی کی اولاد) بنو عبدالدار (عبدالدار بن قصی بن کلاب کی اولاد) بنو اسد (اسد بن عبدالعزیٰ

---

[1] نجرانی عیسائیوں کا لیڈر جو ان کے دنیاوی معاملات کا منتظم تھا البتہ السیّد کہلاتا تھا یہ منصب بھی متوارث نہ تھا بنو قضاعہ یمنی قبیلہ مالک بن حمیر کی نسل سے تھا اور یمن سے اٹھ کر ملک شام میں مسکن گزیں تھا ان میں ایک شاخ کلب بن وبرہ کی تھی۔ اس کے دس گھرانے تھے جن کے نام اسد، ثعلب، ذئب اور سید وغیرہ تھے سیّد بھیڑیے کو کہتے ہیں (السیّد۔ الذئب۔ نیز السیدانۃ بھی اسی معنی میں ہے اور بھیڑیے کی مادہ کو السیدہ کہتے ہیں۔ المنجد) جانوروں کے نام پر عرب جاہلیت میں نام رکھے جاتے تھے مگر لفظ السیّد سے اس نام کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

بن قصی بن کلاب کی اولاد) دوسرے پانچ خاندان قصی بن کلاب بن مُرّہ کے چچوں کی اولاد میں بنو تیم (خاندان حضرت ابوبکر الصدّیق) بنو مخزوم (خاندان سیف اللہ حضرت خالد بن الولید) بنو عدی (خاندان حضرت عمر فاروق) بنو جمح (خاندان حضرت عثمان بن مظعون) اور بنو سہم (خاندان حضرت عمرو بن العاص فاتح مصر تھے) بقیہ دس قریشی گھرانے عامر بن لوی اور اس کے بھائیوں و بنو الحم کی اولاد سے تھے۔ ذیل کے شجرے سے قریشی خاندانوں کے انساب کا مجمل حال معلوم ہو سکے گا (جو اگلے صفحہ پر درج ہے)

قریشی گھرانے

قصی بن کلاب، جیسا مندرجہ شجرے سے واضح ہے ہاشمی و اموی و اسدی وغیرہ خاندانوں کے جد اعلیٰ تھے، ان کا زمانہ تقریباً ڈیڑھ ہزار برس پہلے کا ہے مکہ میں جس شہری جمہوریت کی بنیاد انھوں نے ڈالی تھی اس کے مذہبی و عدالتی و جنگی معاملات اور انتظامات کے چودہ عہدے تھے جو متذکرہ بالا دس قریشی خاندانوں میں منقسم تھے مثلاً بنی ہاشم کے سپرد سقایہ و عمارہ کے عہدے تھے یعنی حاجیوں کے لئے بہم رسانی آب اور خانہ کعبہ کی درستی کے انتظامات۔ ظہور اسلام کے وقت حضرت عباس بن عبدالمطلب ان خدمات کو انجام دیتے تھے۔ حضرت عمر الفاروق کے خاندان بنی عدی کے ذمہ نزاعی معاملات کے تصفیے اور سفارت کی خدمات تھیں ان کے دادا نفیل بن عبدالعزیٰ سے قریش اپنے نزاعی معاملات فیصل کراتے تھے۔

نفیل بن عبدالعزیٰ وکان یتحاکم الیہ قریش (کتاب نسب قریش ص۳۴۶)	نفیل بن عبدالعزیٰ۔ قریش ان سے مقدمات کا فیصلہ کراتے تھے۔

سفارت کی خدمات حضرت عمر الفاروق ظہور اسلام کے زمانہ تک انجام دیتے رہے۔ اشناق کا عہدہ بنی تیم میں تھا یعنی خون بہا اور مالی تاوان کا انتظام جو اس زمانہ میں حضرت ابوبکر صدیق انجام دیتے تھے۔ جنگی عہدوں میں بڑا عہدہ قریش کے قومی نشان کی علمبرداری کا تھا جو العقاب کہلاتا تھا یعنی بحالت جنگ سب قریشی خاندان قومی نشان کے علمبردار کی قیادت میں مجتمع ہوتے تھے۔ یہ عہدہ بنی امیہ میں متوارث تھا۔ حرب بن امیہ کے بعد حضرت ابوسفیان بن حرب قریش کے قائد تھے۔ دیگر خدمات دوسرے خاندانوں کے سربراہ انجام دیتے تھے اور یہ سب قریشی سردار و سربراہ اپنے اپنے خاندانوں کے سید کہلاتے

شجرۂ قبیلہ قریش

فہر لقب قریش بن مالک بن النضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان



تھے نسب و قومیت کا اظہار ان کی خاندانی نسبت سے ہاشمی واموی تیمی ومخزومی وسہمی وغیرہ سے ہوتا تھا۔ یہ سب قریشی خاندان تعلقات مناکحت و مصاہرت میں ایک دوسرے کے ساتھ اس درجہ مربوط و منسلک تھے کہ ہاشمیوں کے نانا مخزومی و زھری اور مخزومی و زھری کے ہاشمی۔ انصاری اور دیگر عربی قبائل سے بھی رشتے ناتے قدیم الایام سے چلے آتے تھے۔

بنی ہاشم اور بنی اُمیہ تو دو حقیقی بھائیوں کی اولاد ہیں، ان کے آپس میں بیاہ شادی کے حالات بھی مشہور و معروف ہیں دوسرے قریشی و انصاری خاندانوں کی باہمی قرابتوں کی تفصیلات کتب انساب میں بالتصریح موجود ہیں۔ حضرت خالد بن الولید سیف اللہ نسباً مخزومی تھے ان کے خاندان کی ایک شاخ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دادی فاطمہ بنت عمرو تھیں اور آپ کی دو پھوپیاں بھی اسی خاندان میں بیاہی گئی تھیں جن سے اولاد بھی تھی۔ آپ کے بڑے چچا زبیر بن عبدالمطلب کی زوجہ بھی مخزومیہ تھیں اور ابوطالب نے اپنی ایک بیٹی اسی مخزومی گھرانے میں بیاہ دی تھی۔ حضرت عمر الفاروقؓ کی والدہ حنتمہ بنت ہاشم بن المغیرہ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دادی فاطمہ بنت عمرو دو حقیقی بھائیوں یعنی عبداللہ و عمران فرزندان مخزوم کی پرپوتیاں تھیں نیز حضرت عمرؓ کے دادا نفیل بن عبدالعزیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سوتیلے دادا الفضلہ بن ہاشم بن عبدمناف آپس میں اخیافی بھائی تھے۔ (کتاب نسب قریش ص۲۶)

قریشی سادات

قریشی خاندانوں کے سربراہ اور ممتاز اشخاص عہد جاہلیۃ ہو یا زمانہ اسلام سید کہلاتے تھے اسی طرح انصاری اور دوسرے عرب قبیلوں کے سردار و سربراہ بھی اپنے اپنے قبیلہ کے سید تھے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا عبدالمطلب جو قریش میں درجہ امتیاز رکھتے تھے۔ سردار قریش کہلاتے تھے۔

فکان عبدالمطلب سید قریش فی عصرہ (مذف من نسب قریش ص۱۵)	عبدالمطلب اپنے زمانہ میں قریش کے سردار تھے۔

ابوسفیانؓ بن حرب اموی کی سیادت کے بارے میں ا[illegible]بی الحدید شارح نہج البلاغۃ

ہی فرماتے ہیں:-

ھو سید قریش کلھا فی زمانہ (ج صفحہ ۳۸)	وہ (یعنی ابوسفیانؓ) اپنے زمانہ میں تمام قریش کے سردار تھے۔

مخزومی خاندان قریش کا مقتدر خاندان تھا۔ ہشام بن المغیرہ مخزومی اور اس کے بیٹوں کی سیادت و سرداری کا شہرہ مکہ میں تھا۔

وکان لھشام وبنیہ صیت بمکۃ و ذکر عال وکان ھشام سید قریش فی دھرہ (کامل ابن اثیر صفحہ ۳)	ہشام اور اس کے بیٹوں کا شہرہ اور ذکر عالی مکّہ میں تھے اور ہشام اپنے زمانہ میں قریش کا سردار تھا۔

بنو تیم یعنی خاندان حضرت ابوبکر صدیقؓ میں عبداللہ بن جُدعان جو رشتے میں حضرت صدیقؓ کے چچا ہوتے تھے اپنے زمانہ میں قریش کے بڑے دریادل اور ہر دلعزیز سردار تھے:-

وکان عبداللہ بن جُدعان سید قریش فی الجاھلیۃ (کتاب نسب قریش صفحہ ۲۹۱)	عبداللہ بن جُدعان زمانہ جاہلیت میں قریش کے سردار تھے۔

ان ہی عبداللہ بن جُدعان[۱] کے گھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تایا زبیر بن عبدالمطلب کی تحریک پر حلف الفضول کا مشہور تاریخی معاہدہ ہوا تھا اس موقع پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی اپنے تایا کے ساتھ موجود تھے۔ آنحضرت کی ان ہی تایا زبیر نے آپ کی پرورش کی تھی۔

یہی چند مثالیں اس امر کی وضاحت کے لئے کافی ہیں کہ قبیلہ و خاندان کے سربراہ و سردار سیّد کہلاتے تھے۔ اور یہ تخصیص کچھ قریشی خاندانوں ہی کی نہیں تھی ہر عربی قبیلے کا سربراہ خواہ انصاری ہو یا کسی دوسرے عرب خاندان کا اپنے منصب سربراہی و سرداری کے اعتبار سے سیّد کہلاتا تھا اس کی مثالیں اپنے مقام پر آگے آتی ہیں۔

یہود و نصاریٰ جو جزیرہ نمائے عرب میں صدیوں سے آباد تھے مادری زبان اُن کی بھی عربی تھی ان کے سردار و سربراہ بھی سیّد کہلاتے تھے بلکہ نجران کے نسطوری عیسائیوں کے

---

[۱] عبداللہ بن جُدعان کی سخاوت و بخشش و عطا کے بہت سے واقعات کتب تاریخ و تذکرے میں جابجا ملتے ہیں حضرت صہیب بن سنان رومی کو جو نسباً نمر بن قاسط کی نسل سے تھے اور رومیوں نے غلام بنا لئے گئے تھے۔ انہی نے ان کے مالک سے خرید کر آزاد کر دیا تھا۔ واقعہ ظہور اسلام سے پہلے کا ہے۔

یہاں سرداری کے تین عہدے تھے یعنی اسقفؑ (مذہبی سردار) العاقبؑ (امور داخلیہ کا مہتمم) اور السید جو امور خارجیہ کا منتظم تھا یعنی :۔

وھوالذی یدبر امورھم الخارجیۃ ویتولی امور العلاقات بینھم وبین القبائل الاخری۔ (فجرالاسلام ص۲۶)	اور وہ (یعنی السید) ان کے امور خارجیہ کی تدبیر کرتا اور دوسرے قبائل کے اور ان کے مابین معاملات کا بھی۔

یہ نجرانی عیسائی السید جس کا نام الایہم تھا نجرانی وفد کے ساتھ بارگاہِ نبوت میں حاضر ہوا تھا اور مباہلہ سے گریز کر کے معاہدہ کیا تھا جس کی تفصیلات کتب سیر و تاریخ میں مذکور ہیں۔

آیاتِ قرآنی میں سید کا مفہوم

قرآن شریف کی ان تین آیات میں لفظ سید آیا ہے اور سردار د آقا ہی کے معنی و مفہوم میں آیا ہے۔ نسب و قومیت کے لئے ہرگز نہیں :۔

(۱) اَنَّ اللّٰہَ یُبَشِّرُکَ بِیَحْیٰی مُصَدِّقًا بِکَلِمَۃٍ مِّنَ اللّٰہِ وَسَیِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِیًّا مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ ٥ (سورۂ آل عمران آیت ۳۸)	کہ اللہ تجھکو خوشخبری دیتا ہے یحییٰ کی جو گواہی دے گا اللہ کے حکم کی اور سردار و پاکباز ہوگا اور نبی صالحین میں سے۔
(۲) یَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْھُھُمْ فِی النَّارِ یَقُوْلُوْنَ یٰلَیْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰہَ وَ اَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ٥ وَقَالُوْا رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَکُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِیْلَا ٥ (الاحزاب آیت ۶۷)	جس دن کہ ان کے (کفار کے) چہرے آگ میں سیاہ ہو جائیں گے وہ کہنے لگیں گے کاش ہم نے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی ہوتی اور وہ یہ کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار ہم نے اپنے سرداروں کا اور اپنے بڑوں کا کہا مانا انھوں نے ہم کو راہ سے بھٹکا دیا۔
(۳) وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِیْصَہٗ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَیَا سَیِّدَھَا لَدَا الْبَابِ (سورۂ یوسف آیت ۲۵)	اور دونوں دوڑے دروازے کو اور عورت نے چیر ڈالا اس کا کرتہ پیچھے سے اور دونوں مل گئے اس کے خاوند (آقا) کو دروازے کے پاس۔

پہلی دو آیتوں میں سید اور سادتنا کے معنی سردار کے ہیں اور آخری آیت میں سیدھا سے مراد اس کے آقا (خاوند) سے ہے۔ اِن تینوں آیتوں کے سوائے کلام اللہ میں اور کہیں یہ لفظ نہیں آیا۔

کلام نبوی میں سیّد کا مفہوم

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کے ارشادات میں لفظ سیّد سردار و سربراہ ہی کے معنی و مفہوم میں آیا ہے نسب و قومیت کے لئے ہرگز نہیں۔ چند مثالیں کلام نبوی کی پیش کی جاتی ہیں۔

(۱) حضرت سعد بن معاذؓ انصاری اپنے قبیلہ اوس کے سردار تھے سیّد الاوس کہلاتے تھے۔ (الاصابہ و انساب الاشراف) نیز صحابی جلیل تھے ان کے قبیلہ اوس کی حلیفی عہد جاہلیۃ سے بنی قریظہ یہود سے تھی۔ غزوہ خندق کے زمانہ میں یہود نے خطرناک سازش اور غداری کی تھی۔ سزا اور سرزنش کے لئے ان کا محاصرہ کیا گیا تھا مجبور ہو کر اپنے حلیف قبیلہ اوس کے سردار حضرت سعد انصاریؓ کو اپنے معاملہ میں حَکَم مان لیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم نے بھی قبول فرمایا۔ حضرت معاذؓ جب یہود کی قسمت کا فیصلہ کرنے کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کے حضور میں آرہے تھے آپ نے صحابہ سے فرمایا:۔

قوموا الیٰ سَیِّدِکُم او خیرکم۔	اپنے سردار یا اپنے سے بہتر کی
(صحیح بخاری ج ۱ ص ۳۴۶ و ص ۵۳۴	پذیرائی کرو۔

(الاصابہ و دیگر کتب۔)

(۲) حضرت قیس بن عاصم بن سنان بن خالد بن منقر غیر قریشی عرب تھے بعد فتح مکہ وفد تمیم کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کی خدمت میں آکر اسلام قبول کیا۔ آپ نے ان کے متعلق فرمایا تھا۔

سَیِّد اھل الوبر (المعارف ص ۱۳۱ والعقد الفرید ج ۱ ص ۲۶۷)

یعنی اہل بادیہ کے سردار۔ مورخین نے ان کے بارے میں یہ الفاظ لکھے ہیں کان شریفاً سیّداً یعنی وہ معزز سردار تھے۔

(۳) غزوہ حنین میں ہوازن و ثقیف قبائل کے تیر اندازوں نے بڑی شدّت سے جنگ آزمائی کی تھی ان ہی میں بنی کُنّہ کا ایک بہادر جوان الجلاح نام بے جگری سے لڑ کر

مارا گیا تھا ابن جریر طبری کا بیان ہے کہ :-

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین بلغہ قتل الجلاح قتل الیوم سید شباب ثقیف (طبری ج ۳ ص ۱۳)	جب الجلاح کے قتل ہو جانے کی اطلاع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچی آپ نے فرمایا آج ثقیف کے جوانوں کا سردار قتل ہو گیا۔

(۴) حضرت بشر ابن البراء بن معرور انصار کے بنی سلمہ میں سے بدری صحابی تھے۔ یہی وہ انصاری صحابی تھے جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سب سے اول کعبہ کے رُخ سے نماز ادا کی تھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی سلمہ سے پوچھا تھا مَن سیدکم؟ یعنی (تمہارا سردار کون ہے) لوگوں نے جَد بن قیس کا نام لیا جن کی طبیعت میں بخل کا مادہ تھا آپ نے فرمایا :-

سیدکم الابیض الجعد بشر بن البراء۔ (انساب الاشراف بلاذری ج ۱ ص ۲۴۶)	تمہارا سردار سفید بالوں والا بشر بن البراء ہے۔

خیبر کی ایک یہودیہ نے جو مسموم گوشت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ہدیۃً پیش کیا تھا آپ نے دہن مبارک میں لے کر تھوک دیا تھا حضرت بشر لقمہ نگل گئے تھے۔ یہی سبب اُن کی موت کا ہوا تھا۔

(۵) صحیح بخاری میں ایک باب ہے "العبد راع فی مال سیدہ و نسب النبی صلی اللہ علیہ وسلم المال الی السید (ج ۱ ص ۳۴۵) یعنی غلام اپنے آقا کے مال میں چرواہا ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مال کو سردار کی طرف منسوب کیا ہے اس حدیث کے ضمن میں لفظ سید جو متعدد بار آیا ہے وہ سردار کے معنی میں آیا ہے۔

(۶) غزوہ اُحد میں حضرت حمزہ بن عبدالمطلب عم رسول اللہ علیہ وسلم بڑی جانبازی سے تیغ زنی کر کے شہید ہوئے تھے رسول اللہ صلی اللہ وسلم نے انہیں سید الشہداء فرمایا اور اسد اللہ (شیر خدا) کا لقب دیا :-

ولقبہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم اسد اللہ وسماہ سید الشہداء (الاصابہ ج ۱ ص ۳۵۴)	انہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے شیر خدا کا لقب دیا اور سید الشہداء سے موسوم کیا۔

کلام الٰہی کی طرح کلام نبوی میں سید سردار و سربراہ و آقا ہی کے معنی میں آیا ہے۔ کسی خاندان یا کسی شخص کے اظہار نسب و قومیت میں ہر گز نہیں۔

اقوال صحابہ میں سیّد کا مفہوم

۱۔ ابن جریر طبری نے سردار قریش ابو سفیانؓ کے قبل فتح مکہ تجدید معاہدہ صلح حدیبیہ کے سلسلے میں مدینہ آنے کی جو روایت درج کی ہے اس میں بیان ہوا ہے کہ حضرت علیؓ نے اثنائے گفتگو میں ان سے کہا تھا کہ میں نہیں جانتا تمھارے مفید مطلب کیا بات ہو سکتی ہے لیکن تم بنی کنانہ کے (یعنی قریشی و غیر قریشی عربوں کے) سردار ہو کھڑے ہو کر اعلان کر دو کہ صلح قائم ہے۔ حضرت علیؓ کی گفتگو کا یہ فقرہ نقل ہوا ہے۔

ولکنك سَیّد بنی کنانة (طبری ج ۳ ص ۱۱۵ و جوامع السیرہ ص ۲۲۵ و دیگر کتب)	لیکن تم بنی کنانہ کے سردار ہو

۲۔ خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابو بکر الصدیقؓ نے رومی عیسائیوں کی دشمن اسلام زبردست طاقت کے مقابلہ میں جب مجاہدین اسلام کے دستے بھیجنا شروع کئے قیس بن ھبیرہ بن مکشوح المرادی بھی اپنے قبیلے کے غازیوں کے ساتھ حضرت موصوف کی خدمت میں آئے وہ حرب و ضرب کے ماہر شجیع و بہادر تھے حضرت صدیق اکبرؓ نے اثنائے گفتگو میں اُن سے فرمایا۔

انک شریف بأس سَیّد مجرب (فتوح الشام ازدی ص ۳۱ مطبوعہ کلکتہ ۱۸۵۴ء)	تم تو شریف و بہادر سردار آزمودہ کار ہو۔

۳۔ امیر المومنین عمر فاروقؓ اپنے عہد خلافت میں حضرت عباسؓ بن عبد المطلب عم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابو سفیانؓ سردار قریش کا اکرام کرتے گدے پر اپنے پہلو میں جگہ دیتے۔

وکان عمر بن الخطاب یفرش له فراش فی بیته فلا یجلس علیه احد الا العباس بن عبد المطلب	حضرت عمر بن الخطاب کے زمانہ خلافت میں ان کے گھر میں نشست کے لئے فرش بچھایا جاتا اس پر سوائے حضرت عباس بن

والبوسفيان بن حرب۔ (العقد الفريد ج ۲ صـ ۲۹۳)	عبدالمطلب اور حضرت ابوسفیان بن حرب اور کوئی نہ بیٹھتا تھا۔

ابوالجہم بن حذیفہ العدوی نے جو حضرت عمرؓ کے قبیلے کے تھے ایک مرتبہ جب یہ کہا تھا کہ ہم کو بنو عبدمناف سے توقع کسی راحت کے پہنچنے کی نہیں حضرت عمرؓ نے اس پر فرمایا:۔

ھٰذا عم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھذا سید قریش (شرح ابی الحدید ج ۳ صـ ۲۸۰)	یہ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا ہیں (یعنی حضرت عباسؓ) اور یہ سردار قریش ہیں (یعنی حضرت ابوسفیانؓ)

۴۔ احنف بن قیس مشہور تابعی اپنی قوم کے وفد کے ساتھ بصرے سے امیرالمومنین عمرالفاروقؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے وہ اپنی قوم کے سردار (سید) تھے اہالیان بصرہ کے معاملات پیش کرتے ہوئے ایسی فصیح و برجستہ تقریر کی کہ امیرالمومنین نے سنکر فرمایا:۔

ھذا واللہ السیّد ھذا واللہ السیّد (العقد الفرید ج ۱ صـ ۱۹۱)	یہ شخص واللہ سردار ہے یہ شخص واللہ سردار ہے۔

ان ہی احنف کو امیرالمومنین نے جہاد خراسان پر متعین کیا تھا جہاں خدمات لائقہ انجام دیں ان کے دوسرے کوئی عزیزوں کو جو اپنی قوم کے اکابرین سے تھے ابن قتیبہ نے کہا ہے سیّدھم بالکوفۃ (المعارف صـ ۱۸۷)

۵۔ حضرت ابی بن کعب انصاریؓ کاتب وحی اور سابقون الاولون میں سے تھے۔ خلافت فاروقی میں جب ان کی وفات ہوئی امیرالمومنین نے فرمایا تھا۔

الیوم مات سیّد المسلمین (المعارف صـ ۱۱۳)	مسلمانوں کے سردار کی آج وفات ہوگئی۔

۶۔ حضرت بلال بن رباحؓ نسباً حبشی تھے اور ایک قریشی کے غلام تھے ان کا آقا اسلام قبول کرنے کی وجہ سے انھیں سخت اذیتیں دیا کرتا تھا حضرت ابوبکر الصدیقؓ نے رقم ادا کر کے انھیں بھی آزاد کرا دیا تھا امیرالمومنین عمر الفاروقؓ نے ایک مرتبہ فرمایا تھا۔

ابوبکر سیّدنا واعتق	ابوبکر ہمارے سردار تھے اور انھوں نے

سَیّدنا یعنی بلالا۔ — ہمارے (دوسرے) سردار کو آزاد کرایا
(صحیح بخاری والعقد الفرید ج ۱ ص۶۵) — تھا۔ اس سے مراد حضرت بلالؓ سے تھی۔

۷۔ حُیَیّ بن اخطب بنی النضیر و بنو قریضہ یہود کا سردار تھا اس کی دختر صفیہؓ جنگی قیدیوں میں شامل ہو کر آئیں حضرت دحیہؓ صحابی کے حصّہ میں دیدی گئیں اس پر ایک اور صحابی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کی خدمت میں عرض کیا۔

یانبی اللہ! اَعطیتَ دحیة صفیة بنت حُیَیّ سَیّدة بنی قریظة والنضیر لا تصلح الّا لك
(صحیح بخاری ۱/ج ص۵۴)

یانبی اللہ! صفیہ بنت حُیَیّ بنو قریظہ و بنو النضیر کی سیّدہ کو آپ نے دحیہ کو عطا فرما دیا ہے مگر وہ تو آپ کے سوائے کسی اور کے شایاں نہیں۔

اسی طرح اور متعدد اقوال صحابہ کرام کے کتب سِیَر و تاریخ میں جا بجا ملتے ہیں جن میں ان حضرات نے اپنی مادری زبان کے اس لفظ سَیّد کو اس کے اصلی اور صحیح مفہوم یعنی سردار و سربراہ و مالک و آقا کے معنی میں استعمال کیا ہے، اظہار نسب و قومیت میں کبھی نہیں۔

لفظ سَیّد شعرائے عرب کے کلام میں

ہر زبان کے کسی لفظ کے صحیح مفہوم اور استعمال کے لئے اس زبان کے مستند شعرا کے کلام سے سند لی جاتی ہے۔ عرب شعراء کے کلام میں لفظ سَیّد سردار و سربراہ و مالک و آقا ہی کے معنی میں استعمال ہوا ہے قومیت و نسبی نسبت کے اظہار میں کبھی نہیں۔ چند مثالیں اس کی بھی ملاحظہ ہوں۔

حماسہ (ابی تمام) کا مشہور شعر ہے:۔

اذا سَیّد منا خلا قام سَیّدٌ[۱] — قوول لما قال الکرام فعول

جب کوئی سردار ہم میں سے گذر جاتا ہے تو دوسرا سردار اس کی جگہ کھڑا ہو جاتا ہے — اور وہ وہی باتیں کرتا ہے جو پہلا سردار کیا کرتا تھا۔

---

[۱] ۴۶۸ھ میں جب امیر المومنین المقتدی باللہ عباسیؒ سریر آرائے خلافت ہوئے الشریف ابو جعفر بن ابی موسیٰ الحنبلی نے بیعت کرتے وقت حماسہ کے اسی شعر کا پہلا مصرعہ یوں پڑھا اذا سَیّد منا مضیٰ قام سَیّد دوسرا مصرعہ اس وقت انھیں یاد نہ آیا۔ (بقایا صفحہ ۲۷ پر)

۲- المفضلیات (المفضل الضبی) کا یہ شعر لفظ سَیّد کے صحیح مفہوم میں ہے۔

یا سَیّد اما انت من سَیّدٍ	مُوَطّا البیت رحیب الذراع
اے سردار! اور کیسا کچھ سردار!	جس کے گھر کا راستہ مہمان کیلئے ہموار رہتا ہے

۳- حضرت حسان بن ثابت انصاریؓ کے دیوان میں بھی مندرجہ بالا شعر کے ہی مفہوم میں یہ شعر ہے:-

اذا مات منا سَیّد ساد مثلہ	رحیب الذراع بالسیادۃ خضرم
جب کوئی سردار ہم میں سے فوت ہو جاتا ہے تو دوسرا اس کی مثل سردار بن جاتا ہے	اور وہ دریا دلی کے ساتھ مہمانی کرتا ہے

۴- بنو ہاشم و بنو امیہ کے جد امجد عبدمناف بن قصی کا نام مغیرہ تھا کتاب المحبر میں ان کے اور ان کی اولاد کے بارے میں کہا گیا ہے کہ:-

فھولاء سادۃ قریش وقاعتوھم (ص ۱۶۳)	یہ لوگ قریش کے سردار اور ان کے سنبھالنے والے تھے۔

پھر یہ تین شعر مطرود بن کعب الخزاعی کے نقل کئے ہیں جن میں لفظ سَیّد سردار و سربراہ کے ہی معنی میں متعدد جگہ آیا ہے:-

اِن المغیرات وابناءِ ھم	لخیر آباء و اُمہات[1]
آل مغیرہ (عبدمناف) اور ان کی نسل والے	بہترین ماں باپ کے ہیں
للبیض فیض کلھم سَیّد	ابناء سادات لِسادات
گوری چٹی یعنی شریف عورتوں کے بطن سے ہیں اور سب کے سب سردار ہیں	اور جن سرداروں کی اولاد سے ہیں وہ بھی سب سردار تھے۔

(بقایا نوٹ صفحہ ۲۶ کا) امیر المومنین موصوف نے جو بقول علامہ ابن کثیر "حسن صورت و حسن سیرت دونوں اعتبار سے فی غایۃ الجمال تھے خود ہی دوسرا مصرعہ برجستہ پڑھ دیا یعنی قوّول بما قال الکرام فعول۔ الشریف ابو جعفر نے پہلے مصرعہ میں لفظ خلا کے بجائے مضیٰ پڑھا تھا یعنی اذا سَیّد منا مضیٰ قام سَیّدٍ۔ (البدایہ ج ۱۲ ص ۱۱۱)

[1] بلاذری نے یہ مصرعہ اس طرح لکھا ہے رع لخیر احیاء واموات یعنی زندوں و مردوں سب کا بہترین۔

إخلصهم عبد مناف فهم — من لوم من لام بمنجاة
ان میں خالص نسب کے عبد مناف ہیں — اور ملامت کرنے والے کی وہاں تک رسائی نہیں

۵۔ اعشیٰ مشہور شاعر تھے نام عبد اللہ بن اعور المازنی تھا اپنے ایک معاملہ میں دادخواہی کی غرض سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں آئے اور عرض مطالب کے لئے چند شعر کہے جن میں پہلے یہ دو شعر تھے ۔

یا سیّد الناس ودیّان العرب — ینمی إلی ذروة عبد المطلب
اے سردار عالم! اے شارع عرب — اے عبد المطلب کے نام روشن کرنے والے
تلك قروم سادة قد ما نجب — إلیك اشکو ذربة من الذرب
اے وہ جو سرداروں کی اولاد نجیب الطرفین گھرانے کا فرد ہے۔ — میں تیرے آگے اس کی زبان درازی کی شکایت کرتا ہوں

۶۔ سلم بن نوفل بنی کنانہ کا سردار تھا (زیدن آنانہ ما عقد الفرید) اس کے بیٹے اور بھتیجے کو ... کیا اور مجروح کر دیا۔ یہ دونوں اسے پکڑلائے اور اپنے باپ و چچا سے فریادی اور طالب انتقام ہوئے سلم بن نوفل نے سمجھایا سرداری کے شایاں تو یہ بات ہے کہ غیظ و غضب کو پی جائیں، جہلا کی زیادتیوں کو برداشت کریں اور تحمل سے پیش آئیں چنانچہ حملہ آور کو چھوڑ دیا گیا اس پر ایک شاعر نے کہا تھا۔

یسود اقوام ولیسوا بسادة — بل السیّد المندید سلم بن نوفل
لوگ سردار تو بنتے ہیں لیکن سردار ہوتے نہیں — سرداروں کے سردار تو سلم بن نوفل ہی ہیں

۷۔ عبد مناف بن قصی کے بھائی عبد العزیٰ بن قصی کی نسل میں علی بن عبد الرحمٰن بن ابی البختری بن ہاشم بن الحارث بن اسد بن عبد العزیٰ بڑا ماہر دلعزیز اور بہادر نوجوان تھا اور اسی خاندان اسدی کی خاتون برّہ بنت سعید بن الاسود بن ابی البختری کے بطن سے تھا حرہ رہیہ (خوارج) کے ہاتھ سے قتل ہوگیا شاعروں نے اس کے مرثیے کہے جن کی بیتیں ہر کہ و مہ کی زبان پر تھیں ایک بیت میں اسے **سیّد الشباب** (جوانوں کا سردار) کہا گیا ہے یعنی :۔

یا علیّ بن برّة یا سیّد الشباب — یا علی برة یا قاطع السحاب
اے علی برہ کے لخت جگر! اے جوانوں کے سردار — اے علی ابرہ کے سپوت! اے قلادہ کاٹنے والے

اسی طرح صدہا اشعار میں لفظ سید سردار اور سربراہ وغیرہ ہی کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ قومیت و نسب کے اظہار میں کبھی نہیں۔

کتب سیر و تاریخ و انساب میں سید کا مفہوم

کتب سیر و تاریخ و انساب میں خواہ متقدمین کی تصنیف سے ہوں یا متاخرین کی یعنی آٹھویں نویں صدی ہجری تک کی تصانیف میں سید و سادات و اشراف نیز کبیر و زعیم و عظیم الفاظ سرداران قبائل و اکابر خاندان کی امتیازی حیثیت کے اظہار میں مستعمل ہوئے ہیں کسی فرد یا خاندان کی قومیت و نسب کے لئے ہرگز نہیں۔

قبیلہ قریش میں مخزومی خاندان ممتاز و مقتدر خاندان تھا اس کے سردار الولید بن مغیرہ کے بارے میں کہا گیا ہے کہ:

والولید سید من سادات قریش (حیات محمد ص ۱۰۱)	اور ولید قریش کے سرداروں میں ایک سردار تھا

اپنے دل میں تو نبوت کا مقر تھا مگر غرور سیادت (سرداری) سے ایک مرتبہ کہہ اٹھا کہ

أینزل علی محمد و أترك أنا كبير قريش وسيدها ويترك ابو مسعود وعمرو بن عمير الثقفي سيد ثقيف ونحن عظيما القريتين۔ (ایضاً)	یہ کیا بات کہ نبوت تو محمد کو عطا ہوا اور مجھ جیسے بزرگ قریش اور سردار کو محروم کیا جائے اسی طرح ابو مسعود عمرو بن عمیر ثقفی کو بھی ترک جائے جو قبیلہ ثقیف کا سردار ہے حالانکہ ان دونوں شہروں (مکہ و طائف) کے بڑے لوگ تو ہم دونوں ہیں۔

مفسرین کا قول ہے کہ کلام پاک کی اس آیت میں ولید کی سرداری کے اسی گھمنڈ کی جانب اشارہ ہے۔

وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِي الْحَيٰوةِ	اور کہے لگے کیوں نہ اتارا گیا یہ قرآن ان دونوں شہروں (مکہ و طائف) کے کسی بڑے آدمی پر۔ کیا وہ تمہارے رب کی رحمت بانٹتے ہیں، ہم نے ان کی زیست کا سامان دنیا کی

الدُّنیا۔ (سورۃ الزخرف)	زندگی میں بانٹا ہے۔

مندرجہ بالا آیت میں اور اس سے قبل کی عبارت میں رَجُلٍ عَظِیمٍ، و سید و سادات وکبیر الفاظ سے اشخاص کی ذاتی وصفاتی حیثیت کا اظہار ہے نہ کسی کی قومیت و نسب کا۔

عرب جاہلیت کے تاریخی واقعات زیادہ تر تو لڑائی جھگڑوں اور خونریزیوں سے ہیں۔ علامہ ابن عبد ربہ نے العقد الفرید جلد ثالث کے سولھویں باب میں بعنوان فی ایّام العرب و وقائعھا عرب قبائل کی ۷۸ خانہ جنگیوں کے حالات لکھے ہیں ان میں جابجا ان کے سادات یعنی قائدین کا ذکر ہے۔ مثلاً معرکہ شمطہ[1] میں جو حرب فجار کا آخری معرکہ تھا اس میں ہر قبیلہ کا سردار مع اپنے قبیلے کے شریک تھا جن کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے:۔

وعلی کل قبیلۃ من قریش وکنانۃ سَیِّدُھَا وکذالک علیٰ قبائل قیس غیر ان امر کنانۃ کلھا الیٰ حرب بن امیۃ وعلی احد مجنبتیھا عبد اللہ بن جُدعان وعلی الاخری کریز بن ربیعہ وحرب بن اُمیۃ فی القلب وامر ھوازن کلھا الیٰ مسعود بن معتب الثقفی۔ صفحہ ۳۰	قریش و کنانہ کے ہر قبیلہ کی کمان اس کا سردار کر رہا تھا اور اسی طرح قیس کے قبیلوں کی ان کے سردار البتہ قبائل کنانہ (یعنی قریش و غیر قریشی) کی کمان کُلیتاً حرب بن اُمیہ کر رہا تھا۔ پچھلے ایک دستہ پر عبد اللہ بن جُدعان تھا اور دوسرے پر کریز بن ربیعہ (حضرت عثمان کے نانا) حرب بن اُمیہ لشکر کے قلب میں تھا اور قبیلہ ہوازن کی قیادت مسعود بن معتب کر رہا تھا۔

یہی یوم شمطہ حرب فجار کی وہ لڑائی تھی جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے تایا زبیر بن عبد المطلب کے ساتھ موجود تھے اور زبیر بن عبد المطلب اپنے خاندان کے سردار کی حیثیت سے شریک جنگ تھے۔ بلاذری و کتاب المحبر کے مولف نے ان سادات قبائل کا نام بنام ذکر کیا ہے۔ اور لکھا ہے کہ بنی ہاشم کے سالار زبیر بن عبد المطلب تھے۔ بنی عبد شمس اور ان کے حلیفوں کے حرب بن امیہ، بنی عبد الدار اور ان کے حلیفوں کے عکرمہ بن ہاشم (بن عبد مناف بن عبد الدار) اور بنی اسد کے خویلد بن اسد (حضرت

[1] یاقوت حموی نے اس کا نام ط کے بجائے ظ سے شمظۃ لکھا ہے۔

خدیجہ ام المومنین کے والد) بنی زہرہ کے مخرمہ بن نوفل (آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سوتیلے ماموں) بنی مخزوم کے ہشام بن المغیرہ، بنی سہم کے العاص بن وائل حضرت عمرو فاتح مصر کے والد) بنی عدی کے زید عمرو بن نفیل (حضرت عمرؓ کے چچیرے بھائی) یہ سب سالار و قائد اپنے خاندان و قبیلہ کے سید یعنی سردار تھے۔

بعض قریشی خاندانوں میں سرداری و سربراہی کئی پشت تک رہی مثلاً بنی امیہ میں حرب بن اُمیہ کے بعد ان کے فرزند ابوسفیانؓ بن حرب ہوئے زمانہ اسلام میں جیوش اسلامی کی سپہ سالاری ان کے فرزند حضرت یزید بن ابی سفیانؓ اور حضرت معاویہؓ بن ابوسفیان پھر ان کے فرزند امیر یزیدؒ بن معاویہؓ امیر یزید کے بیٹے پوتے بھی اپنے زمانہ میں فضائل ذاتی کی بنا پر سید کہلاتے تھے۔ علامہ ابن حزم کہتے ہیں۔

حرب بن خالد بن یزید بن معاویۃ ویزید بن خالد بن یزید بن معاویۃ کانا سیدین (جمہرۃ الانساب ابن حزم ص۱۰۳)	حرب بن معاویہ بن یزید بن معاویہ و یزید بن خالد بن یزید بن معاویہ یہ دونوں سردار تھے۔

اسی خاندان اموی میں حضرت سعیدؓ بن العاص بن سعید بن العاص بن امیہ کے متعلق جو صحابہ صغار میں سے تھے ابن کثیر لکھتے ہیں۔

کان من سادات المسلمین والاجواد المشہورین وکان جدہ سعید بن العاص رئیساً فی قریش یقال لہ ذو تاج۔	وہ مسلمانوں کے سرداروں میں سے اور مشہور سخی لوگوں میں سے تھے ان کے دادا سعید بن العاص قریش کے رئیس تھے جو صاحب تاج کہلاتے تھے۔

یہ اموی و مخزومی سادات فضائل ذاتی اور سرداری کے سبب سید کہلاتے تھے ان کے اخلاف نے اپنے باپ دادا کے سید کہلانے کی بنا پر نہ کبھی اپنے کو نسباً سید کہا اور نہ سیادت نسبی کے مدعی ہوئے۔ دوسرے قریشی خاندان سہمی و جمحی وغیرہ امویوں اور مخزومیوں کی بہ نسبت کم مشہور و معروف ہیں لیکن ان کے سربراہ و سردار بھی سید کہلاتے تھے۔ اب چند مثالیں ان کی بھی ملاحظہ کیجئے۔

بنو سہم۔ اس قریشی خاندان میں قیس بن عدی اپنے زمانہ کے بڑی ذی وجاہت

سردار تھے۔

قیس بن عدی کان سید قریش فی زمانہ (کتاب نسب قریش ص۴)	قیس بن عدی اپنے زمانہ میں قریش کے سردار تھے۔

مولف کتاب قریش نے اسی کے ساتھ یہ بھی بیان کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا عبدالمطلب قیس مذکور کی اعلیٰ منزلت کے اس درجہ معترف تھے کہ اپنے چھوٹے بچے کو جب ہاتوں پر جھلاتے ایک شعر گنگناتے جاتے جس کے پہلے مصرعہ کا مضمون تھا کہ یہ میرا بیٹا شرف و عزت میں قیس بن عدی جیسا ہو۔ کَانَّهٗ فی العزّ قیس بن عدی۔ انہی قیس کے پوتے خُنیس بن حذافہؓ صحابی تھے، غزوہ احد میں شہید ہوئے تھے انہی کی بیوہ حضرت عمر الفاروقؓ کی صاحبزادی حضرت حفصہؓ تھیں جو ان کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عقد میں آئیں اور اُم المومنین ہوئیں۔ قیس بن عدی کی بھتیجی الشفا حضرت عمر الفاروقؓ کی حقیقی نانی تھیں، سہمی خاندان کی قرابت ہاشمیوں سے بھی تھی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی چچیری بہن اروی بنت الحارث بن عبدالمطلب ابو وداعہ بن ضبیرہ سہمی کی زوجہ تھیں اور ابو وداعہ کے بارے میں کہا گیا ہے کہ وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے شریک تجارت بھی رہے تھے۔

قیس بن عدی کے چچا کی اولاد میں نبیہ بن الحجاج سہمی بھی اپنی قوم کا سردار تھا یعنی سید بنی سہم (جمہرہ ابن حزم ص۱۵۲)، اس کا بھتیجا العاصی بن مُنبہ غزوہ بدر میں مارا گیا تھا مشہور تلوار ذوالفقار اسی العاصی کی تھی جو اس کے مقتول ہو جانے پر مسلمانوں کے ہاتھ آئی تھی پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے العاصی سہمی کی یہ تلوار غزوہ احد میں حضرت علیؓ کو عطا فرما دی تھی۔

بنو جمح۔ سہمی خاندان کے مورث اعلیٰ سہم بن عمرو کا حقیقی بھائی جمح بن عمرو تھا اس کی اولاد بنو جمح کہلائی ان میں صفوان بن امیہ بن خلف بن جمح مذکور سردار خاندان تھے کان سیداً (جمہرہ ابن حزم) اور ان کے دونوں بیٹے عبدالکریم و عبداللہ الاصغر بھی کانا سیدین (جمہرہ ص۱) یہ صفوان ابتداء میں اسلام کے سخت مخالفین میں تھے فتح مکہ کے بعد کفار کے دوسرے قایدین کی طرح بھاگ گئے تھے ان کے ایک مسلمان عزیز نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا سید قومی یارب خوفاً (انساب الاشراف بلاذری ج۱ ص۳۶۲)

کہ میری قوم کا سردار خوف کی وجہ سے بھاگ گیا ہے رحمۃ اللعالمین نے امان دی پھر یہ آئے اور دائرہ اسلام میں داخل ہوئے۔ اسی خاندان میں وحب بھی سردار تھے کان سیّد بنی جمح (کتاب موّرج صـ۹۲)

بنو معیص ۔اس قریشی خاندان کا سلسلۂ نسب یہ ہے معیص بن عامر بن لوی بن غالب بن فہر (لقب قریش)۔ بنو معیص ابن رواحہ بن المنقذ بن عمرو بن معیص سردار خاندان تھے فکان سَیِّدًا (جمہرہ ابن حزم صـ۱۶۱) رواحہ کے بھائی الحارث کی اولاد میں مکرز بن حفص وغیرہ بھی اسی منزلت کے تھے۔ ابن حزم نے ان کے بارے میں لکھا ہے من سادات قریش (صـ۱۶۱) یعنی یہ لوگ سرداران قریش سے تھے۔

غیر قریشی قبیلے

انصار کے دونوں قبیلوں اوس و خزرج کے سادات (سرداروں) کا ذکر آچکا، خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دو انصاریوں کو زبانِ مبارک سے سیّد فرمایا تھا نیز قبیلہ ثقیف کے ایک شخص کو۔ اب چند دوسرے غیر قریشی خاندانوں کے سادات (سرداروں) کی مثالیں ملاحظہ ہوں:۔

۱۔ہوازن ۔ ان کی متعدد شاخیں تھیں ان میں بنو جشم کا سردار درید بن الصمہ تھا۔

کان درید رئیس بنی جشم وسیّدھم (طبری ج۳ صـ۱۲۷)	درید بنی جشم کا رئیس اور ان کا سردار تھا

عہد جاہلیۃ میں قریش و بنو کنانہ و ہوازن کے مابین چار مختلف اوقات میں جدال و قتال کے معرکے ہوئے تھے آخری لڑائی اس وقت ہوئی تھی جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سن شریف بروایتِ مختلف چودہ پندرہ برس کا تھا آپ کے تایا زبیر بن عبد المطلب سردار بنی ہاشم شریکِ جنگ تھے۔ آپ اپنے ان تایا کے ساتھ تھے تیر اٹھا اٹھا کر دیتے جاتے تھے۔ سبب اس جنگ کا یہ تھا کہ ہوازن کے سردار عروہ کو ایک شخص البراض الضمری نے دھوکے سے قتل کر دیا تھا نیز اس کے دو ساتھیوں کو بھی۔ یہ لڑائی حرب الفجار کہلاتی ہے اس کے ذکر میں سردار ہوازن کے بارے میں کہا گیا ہے "عروہ سیّد ہوازن" (العقد الفرید ج صـــــ) نیز اس کے قتل کا بدلہ قریش کے دو سرداروں کی جان لئے

جانے کے بارے میں لکھا ہے، "ارادھا ان یقتلوا بہ سیدًا من قریش"۔
(العقد الفرید ج۳ ص۳۷۷)

۲۔ **بنو قضاعہ**:۔ ان میں جشم بن عمرو بن سعد اپنے خاندان بنو نہد کا سردار تھا:۔

کان جشم سیّد بنی نہد فی زمانہ
(العقد الفرید ص۳۴۷)

اور جشم اپنے زمانہ میں بنو نہد کا سردار تھا۔

۳۔ **بنو ضبیعۃ**۔ الحارث بن عبد بن دوفن وکان سیّد ضبیعۃ فی الجاھلیۃ۔
(المعارف ص۴۱)

الحارث بن عبد اللہ بن دوفن زمانہ جاہلیت میں ضبیعۃ کا سردار تھا۔

۴۔ **بنو غطفان**:۔ ومنھم حذیفۃ بن بدر سیّد غطفان۔
(المعارف ص۳۰)

اور ان میں حذیفہ بن بدر غطفان کا سردار تھا۔

۵۔ **ہمدان**۔ کان سعید بن نمران سیّد ہمدان۔
(کتاب المحبّر ص۳۷۷)

اور سعید بن نمران ہمدانی سردار ہمدان تھے۔

۶۔ **غسّان**:۔ کان عبید بن اوس الغسّانی سیّد اھل الشام
(کتاب المحبّر ص۳۷۷)

عبید بن اوس غسّانی اہل شام کے سردار تھے۔

۷۔ **حمیر**:۔ رشید بن عریب بن ابرھہ بن الصبّاح جو حمیر کے فرمانروا کے پروتے ہوتے تھے اور ملک شام میں آ بسے تھے اپنے قبیلہ کے سردار تھے۔

کان سیّد حمیر بالشام
(العقد الفرید ج۳ ص۳۴۴)

وہ ملک شام میں قبیلۂ حمیر کے سردار تھے۔

اسی ابرھہ بن الصباح شاہ حمیر کے پوتے کریم بن ابی شعشا معدی کرب سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچیرے بھائی حضرت معبد بن عباسؓ کی دختر سیّدہ ... ملکہ افریقہ کی خاتون کے بطن سے تھیں شادی ہوئی تھی ان کے فرزند النضر بن

یریم حمیری کا فضائل ذاتی کی بناپر اہل شام کے سادات میں شمار تھا۔

ک کان النضر سیدًا من سادات اہل الشام (کتاب نسب قریش ص۳۰)	اور نضر اہل شام کے سرداروں میں سے ایک سردار تھے۔

۸۔ بنو ذھل :- یہ ایک شاخ قبیلہ ربیعہ کی تھی ابن الحرث بن دعلہ سردار تھا۔

الحرث بن وعلۃ کان سیدًا شریفًا (العقد الفرید ج ص۲۲۵)	الحرث بن دعلہ سردار اور صاحب شرف تھا۔

۹۔ بنو قیس :- بنو ذھل کے بنوالعم قیس بن ثعلبہ میں جعد بن قیس اپنے خاندان کا سربراہ تھا۔

الجعد بن قیس کان شریفًا سیدًا (العقد الفرید ج ص۲۴۰)	الجعد بن قیس سردار و صاحب شرف تھا۔

۱۰۔ بنو عجل :- یہ بھی ربیعہ کی ایک شاخ تھی ان میں حنظلہ سردار خاندان اور ذی قار کی مشہور جنگ میں قائد تھا۔

حنظلۃ بن ثعلبۃ بن سیار کان سید بنی عجل یوم ذی قار۔ العقد الفرید ج ص۲۳۵	حنظلہ بن ثعلبہ بن سیار جنگ ذی قار میں بنو عجل کا سردار تھا۔

۱۱۔ شیبان۔ مصلقہ بن ہبیرہ اس خاندان کا سردار تھا۔ بنو شیبان بھی ربیعہ کی ایک شاخ تھی۔

مصلقۃ بن ھبیرۃ کان سیدًا شریفًا۔	مصلقہ بن ہبیرہ سردار و صاحب شرف تھا

۱۲۔ بنوالمصطلق۔ یہ خزاعی خاندان تھا اس کا سردار الحارث بن ابی ضرار تھا۔ (اس کی صاحبزادی حضرت جویریہؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حبالہ عقد میں آئیں۔

کانت جویریۃ بنت الحارث بن ابی ضرار سید بنی المصطلق (جوامع السیر ابن حزم ص۲۶)	جویریہؓ بنی مصطلق کے سردار الحارث بن ابی ضرار کی دختر تھیں۔

ان ہی چند مثالوں سے آپ کو واضح ہو گیا کہ اہل عرب عہد جاہلیہ کے ہوں یا زمانۂ اسلام کے اپنی مادری زبان کے لفظ سید کو نسب و قومیت کے اظہار میں استعمال

نہیں کرتے تھے خصوصاً عرب جاہلیت جو نسبی تعلیوں اور تفاخر بالآباء کے بری طرح خوگر تھے اپنے خاندانی سرداروں کو منصب سرداری کے اعتبار سے سید کہتے تھے نسب اپنا اپنی خاندانی نسبت سے بتاتے جس پر ان کو فخر و ناز بھی ہوتا۔ ان کی شاعری کا جزء غالب بہت نسبی و قبائلی مفاخرہ ہی تھا۔ جاہلی شعرا کے کلام میں جس کی چند مثالیں پیش کی جا چکی ہیں لفظ سید سردار و سربراہ و مالک و آقا ہی کے معنی میں آیا ہے اظہار نسب میں کہیں نہیں۔

وحدت انسانی

اسلامی برکات میں توحید باریتعالیٰ کے عقیدے کے ساتھ ساتھ وحدت انسانی کا نظریہ بھی ہے اسی نے عربوں کی ذہنیت میں انقلاب عظیم پیدا کر کے نسلی و نسبی نخوت اور فخر و مباہات کی کایا پلٹ دی تھی، حمیت جاہلیہ و عصبیت خاندانی کی جگہ تقویٰ و پرہیزگاری، مساوات و اخوت نے لے لی تھی۔ خاندان اور قبیلے سے انتساب غرور و نخوت کے لئے نہیں محض تعارف اور پہچان کے لئے رہ گیا چنانچہ فرما دیا گیا۔

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ

(الحجرات)

اے لوگو! ہم نے تمھیں ایک نر و مادہ (مرد و عورت) سے پیدا کیا اور تمہاری قومیں اور قبیلے بنا دیئے تاکہ باہم جانو پہچانو تحقیق کہ خدا کے نزدیک تم میں زیادہ معززوہ ہے جو تم میں زیادہ پرہیزگار ہے اللہ سب کچھ جانتا اور خبردار ہے

قریش نے جو نخوت نسبی میں بہت زیادہ مبتلا تھے اپنے مرکزی مقام میں پتھر کے محسوس بتوں کے ساتھ حسب و نسب کے گھمنڈ کا ایک معنوی بت بھی گھڑ رکھا تھا فتح مکہ کے وقت محسن انسانیت صلی اللہ علیہ وسلم نے خانہ کعبہ سے سیکڑوں بتوں کو جہاں مسمار کر دیا تھا حسب و نسب کے غرور و فخر کے بت کا بھی قلع قمع کر دیا اور قریش کو مخاطب کر کے فرمایا۔

یامعشر قریش! ان اللہ قد اذھب نخوۃ الجاھلیۃ وتکبرھا بالآباء کلکم من آدم من تراب

اے دوستان قریش! اللہ نے جاہلیت کے غرور اور باپ دادا پر فخر کرنے کو آج سے مٹا ڈالا۔ تم سب آدم کی اولاد ہو اور آدم کا خمیر مٹی سے تھا۔

فرمانِ والا شان حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم، بنام سلطانِ مقوقس مصر



لسم الله الرحمں الرحىم م محمد عىد الله ور
سوله الى المقوقس عطىم القىط سلم على
م اتىع الهدى اما ىعد
ىا ... د ... سلم ... ا ... ىك
الله ... ىو ... حر ... مر ىىں
ملىر ىو ... ىسه ... ىا ... ىمكىل القىط
... الى ... ... ىا ... كلمه
سوا ... ... لا ... ... الا الله
و لا ... سوىد ... ... ىلحد ... سىا
... ... الله ... ...
... لوا ... ىولوا ... اسهد ... ... مسلمو
لمو ...

پھر سورۃ الحجرات کی مندرجہ بالا آیت تلاوت فرما کر وحدت انسانی کی تلقین کی۔
حجۃ الوداع کے مشہور تاریخی خطبہ میں اپنی امت کو جو نصیحتیں اور وصیتیں فرمائی تھیں حاضرین کو جن کی مجموعی تعداد ایک لاکھ سے زیادہ بتائی گئی یہ حقیقت بتاتے اور ذہن نشین کراتے ہوئے کہ سب مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ صراحتاً اعلان فرما دیا تھا کہ باعتبار نسب و تخلیق کسی کو کسی پر کوئی فوقیت نہیں۔ ارشاد ہوا تھا۔

یاایھا الناس! اِلّا ان ربکم واحد وان اباکم واحد لافضل لعربی علی عجمی ولا لعجمی علی عربی ولا لاحمر علی اسود ولا لاسود علی احمر اِلّا بالتقوی

اے لوگو! خوب جان لو کہ تمہارا پروردگار بھی تنہا (ایک) ہے اور تم سب کا باپ (آدم) بھی ایک ہے کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو کسی عربی پر کسی گورے کو کسی کالے پر اور کسی کالے کو کسی گورے پہ کوئی برتری نہیں ہاں مگر پرہیزگاری کے طفیل۔

فرامین نبوی و مکاتیب صحابہ کرام

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی سب انسانوں سے بلند و برتر ہے آپ سید البشر سید الوجود ہیں مگر اسم مبارک کے ساتھ کوئی تعظیمی لفظ نہ کبھی کہلوایا اور نہ لکھوایا آپ کے متعدد نامہ ہائے مبارک اور فرامین کتب سیر و تاریخ میں نقل ہیں جن میں اسم گرامی اس طرح تحریر ہے:۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ من محمد رسول اللہ الی کسری عظیم فارس۔۔۔۔۔۔۔
خطوط و تحریرات پر مہر کرنے کے لئے جو انگشتری بنوائی تھی اس میں "محمد رسول اللہ" تین سطروں میں اس طرح نقش کرایا تھا محمد رسول اللہ امت کی خوش بختی سے دو نامہ ہائے مبارک تبرکات نبویہ کی صورت میں موجود ہیں ایک مقوقس حاکم مصر کے نام اور دوسرا منذر بن ساوی حاکم بحرین کے موسومہ۔ پہلے فرمان کا عکس یہاں شامل کیا جاتا ہے۔

مکاتیب خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ آپ کی سنت کے اتباع میں خلیفہ بلا فصل حضرت ابو بکر الصدیقؓ کا یہی دستور العمل رہا۔ آپ کے مکتوبات اور فرامین فتوح الشام مولفہ ابو اسمٰعیل محمد الازدی میں نیز دوسری کتب میں موجود ہیں جو بیشتر امرائے جیوش اسلامی کے موسومہ ہیں یعنی حضرت ابو عبیدہ بن الجراحؓ و یزید بن ابو سفیانؓ و خالد بن ولیدؓ سیف اللہ وغیرہم کے نام۔ پھر ان حضرات کی تحریرات اور واقعات کی رپورٹیں ہیں۔ کاتب و مکتوب الیہ کے اسماء اسی سادہ طرز پر بغیر کسی تعظیمی لفظ سید وغیرہ کے لکھے گئے ہیں مثلاً

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ - من عبد اللّٰہ ابی بکر خلیفۃ رسول اللّٰہ إلی عبیدۃ بن الجراح ......

دیکھئے اس سر نامہ کی اس عبارت میں ”اللہ کے بندے ابو بکر خلیفہ رسول اللہ“ کے الفاظ میں تفاخر نسبی تو کجا نہ ولدیت کا اظہار ہے اور خاندان و قبیلہ کا اور نہ سردار اور سربراہ ملت کی حیثیت سے لفظ سید کا۔

امراء بھی اسی سادگی سے نام اور منصب لکھتے جو مکتوب بھیجتے سر نامہ کی عبارت مثلاً یہ ہوتی:۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - لعبد اللہ ابی بکر خلیفۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ من ابی عبیدۃ بن الجراح	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - اللہ کے بندے ابو بکر خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ابو عبیدہ بن الجراح کی جانب سے۔

(فتوح الشام ازدی صفحہ ۲۲)

مکاتیب امیر المومنین عمرؓ و دیگر خلفاء

حضرت عمر الفاروقؓ حضرت ابو بکر الصدیقؓ خلیفہ رسول اللہ کے جانشین و خلیفہ ہوئے انھیں خلیفۂ خلیفہ رسول اللہ کہہ سے مخاطب کرنا تکلف سے خالی نہ تھا۔ حسن اتفاق سے چند دن بعد لبید بن ربیعہؓ کوفہ سے مدینہ آئے۔ حضرت عمرؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ جو کرے سے کہا کہ امیر المومنین کو ہمارے آنے کی اطلاع کر دو۔ اس مختصر سے لقب امیر المومنین کو سب ہی نے

پسند کیا حضرت علیؑ اس وقت سے حضرت عمرؓ کو نام یا کنیت سے انھیں مخاطب نہ کرتے امیرالمومنین ہی کہہ کر خطاب کرتے چنانچہ ابو اسمٰعیل محمد الازدی کی کتاب فتوح شام میں صراحتاً بیان ہے کہ حضرت فاروقِ اعظمؓ نے جب ملک شام جانے کا قصد کیا صحابہ سے مشورہ کیا حضرت عثمانؓ وغیرہ جب اپنی رائے دے چکے حضرت عمرؓ نے حاضرین سے پوچھا کسی صاحب کو کچھ اور کہنا ہے حضرت علیؓ نے کہا "نعم یا امیرالمومنین" (جی ہاں - امیرالمومنین) پھر مختصری تقریر میں کئی دفعہ تخاطب میں یہی الفاظ کہے (ص۲۳ مطبوعہ کلکتہ ۱۸۵۴ء) بلاشبہ باعتبار ان عظیم خدمات اور بے مثال کارناموں کے کہ جو حضرت عمرؓ نے تعمیر ملّت کے سلسلہ میں انجام دیں اس لقب کیلئے سب سے زیادہ وہی موزوں و مستحق تھے۔ ان کے معاصر جلیل القدر صحابہ ان کو سید المسلمین جانتے ہیں اور ان کے گوناگوں صفات اور اوصاف حمیدہ کے معترف تھے۔ اپنی پاک زندگی کے آخری لمحات میں جب امیرالمومنین حسرت سے کہنے لگے ویلٌ عمرو ویلٌ امہ ان لم یغفر اللہ لی یعنی برا ہو عمر اور اس کی ماں کا اگر اللہ اس کی مغفرت نہ کرے۔ حضرت ابن عباسؓ پاس بیٹھے تھے حضرت عمرؓ کے منہ سے یہ حسرت آمیز کلمات سنکر انھوں نے کہا۔

فواللہ لقد کان اسلامك عزاً و امارتك فتحاً ولقد ملاءت الارض عدلاً فقال اتشہد لی بذلك یا ابن عباس! فقال لہٗ علیٌ قل نعم وانا معك۔

(شرح ابن ابی الحدید ج۳ ص۱۱۲)

قسم بخدا آپ کا اسلام لانا تو اسلام کی عزت کا موجب ہوا، آپ کی امارت (خلافت) اسلام کی فتح کا باعث ہوئی۔ آپ نے تو عدل و انصاف سے دنیا کو بھر دیا۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا اے ابن عباس! کیا تم خدا کے سامنے اس کی شہادت دوگے حضرت علیؓ نے اس پر ابن عباسؓ سے کہا، کہدو ہاں اور میں بھی تمھارے ساتھ ہوں یعنی شہادت دینے میں۔

یہاں یہ ذکر اس سلسلہ میں آگیا کہ لقب امیرالمومنین حضرت عمرؓ ہی کے لئے سب سے پہلے تجویز ہوا تھا ان کے بعد سے سب خلفاء امیرالمومنین کہلائے۔ مکتوبات و فرامین میں یہی لقب لکھا جاتا مگر صددرجہ سادہ عبارت میں۔ نام کے ساتھ کوئی تعظیمی لفظ نہ ہوتا صرف اللہ کے بندے (عبداللہ) کے لفظ ہوتے نہ سید نہ شریف۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ من عبد اللہ عمر امیر المومنین الی عبیدۃ بن الجراح ...... (فتوح الشام ازدی ص۱۴۱)	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللہ کے بندے عمر امیر المومنین کی جانب سے عبیدہ بن الجراح کے نام ......

جو مکتوبات امیر المومنین کو بھیجے جاتے سرنامہ کی یہی سادہ عبارت ہوتی مثلاً۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ لعبد اللہ عمر امیر المومنین من ابو عبیدۃ بن الجراح ...... (فتوح الشام ازدی ص۱۴۱)	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللہ کے بندے عمر امیر المومنین کے نام ابو عبیدہ بن الجراح کی جانب سے ......

صحابۂ کرام امرائے جیوش اسلامی اپنے مکتوب میں خلیفہ کے نام کے ساتھ سوائے خلیفہ کے منصبی لقب امیر المومنین کے مذکورہ تعظیمی لفظ لکھتے ورنہ اپنے نام کے ساتھ اپنے عہدہ کا یا اپنی خاندانی نسبت کا اظہار کرتے۔ حضرت عمرؓ کے بعد سب خلفاء کا یہی دستور العمل رہا۔ حضرت عثمانؓ کا وہ مشہور تاریخی مکتوب ہے جو ان ایام میں کہ بلوائیوں نے کاشانۂ خلافت کا محاصرہ کر رکھا تھا حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے ہاتھ مکہ معظمہ بھیجا تھا۔ کہ حج کے موقع پر دنیائے اسلام کے مختلف مقامات سے آئے ہوئے مسلمانوں کو سنا دیں اس مکتوب کے شروع کے الفاظ بھی اسی سادگی سے تحریر کئے گئے تھے یعنی:۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ من عبد اللہ عثمان امیر المومنین الی المومنین والمسلمین ...... (طبری ج۵ ص۱۴۱)	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللہ کے بندے عثمان امیر المومنین کی جانب سے مومنین و مسلمین کے نام ......

یہی صورت و کیفیت دیگر خلفاء حضرت علیؓ حضرت معاویہؓ امیر یزیدؒ وغیرہم کے مکتوبات کی تھی ناسخ التواریخ کے شیعہ مورخ تک نے وہ مکتوب درج کیا ہے جو کہا جاتا ہے کہ امیر یزیدؒ نے زمام خلافت ہاتھ میں لینے کے بعد عامل مدینہ کے نام ارسال کیا تھا۔ شروع کا فقرہ یہ تھا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ من عبد اللہ یزید امیر المومنین الیٰ فلانٍ .... (تاریخ التواریخ ج ۱ از کتاب دوم ص۱۵۵)	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللہ کے بندے یزید امیر المومنین کی جانب سے فلاں کے موسومہ۔

امیر المومنین یزیدؒ کو عمال خلافت وسپہ سالار افواج جو مکتوب و رپورٹ ارسال کرتے اس کے سرنامہ کی عبارت بھی اسی طرح سادہ الفاظ میں ہوتی۔ مثلاً:۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ لعبد اللہ یزید بن معاویۃ امیر المومنین من مسلم بن عقبۃ سلام علیک یا امیر المومنین ورحمۃ اللہ۔ (الامامۃ والسیاسۃ ج ۲ ص۲۳۸)	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللہ کے بندے یزید بن معاویہ امیر المومنین کی خدمت میں من جانب مسلم بن عقبہ۔ اے امیر المومنین تم پر سلام اور اللہ کی رحمت ہو۔

مکاتیب حسین بن علیؓ

ابن جریر طبری اور دوسرے شیعہ مورخین نے حضرت حسینؓ کے موسومہ چند مکتوب درج کئے ہیں جو کوفہ کے شیعہ لیڈروں نے ان کو اس غرض سے بھیجے تھے کہ وہ جلد سے جلد کوفہ آجائیں جہاں ان کی خدمت اور مدد کے لئے لشکر تیار ہے یہ بھی لکھا تھا کہ جیسے ہی آپ کے آنے کی اطلاع ملی ہم موجودہ حکومت کے گورنر کو نکال باہر کر دیں گے۔ بعد کے مورخین میں سے علامہ ابن کثیرؒ نے ان خطوط کے مضمون کو حضرت حسینؓ کے خروج کا خاص باب قائم کر کے نقل کیا ہے۔ اس باب کا عنوان ہے۔

قصۃ الحسین بن علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہما وسبب خروجہ باھلہ من مکۃ الی العراق فی طلب الامارۃ وکیفیۃ مقتلہ (البدایہ والنہایہ ج ۸ ص۱۴۹)	قصہ حسین بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما اور سبب ان کے مکہ سے عراق کو خروج کرنے کا مع اپنے گھر والوں کے بغرض طلب امارت (خلافت) اور کیفیت ان کے مقتول ہونے کی۔

پہلا خط بقول طبری اس وقت لکھا گیا تھا جب کوفہ کے شیعہ لیڈر سلیمان بن صرد

کے گھر میں حضرت معاویہؓ کی وفات کی خبر سنکر جلسہ منعقد ہوا تھا جس میں حاضرین سے کہا گیا کہ تم حسین کے اور انکے والد کے طرفداروں میں ہو اگر ان کے مخالف سے لڑنے میں اُن کی مدد کرنا چاہتے ہو تو ان کو کوفہ آنے کی دعوت دو اور خط بھیجو چنانچہ پہلا خط جو بھیجا گیا اس کے شروع کے الفاظ یہ تھے۔

بسم الله الرحمن الرحیم لحسین بن علی من سلیمان بن صُرد والمسیب بن نجبة و رفاعه بن شداد و حبیب بن مظاهر و شیعة من المؤمنین والمسلمین من اهل الکوفة۔ (طبری ج ۶ ص ۱۹۷ و الامامة والسیاسة ج ۱ و ناسخ التواریخ و دیگر کتب)	حسین بن علی کو سلیمان بن صُرد و مسیب بن نجبہ و رفاعہ بن شداد و حبیب بن مظاہر اور کوفہ کے شیعہ مومنین و مسلمین کی جانب سے ....

طبری کے اسی صفحے پر ان ہی کوفیوں کا دوسرا مکتوب بھی درج ہے جس کے ابتدائی الفاظ اور مضمون یہ ہے۔

بسم الله الرحمن الرحیم لحسین بن علی من شیعته من المؤمنین والمسلمین۔ اما بعد۔ فحی هلا فان الناس ینتظرونك ولا رای فی غیرك فالعجل العجل والسلام علیك (ایضاً ص ۱۹۷)	حسین بن علی کو ان کے شیعہ مومنین و مسلمین کی طرف سے جلدی تشریف لے آیئے لوگ آپ کے منتظر ہیں۔ ان کی رائے آپ کے سوا کسی اور کے لئے نہیں ہے۔ پس جلدی کیجئے! والسلام علیک۔

ملّا باقر مجلسی نے ان خطوط کے ابتدائی کلمات کا ترجمہ فارسی میں یوں کیا ہے :۔

ا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ ایں نامہ ایست بسوئے حسین بن علی از جانب سلیمان بن صُرد خزاعی و مسیب بن نجبہ و رفاعہ بن شداد بجلی و حبیب بن مظاہر و سائر شیعیان او از مومنان و مسلمانان اہل کوفہ۔ (جلاء العیون ص ۳۹۵)

۳- بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - ایں عریضہ ایست بخدمت حسین بن علی از شیعیان و فدویان و مخلصان آں حضرت امابعد بزودی خود را بدوستان وہواخواہان خود برسان کہ ہمہ مردم ایں ولایت منتظر قدوم مسرت لزوم تو اند بسوئے غیر تو رغبت نمی نمایند البتہ بتعجیل تمام خود را بایں مشتاقان مستہام برسان - والسلام -
(جلاء العیون صفحہ ۳۹۹)

یہ خطوط ۶۰ھ کے نوشتہ ہیں اس وقت تک مذہبی عقائد کا اختلاف پیدا نہیں ہوا تھا سیاسی پارٹیاں البتہ بن گئی تھیں ان ہی کو شیعان علیؓ و شیعان معاویہؓ کہا جاتا تھا چنانچہ کوفی شیعوں نے ان خطوط میں حضرت حسینؓ کا نام اس زمانہ کے عام رواج کے مطابق بغیر کسی تعظیمی لفظ یا سید کے سادہ طور سے لکھا ہے - لفظ امام بھی ان کے نام کے ساتھ شامل نہیں کیا ہے[لہ]- تیسرا مکتوب کوفیوں کے سات لیڈروں کی جانب سے بھیجا گیا تھا جن میں شبث ربعی و یزید بن رویم و یزید بن الحارث و محمد بن عمیر التیمی وغیرہ شامل تھے طبری نے ان الفاظ میں اسے نقل کیا ہے :-

امابعد - فقد اخضر الجناب و اینعت الثمار فاقدم علی جندٍ لک مجنّد والسلام علیک	تو اجی کوفہ کا سبزہ زار لہلہا رہا ہے میوے پختہ ہو گئے ہیں چشمے چھلک رہے ہیں آپ جب جی چاہے ادھر تشریف لائیے آپ کے (حکم بجا لانے کو) یہاں لشکر تیار موجود ہے -

ملا باقر مجلسی نے آخری جملہ کا ترجمہ یوں کیا ہے "لشکرہائے تو مہیا و حاضر اند شب و روز انتظار مقدم تو میبرند"-

---

لہ اماموں کی فہرست کے وضع و مرتب کیے جانے میں ابھی تقریباً دو سو برس کی مدت باقی تھی - حضرت علیؓ جن کو پہلا امام قرار دینے لیے ہے خلفائے ثلاثہ کی بیعت میں داخل تھے ان ہی کی امامت میں نمازیں ادا کرتے ان ہی کی امارت حج میں ارکان حج بجا لاتے ان کے بعد حضرت حسن و حسینؓ حضرت معاویہؓ کی بیعت میں داخل تھے اور گرانبہا رقوم و ظائف و عطیات ان کے جود و کرم سے حاصل کرتے رہے تھے - حضرت حسینؓ تو امیر یزیدؒ کی قیادت و سپہ سالاری میں جہاد قسطنطنیہ میں موجود تھے امیر عسکر کی امامت میں نمازیں پڑھتے اور تین سال متواتر ان کی امارت حج میں ارکان حج ادا کرتے رہے اسی طرح حضرت حسینؓ کی اولاد و احفاد اپنے اپنے وقت کے خلفاء کی بیعت میں داخل رہے -

حضرت حسینؓ نے کوفیوں کے خطوط کے جواب میں جو مکتوب بھیجا تھا اس کے ابتدائی فقرات شیعہ مورخین نے یوں لکھے ہیں:-

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ من حسین ابن علیؑ الی الملاء من المؤمنین والمسلمین اما بعد۔ فان ھانئا وسعیداً قدما علیّ بکتبکم وکانا آخر من قدم علیّ من رسلکم وقد فھمت کل الذی اقتصصتم وذکرتم ومقالۃ جلکم انہ لیس علینا امام فاقبل لعل اللہ ان یجمعنا بک علی الھدیٰ والحق۔ .... (طبری ج۶ ص۱۹۸)

بسم اللہ الرحمن الرحیم حسین بن علی کی طرف سے جماعت مومنین ومسلمین کو۔ ہانی وسعید تم لوگوں کے خطوط لیکر میرے پاس آئے۔ تمھارے قاصدوں میں یہ دونوں شخص سب سے آخر میں وارد ہوئے جو کچھ تم نے لکھا اور بیان کیا ہے اور تم سب لوگوں کا یہ قول ہے کہ ہمارا کوئی امام (لیڈر) نہیں ہے آپ آئیے تو شاید آپ کے سبب سے اللہ ہم کو ہدایت اور حق پر مجتمع کردے۔

ملا باقر مجلسی نے فارسی ترجمہ میں "شیعان" کا اضافہ کرکے لکھا ہے کہ:-

بسم اللہ الرحمن الرحیم این نامہ ایست از حسین بن علی بسوئے گروہ مومنان ومسلمانان وشیعان....." اس کے آگے کی عبارت کے ترجمہ کے بعد حضرت حسینؓ کا یہ قول بھی تحریر کیا ہے کہ "در جمیع نامہ ہا نوشتہ بودید کہ ما امامے نداریم بزودی بیا نزد ما" یعنی ہمارا کوئی امام نہیں ہے آپ جلد ہمارے پاس آجائیے"

پھر ایک اور رخا شیعہ مورخ طبری وناسخ التواریخ کے مؤلف نے درج کیا ہے جو کہا جاتا ہے کہ حضرت حسینؓ نے دورانِ سفر کوفیوں کو بھیجا تھا اس میں بھی اپنا نام اسی طرح تحریر کیا تھا یعنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ من حسین بن علیؓ الی اخوانہ من المؤمنین والمسلمین (طبری ج۶ ص۲۲۳)

بسم اللہ الرحمن الرحیم حسین بن علیؓ کی جانب سے برادرانِ مومنین ومسلمین کو۔

کوفی شیعوں نے اپنے ان خطوط میں جن کے ابتدائی فقرات اوپر نقل ہوئے حضرت حسینؓ کو نہ سید لکھا اور نہ امام اور خود حضرت حسینؓ نے بھی اپنے نام کے ساتھ نہ امام لکھا اور نہ سید۔ کوفیوں نے تو صراحتاً لکھا ہے کہ ہمارا کوئی امام نہیں ہے آپ جلدی آجائیں تو شاید خداتعالیٰ آپ کی برکت سے ہمیں حق پر مجتمع کردے ان کے اسی قول کو حضرت حسینؓ نے بھی اپنے مکتوب میں

دوہرا دیا ہے اس سے بخوبی واضح ہے کہ نہ کوفی ان کو امام معصوم و منصوص من اللہ جانتے تھے اور نہ حضرت حسینؓ ہی اس کے مدعی تھے ورنہ وہ اگر اپنے کو امام سمجھتے اور امام معصوم ہونے کے مدعی ہوتے تو کوفی شیعوں کے اس قول پر کہ ہمارا کوئی امام نہیں ہے ڈانٹ بتاتے اور کہتے ہم تو تمام شیعوں کے لئے خدائے تعالیٰ کے منصوص اور مقرر کردہ امام ہیں پھر تم یہ کیا بکواس کرتے ہو کہ ہمارا کوئی امام نہیں ہے مگر حضرت حسینؓ کے خط میں ایسا کوئی فقرہ نہیں ہے برخلاف اس کے آخری خط میں تو صاف لکھدیا ہے کہ یہ خط "برادران مومنین و مسلمین کے نام ہے" وہ اگر اپنے کو امام جانتے تو یوں لکھتے کہ یہ "ہدایت نامہ ہے اپنے متبع شیعوں کے نام"۔ کوفیوں کو تو ایک ایسے امام (لیڈر) کی ضرورت تھی جس کی شخصیت عوام کے لئے جاذب نظر اور کشش ہو تاکہ اس کی قیادت میں سیاسی اقتدار حاصل کرنے کی جدوجہد کامیابی کے ساتھ کی جاسکے چنانچہ حضرت حسینؓ کی امداد و نصرت کے لئے لشکر کے جتھا تیار ہونے کا جھانسہ اپنے خط میں دیا ہے اور نواحی کوفہ میں سبزہ لہلہانے میوے پختہ ہونے اور چشموں کے چھلکنے کے سبز باغ دکھا کر جو غداری کی جس کے نتیجے میں کربلا کا المناک واقعہ پیش آیا سب کو معلوم ہے بیان اس کا یہاں مقصود نہیں عرض کرنا یہ ہے کہ ان ہی غدار کوفیوں عجمیوں کے جانشینوں نے بعد کی چند صدیوں میں ہزاروں لاکھوں حدیثیں اور روائتیں گھڑ کر غیر طبقاتی اُمت کی وحدت کو مٹانے کی غرض سے شریف و وضیع طبقے قایم کرنے کی کوششیں کیں جن کے لئے القاب بھی وضع کئے گئے لیکن چند صدیوں بعد تک تو صحیح النسب قریشی و ہاشمی ولم تزویر میں نہ پھنس سکے سلف صالحین کے مسلک پر رہے جس کی چند مثالیں یہاں اب پیش کی جاتی ہیں:۔

بنی ہاشم اور سیادت نسبی

یہ تو ساری دنیا جانتی ہے کہ بنی ہاشم نسباً قریش ہی کی ایک شاخ ہیں، انھیں دیگر قریشی خاندانوں بلکہ کل عرب اولاد سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام پر یہ فضیلت بلاشبہ حاصل ہوئی کہ سید البشر حضرت محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت ہاشمی خاندان میں ہوئی، اور ہاشم کے صرف ایک فرزند عبدالمطلب ہی سے ہاشم ہی کی نسل چلی باعتبار نسب اور قومیت سب قریشی خاندان اور خاندان بنو عبدالمطلب (ہاشمی) یکساں ہیں مگر بر در

زمانہ جب مناقب کی حدیثیں وضع ہونا شروع ہوئیں۔ بنو عبد المطلب کی سیادت کی عموماً اور حضرت عباسؓ بن عبد المطلب، علیؓ بن ابی طالب اور ان کے دو صاحبزادوں حضرت حسنؓ و حسینؓ وغیرہ کی سیادت کی حدیثیں خصوصاً وضع ہوئیں۔ چند وضعی حدیثیں ملاحظہ ہوں:۔

۱۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ قول منسوب کیا گیا ہے یعنی:

بنو عبد المطلب سادات اهل الجنة۔ (تاریخ المودة از جامع الصغیر سیوطی ص۱۵۰)	عبد المطلب کی اولاد اہل جنت کی سردار ہے
۲۔عن العباس قال جئت انا وعلی الی النبی صلی الله علیه وسلم فنظر الینا قال نعم لکما انا سید ولد آدم و انتما سیدا العرب (کنز العمال ص۔۔)	حضرت عباس سے روایت ہے کہ میں اور علی آنحضرت صلعم کی خدمت میں گئے جب ہم کو آپ نے دیکھا تو فرمایا تمھیں مبارک ہو میں تمام آدمیوں کا سردار ہوں اور تم دونوں عرب کے سردار ہو۔
۳۔عن ابن مسعود قال رأیت النبی صلی الله علیه وسلم اشل ید العباس بن عبد المطلب قال هٰذا عمی وصنوابی وسید عمومتی من العرب وهو معی والسنام الاعلیٰ من الجنة (ابن النجار از کنز العمال ص۔۔)	ابن مسعود سے روایت ہے کہ میں نے آنحضرتؐ کو دیکھا حضرت عباس کے ہاتھ کو پکڑ کر اونچا کیا اور فرمایا یہ میرے چچا ہیں میرے باپ کے مثل ہیں اور میرے چچوں میں عرب کے سردار ہیں اور میرے ساتھ ہوں گے جنت کے اعلیٰ حصہ میں۔

۴۔ حضرت علیؓ کے بارے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ قول منسوب کیا گیا ہے کہ:۔

یا علی! انت سید فی الدنیا و سید فی الآخرة (محب الدین طبری)	اے علی! تم دنیا میں بھی سردار ہو آخرت میں بھی سردار ہو۔
۵۔عن ابن مسعود ان النبی صلی الله علیه وسلم قال ابنای هٰذان الحسن والحسین سیدا	ابن مسعود سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے یہ دونوں بیٹے حسن و حسین نوجوانانِ جنت کے سردار ہیں

شباب اھل الجنۃ وابوھما خیر منھما۔ اوران کے باپ ان دونوں سے بہتر ہیں۔

(کتاب الصواعق المحرقہ)

مگران وضعی احادیث میں باعتبارِ مضمون لفظ سیّد سے مراد نسبی سیادت نہیں بلکہ اُن حضرات کو جنت کے لوگوں کا سردار بتایا گیا ہے۔ حدیثیں وضع کرنے والے نے شاید اس دنیا پر قیاس کرکے جنت میں بھی افسری وماتحتی، سرداری و بندگی کو ضروری سمجھا اور یہ خیال نہ کیا کہ ؎

بہشت آنجا کہ آزارے نہ باشد کسے را با کسے کارے نہ باشد

یہ بات بھی اس سلسلہ میں قابلِ لحاظ ہے کہ حضرت عباسؓ حضرت علیؓ اور حضرات حسنینؓ کے اسمائے گرامی کسی عہد و زمانے میں بھی لفظ سیّد کے ساتھ سیّد عباسؓ بن عبدالمطلب، سیّد علیؓ بن ابی طالب، سیّد حسن بن علی بن ابی طالب، سیّد حسین بن علی بن ابی طالب لکھے ہوئے نہیں ملتے نہ کتب تاریخ و تذکرے میں، نہ کتب انساب میں اور نہ خطبات میں نہ لوگوں کی زبانوں پر۔ لفظ سیّد نا البتہ احتراماً کہا جاتا ہے لیکن اظہارِ نسب و قومیت کے لئے قریشی، ہاشمی، عباسی، طالبی ابتداءً اور بعد میں علوی و جعفری و عقیلی و حسنی و حسینی مستعمل رہے۔ مزید توضیح کے لئے اولادِ حسنینؓ کے اسماء اور سلسلۂ نسب کی چند مثالیں ملاحظہ ہوں جن میں ان کو نسباً طالبی و علوی و حسنی و حسینی کہا گیا ہے نہ مجرد سیّد:۔

حسنی خاندان حضرت حسن بن علیؓ بن ابی طالب طبعاً مرنجان مرنج، نرم خو و صلح جو تھے، مسلمانوں کے دو متحارب گروہوں میں صلح کرانے کی پیش گوئی میں انھیں جو سیّد فرمایا گیا تھا اس سے نسبی سیادت اور قومیت مراد نہیں، صلح صفائی کا جو کام ان کی دوربینی و عاقبت اندیشی سے انجام پذیر ہوا وہ ایک سردار (سیّد) ہی کے شایانِ شان تھا۔ ان کی اولاد میں تیرہ بیٹے اور سات بیٹیاں تھیں۔

زید بن حسن:۔ بیٹوں میں بڑے زید تھے جو ایک انصاری خاتون ام بشر بنت ابو مسعود عقبہ انصاری کے بطن سے تھے۔ ان زید بن حسن بن علیؓ بن ابی طالب کی اولاد میں ایک ہی بیٹے حسن تھے اور ایک ہی بیٹی نفیسہ تھیں جو امیر المومنین الولید بن عبدالملک بن مروان اموی کی زوجیت میں تھیں بقول شیعہ مولف عمدۃ الطالب:۔

وکان لزید ابنة اسمها نفیسة خرجت[1] الی الولید بن عبد الملك بن مروان فولدت منه ...... وکان زید یفد علی الولید بن عبد الملك ویقعده علی سریره ویکرمه لمکان ابنته ووهب له ثلثین الف دینار دفعةً واحدةً

(ص ۴۹)

اور ان زید (بن حسن بن علی بن ابی طالب) کی ایک بیٹی تھی جس کا نام نفیسہ تھا وہ نکل کر ولید بن عبد الملک بن مروان کے پاس چلی گئی اور اس سے اولاد ہوئی ...... زید ولید بن عبد الملک کے پاس جایا کرتے تھے۔ وہ ان کو اپنے ساتھ تخت پر بٹھاتے اور ان کی بیٹی کی وجہ سے ان کا اکرام کرتے انھوں نے زید کو صرف ایک ہی مرتبہ تین لاکھ دینار عطا کئے تھے۔

حضرت حسن بن علی بن ابی طالب کے اُن پوتے حسن بن زید کا تذکرہ شیعہ مورخ ابن جریر طبری نے ان الفاظ میں کیا ہے:۔

حسن بن زید بن حسن بن علی بن ابی طالب علیه السلام وکان حسن بن زید یکنی ابا محمد وولد الحسن بن زید محمدا والقاسم وام کلثوم بنت حسن تزوجها ابو العباس امیر المومنین فولدت له غلامین هلکا صغیرین وعلیا وزیدا و ابراهیم وعیسی واسمٰعیل و اسحٰق الاعور وعبد الله وکان

حسن بن زید بن حسن بن علی بن ابی طالب علیہ السلام ان حسن بن زید کی کنیت ابو محمد تھی۔ ان کے بیٹے محمد اور قاسم اور بیٹی اُم کلثوم تھیں جن سے امیر المومنین ابو العباس (عبد اللہ السفاح عباسی) نے شادی کی تھی دو بیٹے بھی ان کے ہوئے تھے جو بچپن ہیں مر گئے تھے نیز علی و زید و ابراہیم و عیسٰی و اسمٰعیل و اسحٰق الاعور و عبد اللہ بھی حسن بن زید کی اولاد تھے۔ حسن بن زید بڑے

---

[1] شیعہ مولف نے حضرت حسنؓ کی پوتی کے اموی خلیفہ کی زوجیت میں آنے کا ذکر کس سفیہانہ لہجے میں کیا ہے ہاشمی اور اموی خاندان میں جو ایک ہی گھرانے کی دو شاخیں، دو حقیقی بھائیوں کی اولاد تھے ہیں رشتے ناتے تو شروع ہی سے ہوتے رہے تھے۔ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی تین صاحبزادیوں کو اسی اموی خاندان میں بیاہا تھا۔ جناب زید کا اپنی بیٹی کو حضرت مروانؓ کے پوتے کے عقد میں دینا شیعہ مولف کو ایسا ناگوار ہوا کہ اپنے امام دوئم کی پوتی کی شادی کے بارے میں یہ سفیہانہ لہجہ بیان کا اختیار کیا ہے۔

حسن بن زید عابداً فولاہ ابو جعفر المدینة فولیها خمس سنین (طبری ج[illegible] ص[illegible])

عبادت گزار تھے ابوجعفر (المنصور عباسیؒ) نے ان کو مدینہ کا والی مقرر کیا تھا پانچ برس تک والی رہے۔

شیعہ مورخ اپنے امام دوئم کا اور ان کے بیٹے پوتے کا سلسلہ نسب لکھتے وقت شیعہ شعار کے مطابق علیہ السلام تو لکھتے ہیں مگر کسی نام کے ساتھ سید نہیں لکھتے ایک دوسرے شیعہ مولف اور نساب جو خود بھی نسباً حسنی ہیں یعنی عمدۃ الطالب کے مصنف اپنے نسب میں جا بجا طالبی و علوی لکھتے ہیں۔ سید نہیں کہتے۔

متہذا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے محبوب نواسے حضرت حسنؓ کے یہ بڑے صاحبزادے زید اور پوتے حسن بن زید بھی دیگر تابعین کرام کی طرح اموی و عباسی خلفا کو صحیح الامارت اور جائز امام وامیر المومنین جانتے اور ان کی بعیت میں داخل تھے اور جیسا ابھی بیان ہوا زید کی صاحبزادی اموی خلیفہ کی زوجہ تھیں اور حسن کی دختر نیک اختر عباسی خلیفہ کے عقد میں تھیں۔ یہ دونوں باپ بیٹے قایم خلافتوں کے خلاف خروج اور بغاوتوں کے سخت مخالف تھے باغیوں کی ریشہ دوانیوں کی اطلاعات حکومت کو پہنچاتے رہتے تھے عمدۃ الطالب کے غالی مؤلف کو ان حضرات کا طرز عمل کیوں پسند ہوتا چنانچہ تنقیصاً لکھتے ہیں:۔

الحسن بن زید ویکنی ابا محمد وکان امیرالمدینة من قبل المنصور الدوانقی

حسن بن زید کی کنیت ابو محمد تھی وہ (خلیفہ) المنصور دوانقی[1] کی جانب سے امیر مدینہ تھے

[1] دوانق جمع ہے دانق کی جو دمڑی کو کہتے تھے۔ رافضی وغالی شیعہ مولفین امیر المومنین ابوجعفر عبداللہ المنصور عباسی علیہ الرحمۃ کو تنقیصاً دوانقی کہتے تھے چونکہ سرکاری حساب وکتاب کی جانچ میں ایک ایک پائی کا حساب لیتے تھے لیکن بذل وعطا میں خصوصاً علماء کے عطایا میں بہت فیاض تھے امام مالکؒ سے حدیث کی پہلی کتاب الموطا مرتب کرائی ہزاروں اشرفیاں اس خدمت کے لئے انھیں دلوائیں۔ ابن اسحٰق سے سیرت النبی لکھوائی امام ابوحنیفہؒ سے فقہ اسلام کی تدوین کرائی۔ علمی کتب کے تراجم کا محکمہ قائم کرایا اور ان علمی کاموں کے لئے دریا دلی سے روپیہ صرف کیا۔ روافض کو ان علمی کارناموں سے غرض و واسطہ ہی کیا وہ تو سوائے چند اشخاص کے جنھیں انہوں نے اپنا امام قرار دے لیا تھا۔ ملت اسلامیہ کی ہر بلند و بالا شخصیت کی تنقیص میں طرح طرح کے اکاذیب واباطیل تراشتے رہتے جن میں سے کچھ نادان غیر شیعہ مولفین نے بھی اخذ کر کے اپنی کتابوں میں داخل کر لئے ہیں۔

وعمل له غير المدينه وكان مظاهرا لبني العباس على بني عمه الحسن المثنىٰ وهو اوّل من لبس السواد من العلويين۔
(ص۴۹)

اور مدینہ کے علاوہ بھی ان کے عامل رہے وہ اپنے چچا حسن مثنیٰ کی اولاد (کی حرکتوں) کی مخبری بنی عباس سے کرتے تھے اور علویوں میں وہ ہی پہلے شخص تھے جنھوں نے سیاہ (سرکاری) لباس اختیار کیا تھا۔

ان حسن بن زید بن حسن بن علی بن ابی طالب کے آٹھ بیٹے ہوئے جن میں سے پانچ سے نسل چلی ان میں سے ایک قاسم بن حسن بن زید مذکور تھے جن کے بارے میں یہی شیعہ مولف عمدۃ الطالب فرماتے ہیں کہ :۔

وكان زاهداً عابداً ورعاً الّا انه كان مظاهراً لبني العباس على بني عمه الحسن المثنىٰ
ص۵۰

اور وہ زاہد و عابد اور متقی تھے مگر وہ اپنے چچا کے بیٹوں حسن مثنیٰ کی اولاد کی مخبری بنی عباس سے کیا کرتے تھے۔

قاسم مذکور کے ایک بھائی اسحٰق بن حسن کو بھی ان شیعہ مولف نے اولاد حسن مثنیٰ یعنی اپنے چچیرے بھائیوں پر عباسیوں کے جاسوس ہونے کا الزام لگایا ہے لکھتے ہیں کہ :۔

واسحٰق يكنى ابا الحسن كان اعور يلقب الكوكبي وامه ام ولد بحرانية وكان مع الرشيد قيل انه كان يسعٰى بآل ابي طالب اليه وكان عينا الرشيد عليهم ويسعٰى بجماعة العلويين اليه وقتلوا برائيه۔
(ص۵۰)

اور اسحٰق ان کی کنیت ابوالحسن تھی اور وہ یک چشم (کانے) تھے لقب کوکبی تھا ان کی ماں بحرینی کنیز تھی وہ (خلیفہ ہارون) الرشید کی مصاحبت میں تھے کہتے ہیں کہ وہ آل ابی طالب کی مخبری خلیفہ سے کیا کرتے تھے اور (خلیفہ ہارون) الرشید کی جانب سے ان پر جاسوس تھے انھوں نے ہی علویوں کی ایک جماعت کی مخبری ان سے کی تھی اور ان ہی کی رائے سے قتل کیے گئے تھے۔

یہ شیعہ مولف ان حسنی اکابر کی قومیت ونسب کے اظہار میں علوی اور علویین تو لکھتے ہیں سید نہیں لکھتے اور لفظ سید [illegible] سرداری واحترام [illegible] استعمال کرتے ہیں مثلاً

اسی خاندان کے ایک شخص ابوجعفر محمد کے بارے میں کہتے ہیں "ابوجعفر محمد کان سیداً بالمدینه (صـ) یعنی ابوجعفر محمد مدینہ میں محترم شخصیت تھے"

جناب زید بن حسن بن ابی طالب کی نسل ان کے اکلوتے فرزند حسن کے پانچ بیٹوں قاسم وعلی وزید واسحٰق واسمٰعیل کی اولاد سے خوب پھیلی۔ تیسری صدی ہجری میں اس خاندان کے بعض من چلے طالبان جاہ طبرستان و دیلم وغیرہ میں سیاسی اقتدار کے حصول کی کوششوں میں چلے گئے اور وہیں مسکن گزین ہوئے بعض کامیاب بھی ہوئے مثلاً حسن و محمد فرزندان زید بن محمد بن اسمٰعیل بن حسن مذکور نے ۲۵۰ھ میں دیلم اور طبرستان میں عباسی خلافت کے خلاف بغاوت کرکے سیاسی اقتدار حاصل کرلیا تھا۔ یہ دونوں بھائی اپنی قومیت طالبی و علوی بتاتے تھے چنانچہ وہ ایران کے اہل خاندان اسی خاندانی نسبت سے مشہور و معروف تھے نہ لفظ سید سے ۲۸۷ھ میں محمد بن زید مذکور ایک معرکہ میں مجروح ہوکر مرگئے۔ ابن جریر طبری و دیگر مورخین نے ان کا تذکرہ کیا ہے۔ علامہ ابن کثیرؒ نے بعنوان "محمد بن زید العلوی" ان کے حالات لکھے ہیں نسباً علوی لکھا ہے نہ سید۔ اس خاندان کے لوگ مختلف دیار و امصار میں آباد تھے اپنی خاندانی نسبت ہاشمی وطالبی و علوی سے مشہور تھے۔ مثلاً :-

ان محمد بن زید العلوی کے بنی عم میں سے ابومحمد عبداللہ تھے جو مصر میں سکونت پذیر تھے اور وہیں ۳۴۸ھ میں فوت ہوئے وہ قومیت کے اعتبار سے ہاشمی اور سکنی نسبت کے لحاظ سے مصری کہلاتے تھے۔ علامہ ابن کثیر ان کے حالات میں لکھتے ہیں :-

ابومحمد عبد اللّٰہ بن علی بن الحسن بن ابراهیم بن طباطبا بن اسمٰعیل بن ابراهیم بن حسن بن الحسن بن علی بن ابی طالب الهاشمی المصری کان من ساداتها و کبرائها۔ (البدایہ ج صـ ۲۳۵)	ابومحمد عبداللہ بن احمد بن علی بن حسن بن ابراہیم بن طباطبا بن اسمٰعیل بن ابراہیم بن حسن بن حسن بن علی بن ابی طالب ہاشمی مصری وہ وہاں کے محترم اور معزز لوگوں میں سے تھے۔

قومیت کے اظہار میں ہاشمی کہا ہے اور احتراماً سید۔

جناب زید بن حسنؓ کی نسل میں ایک بلند پایہ عالم حسن بن داؤد بن علی بن عیسیٰ بن محمد

بن قاسم بن حسن بن زید مذکور تھے جو اپنے نسب اور قومیت کے اعتبار سے "ابو عبداللہ العلوی الحسنی" کہلاتے تھے ۳۵۵ھ میں وفات ہوئی۔ علامہ ابن کثیرؒ نے ان کے تذکرے میں حاکم نیشاپوری کا جو کچھ عرصہ ان کی صحبت سے مستفیض ہوتے رہے یہ قول نقل کیا ہے کہ:۔

ابو عبد الله كان شيخ آل رسول الله صلى الله عليه وسلم في عصره بخراسان وسيد العلوم في زمانه وكان من أكثر الناس صلاة وصدقة ومحبة للصحابة وصحبته مدة فما سمعته ذكر عثمان إلا قال: الشهيد ويبكي وما سمعته ذكر عائشة إلا قال الصديقة بنت الصديق، حبيبة حبيب الله ويبكي۔

(البدایہ ج ۱۱ ص ۲۶۱)

ابو عبداللہ اپنے زمانہ میں خراسان میں خاندان رسالت کے بزرگ (شیخ) تھے اور اپنے عہد کے سید العلوم تھے وہ سب لوگوں سے زیادہ نماز پڑھنے والوں صدقہ دینے والوں اور صحابہ سے محبت کرنے والوں میں تھے۔ مدت تک میں نے ان کی صحبت اٹھائی تھی اور کبھی نہیں سنا کہ انھوں نے حضرت عثمانؓ کا ذکر کیا ہو اور "الشہید" نہ کہا ہو اور یہ کہہ کر رو دیتے تھے اسی طرح حضرت عائشہؓ کا ذکر کرتے اور کہتے "صدیقہ بنت الصدیق حبیبہ حبیب اللہ" اور یہ کہہ کر رو دیتے تھے۔

حسن مثنیٰ بن حسن بن علی بن ابی طالب۔ یہ زید بن حسنؓ کے سوتیلے بھائی حضرت حسنؓ کے منجھلے بیٹے تھے ان کی والدہ خولہ بنت منظور قبیلہ بنی ہلال کی خاتون تھیں حسن مثنیٰ اپنے چچا حضرت حسینؓ کے بھی داماد تھے فاطمہ بنت حسینؓ ان کی زوجہ تھیں کربلا میں اپنے خسر کے ساتھ گئے اور صحیح سلامت واپس آئے تھے۔ حادثہ کربلا سے ۳۶ برس بعد ۹۷ھ میں فوت ہوئے۔

ان حسن مثنیٰ کے چھ بیٹے اور پانچ بیٹیاں گیارہ اولادیں تھیں۔ بڑے بیٹے محمد تھے ان ہی کے نام سے ان کے والد کی کنیت ابو محمد تھی۔ ان محمد بن حسن مثنیٰ کی والدہ حضرت عمر فاروق اعظمؓ کی بھانجی سیدہ رملہ بنت حضرت سعیدؓ بن زید[1] بن عمرو بن نفیل تھیں۔ حسن مثنیٰ کی زوجہ ثانیہ

---

[1] یہ زید بن عمرو حضرت عمر فاروق اعظمؓ کے حقیقی چچیرے بھائی تھے اور ان اشخاص میں سے ایک تھے جنھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے بت پرستی ترک کردی تھی اور موحد ہو گئے تھے۔
(بقایا صفحہ ۵۵ پر ملاحظہ کیجئے)

سیدہ فاطمہ بنت الحسین کے بطن سے تین بیٹے عبداللہ و حسن و ابراہیم اور دو بیٹیاں زینب و ام کلثوم تھیں۔ زینب بھی اموی خلیفہ امیر المومنین الولید بن عبدالملک بن مروانؒ کی زوجیت میں آئیں۔ کتاب نسب قریش کے مؤلف مصعب زبیری لکھتے ہیں:-

وکانت زینب بنت حسن بن حسن بن علی عند الولید بن عبدالملک بن مروان وھو خلیفۃ (ص۵۲)

اور حسن بن حسن بن علی ابن ابی طالب) کی دختر زینب الولید بن عبدالملک بن مروان کی زوجہ تھیں اور وہ (ولید) اس وقت خلیفہ تھے۔

دوسری بیٹی ام کلثوم امامیہ کے پانچویں امام جناب محمد بن علی بن حسینؓ کے عقد میں تھیں اس رشتہ سے حضرت مروانؓ کے پوتے الولید اور جناب محمد بن علی بن حسینؓ جنھیں امامیہ نے ایک وضعی حدیث کی بنا پر الباقر کا لقب دے رکھا ہے ہم زلف تھے۔

حسن مثنیٰ باعتبار نسب و قومیت "القرشی الہاشمی" کہلاتے تھے۔ علامہ ابن کثیر متوفی ۷۷۴ھ نے ان کا تذکرہ اس عنوان سے کیا ہے:-

"الحسن بن الحسن بن علی بن ابی طالب ابو محمد القرشی الہاشمی"

خاندان عبداللہ بن حسن مثنیٰ

حسن بن حسن (یعنی حسن مثنیٰ) کے فرزند عبداللہ کی وفات ۱۴۵ھ میں ہوئی ۷۵ سال کی عمر پائی۔ یہ عبداللہ حضرت حسینؓ کے نواسے تھے۔ شیعہ مورخ ابن جریر طبری نے ان کی وفات کے ذکر میں نام و نسب اس طرح لکھا ہے اور ایسے ہی ابن کثیرؒ نے بھی:-

"عبداللہ بن حسن بن حسن بن علی بن ابی طالب علیہ السلام"

اور بیان کیا ہے کہ اموی خلفا بھی ان کی عزت و تکریم کرتے تھے امیر المومنین الولید

(بقایا صفحہ ۵۲) ان ہی زید کے یہ دو شعر مشہور ہیں:-

اربا واحدا ام الف رب ... ادین اذا تقسمت الامور
ترکت اللات والعزی جمیعا ... کذالک یفعل الرجل البصیر

مطلب ان اشعار کا یہ ہے کیا میں ایک خدا کو مانوں یا ہزاروں خداؤں کو میں نے لات و عزیٰ سب بتوں کو ترک کر دیا اور سمجھدار آدمی ایسا ہی کیا کرتا ہے۔ ان ہی زید کے فرزند حضرت سعیدؓ صحابی تھے جن کی زوجہ حضرت عمر فاروق اعظمؓ کی بہن فاطمہ تھیں اور ان ہی کے گھر قرآن شریف کی آیات تلاوت کرکے حضرت عمرؓ کو دین اسلام سے رغبت پیدا ہوئی تھی اور بالآخر اسلام قبول کیا تھا۔

جیسا اوپر ذکر ہوا ان کے بہنوئی تھے۔ عباسی خلافت قائم ہونے کے بعد ہی یہ عبداللہ بن حسن مثنیٰ امیر المومنین ابو العباس عبد اللہ السفاحؒ کی خدمت میں انبار مقام پر گئے تھے ابن جریر طبری لکھتے ہیں کہ:-

قدم عبد اللہ بن حسن علی ابی العباس بالانبار فاکرمہ و حباہ وقربہ وادناہ وصنع بہ شیاء لم یصنعہ باحد وسمر معہ اللیل (ج ۹ ص ۱۰۱)	عبداللہ بن حسن (امیر المومنین) ابو العباس (السفاح) کے پاس انبار میں گئے تھے انھوں نے ان کی عزت وتکریم کی محبت و یگانگت کا برتاؤ کیا۔ اپنے ہی پاس اور قربت میں رکھا اور رات کو اپنے ہی پاس سلایا۔

پھر یہ واقعہ تفصیل سے بیان کیا ہے کہ ایک شب امیر المومنین نے جواہرات کا صندوقچہ منگوا کر ان کے سامنے کھولا اور نصف جواہرات ان کو عطا کئے۔ عبداللہ کے دل میں رشک و حسد پیدا ہوا دو شعر ایسے ان کی زبان سے ادا ہوگئے جن سے رشک وحسد کے جذبات کا اظہار ہوتا تھا امیر المومنین نے فرمایا کہ اے ابو محمد! تم اس برتاؤ پر بھی جو تمھارے ساتھ کیا گیا ہے ایسے شعر میرے سامنے پڑھتے ہو عبد اللہ عذر و معذرت میں اتنا کہہ سکے

یا امیر المومنین ھفوۃ کانت واللہ ما اردت بھا سوا ولکنھا ابیات حضرت فتمثلت۔ (ج ۹ ص ۱۰۱)	اے امیر المومنین! خطا ہوئی واللہ مقصود برائی کا نہ تھا یہ شعر یکایک ذہن میں آگئے اور تمثیلاً ادا ہوگئے۔

امیر المومنین نے اپنی عالی ظرفی سے معذرت قبول کرلی مگر عبداللہ کے دل میں رشک وحسد کے جذبات برابر بھڑکتے رہے۔

طلب خلافت کے لئے خفیہ خفیہ ریشہ دوانیاں کرتے رہے ۱۳۲ھ میں جب عباسی خلافت قایم ہوئی عبداللہ کی عمر تقریباً ساٹھ برس کی تھی ان کے چھ بیٹے تھے محمد الارقط[1] و ابراہیم و یحییٰ و موسیٰ و ادریس و سلیمان اور یہ سب بھائی تیس تیس چالیس چالیس برس کے صاحب اولاد تھے ان سب نے باوقات مختلف سیاسی اقتدار حاصل کرنے کی کوشش کیں محمد الارقط نے

---

[1] محمد الارقط کے پانچ بیٹے اور دو بیٹیاں زینب و فاطمہ تھیں۔ زینب پہلے عباسی خلیفہ امیر المومنین ابو العباس عبد اللہ السفاح کی بہو تھیں یعنی ان کے فرزند محمد کی زوجہ تھیں۔ اور فاطمہ اپنے ہی

(بقایا صفحہ ۵۵ پر دیکھئے)

سنہ ۱۴۵ھ میں مدینہ میں خروج کیا عوام پر اثر ڈالنے کے لئے اپنے کو مہدی کہا چنانچہ محمد المہدی کہلائے۔ سرکاری فوجی دستے کے مقابلہ میں مع اپنے چند ساتھیوں کے مارے گئے شیعوں نے ان کے مارے جانے کے بعد ایک وضعی حدیث کی بنا پر انھیں

(بقایا نوٹ صفحہ ۵۴ کا) چچیرے بھائی حسن بن ابراہیم بن عبد اللہ مذکور کو بیاہی گئیں۔ بیٹوں میں ایک عبد اللہ الاشتر تھے ان کے لقب کے بارے میں دو قول ہیں ایک یہ کہ بھینگے ہونے کی وجہ سے الاشتر کہلائے دوسرے یہ کہ ان کے چچا ابراہیم نے جب بصرے میں بغاوت کی تھی وہ ان کے ساتھ تھے بغاوت کی ناکامی اور چچا کے مقتول ہو جانے کے بعد بخوف جان ایک تیز رفتار اونٹ پر سوار ہو اور سیکڑوں میل کی مسافت طے کر کے علاقہ سندھ آ گئے جہاں کے گورنر کو ان کے باپ اور چچا اپنے سفر سندھ میں پہلے ہموار کر چکے تھے دوسرا قول یہ ہے کہ ان کے والد نے اپنے مقتول ہونے سے پہلے ان کو تحائف دے کر گورنر سندھ کے پاس بھیجدیا تھا۔ اس زمانہ میں سندھ کا علاقہ وادئ مہران (دریائے سندھ) کا سارا علاقہ شمار ہوتا تھا جو ساحل سمندر سے نواح کابل تک پھیلا ہوا تھا۔ امیر المومنین ابو جعفر المنصورؒ کو جب یہ اطلاع ملی کہ عبداللہ الاشتر کو گورنر سندھ کی حمایت حاصل ہے سرحدی علاقے میں بغاوت پھیلائی جاری ہے انھوں نے اس گورنر کے تبدیل کئے جانے کا حکم دے دیا عبداللہ کو اپنی جان کا خطرہ ہوا گورنر نے علاقہ سندھ کے شمالی حصہ میں جو چھوٹی سی بدھ مت کے لوگوں کی ریاست تھی عبداللہ کو وہاں بھیجدیا یہ ریاست نواح کابل میں تھی عبداللہ نے وہاں ایک عورت سے نکاح کر لیا تھا۔ اس کے بطن سے ایک بیٹا ہوا جس کا نام اپنے والد کے نام پر محمد رکھا جو مقام تولد کی نسبت سے "محمد الکابلی" کہلایا۔ نئے گورنر کی ہدایت تھی کہ عبداللہ الاشتر اور ان کے ساتھی جو باغیانہ سرگرمیوں میں منہمک ہیں گرفتار کئے جائیں اگر مقابلہ پر آئیں قتل کئے جائیں اور جس راجہ نے پناہ دی ہے اس کی ریاست کو اسلامی علاقہ میں شامل کر لیا جائے چنانچہ سرکاری فوجی دستے کے مقابلہ میں عبداللہ الاشتر نواح کابل کے پہاڑی مقام علیج نام پر قتل ہو گئے ان کا سر کاٹ کر خلیفہ کے پاس بھیجدیا گیا۔ مؤلف عمدۃ الطالب جو نسباً اسی خاندان سے ہیں لکھتے ہیں کہ :-

ابی محمد عبداللہ الاشتر الکابلی وکان قد ھرب بعد قتل ابیہ الی السند فقتل بکابل فی جبل یقال لہ علیج وحمل راسہ الی المنصور فاخذہ الحسن بن زید	ابو محمد عبداللہ الاشتر الکابلی وہ اپنے باپ کے قتل ہو جانے کے بعد سندھ کو بھاگ گئے اور کابل میں ایک پہاڑ پر جس کا نام علیج ہے قتل ہو گئے ان کا سر خلیفۃ المنصور کے پاس بھیجدیا گیا جسے حسن بن زید بن حسن بن علی

(بقایا نوٹ صفحہ ۵۶ پر دیکھئے)

"النفس الذکیہ" سے ملقب کر دیا ان کے بھائی ابراہیم نے بصرے میں علم بغاوت بلند کیا تھا ان کا بھی یہی حشر ہوا یحییٰ نے دیلم (خراسان) میں خروج کر کے حاکمانہ اقتدار حاصل کر لیا تھا مگر کچھ عرصہ بعد وزیر یحییٰ برمکی   بماطت سے دربار خلافت میں حاضر ہو کر طالب معافی کے ہوئے قصور معاف   ہوا اور بعطائے جاگیر اپنے وطن حجاز

(بقایا نوٹ صفحہ ۵۵ کا) بن الحسن بن علی فصعد بہ المنبر وجعل لیشھرہ للناس (ص۴۳ طبع اول)

نے ہاتھ میں لے لیا اور منبر پر چڑھ کر لوگوں کو دکھایا اور اعلان کیا۔

عبداللہ الاشتر کی نسل ان کے اسی بیٹے محمد الکابلی سے چلی۔ محمد الکابلی بن عبداللہ بن محمد مولدہ کابل وانتقل عنہا بعد قتل ابیہ (ص۴۳ ایضاً)

محمد الکابلی بن عبداللہ الاشتر بن محمد کا مقام ولادت کابل تھا جہاں سے ان کے باپ کے قتل ہو جانے کے بعد ان کو منتقل کیا گیا تھا۔

کتاب نسب قریش کے مؤلف مصعب زبیری متولد ۱۵۶ھ اور محمد الکابلی تقریباً ہم سن تھے اور رشتہ دار بھی اس لئے محمد الکابلی کے حالات سے تو انھیں ذاتی واقفیت تھی چنانچہ اسی ذاتی واقفیت سے وہ عبداللہ الاشتر کے متعلق لکھتے ہیں "قتل بکابل" (ص۵۴) یعنی عبداللہ الاشتر کابل میں قتل ہوئے پھر ان کے بیٹے کے بارے میں صراحتاً بیان کیا گیا ہے کہ کابل میں پیدا ہوئے اور اپنے باپ کے مارے جانے کے بعد اپنی ماں کے ساتھ آئے۔ یہی بیان عمدۃ الطالب کے مولف کا بھی ہے جو خود اسی خاندان کے نسابہ تھے علامہ ابن حزم نے بھی جمہرۃ الانساب میں عبداللہ الاشتر کا کابل میں قتل ہونا اور اولاد میں اسی ایک بچے کا چھوڑ جانا بیان کیا ہے بعد کے مورخین ابن کثیر وابن خلدون وغیرہ نے بھی علاقہ سندھ میں عبداللہ کا مارا جانا ان کے ساتھیوں کا لاش کو دریا میں بہا دینا بیان کیا ہے بعض کا قول ہے کہ لاش شناخت نہ ہو سکی تھی۔ عبداللہ کی نسل ان کے اسی فرزند محمد الکابلی سے چلی جس کی صحت نسب کی تصدیق دربار خلافت نے کر کے پرورش کے لئے اہل خاندان کے پاس مدینہ بھیج دیا گیا تھا محمد الکابلی کی نسل سے ایک فاضل شخص امیر قطب الدین تباہی بغداد کے بعد ہندستان آئے ان کی نسل میں علماء و فضلاء اور ذی وجاہت اشخاص ہوتے رہے مجاہد ہندی حضرت احمد شہید کا نسبی تعلق اسی خاندان سے ہے کوفہ، استرآباد و خراسان بجرجان وغیرہ مقامات پر اس خاندان کے لوگ آباد رہے جو الاشتریہ و بنو الاشتر اور الاشتریوں کہلاتے تھے عبداللہ الاشتر کے مقتول ہونے کا واقعہ ۱۵۱ھ کا ہے یعنی اب سے بارہ سو تینتیس برس پہلے کا۔ یوں سیاسی مصلحتوں سے تاریخی شخصیتوں کے واقعات مسخ کرنے کی مذموم حرکتیں پہلے بھی کی گئی ہیں لیکن بعض موقع شناسوں کی یہ ذلیل حرکت

(بقایا نوٹ صفحہ ۶۰ پر دیکھئے)

چلے گئے، موسیٰ اپنے بھائیوں کے خروج کی ناکامی کے بعد بصرے میں روپوش ہو گئے تھے لیکن گرفتار ہو کر امیر المومنین ابو جعفر المنصور عباسیؒ کے حضور میں پیش کئے گئے خلیفہ نے قصور ان کے معاف کر دیئے۔

موسیٰ بن عبد اللہ اختفی بالبصرۃ فلخذہ فارسلہ الی المنصور فعفاعنہ (کتاب نسب قریش صـ۵۳ـ)	موسیٰ بن عبد اللہ بصرے میں روپوش ہو گئے تھے گرفتار ہو کر (امیر المومنین) المنصورؒ کے حضور میں بھیجے گئے انھوں نے ان کو معاف کر دیا۔

مؤلف عمدۃ الطالب نے یہ قصہ بیان کیا ہے کہ اپنے بھائیوں کے بغاوت میں مقتول ہو جانے کے بعد موسیٰ بھاگ کر مکہ پہنچ گئے تھے جب امیر المومنین ابو جعفر المنصورؒ کے فرزند محمد المہدی عباسیؒ حج کے لئے مکہ پہنچے طواف کر رہے تھے کہ ایک شخص نے عرض کیا کہ اے امیر مجھے امان ملے تو موسیٰ بن عبد اللہ کا پتہ بتلا دوں؛ امان ملنے پر کہنے لگے کہ میں خود ہی موسیٰ بن عبد اللہ ہوں یہ سنکر محمد المہدی عباسی نے فرمایا من یعرفک ممن حولک من الطالبیۃ۔ (طالبیوں میں سے جو تمھارے ارد گرد ہیں تمھیں کون شناخت کرتا ہے) ان کے اور ان کے اہل خاندان کی نسبی نسبت اور قومیت کے بارے میں طالبی کہا گیا ہے۔

موسیٰ بن عبد اللہ بن حسن مثنیٰ کی نسل ان کے دو بیٹوں ابراہیم اور عبد اللہ سے چلی اور خوب پھیلی۔ ابراہیم کے ایک بیٹے یوسف کا لقب الاخیضر تھا ان کی اولاد بنو الاخیضر کہلائی یمن دیما مہ پر مدت تک ان کا تسلط رہا۔ یوسف کے دو بیٹوں حسن اور اسمٰعیل نے ۲۵۱ھ میں مکہ اور مدینہ میں خروج کئے۔ ان میں اسمٰعیل جس نے مدینہ میں خروج کیا تھا۔ قبیح سیرت تھا علامہ ابن حزم نے لکھا ہے۔

وھوالذی حاصرالمدینہ حتی مات اھلھاجوعاً ولم یصل احدٌ فی مسجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	وہ یہی تھا جس نے مدینہ کا محاصرہ کر رکھا تھا یہاں تک مدینہ کے لوگ بھوک سے مرنے لگے اور مسجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں کوئی

(نوٹ بقایا صفحہ ۵۶ کا) حد درجہ شرمناک ہے کہ کسی مجہول الحال شخص کی قبر کو جو کراچی میں کلفٹن پر واقع ہے عبد اللہ الاشتر مقتول بکابل کی قبر بتایا جائے اور اس سلسلہ میں انتہائی لغو بیانیوں سے اخبارات کے کالم سیاہ کئے جائیں اور قبر پرست عوام کو انتہائی جھوٹی کہانیاں سُنا سُنا کر چڑھاوے چڑھانے پر اکسایا جائے۔

ثم مات بالجُدری فی سنۃ ۲۵۱ھ (جمہرہ ص۴۱)	ایک شخص بھی نماز ادا نہ کرسکا بالآخر ۲۵۱ھ وہ چیچک سے مرگیا۔

خود عمدۃ الطالب کے غالی شیعہ مؤلف جو اسی ظالم کے خاندان کے تھے فرماتے ہیں کہ اس شخص نے (امیر المومنین) المستعین (باللہ عباسیؒ) کے زمانہ میں مکہ پر تسلط کرلیا تھا آب نوشیدنی کے کنویں خراب کردئیے تھے اور

اعترض الحاج فقتل منہم جمعاً کثیراً ونہبہم۔ (ص۹۲)	حاجیوں کو گھیر لیا اور ان کی بڑی تعداد کو قتل کرڈالا اور ان کا مال اسباب لوٹ لیا۔

مگر اس خاندان کی دوسری شاخوں میں نیک سیرت اشخاص ہوتے رہے۔ کچھ لوگ بلخ و نیساپور و طبرستان جیسے دور دراز مقامات پر چلے گئے وہاں ان کی نسل خوب پھیلی مختلف گھرانے مختلف ناموں سے موسوم رہے۔ مثلاً بنو داہش بنو شماخ۔ بنو مکثر۔ بنو ہضام بنو علی و بنو حسان وغیرہ لیکن کوئی گھرانا نسباً سید نہیں کہلایا اور نہ کسی نے اپنے کو نسباً سید کہلا

شرفائے مکہ

عبداللہ بن موسیٰ بن عبداللہ بن حسن مثنیٰ کی نسل میں ایک حامل اثار خاندان شرفائے مکہ کا تھا ان کے کئی گھرانے تھے مثلاً بنو ہاشم اولاد ابو ہاشم بن محمد جو ۴۶۰ھ سے ۵۹۸ھ تک امرائے مکہ رہے نیز بنو قتادہ جن کے متعلق نہایۃ الارب فی معرفۃ الانساب العرب کے مؤلف (۷۵۶-۸۲۱ھ) کہتے ہیں کہ "الذین منہم امراء مکۃ والینبع الآن و اودیۃ مکۃ عامرۃ منہم وباقیہم منتشرون فی المشرق والمغرب (ص۱۲۷) یعنی ان میں اب تک مکہ اور ینبع کے امراء ہیں اور مکہ کی وادیاں ان سے آباد ہیں اور باقی مشرق و مغرب میں منتشر ہیں۔ ان کے علاوہ سلیمان بن عبداللہ حسن مثنیٰ کی اولاد میں سے بھی کچھ لوگ عباسی اقتدار زائل ہونیکے بعد امرائے مکہ رہے یہ سلیمانی کہلاتے تھے (ص۱۲۷ ایضاً) بنو قتادہ میں سے شریف حسین تھے جنھوں نے انگریزوں سے سازباز کرکے سلطان ترکی کا حاکم اقتدار اور خادم حرمین شریفین کی حیثیت کا خاتمہ کرادیا تھا۔ پھر ان کا بھی خاتمہ ہوگیا۔ ان کی اولاد میں سے انگریزوں نے ایک کو عراق پر مسلط کیا وہاں کے سیاسی انقلاب میں ان کا بھی خاتمہ ہوگیا دوسرے کو اردن پہ متعین کیا جن میں سے شاہ حسین ہیں۔ موسیٰ بن عبداللہ

بن حسن مثنیٰ کی اولاد کے یہ سب گھرانے اپنی نسبی نسبت سے ہواشم دبنو قتادہ وسلیمانی وغیرہ کہلائے مگر نسباً سید کوئی نہیں کہلایا بلکہ سیدان کے ناموں کے ساتھ نہ کبھی پہلے تھا اور نہ اب ہے شریف والشریف ہی کہلاتے رہے۔ غرضکہ حسن مثنیٰ بن حسن بن علیؓ بن ابی طالب کی نسل کے لوگ جہاں کہیں بھی آباد رہے اپنی خاندانی نسبت ہاشمی وطالبی وعلوی وحسینی سے معروف رہے نہ بجر د لفظ سید سے۔[۵]

---

[۵] موسیٰ بن عبداللہ بن حسن مثنیٰ کے خاندان کی اسی شاخ میں جس میں شرفائے مکہ اور مولف کتاب عمدۃ الطالب کے خاندانوں کا شمول ہے سید المشائخ شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمۃ کا سلسلہ نسب متصل کیا جاتا ہے مولف عمدۃ الطالب نے اپنی شاخ کے انساب قدرے تفصیل سے بیان کئے ہیں وہ کہتے ہیں کہ شیخ ممدوح نے یا ان کے بیٹوں میں سے کسی نے بھی اس نسب کا کبھی دعویٰ نہیں کیا البتہ ان کے ایک پوتے قاضی ابوصالح ابونصر بن ابوبکر نے یہ دعویٰ کیا تھا لیکن اثبات دعوے میں کوئی بین دلیل اور ثبوت پیش نہ کر سکے بلکہ پیش کرنے سے عاجز رہے مزید برآں یہ کہ اپنے قدگرامی اور فرزندان شیخ ممدوح کی اس بارے میں عدم موافقت کا اقرار بھی کیا تھا۔ صاحب عمدۃ الطالب کہتے ہیں کہ حضرت شیخ کے والد کا نام "جنگی دوست" تھا جو صریحاً عجمی نام ہے۔ فوات الوفیات کے مولف علامہ محمد بن شاکر متوفی ۷۶۴ھ نے شیخ ممدوح کے دادا کا یہ نام بتایا ہے۔ انسائیکلوپیڈیا کے مقالہ نگار "جنگی دوست" کے بجائے "زنگی دوست" کہتے ہیں اور کتاب عمدۃ الطالب کے حاشیہ نویس نے "چنگ دوست" لکھا ہے علامہ ابن کثیرؒ نے حضرت شیخ کے نسب کے بارے میں تو سکوت اختیار کیا ہے مگر والد کا نام البتہ ابوصالح ابومحمد بتایا ہے اور بعض نے ابومحمد موسیٰ۔ حضرت شیخ عبدالقادرؒ اپنے زمانہ کے جید عالم، زبردست خطیب اور صاحب باطن بزرگ تھے ان کے نزدیک فلاں ابن فلاں قابل التفات نہ تھا کہ اپنے نسب کا اعلان کرتے ؎ بندۂ عشق شدی ترک نسب کن جامی + کہ اندریں راہ فلاں ابن فلاں چیزے نیست۔ ان کی ولادت ۴۷۱ھ میں ایک غیر معروف موضع میں ہوئی جس کا نام نِیف یا ناعیف بتایا جاتا ہے اور جو جیلان یا گیلان کے علاقہ میں بحر اخزر کے جنوب میں واقع تھا۔ ابتدائے عمر میں تحصیل علم کے لئے سفر کئے ۴۸۸ھ سے ۵۲۱ھ تک کہ عمر تیس سال سے تجاوز تھی ان کا کچھ حال معلوم نہیں ہوتا ۵۲۱ھ میں یہ واقعہ بغداد میں پیش آیا کہ ابوالفتوح اسفرائینی نے اپنے وعظ میں بہت سی منکر احادیث سے استدلال کرتے ہوئے ایسی باتیں کہیں جن سے عام وخاص میں سخت اشتعال پیدا ہوا حضرت شیخ عبدالقادر علیہ الرحمۃ نے اس موقع پر مجمع عام میں پہلا وعظ کہا جس کو لوگوں نے بہت پسند کیا اس کے بعد سے وہ باب حلبیہ کے میدان میں وعظ کہا کرتے تھے بغداد میں برج عجمی میں رہتے تھے شاید اسی تعلق سے عجمی کہلاتے ہوں شیخ حماد دباسؒ کا یہ قول ان کے

(بقایا نوٹ صفحہ ۶۰ پر)

ادریسی خاندان۔ موسیٰ بن عبداللہ بن حسن مثنیٰ کے بھائی ادریسؒ اپنے بھائیوں اور عزیزوں کی ناکام بغاوتوں کے بعد مصر کا رخ کیا جہاں خلافت عباسی کے محکمہ ڈاک کے اہلکار ابن واضح کی مدد سے جو مورخ یعقوبی کا دادا اور علوی خاندان کا طرفدار تھا ادریس مغربی افریقہ چلے گئے۔ جہاں بربری قبائل میں اثر و رسوخ پیدا کرکے اپنی حکومت قایم کی جو ان کے نام سے ادریسیہ کہلائی ان کے ایک بھتیجے محمد بن سلیمان بن عبداللہ مذکور بھی وہاں پہنچ گئے ان دونوں کی نسل خوب پھیلی۔ اس صحیح النسب حسنی خاندان کے افراد نسب قومیت کے اعتبار

(بقایا نوٹ صفحہ ۵۹ کا) متعلق کتب صوفیہ میں منقول ہے کہ "این قدمے است کہ در وقت ولے برگردن ہمہ اولیا خواہد بود" شیخ ابوسعد المخرمی سے استفادہ کیا اور ان ہی کے مدرسہ میں درس و تدریس کا عرصہ تک شغل رہا پر عام چندے سے رباط قائم ہوئی ہر اتوار کو خانقاہ میں اور جمعہ کی صبح اور دوشنبہ کی شام کو مدرسہ میں وعظ کہتے۔ تصانیف کی تعداد نو دس ہے جس میں غنیۃ الطالبین اور فتوح الغیب زیادہ مشہور ہیں ان تصانیف میں اچھے مضامین بھی ہیں اور ضعیف اور موضوع احادیث بھی۔ متاہل زندگی بسر کی کثیر الاولاد تھے ان کے صاحبزادے عبدالرزاق ہی کا بیان ہے کہ میرے والد کے ۴۹ اولادیں تھیں بیس بیٹے اور ۲۹ بیٹیاں ۵۶۱ھ میں منزل عقبیٰ طے کی نوے برس کی عمر پائی۔ ان کا زمانہ خلافت عباسیہ کے اضمحلال کا زمانہ تھا جب رفض و تشیعت کا ہر طرف زور تھا عقاید باطلہ کی پُرزور تردید کرتے تھے ان کے احفاد نے بغداد کی تباہی کے بعد سلسلہ قادریہ کی اشاعت ایسے وسیع پیمانہ پر کی کہ دنیائے اسلام کا کوئی خطہ باقی نہ چھوڑا جہاں یہ سلسلہ قایم نہ کیا گیا ہو۔ اصحاب سلسلہ نے حضرت شیخ علیہ الرحمۃ کے اقوال و مکاشفات اس درجہ مبالغات اور افسانوی طرز پر بیان کئے ہیں کہ مشایخ میں سے کسی کے تذکرے میں ایسے اباطیل نہیں پائے جاتے حالانکہ کرامات و خرق عادات کے من گڑھت واقعات سے سب ہی تذکرے مملو ہیں نہج البلاغۃ کے مصنف نے جعلی خطبات کے علاوہ بعض صحیح اقوال بھی حضرت علی کے شامل کرلئے ہیں ان میں یہ قول شیدائیان سیادت نسبی کے لئے لائق عبرت ہے۔ حضرت علی فرماتے ہیں۔

ان ولی محمد من اطاعہ وان بعدت لحمتہ وان عدو محمد من عصاہ وان قربت لحمتہ (نہج البلاغۃ صفحہ ۱۰۰ مصر)	بہ تحقیق کہ محمد صلعم کا دوست وہی ہے جس نے ان کی اطاعت کی اگرچہ گوشت اس کا دور کا ہو یعنی نسبی قربت آپ سے نہ ہو اور دشمن محمد صلعم کا وہ ہے جس نے آپ کی نافرمانی کی اگرچہ گوشت اس کا آپ سے قریب ہو یعنی نسبی قربت آپ سے رکھتا ہو۔ ۱۲

حسنی العلوی و حسنی الطالبی کہلاتے نہ سید مثلاً :۔

(۱) یحییٰ بن ادریس بن عمر بن ادریس الحسنی العلوی ۔

یحییٰ بن ادریس مغربی افریقہ کے بڑے بادشاہوں میں سے تھے من اعظم ملوک الادارسۃ المغرب الاقصیٰ (قاموس التراجم ج ۹) ۳۳۲ھ میں فوت ہوئے ۔ ان ہی کی نسل میں سے ان کے نام بھی ریاست آشغول ۔ رہیں تھے وہ سلیمان بن عبداللہ بن حسن مثنیٰ کے اخلاف میں سے تھے ۲۳۳ھ میں فوت ہوئے ۔ ان کے دادا محمد بن سلیمان بن عبداللہ بن حسن مثنیٰ نے یہ ریاست ساحل تلمسان (مغربی شمالی افریقہ) سے طلوع ۲۲۰ھ میں قائم کی تھی ان کی نسل سے کثیر تعداد اس علاقہ میں آباد ہے واحفادہ بالمغرب کثیر جداً (جمہرہ ابن حزم) قومیت کے اعتبار سے الحسنی الطالبی کہلاتے تھے مثلاً :۔

(۲) یحییٰ بن ابراہیم بن یحییٰ بن محمد بن سلیمان الحسنی الطالبی (ایضاً ج ۹)

علامہ ابن حزم نے مغربی و شمالی افریقہ کے متوطن حسنیوں کے انساب تفصیل سے لکھے ہیں ۔ ان میں ملوک و امراء کے علاوہ بڑے بڑے فضلاء اور علماء ہوتے رہے کسی نے بھی ان میں سے نہ پہلے اپنے کو نسباً سید کہا اور نہ آج کہتے ہیں ۔ شریف کہلاتے ہیں ۔

حسینی خاندان ۔ حضرت حسین بن علی بن ابی طالب کی نسل ایک ہی فرزند جناب علی بن حسینؓ سے چلی ۔ شیعہ مورخ ابن جریر طبری ان کی وفات کے ذکر میں پدری و مادری نسب ان کا ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں :۔

علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب علیہ السلام و امہ غزالۃ ام ولد خلف علیہا بعد حسین زبید مولی الحسین فولدت لہ عبداللہ بن زبید وھو اخو علی بن الحسین و لعلی بن حسین ھذا العقب من ولد حسین (طبری ج ۱۳ صفحہ ۸۰)	علی بن حسین بن علی بن ابی طالب علیہ السلام والدہ ان کی غزالہ نام کنیز تھیں جو حسین کے بعد ان کے غلام زبید کے عقد میں آئیں ان کے بطن سے عبداللہ بن زبید پیدا ہوئے جو علی بن حسین کے مادری بھائی تھے ان ہی علی بن حسین سے حسین کی نسل چلی ۔

شیعہ مورخ نے اپنے مسلک و شیعہ شعار کے مطابق نام کے ساتھ "علیہ السلام" تو لکھا سید لکھا اور نہ صفی لقب جو ظاہر ہے کہ مورخ مذکور کے زمانہ میں مروج نہ ہوا تھا ۔

جناب علی بن الحسینؓ کے بیاضا بیوی سے حسین الاکبر و محمدؒ عبد اللہ تین بیٹے تھے اور سات بیٹے کنیزوں سے تھے جن میں بڑے زید تھے۔ جناب محمد بن علی بن حسینؓ کی کنیت ابوجعفر تھی اور وضعی حدیث کی بنا پر لقب باقر قرار دیا گیا ہے۔ جناب زید بن علی بن حسینؓ اموی خلیفہ امیر المومنین ہشام بن عبد الملکؒ کے خلاف خروج کرنے میں مقتول ہو گئے انھیں زید الشہید کہا جاتا ہے۔

جناب ابوجعفر محمدؒ کو امامیہ و اسماعیلیہ امام پنجم کہتے ہیں اور جناب زیدؒ کو بھی ایک طبقہ امام مانتا ہے ان دونوں بھائیوں کے نام و نسب شیعہ مورخ اس طرح لکھتے ہیں :۔

(۱) ابوجعفر محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب علیہ السلام وامہ ام عبد اللہ ابنتہ حسن بن علی علیہ السلام ...... توفی ابوجعفر محمد بن علی بن حسین علیہ السلام سنہ ۱۱۷ وھو ابن ثلاثہ وستین سنۃ۔ (طبری ج ۸ ص ۹۶)	ابوجعفر محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب علیہ السلام۔ والدہ ان کی ام عبد اللہ دختر حسن بن علی علیہ السلام تھیں ...... ابوجعفر محمد بن علی بن حسین علیہ السلام کی وفات ۱۱۷ھ میں ہوئی وہ ۶۳ سال کی عمر کے تھے۔

ان تین سطروں میں شیعہ مورخ نے "علیہ السلام" تو تین بار ناموں کے ساتھ لکھا مگر نہ شیعہ لکھا اور نہ امامیہ کا وضع کردہ لقب الباقر تحریر کیا ظاہر ہے ابن جریر طبری متوفی ۳۱۰ھ کے زمانہ میں یہ لقب رائج نہ ہوا تھا۔

جناب ابوجعفر محمد کے چار بیٹے تھے جعفر و عبد اللہ و ابراہیم و علی۔ اول الذکر کو امامیہ و اسماعیلیہ اپنا امام ششم مانتے ہیں ان کے نام و نسب کا اندراج ابن جریر طبری نے اس طرح کیا ہے :۔

جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب (ایضاً ص ۱۰۲)	جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب علیہ السلام۔

جناب زید بن علی بن حسینؓ کے نام و نسب کی تصریح ان شیعہ مورخ نے اس طرح کی ہے :۔

زید بن علی ابن الحسین بن علی بن ابی طالب علیہ السلام وامہ ام ولد...	زید بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب علیہ السلام والدہ ان کی کنیز تھیں ......

وقتل زید علیہ السلام یوم الاثنین للیلتین خلتا من صفر سنۃ ۱۲۰ھ و یقال سنۃ ۱۲۲ھ وکان لہ فیما قیل اثنتان و اربعون سنۃ۔
(طبری ج ۱۳ ص ۹۷)

زید علیہ السلام دوشنبہ ۲ صفر ۱۲۰ھ کو قتل ہوئے اور یہ بھی کہتے ہیں کہ ۱۲۲ھ میں قتل ہوئے ان کی عمر ۴۲ سال بتائی جاتی ہے۔

جناب زید کی اولاد و احفاد اپنی قومیت طالبی و علوی ہاشمی و قریشی سے ظاہر کرتے تھے نہ محض لفظ سید سے۔ صاحب عمدۃ الطالب نے آل ابی طالب کے انساب میں جابجا طالبی و علوی یا طالبین و علویین کے الفاظ لکھے ہیں اسی طرح دیگر مورخین نے۔ علامہ ابن کثیر جناب زید کی نسل کے ایک بزرگ کے تذکرہ میں جو مفسر و محدث و فقیہ و ادیب تھے کوفہ و بغداد میں سکونت تھی، ۵۳۹ھ میں وفات ہوئی ان کا نام و نسب اس طرح بیان کرتے ہیں :-

"عمر بن ابراہیم بن محمد بن احمد بن علی بن حسین بن علی بن حمزہ بن یحییٰ بن الحسین
بن زید بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب، القرشی العلوی، ابو البرکات
الکوفی البغدادی" (البدایہ ج ۱۲ ص ۲۱۹)

مولف عمدۃ الطالب نے بھی ان کا ذکر کیا ہے کہ: ابو البرکات عمر الشریف عمر کہلاتے تھے علامہ تھے ادیب تھے محدث و فقیہ تھے۔ لغوی و نحوی تھے ثقہ و صدیق تھے۔

اسی زیدی گھرانے کی ایک شاخ بنی اسامہ کے ذکر میں صاحب عمدۃ الطالب کہتے ہیں کہ ۷۴۰ھ تک یہ لوگ حلہ (عراق) میں مسکن گزیں تھے کچھ لوگ ہندوستان چلے گئے پھر کہتے ہیں کہ :-

کانوا بیتاً جلیلاً مقدماً من اعظم بیوت العلویین وکان زید بن علی النقیب جلال الدین اسامہ بن عدنان بن اسامہ وھو ابو الغنائم شاعراً فاضلاً ترک العراق ومضی الی الھند واخوہ ضیاء الدین ابو القاسم علی وولی ھناک

علویوں کے بڑے گھرانوں میں سے ان لوگوں کا گھرانا سربرآوردہ اور صاحب وجاہت تھا اور ابو الغنائم زید بن النقیب جلال الدین علی بن اسامہ بن عدنان بن اسامہ شاعر اور فاضل تھے وہ عراق چھوڑ کر ہندوستان چلے گئے وہ اور ان کے بھائی ضیاء الدین ابو القاسم وہاں

زعامۃ الطالبین (ص ۲۹۶) | و سربراہ رہے۔

جناب زید بن علی بن حسینؓ کے سب سے چھوٹے بیٹے محمد بن زید عالم و فاضل شخص تھے ان کی صاحبزادی عباسی خاندان میں امیر المومنین محمد المہدیؒ کو بیاہی گئی تھیں (عمدۃ الطالب ص ۲۵۰) صاحب عمدۃ الطالب نے ان کے تذکرے میں ایک حکایت الداعی کبیر محمد بن زید الحسنی کی درج کی ہے جو حضرت نے زمانہ دیلم پر کچھ مدت تک حکومت کی تھی ایک مرتبہ بیت المال کی رقوم قبائل قریش و انصار و فقہا و اہل قرآن اور سب طبقات میں تقسیم کرنی شروع کیں ابتداء اپنے قبیلہ بنی عبد مناف سے کی بنی ہاشم کو دے چکے تو ایک شخص سامنے آئے پوچھا بنی عبد مناف کی کس شاخ سے ہو کہا بنی امیہ سے، پوچھا بنی امیہ کے کس گھرانے سے؟ جواب دینے میں تامل ہوا تو محمد بن زید حسنی نے کہا شاید اولاد معاویہ سے ہو گے اس نے اقرار کیا تو پوچھا معاویہ کے کس بیٹے کی نسل ہو وہ شخص خاموش رہا تو محمد بن زید نے کہا لعلک من ولد یزید شاید تم یزید کی اولاد سے ہو۔ اس نے کہا جی ہاں۔ صاحب عمدۃ الطالب کہتے ہیں:—

فنظر الیہ العلویون نظر اً شزراً	علوی لوگ اس شخص کو تیز کی نظر سے دیکھنے لگے

محمد الداعی نے چلا کر کہا کہ ان کو کوئی کچھ نہ کہے پھر اس طرح کی ایک اور حکایت بیان کرے اس اموی یزیدی کو بھی اسی قدر حصہ دیا جو سب بنی عبد مناف یعنی ہاشمیوں کو دیا تھا۔ مؤلف عمدۃ الطالب کی بیان کردہ حکایت صحیح ہو یا غلط اس سے یہاں بحث نہیں۔ انھوں نے جو عنوان قائم کیا ہے وہ یہ ہے "احسان العلوی الی الاموی من بنی یزید (ص ۲۸۹)

یعنی "ایک علوی کا احسان ایک اموی یزیدی پر" اب دیکھیے نویں صدی ہجری کے شروع کے یہ شیعہ مؤلف جب بنو عبد مناف کی دونوں شاخوں کے اشخاص کی نسبت نسبی کا اظہار کرتے ہیں حسینی کو علوی اور یزیدی کو اموی کہتے ہیں اظہار نسب میں نہ حسینی کو سید کہتے ہیں نہ یزیدی کو غیر سید۔ بعض ممتاز و محترم اشخاص کو فضائل ذاتی کے اعتبار سے انھوں نے البتہ سید کہا ہے نہ محض نسبت نسبی کے اعتبار سے۔

خلاصہ کلام

قریشی قبائل ہوں یا بنی ہاشم و بنی امیہ کا کوئی گھرانا نسبی نسبت کے اظہار کے لئے محض لفظ سید کسی عرب نے کبھی استعمال نہیں کیا احتراماً ایک دوسرے کو سیدی و سیدنا کہتے رہے

ہیں چنانچہ اوصاف و فضائل ذاتی کی بنا پر یا قومی و ملی خدمات جلیلہ کے اعتراف میں جیسا مندرجہ بالا تصریحات سے واضح ہے یہ لفظ استعمال کیا جاتا تھا قریش و بنی ہاشم کا کوئی خاندان کوئی گھرانا کبھی نسباً سیّد کہلایا اور نہ کسی شخص نے اظہار نسب میں اپنے منہ سے اپنے کو سیّد کہا۔

تاریخی واقعات شاہد ہیں کہ بنی ہاشم کے سیاسی کردار کو اپنے بعض افراد کی شدید سیاسی لغزشوں اور غلطیوں سے جن کے سبب ہولناک خونریزیاں ہوئیں اور یکجہتی ملت میں پھوٹ پڑ گئی ایسا صدمہ پہنچا کہ خلفائے راشدین کے بعد سے جو دور زبردست فتوحات کا دور تھا قیادت و سیادت کے کارہائے نمایاں کی انجام دہی سے محروم ہو کر انھیں کنج خموں میں بیٹھا جانا پڑا۔ اس زمانہ میں عرب کے سب ہی قبیلوں کے افراد اپنی خداداد صلاحیتوں کے جوہر دکھا رہے تھے اور اپنے کارناموں سے سید قوم کہلاتے تھے۔ مثالیں تو بہت پیش ہو چکیں یہاں ایک ایسے قبیلے کے بعض افراد کی مثال پیش کی جاتی ہے جسے بنظر حقارت دیکھا جاتا تھا یعنی قبیلۂ باہلہ جس کے متعلق کہا گیا ہے کہ انہا قبیلۃ مرذولۃ عند العرب۔ یعنی عربوں کی نظر میں یہ قبیلہ حقیر تھا۔ اسی قبیلہ کے ایک شخص نے، اس کے بیٹوں اور پوتوں نے وہ شاندار خدمات ملی انجام دیں کہ تین پشت تک سیّد القوم کہلاتے رہے۔

ابتدا ابوصالح مسلم بن حصین بن اسید بن زید بن قضاعی بن بلال بن عمرو قوم باہلہ سے ہوئی۔ ابن قتیبہ نے المعارف کے ایک باب "المشہورون من الاشراف واصحاب السلطان" کے تحت ان کا مختصر تذکرہ کیا ہے۔ ذاتی اوصاف اور خداداد صلاحیتوں کی بنا پر امیر المومنین یزید بن معاویہؓ ان کی بڑی قدر کرتے تھے۔

وکان مسلم بن عمرو عظیم القدر عند یزید بن معاویۃ۔ (المعارف ص)	مسلم بن عمرو کی یزید بن معاویہؓ بڑی قدر کرتے ہیں۔

اسپ تازی ان کا حرون کہلاتا تھا اور کنیت ابوصالح تھی ایک شاعر نے ان کی قائدانہ صلاحیتوں کی بنا پر کہا تھا اگر قریش سلطنت کھو بیٹھے تو خلافت قبیلہ باہلہ میں چلی جائیگی اور حرون کا مالک ابوصالح سنت عادلہ کی بنا پر اس کا مستحق ہے کہتا ہے ؎

اذا ما قریش خلا ملکہا	فان الخلافۃ فی باہلہ
لرب الحرون ابی صالح	وما تلک عبا بسنۃ العادلہ

مسلم کے تیرہ بیٹوں میں ابتدا رہا سے بڑے تھے "تہر انبار ان م" کے نام سے موسوم

ان کے بارے میں کہا گیا ہے کہ سید ولد مسلم حتی سبق علیہ قتیبۃ یعنی مسلم کے بیٹوں کے سرخیل تھے۔ یہاں تک کہ قتیبہ (ان کے چھوٹے بھائی) ان پر سبقت لے گئے۔ یہ قتیبہ بن مسلم تیرہ برس تک خراسان کے گورنر رہے اور اس زمانہ میں نہ صرف خوارزم و سمرقند و بخارا میں عظیم فتوحات حاصل کیں بلکہ بے شمار مخلوق نے ان کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا۔ علامہ ابن کثیر لکھتے ہیں:۔

وقد کان قتیبۃ بن مسلم بن عمرو بن حصین ابوحفص الباھلی من سادات الامراء وخیارھم وکان من القادۃ النجباء الکبراء والشجعان وذی الحروب والفتوحات السعیدۃ والآراء الحمیدۃ وقد ھدی اللہ علی یدیہ خلقاً لایحصیھم الا اللہ فاسلموا ودانوا للہ عزوجل وفتح البلاد والاقالیم الکبار والمدن العظام شیئاً کثیراً۔

(البدایہ ج ۹ ص ۱۶۷)

بہ تحقیق مسلم بن قتیبہ بن عمرو بن حصین ابو حفص باہلی سادات امراء میں سے اور ان کے نیک کرداروں میں سے تھے اور رفیع المنزلت نجیبوں، بہادروں اور سورماؤں اور معرکہائے جنگ کے ماہرین کے سرخیلوں میں سے تھے انھوں نے بڑی اچھی فتوحات کیں اور قابل توصیف خیالات رکھتے تھے۔ اللہ تعالیٰ کی ہدایت سے لاتعداد مخلوق نے کہ شمار ان کا اللہ ہی جانتا ہے ان کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا کہ یوں اللہ بزرگ و برتر کے آگے جھکے ہوؤں کو قربت نصیب ہوئی قتیبہ نے بڑے بڑے ملک اور اقلیمیں اور عظیم خطے فتح کئے۔

قتیبہ بن مسلم کے یہ کارنامے ان ہی تک محدود نہ تھے ان کے بیٹوں میں مسلم بن قتیبہ اموی و عباسی خلافتوں میں عرصہ دراز تک بصرے کے گورنر رہے المعارف میں ان کے بارے میں کہا گیا کہ کان سید قومہ (وہ اپنی قوم کے سردار و سربراہ تھے) ان مسلم کے ایک فرزند سعید تھے جو آرمینیہ و موصل و سندھ و طبرستان و سجستان و الجزیرہ کے باوقات مختلف گورنر رہے دوسرے بیٹے ابراہیم یمن کے والی تھے تیسرے بیٹے عمر بن مسلم رَے اور بلخ کے امیر تھے جبکہ بیٹے سلم بن مسلم سجستان کے گورنر رہے، قتیبہ بن مسلم کے دوسرے بیٹے قطن بن قتیبہ بھی سمرقند تھے غرضیکہ اسی ایک خاندان کے افراد میں ملک کے نظم ونسق کی اہلیت اور جہانگشی

اسلامی کی قیادت کی صلاحیتیں تھی چار پشت تک بطنا بعد بطن اس درجہ رہیں کہ خدمات لائقہ سے اقران وامائل میں ممتاز رہے ایسے ہی لوگ سردار اور سید کہلانے کے مستحق ہوتے ہیں نہ وہ جو اپنی کوتاہ دستی سے تعمیری کاموں میں حصہ نہ لے سکے دنیا دار العمل ہے ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد۔

الشریف

شریف والشریف کہ جمع ان کی شرفا و اشراف آتی ہے صاحب شرف ومجد کو کہتے ہیں اور شرف کے معنی میں علو و رفعت و برتری کا مفہوم شامل ہے۔ قریشی خاندانوں کے ممتاز اشخاص شریف واشراف کہلاتے تھے اور ان کے زیردست غلام و موالی ضعیف وضعفا۔ بعد میں شریف ووضیع وسفہا وارازل کی اصطلاح بھی بن گئی۔ قریش کے علاوہ دیگر قبائل کے معزز اشخاص شریف واشراف کہلاتے تھے اور ادنی اشخاص ضعفا۔

امام بخاری نے پہلا باب ابتداء وحی کا بعنوان کیف کان بدأ الوحی الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قائم کیا ہے یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف وحی کی ابتدا، کس طرح ہوئی چنانچہ اس ضمن میں اس تاریخی واقعہ کا بھی بیان ہے کہ تبلیغ دین متین کے سلسلہ میں جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بادشاہ روم ہرقل کو نامہ مبارک بھجوایا تھا اُسے جستجو ہوئی کہ مکہ کے کسی شخص سے جو پیغمبر صاحب سے نسبی قرابت رکھتا ہو حال معلوم کرے اس زمانہ میں قریش کا تجارتی قافلہ ملک شام گیا ہوا تھا جس کے سربراہ ابوسفیانؓ تھے۔ ہرقل نے انھیں بلوا کر منجملہ متعدد باتوں کے یہ بھی پوچھا تھا کہ :-

قال فاشراف الناس اتبعوہ ام ضعفاؤھم فقلت بل ضعفاؤھم (صحیح بخاری)	(ہرقل) نے پوچھا اشراف نے ان کی پیروی کی ہے یا ضعیف (ادنی) لوگوں نے (ابوسفیان نے جوابا کہا کہ (اشراف نے نہیں) بلکہ ادنے لوگوں نے کی ہے۔

ابوسفیانؓ کے جواب میں اسی حقیقت کا اظہار تھا کہ اوّل اوّل اسلام قبول کرنے والوں میں اکثریت ضعفاء کی تھی بیشتر غلام تھے جیسے حضرت بلالؓ و عمار بن یاسرؓ۔ زید بن حارثہؓ وصہیبؓ بن سنان وغیرہم اور اشراف میں سب سے پہلے مومن حضرت ابوبکر الصدیقؓ تھے۔

جنھوں نے اپنے مال سے ان ضعفاء کو آزاد کرا دیا تھا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد سے بھی اشراف اور ضعفاء کا صحیح مفہوم واضح ہو جاتا ہے مشہور واقعہ ہے کہ قریش کے معزز گھرانے بنی مخزوم کی ایک خاتون فاطمہ نام نے ارتکاب سرقہ کا کیا تھا۔ بعض لوگوں کے اصرار سے جب حضرت اسامہ بن زیدؓ نے جن سے رسول اللہ کو محبت تھی سفارش عرض کیا کہ چوری کے جرم میں ہاتھ اس کا نہ کاٹا جائے۔ آپ نے فرمایا تھا:

ان بنی اسرائیل کان اذا سرق فیھم الشریف ترکوہ واذا سرق فیھم الضعیف قطعوہ ولو کانت فاطمۃ (بنت محمدؐ) یقطعت یدھا
(بخاری ج ۲ ص ۱۰۰۳ و دیگر کتب)

بنی اسرائیل کا یہ دستور تھا کہ جب کوئی شریف ان میں سے چوری کرتا اسے چھوڑ دیتے تھے اور جب کوئی ضعیف (ادنیٰ حیثیت کا) چوری کرتا اس کے ہاتھ کاٹ ڈالتے تھے اگر فاطمہ (بنت محمدؐ) ایسا کرتیں تو اس کا بھی ہاتھ کاٹ ڈالتا۔

کیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد سے واضح طور سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ شریف و اشراف کسی خاص قوم و قبیلے یا گھرانے کے افراد ہی نہیں کہلاتے تھے۔ کتب تاریخ کی تصریحات بھی اسی حقیقت کی مؤید ہیں۔ بلاذری متوفی ۲۷۹ھ نے جو مبسوط کتاب قریش کے خاندانی تذکروں میں تالیف کی ہے اس کا نام ہی انساب الاشراف ہے یعنی قریش کے سب ہی گھرانوں کے تذکرے اور مختصر سلسلۂ انساب اس میں درج ہیں۔ بلاذری کے قریب العہد کتاب المحبر کے مؤلف ابو جعفر محمد بن حبیب متوفی ۲۴۵ھ اپنی کتاب میں "اشراف قریش" کے عنوان سے رؤساء قریش کی فہرست درج کرتے ہیں اور جن قریشیوں کی آنکھیں معرکہائے جنگ میں جاتی رہی تھیں ان کی فہرست کا عنوان باندھتے ہیں "من فقئت عینہ من الاشراف فی الحرب" پھر سات جداگانہ فہرستیں ان قریشیوں کی شامل کتاب کی ہیں جن میں کوئی نہ کوئی جسمانی نقص تھا مثلاً اشراف العمیان، البرص الاشراف، العرجان الاشراف، العریان الاشراف وغیرہ یعنی اندھے اشراف، مبروص اشراف، یک چشم اشراف، لنگڑے اشراف وغیرہ۔

اسی تیسری ہجری کے دوسرے مورخ مسلم ابن قتیبہ متوفی ۲۷۶ھ نے المعارف میں ایک باب "صناعات الاشراف" کا قائم کیا ہے اس میں قریش کے مختلف خاندانوں کے ایسے افراد کی فہرست درج کی ہے جو کسب معاش کے لئے کوئی نہ کوئی پیشہ یا حرفہ کرتے

تھے۔ان ہی مولف کی دوسری کتاب عیون الاخبار میں ایک باب افعال السادۃ والاشراف
نیز ابن عبد ربہ متوفی ۳۲۸ھ نے العقد الفرید میں قریشی کاتبان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی
فہرست اس عنوان سے دی ہے "اشراف کتاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ان قریشی کاتبان میں
نصف سے زیادہ تعداد اموی حضرات کی تھی۔[۱]

کتب تاریخ میں شریف واشراف غیر ہاشمی اور غیر قریشی اکابر کے ناموں کے ساتھ بالعموم
استعمال ہوتے ہیں۔امیر المومنین حضرت مروان اموی کو جب مصر پر تسلط کرنے کے لئے ۶۵ھ
میں بذات خود جانا پڑا تھا معرکہ جدال وقتال میں حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کے عامل عبدالرحمن
بن جحدم کے ساتھیوں کی جنھیں"خواص اہل البلد" کہا گیا ہے کثیر تعداد قتل ہوئی تھی ان میں
عبداللہ الکلاعی بھی تھے جن کے مقتول ہونے کا ذکر ابن کثیر نے ان الفاظ میں کیا ہے :۔

وقتل یومئذ عبداللہ بن یزید معدی کرب الکلاعی احد الاشراف (البدایہ جلد ۸ ص۲۵۹)	اور اس دن اشراف میں کے ایک عبداللہ بن یزید بن معدی کرب الکلاعی بھی قتل ہوئے۔

اسی طرح اشراف الحیرہ، اشراف کوفہ، اشراف خراسان کے الفاظ جابجا ملتے ہیں
جن میں مختلف قبائل عرب کے لوگ شامل تھے مثلاً ۲۵۱ھ میں بنی نمیر و بنی کلاب عربوں نے
نواح کوفہ میں بغاوت کا ارتکاب کیا تھا امیر کوفہ نے اس کے فرد کرنے کو جو اجتماع کیا تھا
صلۃ تاریخ طبری میں بیان ہوا ہے کہ "جمع من اشراف کوفۃ وبنی ھاشم العباسیین
والطالبیین (ص۵۷) یعنی اشراف کوفہ میں سے لوگوں کا اور ہاشمیوں میں سے عباسی
اور طالبی اشخاص کا اجتماع کیا۔

غرضیکہ ہر قوم وقبیلہ کے قریشی ممتاز افراد اشراف کہلاتے تھے۔لغت میں الشریف
کا اطلاق ایسے شخص پر ہوتا ہے جو کریم الآباء ہو۔جبلہ بن الایہم قبیلہ غسان کا جو ملک شام
میں آباد تھا رئیس تھا۔عہد فاروقی میں اسلام لایا۔مدینہ حاضر ہوا اس کا مشہور واقعہ ہے
کہ طواف کعبہ کرتے اس کی چادر کا گوشہ کسی کے پاؤں تلے آگیا۔

---

[۱] حضرت عمرو بن العاص السہمیؓ فاتح مصر کا نام بھی قریشی کاتبان نبی صلی اللہ علیہ وسلم میں شامل ہے
اور حضرت معاویہؓ کے بارے میں صراحت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم حیات طیبہ کے آخری ایام
تک کتابت کا کام ان ہی سے لیتے رہے تھے۔ ۱۲

جبلہ نے غصّہ میں اس کے منہ پر تھپڑ مار دیا اس شخص نے جواب میں جبلہ کے ایک طمانچہ رسید کیا۔ جبلہ نے امیرالمومنین حضرت عمرؓ کے پاس آکر شکایت کی آپ نے فرمایا جو کچھ تم نے کیا اس کی سزا پائی۔ جبلہ یہ سنکر حیرت سے کہنے لگا کہ ہم تو سردار ہیں ہم سے کوئی گستاخی سے پیش آتا قتل کر دیا جاتا امیرالمومنین ... تو عہد جاہلیت کی باتیں ہیں اسلام نے تمہیں اور دوسروں کو سب کو مساوی کر دیا معیار ... ہے نہ معاشرتی امتیاز۔ جبلہ مدینہ سے بھاگ کر شام چلا گیا اور مرتد ہو کر نصرانی ہو گیا۔ ایک قطعہ اشعار میں اس نے اپنے کو اشراف کہکر طمانچہ کے بارے نصرانی ہو جانے کا ذکر کیا ہے۔

تنصرت الاشراف من عار لطمة　　وما كان فيها لو صبرت لها ضرر

الہیثم بن عدی متوفی ۲۰۷ھ کی دو تالیفات کے نام اور حوالے ملتے ہیں یعنی تاریخ الاشراف الکبیر و تاریخ الاشراف الصغیر۔ علی بن محمد المدائنی متوفی ۲۱۳ھ تقریباً تیس کتابوں کے مصنف ہیں جو دستبرد زمانہ سے باقی نہیں رہیں ان کی ایک کتاب کا نام "اشراف عبد القیس" تھا اسی طرح ابن عبدہ کی ایک کتاب "اشراف بکر و تغلب" کے حالات میں تھی اور یہ ظاہر ہے کہ عبد القیس اور بکر و تغلب قبائل قریش ہی نہ تھے۔ قریش کے مورث اعلیٰ فہر بن مالک کے اجداد میں سے سات پشت اوپر مضر کے بھائی ربیعہ کی نسل سے تھے بایں ہمہ ان قبائل کے ممتاز افراد شریف و اشراف کہلاتے تھے بالفاظ دیگر شریف و اشراف کسی قبیلے و خاندان کے افراد کے لئے مخصوص نہ تھا۔

لقب الشریف بنی ہاشم سے کب مخصوص ہوا

علامہ جلال الدین سیوطی کثیر التصانیف تھے تقریباً پانسو کتابیں تصنیف کی تھیں ان کا ایک کتابچہ العجاجة الزرنبیه فی السلالة الزینبیه ہے اسعاف الراغبین مطبوعہ مصر میں ان کی بعض عبارتوں کے اقتباسات ہیں۔ علامہ سیوطی لکھتے ہیں :-

اسم الشريف يطلق في الصدر الاول على كل من اهل البيت سواء كان حسنيا او حسينيا ام علويا من ذرية محمد بن الحنفية وغيره من اولاد علي بن	لقب الشریف کا اطلاق صدر اول میں تمام اہلبیت کے افراد پر ہوتا تھا خواہ وہ حسنی ہوں یا حسینی یا علوی ہوں اولاد محمد بن حنفیہ سے یا سوائے ان کے دیگر اولاد علی بن ابی طالب

ابوطالب ام جعفریاً ام عقیلیاً ام عباسیاً ولهذا نجد تاریخ الحافظ الذهبی مشحوناً فی التراجم بذلك یقول الشریف العباسی الشریف العقیلی الشریف الجعفری والشریف الزینبی فلما ولی الفاطمیون بمصر قصروا اسم الشریف علی ذریة الحسن والحسین فقط واستمر ذلك بمصر الی الآن۔

سے ہوں یا جعفری ہوں یا عقیلی یا عباسی۔ یہی وجہ ہے کہ ہم تاریخ حافظ ذہبی کو دیکھتے ہیں کہ بھرے ہوئے ہیں تذکرے اسی سے کہ کہتے ہیں الشریف عباسی، الشریف عقیلی الشریف جعفری، الشریف زینبی لیکن جب فاطمیوں (عبیدیوں) کی سلطنت مصر میں قائم ہوئی تو انھوں نے اسم الشریف مختصر کر دیا اولاد حسن و حسین کے لئے فقط اور یہ جاری ہے اب تک مصر میں۔

مرحوم احمد تیمور نے بقول ڈاکٹر حمید اللہ اس عبارت کو اپنی کتاب التذکرہ میں کتاب شاہد الصفا سے نقل کیا ہے۔

مندرجہ بالا عبارت میں علامہ سیوطی نے لقب الشریف کے بنی ہاشم سے مخصوص کئے جانے کا زمانہ متعین کرنے میں غلطی کی ہے۔ صدر اول سے بالعموم مراد پہلی صدی ہجری سے لی جاتی ہے۔ مگر پہلی صدی ہجری تو درکنار پانچویں صدی ہجری تک اس لقب کے بنی ہاشم کے کسی گھرانے یا کسی فرد کے ساتھ مخصوص کئے جانے کا مطلق کوئی ثبوت کتب تاریخ سے نہیں پایا جاتا اور سیوطی متوفی ۹۱۱ھ نے قدیم مورخین کا کوئی حوالہ اپنے اس قول کی تائید اور ثبوت میں پیش نہیں کیا لہذا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ترین عزیز جو آپ کی رحلت کے بعد بقید حیات رہے آپ کے عم محترم حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب تھے جنھیں آپ صنو ابی (میرے باپ کے مثل) فرمایا کرتے تھے ۳۲ھ میں وفات ہوئی مگر الشریف عباسؓ تو وہ کبھی نہیں کہلائے نہ ان کے فرزند حضرت عبداللہ بن عباسؓ متوفی ۶۸ھ اور نہ ان کے پوتوں پر پوتوں میں سے کوئی اس لقب سے ملقب ہوا حتی کہ چوتھی پانچویں صدی ہجری تک عباسی خاندان کے کسی فرد کے نام کے ساتھ لقب الشریف بطور مخصوص خاندانی لقب کے کتب تاریخ و تذکرہ کے صفحات پر نہیں پایا جاتا اسی طرح آپ کے دوسرے چچا ابوطالب کو الشریف ابوطالب کبھی نہیں کہا گیا اور نہ ابوطالب کے فرزندان حضرت عقیلؓ و جعفرؓ و علیؓ میں سے کسی کو الشریف عقیلؓ، الشریف جعفرؓ و الشریف علیؓ کہا گیا نہ ان کی اولاد و احفاد میں سے کوئی بھی چوتھی پانچویں صدی ہجری تک اس لقب سے ملقب ہوا

مثلاً حضرت حسینؓ کبھی الشریف حسنؓ والشریف حسینؓ نہیں کہلائے اور نہ ان کے بیٹے پوتے یہ سب حضرات شرافتِ نسبی وحسبی کے اعتبار سے بلاشبہ شریف واشراف تھے۔ اور اسی طرح دوسرے قریشی وغیر قریشی خاندانوں کے اکابر بھی عمومی طور سے شریف واشراف کہے جاتے تھے لیکن صدرِ اوّل یا اس کے بعد چار پانچ صدیوں مخصوص خاندانی لقب کے طور سے کوئی ہاشمی الشریف نہیں کہلاتا تھا۔

کتاب الانساب مجلد اوّل (طبع جدید) کے مصحح ڈاکٹر حمید اللہ نے "الاستشراف" کے عنوان سے جو مختصر سا دیباچہ شامل کتاب کیا ہے اس میں اسی حقیقت کا اظہار ہے کہ بنی ہاشم اور حضرت علیؓ کی نسل کے ناموں کے ساتھ لقب الشریف کے استعمال کا اظہار چوتھی صدی ہجری کے اواخر سے قبل کبھی نہیں ہوا وہ مزید کہتے ہیں کہ :-

اما قبل ذالك فقد كان يطلق على نسل الامام على لفظ العلويين و على نسل ابيه الطالبين - (ص۲۰)

لیکن اس سے (اواخر چوتھی صدی ہجری سے) قبل امام علیؓ کی نسل کے لوگوں پر لفظ علوی کا اطلاق ہوتا تھا اور ان کے والد کی نسل پر طالبی کا۔

چنانچہ اس قول کے ثبوت میں انھوں نے حضرت علیؓ کی نسل میں چند ممتاز اشخاص کے اسماء مثالاً پیش کیے ہیں جن کا زمانہ ۸۰ھ سے ۲۴۰ھ تک کا ہے ان میں امامیہ کے بعض ائمہ کے اور ان کی اولاد کے نام شامل ہیں مگر کسی نام کے ساتھ لقب الشریف کا اطلاق خاندانی لقب کے طور سے کبھی نہیں کیا گیا۔

یعنی جناب جعفرؓ (الصادق) جن کا زمانہ ۸۰ھ سے ۱۴۸ھ تک کا ہے تیز ان کے صاحبزادے جناب موسٰی بن جعفرؓ متوفی ۱۸۳ھ الشریف جعفر والشریف موسیٰؓ کبھی نہیں کہلائے اسی طرح جناب علی الرضا (۱۵۳ - ۲۰۲ھ) بن موسیٰ بن جعفرؓ تھا یا ان کے پوتے جناب حسن بن علی بن محمد بن علی الرضا (۲۳۱ - ۲۶۰ھ) کا حتیٰ کہ شریف المرتضیٰ وشریف الرضی کے والد حسن بن موسیٰ بن محمد بن ابراہیم بن موسیٰ بن جعفر (الصادق) کا لقب بھی الشریف نہ تھا بلکہ الطاہر ذوالمناقب تھا حالانکہ ان کا زمانہ ۳۰۷ - ۴۰۰ھ کا تھا۔ چوتھی پانچویں صدی ہجری میں البتہ ان اسباب سے جن کا ذکر آگے آتا ہے عباسی وعلوی اکابر کے ناموں کے ساتھ لقب الشریف کا استعمال شروع ہوا چنانچہ سیوطی کا یہ کہنا صحیح ہے کہ :-

ولاشك ان المصطلح القديم اولى

اور اس میں شک نہیں کہ قدیم اصطلاح بہتر ہے

وهو اطلاقه (اسم الشريف) على كل علوی وجعفری وعقیلی وعباسی كما صنعه الذهبی وكما اشار اليه الماوردی من اصحابنا والقاضی ابو يعلى الفرا من الحنابلة كلاهما فی الاحكام السلطانية ونحواه قول ابن مالك فی الالفية -

اور وہ یہ کہ لقب الشریف کا اطلاق ہر علوی وجعفری وعقیلی وعباسی پر ہوتا ہے۔ جیسا کہ ذہبی نے لکھا ہے اور جس طرح الماوردی نے جو ہمارے اصحاب میں سے ہیں اشارہ کیا ہے اور قاضی ابویعلی الفرا نے جو حنبلیوں میں سے ہیں ان دونوں کا احکام السلطانیہ میں ذکر ہے اور اسی طرح کا قول ابن مالک کا الفیہ میں ہے۔

ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ کا زمانہ سیوطی متوفی ۹۱۱ھ کے زمانے تقریباً پونے دو سو برس پہلے ہے وہ بھی یہی فرماتے ہیں کہ :-

الشريف ببغداد لقب لكل عباسی ومصر لكل علوی (كتاب الالقاب)

بغداد میں ہر عباسی کا لقب الشریف تھا اور مصر میں ہر علوی کا۔

مگر کب سے اور کس زمانے سے تھا اور کن اسباب سے یہ لقب عباسیوں علویوں اور دوسرے ہاشمیوں کے لئے مخصوص ہوا۔ آئیے تاریخ کی روشنی میں ملاحظہ کیجئے :-

خلافت عباسیہ کا ضعف اور فروغ رفض وشیعیت

عباسی خلافت ۱۳۲ھ میں قائم ہوئی ۶۵۶ھ میں خاتمہ ہوا اس سوا پانسو برس کی مدت میں دو سو برس کا ابتدائی زمانہ اس کی قوت و شوکت اور جاہ وجلال کا زمانہ تھا اس کے بعد سے بعض عباسی خلفاء کی سوء تدبیری کی بدولت جن کی تفصیلات یہاں پیش کرنا ضروری ہیں اس میں ضعف واضمحلال شروع ہوا۔ نوبت یہاں تک پہنچی کہ تقریباً سو برس تک عباسی خلیفہ کی حیثیت بساط سیاست پر شاہ شطرنج سے زیادہ باقی نہ رہی مملکت کے بعض بڑے بڑے صوبوں پر مختلف سیاسی قسمت آزما قابض و متصرف ہوتے گئے جن میں بیشتر رافضی تھے۔ علامہ ابن کثیر ۳۶۳ھ کے حالات کے ضمن میں کہتے ہیں کہ :-

وقد امتلأت البلاد رفضاً وسبّاً للصحابة من بنی بويه وبنی حمدان

بنی بویہ وبنی حمدان اور (عبیدی) فاطمیوں کے سبب تمام ممالک صحابہ کی بدگوئی اور

واہل طمین وکل ملوک البلاد مصراً وشاماً وعراقاً وخراسان وغیر ذلک من البلاد وکانوا رفضاً و کذالک الحجاز وغیرہ وغالب بلاد المغرب فکثر السب والتکفیر منھم للصحابۃ ۔ (البدایۃ والنہایۃ ج ۱۱ صفحہ ۲۲۳)	رفض سے بھر گئے تھے مصر وشام وعراق وخراسان وغیرہ ملکوں کے بادشاہ رافضی تھے اور اسی طرح حجاز وغیرہ کے اور مغرب (افریقہ) کے اکثر مقامات کے جن کے سبب صحابہ کی بدگوئی اور تکفیر بکثرت کی کی جاتی تھی ۔

یہی وہ زمانہ تھا جب قرامطہ کے مسلح گروہ جن میں موالی عجمیوں کا عنصر غالب تھا مسلمانوں کے سیاسی نظام کو درہم برہم کرنے کی غرض سے بحرین سے اٹھے لوٹ مار اور قتل وغارتگری کا بازار گرم کیا حاجیوں کے قافلوں پر بار بار حملے کئے برسوں تک ان کے خوف سے فریضہ حج کی ادائیگی کے لئے عراق سے ایک متنفس بھی نہ جاسکا ۔ ان حبشیوں نے ایام حج میں مکہ معظمہ پر حملہ کر کے ہزاروں حاجیوں کو تہ تیغ بے دریغ کیا ۔ حجر اسود اکھاڑ کر لے گئے جو اکیس برس تک مقام ہجر (بحرین) میں ان کے پاس رہا ۳۳۹ھ میں واپس کیا[۱]۔ دین اسلام اور مسلمانوں کی سیاسی قوت کو مٹانے کے مقصد سے منافقین عجم کی سازشیں طرح طرح سے ہو رہی تھیں بعض ایرانی جو شاہان ایران کی نسل سے تھے قرامطہ سے ساز باز کر رہے تھے ۔ مورخ مسعودی ۔ نے جنھیں ایرانیوں کے حالات سے نسبتاً زیادہ واقفیت حاصل تھی اپنے زمانہ کے واقعات کے سلسلہ میں بیان کیا ہے کہ مجوسی بادشاہوں کی اولاد میں سے علاقہ اصفہان کا ایک نوجوان جو "الزکری" سے معروف تھا ۔ قرامطہ میں آکر شامل ہو گیا تھا اور قرامطہ کے سربراہ ابی طاہر نے اس کو اپنا قائد تسلیم کر لیا تھا (کتاب التنبیہ والاشراف صفحہ ۳۹۱) شواہد تاریخی سے یہ بات بدرجہ یقین ثابت ہے کہ ایرانیوں کو اپنی شہنشاہیت اور سیاست کی شکست تو

---

[۱] قرمطی لیڈر نے حجر اسود واپس کرتے ہوئے لکھا تھا "انا اخذنا ھذا الحجر بامر وقد رددناہ بامر من امرنا باخذہ" (البدایہ ج ۱۱ صفحہ ۲۲۳) (ہم نے اس پتھر کو بموجب حکم اکھاڑا تھا اور ہم ان ہی کے حکم سے واپس کرتے ہیں جنھوں نے اس کے اکھاڑنے کا حکم دیا تھا) یعنی عبیدی فاطمیوں کے حکم سے جن کے ایجنٹ کے طور سے قرمطیوں نے کام شروع کیا تھا بے شمار حاجیوں کو قتل کیا تھا ان کا مال و اسباب لوٹا اور حجر اسود اکھاڑا تھا پھر ان ہی کے کہنے سے واپس کیا ۱۲

چاروناچار قبول کرنا پڑی تھی لیکن جذبۂ حب وطنی اور احساسات ملی کی شکست انھوں نے کبھی قبول نہیں کی تھی۔ عربوں کے خلاف کینہ و جوش انتقام ان کے دلوں میں موجزن رہا بہت سے ان میں منافقانہ طور سے اسلام میں داخل ہوئے تھے جب کبھی موقع ملتا عربوں اور غیر عربوں کے درمیان سیاسی رقابتیں پیدا کرنے اور ابھارنے کی جدوجہد کرتے رہتے۔ جس زمانہ کا ہم ذکر کر رہے ہیں اس زمانہ تک صحیح النسب حسنی اور حسینی طالبانِ خلافت کے تقریباً پچاس خروج مختلف اوقات میں اور مختلف مقامات پر ہو چکے تھے خروج کرنے والوں نے اپنے حسب و نسب کی برتری کا پروپگنڈا کیا تھا اور بعض نے مہدی موعود ہونے کا دعویٰ بھی کیا تھا۔ اس سلسلہ میں بہت سی وضعی حدیثیں بھی مشہور ہو چکی تھیں چنانچہ ہر جگہ اس بات کا چرچا تھا کہ مہدی کا ظہور ہونے والا ہے جو اولاد فاطمہؓ سے ہوں گے اور دنیا کو عدل و انصاف سے بھر دیں گے جیسے وہ ظلم و جور سے بھری ہوئی ہے آمد مہدی سے دنیا میں خوشی کا دور شروع ہو جائیگا اور تمام ممالک پر ان کا تسلط ہو جائیگا چنانچہ اس آمد مہدی کے پروپگنڈے نے جو فضا پیدا کر رکھی تھی سیاسی قسمت آزما اس سے فائدہ اٹھاتے مہدویت کے مدعی ہو کر دام تزویر میں پھانستے اس طرح متبعین کی جمعیت باسانی اکٹھی کر لیتے ایرانی نسل کے چند عیار یکے بعد دیگرے اسی دعوے سے اٹھے پہلے تو ایرانی نسل کا یحییٰ بن زکرویہ بن مہرویہ مہدی ہونے کا مدعی ہوا اپنے کو جناب جعفرؒ (الصادق) کا پرپوتا بتاتا اور یہ کہتا تھا کہ میں محمد بن عبداللہ اسمٰعیل بن جعفر (الصادق) ہوں حالانکہ اس کے باپ دادا کے نام زکرویہ اور مہرویہ ہی سے ظاہر ہے کہ نسلاً عجمی تھے علوی و ہاشمی گھرانے کے کسی فرد کے یہ نام نہ تھے اور نہ ہو سکتے تھے۔ بنی الاصبغ کی ایک جماعت اس کے متبعین میں ہو گئی سب سے پہلے انھوں نے ہی اپنے کو فاطمیین سے موسوم کیا وسموا بالفاطمیین (طبری ج ۱۱ ص ۲۳۲ والبدایہ ج ۱۱ ص ۸۸) ابن کثیرؒ اس کے بارے میں لکھتے ہیں۔

کان یدعی انہ من سلالۃ علی بن ابی طالب من فاطمۃ وھو کاذب افاک اثیم قبحہ اللہ (ج ۱۱ ص ۹۶)	وہ اس کا مدعی تھا کہ حضرت علی بن ابی طالب و فاطمہؓ کی نسل سے وہ جھوٹا دروغ گو تھا اور مرتکب گناہ کا۔ قبحہ اللہ۔

اس کو قریش و بنی ہاشم سے سخت عداوت تھی ملک شام کے قصبہ سلمیہ میں جب داخل ہوا وہاں کے بنی ہاشم کو تہ تیغ کیا بچوں کو بھی زندہ نہ چھوڑا۔ ان مظالم کی اطلاع جب عباسی

خلیفہ امیرالمومنین المکتفی باللہ عباسی کو ہوگی زبردست افواج بھیجنے کا انتظام کیا جس پر کثیر زر و مال صرف کیا اور بنفس نفیس افواج کے ساتھ تشریف لے گئے مقام رقہ پہنچکر فوجی دستے قرمطیوں کے استیصال کے لئے ہر طرف یکے بعد دیگرے بھیجتے رہے جنھوں نے جلدی ان مفسدین کا خاتمہ کر دیا۔ یہ واقعات علامہ ابن جریر طبری نے تفصیلاً بیان کئے ہیں کیونکہ ۳۱۰ھ سے چند سال پہلے کے اور ان کے سامنے کے ہیں۔ یحییٰ اور اس کا بھائی حسین بن زکرویہ بن مہرویہ دونوں مہدویت و فاطمیت کے مدعی تھے اپنے پیروں کو جو مکتوب بھیجتے اپنے ناموں کے ساتھ کیسے کیسے شاندار القاب لکھتے ابن جریر طبری و ابن کثیرؒ نے اس کے ایک مکتوب کو درج کیا ہے جس سے بآسانی اندازہ ہو سکتا ہے کہ اس زمانہ میں سیاسی اقتدار حاصل کرنے کے لئے مہدویت و فاطمیت کا پروپیگنڈا کس درجہ موثر اور کار آمد سمجھا جاتا تھا ذیل میں اس مکتوب کے ابتدائی فقرات درج ہیں جن میں اس ایرانی نسل والے نے اپنے کو المختار من ولد رسول اللہ اور ولد خیر الوصیین یعنی اولاد رسول میں سے پسندیدہ اور وصیوں میں سے بہتر وصی کی اولاد تک لکھی ہے چونکہ اس کے زمانہ میں الشریف اور سید لقب رائج نہیں ہوئے تقریباً سو برس بعد ہوئے ورنہ وہ یہ لقب بھی لکھتا۔ اس کے خود ساختہ القاب ملاحظہ ہوں۔ جن میں اس ایرانی منافق دشمن اسلام اپنے کو کتاب اللہ کی طرف دعوت دینے والا منافقین کو ذلیل کرنے والا حتیٰ کہ دونوں جہاں میں اپنے کو خلیفۃ اللہ تک کہا ہے:۔

من عبد اللہ احمد بن عبد اللہ المهدی المنصور
الناصر لدین اللہ القایم بامر اللہ الحاکم بحکم اللہ الداعی
الی کتاب اللہ الذاب عن حرم اللہ المختار من ولد
رسول اللہ امیر المومنین وامام المسلمین ومذل
المنافقین خلیفۃ اللہ علی العالمین وحاصد الظالمین
وقاصم المعتدین ومبید الملحدین وقاتل القاسطین
ومهلك المفسدین وسراج المبصرین وضیاء المستضیئین
ومشتت المخالفین والقیم بسنۃ سید المرسلین وولد
خیر الوصیین صلی اللہ علیہ وعلی اهل بیتہ الطیبین

وسلم کثیرا ....

(طبری ج ص۳۴۴، البدایہ ج ص۹)

اسی مکتوب میں یہ ایرانی مدعی فاطمیت مکتوب الیہ کو لکھتا ہے کہ "میرے جد محمدؐ دہاں کے اہلبیت پیدا ہوئے" اپنے آخری فقرہ کی ابتداء میں بھی یہ الفاظ دہرائے ہیں لکھتا ہے:-

واخر دعواھم ان الحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ
علی جدی محمد رسول اللہ وعلی اھل بیتہ وسلم کثیرا

اس مدعی مہدویت و فاطمیت کا زمانہ ۳۰۰ھ سے چند سال پہلے کا ہے جب عباسی خلافت کو کمزوری لاحق نہ تھی اس لئے جلد ہی اس کا اور اس کے ساتھیوں کا قلع قمع کر دیا گیا تھا چونکہ یہ گروہ پہلا گروہ ہے جس نے اپنے کو **فاطمیین** سے موسوم کیا اس لئے ان کا تذکرہ یہاں کیا گیا اگرچہ لقب **الشریف والسید** اپنے لئے مختص کرنے اور اپنی حکومت قائم کرنے کی مہلت نہ ملی جیسا دوسرے مجوسی عبید اللہ بن میمون القداح کی اولاد کو مصر میں اپنی حکومت کو "خلافت فاطمیین" سے موسوم کرنے اور ان القاب کو مختص کرنے کا موقع ملا جن کا ذکر آگے آتا ہے تسلسل واقعات کے سلسلہ میں بنو بُوَیہ کا مختصر حال پہلے سُنیئے کہ رفض اور شیعیت کے فروغ کے ساتھ شیعہ اکابر کو اعلیٰ مناصب کے علاوہ لقب الشریف اور دیگر القاب ان کی جانب سے عطا کئے گئے۔

بنی بُوَیہ یہ تین بھائی تھے احمد (معز الدولہ) علی (عماد الدولہ) حسن (رکن الدولہ) باپ کا نام ابوشجاع بُوَیہ بن فنا خسرو تھا بارہ تیرہ واسطوں سے قدیم شاہ ایران بہرام گور کی نسل میں اسے بتایا گیا ہے گردش روزگار سے ایسا مفلس و نادار تھا کہ مچھلیوں کی تجارت سے آذوقہ حاصل کرتا تھا حُسن اتفاق اور یاوری بخت سے یہ تینوں بھائی علاقہ طبرستان کے ایک مقامی رئیس ماکان بن کالی کے متوسلین میں شامل ہو کر فوج کی کمان کرنے لگے ۳۱۹ھ میں جب ایک سیاسی قسمت آزما مرداویج بن زیاد دیلمی نے اس علاقہ پر تسلط کر لیا یہ لوگ مرداویج سے وابستہ ہو گئے اس نے انتظامی عہدوں پر فائز کیا۔ رعایا ان کے حُسن انتظام سے خوش تھی مرداویج نہایت قبیح سیرت تھا وہ جب مارا گیا انھیں ایران کے بعض علاقوں پر تسلط کرنے کا موقع مل گیا یہ زمانہ عباسی خلافت کے ضعف و

اضمحلال کا زمانہ تھا ان کی بڑھتی قوت اور عزائم کو دیکھکر کہ دارالخلافہ کی جانب بھی رُخ پر القاہر باللہ عباسی خلیفہ نے ۳۲۲ھ میں ان القاب کے ساتھ جو اوپر ان کے ناموں کے ساتھ درج ہیں امیرالامرائی کا منصب جلیل عطا کر کے کاروبار مملکت میں دخیل کر دیا یہ اور ان کے فوجی سب ظالم و متعصب شیعہ تھے۔ عباسی خلافت کو جائز خلافت نہیں جانتے تھے۔

بنی بویہ ومن معہم من الدیلم کان فیہم تعصب شدید وکانوا یرون ان بنی العباس قد غصبوا الامر من العلویین حتی عزم معز الدولۃ علی تحویل الخلافۃ الی العلویین (البدایۃ والنہایۃ ج۱۱ ص۱۷۳)

بنی بویہ اور اُن کے دیلمی ساتھیوں میں ظلم و جبر کا مادہ شدید تھا۔ لوگ سمجھتے تھے کہ بنی عباس نے علویوں سے حکومت کو غصب کر لیا ہے چنانچہ معز الدولہ نے ارادہ کیا کہ خلافت علویوں کی جانب پھیر دے۔

مگر اس کے ایک مشیر نے سمجھایا کہ عباسی خلیفہ کو تم معزول تو کر سکتے کیونکہ تمہارے فوجی اس کام میں تمہارا ساتھ دیں گے اس لئے کہ وہ عباسی خلیفہ کو جائز خلیفہ نہیں جانتے لیکن تم نے کسی علوی کو خلیفہ بنا دیا پھر کسی وجہ سے معزول کرنا چاہا تو تمہارے ساتھی اس کام میں موافقت نہ کریں گے کیونکہ وہ اسے صحیح الامارت جانتے ہوں گے" یہ بات اس کی سمجھ میں آگئی یہ خیال اس نے چھوڑ دیا مگر رافضیوں سے اسے بڑی محبت تھی۔ وقد کان معز الدولۃ بن بویہ یحب الرافضۃ (البدایہ ج۱۱ ص۲۲۳) اس کے زمانہ میں شریف الرضی و شریف المرتضی امامیہ بغداد کے اکابر میں سے تھے جن کی وہ بہت قدر کرتا تھا ان کو اور ان کے والد کو مناصب اور القاب عطا کئے تھے سنہ ۳۸۴ھ کے ماہ ذی القعدہ میں شریف الرضی[1] کو لقب الشریف سرکاری طور سے عطا کیا تھا (انسائیکلوپیڈیا آف

---

[1] شریف الرضی جن کو یہ لقب شیعہ امیرالامراء نے عطا کیا تھا جناب موسیٰ بن جعفر (الصادق) کی نسل سے تھے نام و سلسلہ نسب یہ ہے:- ابوالحسن محمد بن ابوطاہر حسن بن موسیٰ بن محمد بن ابراہیم بن موسیٰ بن جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب۔ شعرگوئی عطیہ وہبی تھا بقول مؤلف عمدۃ الطالب قریش کے ان بلند پایہ شعراء میں ان کا شمار تھا جن میں الحارث بن ہشام وہبیرہ بن ابی وہب (داماد ابوطالب) عمر بن ابی ربیعہ اور یزید بن معاویہ جیسے جوٹی کے

(بقایا نوٹ صفحہ ۷۹ پر)

اسلام ج ۲ صفحہ ۳۱۹) النجوم الزاہرہ ابو المحاسن میں یہ واقعہ ۴۲۱ھ کے تحت بیان ہوا ہے کہ فخر الملک نے چند اشخاص کو جو عقیدہ تناسخ کے قائل تھے گرفتار کرالیا تھا ان میں ایک شخص مدعی تھا کہ علیؓ بن ابی طالب کی روح مجھ میں سرایت کئے ہوئے ہے۔ ایسے ہی ایک عورت کہتی تھی کہ حضرت فاطمہؓ کی روح میرے جسم میں ہے۔ تیسرا شخص جبرئیل ہونے کا مدعی تھا ان تینوں کو کوڑے لگوانے کی سزا دی گئی تو وہ مرد اور عورت کہنے لگے کہ ہم اولاد علیؓ سے ہیں یہ سنتے ہی معز الدولہ نے انھیں چھوڑ دیا۔ مؤلف موصوف لکھتے ہیں کہ سب بنی بویہ کٹر رافضی تھے اور خاندان علیؓ سے عقیدت بے پایاں رکھتے تھے اور دیگر صحابہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بغض چنانچہ اسی زمانہ میں معز الدولہ نے فضائل صحابہ علی الاعلان بیان کرنے کی ممانعت کردی تھی۔

(البدایہ ج ۱۱ صفحہ ۲۶۰)

علامہ ابن کثیرؒ کا بیان ہے کہ حکم امتناعی کے باوجود بغداد کے شافعی عالم ابو بکر محمد بن عبداللہ جو محدث دارقطنی کے شیوخ میں سے تھے ایک دن جامع مدینۃ المنصور میں فضائل صحابہ علی الاعلان بیان کرتے اور دوسرے دن مسجد باب الشاعر میں فضائل صحابہ کے علی الاعلان بیان کرنے کی ممانعت کے علاوہ ۳۵۱ھ میں بغداد کی مساجد کے دروازوں پر بعض صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی بدگوئی کے الفاظ بھی لکھوا دئے گئے تھے۔ علامہ ابن کثیرؒ اس سال

(بقایا نوٹ صفحہ ۷۸ کا) عرب شعراء کا شمول ہے۔ شریف الرضی کے دیوان میں بنی بویہ خصوصاً بہاء الدولہ کی مدح میں قصیدے شامل ہیں۔ امیر المومنین القادر باللہ عباسیؒ کے مدح میں یہی قصیدہ ہے جس کی ان دو بیتوں میں ہاشمی نسب پر فخر کیا ہے اور کہا ہے کہ تفاخر نسبی کے اعتبار سے تو ہم دونوں میں کوئی فرق و امتیاز نہیں سوائے اس بات کے کہ خلافت نے آپ کو منزلت دی ہے اور میں اس سے محروم ہوں ؂

ما بيننا يوم الفخار تفاوت — ابدا كلانا فى المفاخر معرق
الا الخلافة قد ميزتك واننى — انا عاطل منها وانت مطوق

دربار خلافت سے وابستہ ہونے کی وجہ سے سرکاری سیاہ لباس پہنتے تھے شیعہ مؤلف عمدۃ الطالب اس کے متعلق کہتے ہیں۔ هو اول طالبى جعل اليه السواد (صفحہ ۱۹۴)۔ عمر کم پائی ۴۰۶ھ میں فوت ہوئے ان کے بھائی شریف المرتضیٰ کو ان کے مرنے کا اتنا شدید غم تھا کہ جنازہ نہ دیکھ سکے بغداد سے باہر چلے گئے۔ دیوان شعر کے علاوہ چند تصانیف بھی ہیں۔ جن میں معانی القرآن اور مجازات القرآن بھی شامل ہیں۔ ۱۲۔

کے واقعات کے ضمن میں کہتے ہیں:۔

وفیہا کتبت العامۃ من الروافض علی ابواب المساجد لعنۃ معاویۃ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ وکتبوا ایضا ولعن اللہ من غصب فاطمۃ حقہا وکانوا یعنون ابابکر ومن اخرج العباس من الشوری یعنون عمرؓ ومن نفی اباذر یعنون عثمان

....

ولما بلغ ذلک جمیعہ معزالدولۃ لم ینکرہ ولم یغیرہ ثم بلغہ اہل السنۃ محوا ذلک۔

(البدایۃ والنہایۃ ج۱۱ ص۲۴۳)

اور اس سنہ میں رافضیوں کے عوام نے مسجدوں کے دروازوں پر (حضرت) معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ پر لعنت لکھی تھی اور ایسے ہی یہ بھی لکھا کہ لعنت ہو اس پر جس نے فاطمہ کا حق غصب کیا مراد (حضرت) ابوبکرؓ سے تھی جس نے (حضرت) عباسؓ کو شوریٰ سے خارج کیا مراد اس سے (حضرت) عمرؓ سے تھی اور جس نے ابوذر کو شہربدر کیا۔ (حضرت) عثمانؓ سے مراد تھی۔ .....

....

ان سب باتوں کی اطلاع جب معزالدولہ کو پہنچی اس نے ان باتوں سے نہ منع کیا اور نہ انہیں مٹوایا پھر اسے اطلاع ملی کہ اہل سنت ہی نے اسے مٹا ڈالا۔

اسلام کی تاریخ میں بنی بویہ کا عروج سیاہ ترین دور تھا اور باتوں کے علاوہ اس دور میں

لہ صحابہ کرام کی بدگوئی کو سنکر ایک حسینی بزرگ نے بدگویوں کے خلاف جہاد فی سبیل اللہ کا عزم کرلیا تھا یہ بزرگ ابو عبداللہ محمد بن حسین تھے جو ابن الداعی کہلاتے تھے انہوں نے ۳۵۳ھ میں بلاد دیلم میں مہدی کہکر ظہور کیا کثیر مخلوق ان کی طرف ملتفت ہوگئی ابن الناصر علوی ان کے مقابلے میں فرار ہوگئے بڑے عبادت گذار و مرتاض شخص تھے لباس صوف پہنتے تھے۔ ابن کثیرؒ ان کے تذکرے میں لکھتے ہیں کہ جب انھیں یہ اطلاعات پہنچیں کہ بغداد وغیرہ میں صحابہ کی بدگوئی کی جاتی ہے انھوں نے جہاد فی سبیل اللہ کا عزم کرلیا۔

وکتب الی الآفاق حتی الی بغداد دعوا الی الجہاد فی سبیل اللہ لمن سب اصحابہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (البدایۃ والنہایۃ ج۱۱ ص۲۵۵)

(ابن الداعی نے) ان لوگوں کے خلاف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بدگوئی کرتے تھے جہاد فی سبیل اللہ کرنے کے لئے ہر جگہ حتی کہ بغداد کے لوگوں کو تحریراً دعوت دی۔

صحابہ کرام کی بدگوئی کی اس رسم بد و بدعت شنیعہ کی بنیاد پڑی۔ خود ایک شیعہ مؤلف جنہوں نے اب سے تقریباً بیس برس پہلے "مجاہد اعظم" نام سے سانحہ کربلا پر کتاب تالیف کی تھی "رسوم عزاداری محرم میں ایک غیر متعلق طرز عمل کی آمیزش" کے جلی عنوان سے تبرے کے بارے میں صراحتاً لکھتے ہیں کہ :-

"فاطمی خلافت کی مصر میں بنیاد پڑی یا دیلمی خاندان (یعنی بنی بویہ) کو بغداد میں عروج ہوا اس وقت سے شیعوں نے بطور انتقام یہ طریقہ اختیار کیا پھر شیعوں میں اس کا رواج ایسا عام ہوا کہ جو آج تک کم و بیش جاری ہے حالانکہ یہ ان کے پیشوایان دین کی تعلیم کے بالکل خلاف ہے" (ص۲۴۲) اسلام کی آسمانی کتاب کسی مذہب کے بزرگوں کو خواہ وہ کیسے ہی ہوں برا کہنے کی اجازت نہیں دیتی مذہبی احکام سے قطع نظر کرکے دیکھا جائے تو عقلاً بھی کوئی ضمیر دوسرے کی توہین کو پسندیدگی کی نگاہ سے نہیں دیکھ سکتا" (ص۲۴۲)

بنی بویہ خصوصاً معز الدولہ نے فروغ رفض کے سلسلہ میں جو کارروائیاں کیں مورخین نے ان کا ذکر متفرق طور پر کیا ہے مثلاً ۳۵۲ھ میں سب سے پہلے معز الدولہ نے ہی ماتم حسین کی بنیاد قائم کی۔ اس سے پہلے کسی ملک و دیار میں ماتم حسین نہیں ہوتا تھا اور نہ مظالم کربلا کی وضعی داستانیں مشہور ہوئی تھیں۔ علامہ ابن کثیرؒ ۳۵۲ھ کے حالات میں لکھتے ہیں :-

۱۔ ماتم حسین کی ابتداء

فی عاشر المحرم من هذه السنة امر معز الدولة بن بويه قبحه الله ان تغلق الاسواق وان يلبس النساء المسوح من الشعر وان يخرجن فى الاسواق حاسرات عن وجوههن ينحن على الحسين بن على بن ابى طالب ولم يمكن اهل السنة منع ذلك لكثرة

اس سال کی ۱۰ محرم کو معز الدولہ بن بویہ نے خدا اس کا برا کرے حکم دیا کہ بازار بند رہیں عورتیں ٹاٹ کا ماتمی لباس پہنیں اور بازاروں میں اپنے چہرے کھولے بال بکھیرے اور سینہ پیٹتی نکلیں اور حسین بن علی بن ابی طالب پر ماتم کریں۔ اہل سنت کو ممکن نہ تھا کہ ان باتوں کو روک سکتے منع کرتے بوجہ شیعوں کی کثرت و شوکت اور حکومت کا ان کے طرفدار ہونے کے باعث۔

الشیعۃ ظھورھم وکون السلطان معھم (البدایۃ والنہایۃ ج ۱۱ ص ۲۴۳)

شیعہ مؤلف مسٹر جسٹس امیر علی نے بھی معزالدولہ ہی کو ماتم حسین کا بانی مبانی قرار دیتے ہوئے لکھا ہے کہ :۔

"معزالدولہ یہ شخص شیعہ تھا اور یہی وہ شخص ہے جس نے محرم کی دسویں تاریخ سانحہ کربلا کی یادگار کے طور سے مقرر کی تھی۔

(ص ۳۰۳ شارٹ ہسٹری آف سیرسینز مطبوعہ ۱۹۲۱ء)

ایک اور شیعہ مؤلف اپنی تالیف "مجاہد اعظم" میں اسی بات کو صراحتاً لکھتے ہیں کہ معزالدولہ نے ہی سب سے پہلے بغداد میں ماتم حسین حکماً شروع کرایا تھا وہ فرماتے ہیں :۔

سلطنت بغداد کے ضعف پر دیلمی خاندان (بُوَیہ) کو عروج ہوا تو ۳۵۲ھ میں معزالدولہ دیلمی کے حکم سے بغداد میں حسین مظلوم کا علانیہ ماتم منایا گیا اور یہ پہلا موقع تھا کہ اس طرح بہ تغیر توجیت آزادانہ مجلس عزا قائم ہوئی یہ رسم بغداد میں کئی برس جاری رہی (ص ۳۳۲)[1]

۲۔ عید غدیر کی ابتداء

معزالدولہ نے ماتم حسین کی ابتداء کرنے کے ساتھ ساتھ اسی ۳۵۲ھ میں عید غدیر کی خوشی منانے کی بھی ابتداء کی۔ غدیر عربی زبان میں جوہڑ کو کہتے ہیں یعنی چھوٹی سی برساتی تلیا جہاں بارش کا پانی اکٹھا ہو جائے۔ مکہ و مدینہ کے راستہ سے کچھ دور ہٹا ہوا یہ جوہڑ تھا۔ وضعی روایت میں کہا گیا ہے کہ حجۃ الوداع کی واپسی میں

---

[1] مؤلف موصوف یہ بھی لکھتے ہیں کہ "یہ تعزیئے جس طرح ہندوستان میں ہوتے ہیں کہیں بھی نہیں ہوتے یہاں تک کہ ایران جو شیعوں کا خاص گھر ہے وہاں بھی اس کا رواج نہیں .... آخر اس کی ابتداء کب سے ہوئی اور کس نے کی اور کیوں ہوئی افسوس ہے کہ اس سوال کے جواب میں تاریخ خاموش ہے" (ص ۳۳۳) تعزیئے اور جلوس ہی نہیں ماتم وسینہ کوبی و نوحہ خوانی کا نہ ہونا معزالدولہ کے زمانہ (۳۵۲ھ) سے پہلے کسی ملک و دیار میں تاریخ سے نہیں پایا جاتا۔ سانحہ کربلا کے تین سو برس بعد تک کسی اسلامی ملک میں خاص کر مدینہ و مکہ میں ماتم حسین کا نہ منایا جانا بجائے خود اس بات کی بین دلیل ہے کہ واقعہ کی نوعیت وہ ہرگز نہ تھی جو تیسری صدی ہجری میں ابومخنف جیسے کذاب راویوں کی افسانہ [illegible] ہوئی شروع ہوئی تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو کتاب "خلافت معاویہ و یزید"

[2] یہ [illegible] اسی لئے غدیر خم بھی کہتے ہیں۔ ۱۲

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی مقام پر قیام کر کے خطبہ ارشاد فرمایا اور حضرت علیؓ کی جانشینی کا اعلان کیا چنانچہ اس مفروضہ اعلان کی خوشی میں ساڑھے تین سو برس بعد بنی بویہ کے زمانۂ اقتدار میں پہلی مرتبہ یہ عید بغداد میں منائی گئی تھی جس کا حال علامہ ابن کثیرؒ کی زبانی سنئے فرماتے ہیں:—

وفی ثمان عشر ذی الحجة منہا امر معز الدولة بن بُوَیہ باظہار زینة فی بغداد ان تفتح الاسواق باللیل کما فی الاعیاد وان تضرب الدبادب والبوقات وان تشعل النیران فی ابواب الامراء وعند الشرط فرحاً بعید غدیر (ایضاً)

اسی سال کی اٹھارویں ذی الحجہ کو معز الدولہ بن بویہ نے حکم دیا کہ عید غدیر کی خوشی میں زینت و آرائش بغداد میں کی جائے بازار رات میں اسی طرح کھلے رہیں جس طرح عیدین میں کھلے رہتے ہیں۔ ڈھول اور نقارے بجائے جائیں امرا کے یہاں اور چھاونی میں آتش بازی چھوڑی جائے۔

مشہد علیؓ عضد الدولہ[1] فناخسرو برادر زادہ معز الدولہ نے اپنی وفات سے دو تین سال قبل ۳۶۹ھ میں شہر کوفہ سے تقریباً سات آٹھ میل کے فاصلہ پر ایک بنجر اور ریگستانی

---

[1] عضد الدولہ رضی تیس سات برس ہی بغداد میں امیر الامراء کی حیثیت سے فائز رہا بنی بویہ میں وہی سب سے زیادہ عاقل و فاضل، محب علم تھا اور حسن سیاست میں معروف مگر رفض و تشیع سے بھرپور تھا کان فیہ رفض و تشیع (البدایہ) اس کے پیشرو معز الدولہ اور اس کے بیٹے بختیار بن معز الدولہ کی کوششوں کی وجہ سے جو رفض و تشیع کی ترویج میں انھوں نے کی تھیں بغداد میں ایسی خراب فضا پیدا ہوگئی تھی کہ فریقین میں آئے دن فتنہ و فساد کے شعلے بھڑکتے رہتے تھے عضد الدولہ نے اس کے انسداد کے لئے یہ حکم دے دیا کہ کوئی خطیب و واعظ اپنے وعظ میں کسی صحابہ کا نام نہ لے اس زمانہ کے صالحین میں ابو الحسین بن سمعون واعظ تھے وہ بدستور وعظ کہتے رہے۔ عضد الدولہ نے طلب کیا اور خلوت میں گفتگو کرنی چاہی واعظ موصوف نے سورہ یونس کی یہ آیت تلاوت کی۔ ثُمَّ جَعَلْنَاكُمْ خَلَائِفَ فِي الْأَرْضِ مِنْ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُونَ (پھر ہم نے تمھیں زمین پر ان کے بعد ان کا جانشین کیا تھا کہ دیکھیں تم کیا عمل کرتے ہو) اور عضد الدولہ کو مخاطب کر کے اس کی تشریح میں اس درجہ مؤثر تقریر کی کہ وہ بے اختیار ہو کر رونے لگا۔ واعظ موصوف جب رخصت ہوگئے اپنے حاجب کو حکم دیا کہ تین لاکھ درہم اور دس پارچہ لباس کے لے جا کر انھیں دے قبول کر لیں تو ان کا سر کاٹ لانا۔ مگر واعظ موصوف نے لینے سے صاف انکار کر دیا عضد الدولہ کو اس کی اطلاع ہوئی کہنے لگا۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے انھیں مجھ سے بچایا اور مجھکو اُن سے۔

علاقہ میں جو النجف کہلاتا تھا مشہد کی عالیشان عمارت تعمیر کرائی تھی ۳۷۲ھ میں فوت ہو گیا تو اسی مشہد کے قرب میں دفن ہوا۔ تربت پر یہ کتبہ کندہ تھا ؎

هذا قبر عضد الدولة وتاج المملكة ابی شجاع بن رکن الدولة
احب مجاورة هذا الامام المتقی لطمعه الخلاص والحمد الله
وصلوته علی محمد وعترته الطاهرة۔

تدفین۔ حضرت علیؑ پر عبدالرحمن بن ملجم نے قاتلانہ حملہ شہر کوفہ میں کیا تھا۔ اور وہیں آپ کی وفات بھی ہوئی تھی اور وہیں آپ کے جسد بے جان کو آپ کے صاحبزادے حضرت حسنؑ نے اس نیت سے عارضی طور پر سپرد خاک کیا تھا کہ بعد میں مدینہ جا کر اپنی والدہ ماجدہ کے پہلو میں دفن کریں گے۔ یہی وجہ ہے کہ قدیم مورخین نے کوفہ میں دفن کئے جانے کی متعدد روائتیں لکھی ہیں تین سو برس بعد عضدالدولہ نے جب یہ مشہد تعمیر کرایا تو مقام تدفین کے بارے میں طرح طرح کی روائتیں وضع ہوتی رہیں جن کا مختصر حال ذیل میں درج ہے اول قدما کی روائتیں ملاحظہ ہوں:۔

قدیم مورخ مسلم ابن قتیبہ متوفی ۲۷۶ھ نے کتاب المعارف میں صراحتاً بیان کیا ہے کہ کوفہ کے قصر امارت کی مسجد جامع کے پاس دفن ہوئے چنانچہ ان کے مقتول ہونے کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

قتل ليلة الجمعة لسبع عشرة ليلة مضت من شهر رمضان سنة اربعين............	وہ ۱۷ رمضان ۴۰ھ کی رات میں قتل ہوئے تھے............
قتله عبدالرحمن بن ملجم المرادی قال الواقدی دفن ليلا وغبی قبره وقال ابو اليقظان صلی عليه الحسن ودفن بالكوفه عند مسجد الجماعة فی قصر الامارة۔ (ص ۹۰)	ان کو عبدالرحمن بن ملجم المرادی نے قتل کیا واقدی کہتے ہیں کہ رات کے وقت دفن ہوئے اور ان کی قبر چھپا دی گئی تھی ابو الیقظان نے کہا ہے کہ حضرت حسنؑ نے نماز جنازہ پڑھائی تھی اور وہ کوفہ میں قصر امارت کی مسجد جامع کے پاس دفن ہوئے۔

مورخ ابن قتیبہ کے بعد کے شیعہ مورخ علامہ ابن جریر طبری متوفی ۳۱۰ھ نے بھی جو عضدالدولہ کے زمانہ سے تقریباً نصف صدی پہلے کے ہیں قصر الامارت کوفہ کی مسجد جامع کے قرب میں حضرت علیؑ کا مدفون کیا جانا بیان کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں:۔

قتل علی علیہ السلام وھو ابن ثلاث وستین سنۃ صبیحۃ الجمعۃ لسبع عشرۃ لیلۃ خلت من شھر رمضان سنۃ ۴۰ ودفن عند مسجد الجماعۃ فی قصر الامارۃ۔ (ج ۱ ص ۸۵)

علی علیہ السلام ماہ رمضان ۴۰ھ کی ۱۷ تاریخ کی رات کو تڑکے کے وقت قتل ہوئے اس وقت ان کا سن ۶۳ برس کا تھا اور قصر امارت کی مسجد جامع کے پاس دفن ہوئے۔

علامہ ابن جریر طبری شیعی سے تقریباً ڈیڑھ سو برس بعد کے مورخ خطیب بغدادی متوفی ۴۶۳ھ نے بھی تاریخ بغداد میں کوفہ میں دفن ہونا بیان کیا ہے مؤلف کی وفات عضد الدولہ کے مشہد تعمیر کرانے سے تقریباً نوے برس بعد ہوئی ان کے زمانہ کے لوگ نجف میں دفن ہونے کی روایت کو قبول نہیں کرتے بلکہ وہاں دفن ہونے سے منکر تھے۔ اب خطیب بغدادی سے چند روایتیں جو اسناد کے ساتھ درج کی ہیں سنئے:۔

حضرت علیؓ کے تذکرہ کے سلسلہ میں اسحٰق بن عبداللہ بن ابی فروہ کی بیان کردہ روایت نقل کی ہے کہ میں نے جناب ابوجعفر محمدؒ (الباقر) سے جب ان کے پردادا حضرت علیؓ کے مقام مدفن کے بارے میں پوچھا تھا تو فرمایا کوفہ میں رات کے وقت دفن ہوئے تھے اور مدفن ان کا چھپا دیا گیا تھا دفن بالکوفۃ لیلاً وغبّی دفنہ (ج ۱ ص ۱۳۵) دوسرے راوی ابومسلم بن احمد بن عبداللہ العجلی نے حضرت موصوف کے مقتول ہونے کے سلسلہ میں بیان کیا ہے کہ:۔

علی بن ابی طالب قتل بالکوفۃ قتلہ عبدالرحمٰن بن ملجم المرادی

علی بن ابی طالب کوفہ میں قتل ہوئے عبدالرحمٰن بن ملجم نے انھیں قتل کیا تھا۔

....

ودفن بالکوفۃ فلا یعلم این موضع قبرہ۔ (ایضاً)

دفن کوفہ میں ہوگئے قبر ان کی کس جگہ ہے یہ کسی کو معلوم نہیں۔

شہر کوفہ حضرت علیؓ کا نہ صرف مستقر دارالخلافہ تھا بلکہ چند سال سے وطن ثانی کی حیثیت بھی رکھتا تھا۔ مدینہ چھوڑ کر وہاں رہنے لگے تھے اور بیشتر اہل خاندان بیٹے، بھتیجے بھانجے و داماد وغیرہ سب ساتھ تھے جن کی سکونت کے لئے مکانات بھی تعمیر کرالئے گئے تھے۔ پھر اس شہر کوفہ ہی میں نہیں تمام صوبہ عراق میں ہزاروں جانثار و طرفداران کے موجود تھے[1]

[1] حضرت عثمان ذی النورینؓ کی مظلومانہ شہادت کے بعد قصاص خون عثمانؓ کے بارے میں بقایا نوٹ صفحہ ۸۶ پر دیکھئے)

والکوفة علویة لانها وطن علی رضی اللہ عنہ ودارہ (العقد الفرید ج۲ ص۲۷۶)	اور کوفہ تو طرفداران علیؓ کا شہر تھا کیونکہ وہ حضرت علیؓ کا وطن اور گھر تھا۔

ان ... رت کے اعتبار سے شہر کوفہ میں قبر کو مخفی رکھنے کی کیا وجہ خاص ہو سکتی تھی اس ہی سلسلہ میں دو ... نیں کہی گئی ہیں۔ عمدۃ الطالب کے شیعہ مؤلف فرماتے ہیں کہ حضرت علیؓ کو پہلے سے یہ معلوم ہوگیا ... کہ ان کے بعد "دولۃ بنی امیۃ" قائم ہو جائے گی، بنی امیہ کو چونکہ ان سے عداوت تھی اس ... لئے خود انھوں نے یہ وصیت کر دی تھی کہ قبر میری چھپا دی جائے تاکہ بنی امیہ کوئی فعل قبیح ا... ساتھ نہ کر سکیں۔ (ص۴۳)

برخلاف ... کے البدایۃ والنہایۃ کی ایک روایت میں کہا گیا ہے کہ خارجیوں کے خوف سے انھیں ... کے دار الامارت (گورنمنٹ ہاؤس) میں دفن کیا گیا تاکہ قبر کھود کر میت کی بے ... ارتکاب نہ کر سکیں۔ دفن بدار الامارۃ خوفاً علیہ من الخوارج ان ینبشوا عن جثتہ (ج ص۳۲۹) مگر درایت کے اعتبار سے یہ دونوں روایتیں وضعی اور عجمی ... کی ترجمان ہیں۔ حضرت علیؓ کو بفرض محال اگر اس بات کا پہلے سے علم بھی ہو گیا تھا کہ ان ... بعد خلافت بنی امیہ قائم ہو جائے گی۔ تب بھی وہ یہ وصیت کیوں کرتے، بنی امیہ سے ذاتی ... خصومت ان کی مطلق نہ تھی سیاسی معاملات میں البتہ اختلاف ہوا اور

(بقیہ نوٹ صفحہ ...) جو تفرقہ اُمت میں پڑا اس کا قدرے اندازہ اصمعی کے اس قول سے ہو سکے گا۔ جو صاحب العقد الفرید نے نقل کیا ہے اصمعی کہتے ہیں:—

البصرۃ کلہا عثمانیۃ والکوفۃ کلہا علویۃ والجزیرۃ خارجیۃ والحجاز سنیۃ۔ (الیضاً)	بصرہ شہر تمام تر طرفداران عثمانؓ کا تھا اور کوفہ تمام تر طرفداران علیؓ کا اور ملک شام تمام تر طرفداران بنی امیہ کا تھا۔ جزیرہ خارجیوں کا اور حجاز اہل سنت کا۔

اسی سلسلہ میں یہ بھی کہا ہے کہ بصرے کے باشندے جس دن سے ام المومنین حضرت عائشہؓ صدیقہ کے ساتھ طلب قصاص کے لئے کھڑے ہوئے اور حضرت طلحہؓ و زبیرؓ قتل ہو گئے۔ سب طرفداران عثمانؓ انہیں شامل ہو گئے چنانچہ کسی بصری سے جب پوچھا کہ تم علیؓ سے محبت نہیں کرتے اس نے کہا تھا کیف احب رجلاً قتل من قومی یعنی میں ایسے شخص سے کیسے محبت کر سکتا ہوں جس نے میری قوم میں سے لوگوں کو قتل کر ڈالا ہو۔ بصرہ کے برخلاف کوفہ والے حضرت علیؓ کے طرفدار رہے بعد میں البتہ غداری کی اور الکوفی لا یوفی مثل مشہور ہو گئی۔

نوبت بجنگ پہنچی لیکن صفین کی واپسی میں جب ان کے ساتھی عراقیوں نے اہل شام یعنی بنی امیہ اور ان کے اعوان و انصار پر سب و شتم کا آغاز کیا حضرت علیؓ نے سختی سے منع کیا اور گشتی زبان جاری کیا جس میں صراحتاً بیان کیا گیا تھا کہ ۔

"ہمارے معاملے کی ابتدا یہ ہوئی کہ ہم میں اور اہل شام میں مقابلہ ہوا اور ظاہر ہے کہ ہمارا اور ان کا خدا ایک' ہمارا اور ان کا نبی ایک' ہماری اور ان کی دعوتِ اسلام میں ایک' اللہ پر ایمان رکھنے اور اس کے رسول کی تصدیق کرنے میں نہ ہم ان سے زیادہ نہ وہ ہم سے زیادہ پس معاملہ واحد ہے سوائے اس کے کہ ہم میں اور ان میں خون عثمان کی بابت اختلاف ہوا حالانکہ ہم اس سے بری تھے۔" (نہج البلاغۃ)

رہی دوسری روایت کہ خارجیوں سے خطرہ تھا کہ قبر کھود کر میت کی بےحرمتی کریں گے اس کی بھی کچھ اصلیت نہیں۔ خارجی تو ان ہی کی پارٹی کے لوگ تھے جو تحکیم کے معاملہ میں ان سے جدا ہو گئے تھے اور جدال و قتال کی نوبت پہنچی تھی جس کو بقول شیعہ مورخ مسعودی ایک سال پانچ مہینے اور پانچ دن کی مدت بھی گذر چکی تھی ان کے قاتل عبدالرحمٰن بن ملجم[1] کا ان پر

---

[1] عبدالرحمٰن بن ملجم مولد و منشاء کے اعتبار سے کوفی تھا مگر سکونت اس کی مصر میں تھی وہ قرآن شریف کا اچھا قاری تھا قرآن شریف کی تعلیم اس نے جلیل القدر صحابی حضرت معاذ بن جبلؓ سے یمن میں حاصل کی تھی قاموس التراجم میں اس کے متعلق کہا گیا ہے کہ :۔

وکان عمر بن الخطاب قد کتب الی عمرو بن العاص یامرہ بمنزل بعبدالرحمٰن بن ملجم بقرب المسجد یعلم الناس من القرآن وکان قد قرأ علی معاذ بن جبل بالیمن ثم استقل الی مذھب الخوارج۔
(قاموس التراجم زرکلی ج ۴ ص ۲۹۸)

حضرت عمر بن الخطاب (فاروق اعظمؓ) نے حضرت عمرو بن العاصؓ (گورنر مصر) کو تحریراً ہدایت کی کہ عبدالرحمٰن بن ملجم کے رہنے کا مسجد کے قریب ہی انتظام کریں تاکہ وہ لوگوں کو قرآن شریف کی تعلیم دے اس نے قرآن کی تعلیم حضرت معاذ بن جبلؓ سے یمن میں حاصل کی تھی بعد میں وہ خوارج کے مسلک کا ہو گیا تھا۔

وہ مصر سے چل کر کوفہ آیا اور وردان بن مجاہد کو حضرت علیؓ پر حملہ کرنے کے لئے یہ کہہ کر ورغلایا کہ انھوں نے ہمارے نیک سیرت بھائیوں کو قتل کیا ہے (قتل اخواننا الصالحین) لہٰذا ان کے بدلے میں انھیں قتل کر دیں چنانچہ انتقامی جذبہ سے ربائی تو ازن اپنا کھو بیٹھا اور اس فعل بد کا ارتکاب کیا حضرت علیؓ نے ہدایت کر دی تھی کہ میری وفات کے بعد قاتل کو

(بقیہ نوٹ صفحہ ۸۸ پر)

قاتلانہ حملہ خارجیوں کی سازش سے نہ تھا یہ ان کا ذاتی اور انفرادی فعل ہوتا چنانچہ شیعہ مورخ مسعودی کا بیان ہے کہ خارجیوں کی اکثریت ابن ملجم کے اس بزدلانا وغدارانہ فعل سے کنارہ کش تھی اسے پسند نہ کرتے تھے وکثیر من الخوارج لایتولی ابن ملجم لقتله ایاه غیلة (کتاب التنبیه والاشراف ص۲۹۶) خارجی حضرت علیؓ پر جب بزدلانہ حملہ کو ہی ناپسند کرتے تھے تو قبر کی بحرمتی کا ارتکاب کیوں کرتے۔ غرضیکہ کوفہ میں قبر کے مخفی رکھے جانے کی یہ دونوں باتیں بے اصل ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ شہر کوفہ کے کسی مقام پر جب مدفون ہوئے خواہ گورنمنٹ ہاؤس (دارالامارۃ) میں یا مسجد جامع کے قرب میں یا جیسا ایک روایت میں ہے کہ اپنے بھانجے جعدہ بن ہبیرہ کے مکان کے ایک حجرے میں دفن کئے گئے تو شہر کوفہ میں قبر کیوں نہیں ہے۔ تین سو برس بعد بنی بویہ کے زمانہ ابرالامرائی میں کوفہ سے سات آٹھ میل دور ریگستانی علاقہ میں کیسے ظاہر ہو گئی مختصر جواب اس کا ایک روایت سے ملتا ہے کہ ان کے صاحبزادوں نے ان کی میت کو تابوت میں اس نیت سے رکھکر عارضی طور سے سپرد خاک کیا تھا کہ مدینہ لیجا کر اپنی والدہ ماجدہ کے پہلو میں دفن کرینگے چنانچہ کوفہ سے روانہ ہوتے وقت اس تابوت کو اونٹ پر لدوا کر لے گئے لیکن دوران سفر مدینہ بلاد طے میں شب کے وقت اونٹ مع تابوت گم ہو گیا وہاں کے بدوؤں نے یہ سمجھکر کہ اس میں مال ہے لے لیا حیث مدینہ نہ پہنچ سکی۔ اس لئے ان کا مدفن نہ مدینہ میں ہے اور نہ کوفہ میں خطیب بغدادی متوفی ۴۶۳ھ نے ایک متشیع راوی کی جو روایت درج کی ہے اسے علامہ ابن کثیرؒ نے بھی الفاظ میں نقل کیا ہے :۔

وقد حکی الخطیب البغدادی عن ابی نعیم الفضل بن دکین ان الحسن والحسین حولاه فنقلاه الی المدینه بالبقیع عند قبر فاطمة وقیل انهم لما حملوه علی البعیر ضل منهم

خطیب بغدادی نے ابونعیم الفضل بن دکین کی یہ روایت بیان کی ہے کہ حسن و حسینؓ نے (حضرت علیؓ کی میت کے) تابوت کو نکالا اور مدینہ میں قبر فاطمہؓ کے پاس منتقل کر دیا یہ بھی کہتے ہیں کہ جب تابوت کو

(بقیہ نوٹ صفحہ ۸۷ کا) ایک ہی وار سے قتل کر دیا مگر مورخین نے بیان کیا ہے کہ ایک ایک عضو کاٹ کر اسے قتل کیا گیا جب اس کی زبان کاٹنے لگے تو چلایا کہ اس سے تو میں قرآن کی تلاوت کرتا ہوں ظالمو! اسے توہمت کا ڈھونگ اس کے وحشیانہ جرم کی سزا یہی قرار دی گئی کہ عذاب کے ساتھ قتل ہو پھر اس کے اعضا رندر آتش کئے گئے۔ (طبری)

فاخذته طی یظنونه مالا فلما رأوا ان الذی فی الصندوق میت ولم یعرفوه دفنوا الصندوق بما فیه فلا یعلم احد این قبره (البدایۃ والنہایۃ ج صہ ۳۳۰)	اونٹ پر لے جا رہے تھے وہ اونٹ ہی گم ہو گیا قبیلۂ طی کے لوگوں نے یہ سمجھ کر کہ اس میں مال ہے لے لیا لیکن جب دیکھا کہ صندوق میں میت رکھی ہے جسے انھوں نے پہچانا نہیں تو صندوق کو مع اس کے جو اس میں تھا دفن کر دیا مگر کسی کو بھی معلوم نہیں کہ ان کی قبر کہاں ہے۔

مدینہ میں دفن ہوتے تو قبر دیاں ہوتی مخفی بھی نہ رہتی اور ان کی اولاد کی قبریں بھی اس کے پاس ہوتیں حضرت حسنؓ کی وفات اپنے والد ماجد کے انتقال سے نو برس بعد مدینہ میں ہوئی تھی حضرت علیؓ کی قبر مدینہ میں ہوتی تو وہ پدر بزرگوار کے پہلو میں ہی دفن ہوتے لیکن وہ اپنے دادا حضرت عباسؓ بن عبد المطلب کے روضہ میں ان کے پائینتی دفن ہوئے (سفر نامہ ابن جبیر صہ ۲۱۴ ورحلہ ابن بطوطہ) ان کے علاوہ جناب علی بن الحسین (زین العابدین) ان کے فرزند محمد بن علی (الباقر) اور پوتے جعفر (الصادق) ان سب کی قبور حضرت عباسؓ چچا کے روضہ میں تھیں جو "قبہ اہل بیت" کہلاتا تھا۔ ان کے مدفن کی جگہ چونکہ صحیح طور سے متعین نہ ہو سکی مختلف روایتوں میں مختلف مقامات کے نام لئے گئے ہیں۔ خطیب بغدادی وابن کثیرؒ کی روایتوں میں حسب ذیل مقامات تدفین بتائے گئے ہیں۔

۱۔ دار الامارۃ کوفہ (گورنمنٹ ہاؤس)

۲۔ مسجد جامع کوفہ۔

۳۔ حجرۂ مکان جعدہ بن ہبیرہ واقع کوفہ

۴۔ نواح کوفہ

۵۔ مقام کناسہ

۶۔ مقام ثوبیہ

۷۔ مدینہ (قبرستان بقیع)

۸۔ بلاد طی

۹۔ لحفہ حیرہ

۱۰۔ نجف

۱۱۔ بلخ (قریۃ الخیر)

دیگر کتب میں چند اور نام بھی ملتے ہیں جہاں وقتاً فوقتاً حضرت علیؓ کی قبر ظاہر اور دریافت ہوتی رہی۔

مزار شریف نزد بلخ | مندرجہ بالا فہرست کے آخری مقام قریہ الخیر نزد بلخ میں جسے "خواجہ خیران"[1] بھی کہتے ہیں دو مختلف زمانوں میں مدفن علیؓ دریافت ہوا۔ پہلے تو حضرت علیؓ کی وفات کے تقریباً پانسو برس بعد بعہد سلطان سنجر ۵۱۱ھ میں دریافت ہوا اور وہ اس طرح کہ اس قریہ کی جماعت صالحین نے جن کی تعداد مولف تحفۃ الالباب نے چار سو سے زائد بیان کی ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں یہ فرماتے سنا کہ "ابن عمی ابن ابی طالب فی ھذا الموضع" یعنی میرے چچا کے بیٹے ابن ابی طالب اس جگہ (دفن ہیں)" پھر اس جگہ کی جانب آپ نے اشارہ کیا صبح کو یہ لوگ قماج یعنی حاکم بلخ کے پاس گئے اور خواب بیان کیا وہاں ایک فقیہ بھی موجود تھے انھوں نے حاکم سے کہا یہ امر محال ہے کہ قبر علیؓ یہاں ہو کیونکہ:۔

علی بن ابی طالب قتل بالکوفۃ واختلف الناس فی قبرہ فمن ھم من قال دفن فی جامع الکوفۃ تحت المنارۃ ومنھم من قال دفن بکرذاذودہ (؟) ومنھم من قال دفن بالغدیر (؟) وعلیہ یبنی المشھد فکیف یجیٔ الی بلخ مسیرۃ الف فرسخ واکثر ھذا محال فانصرف الناس۔ {تحفۃ الالباب مطبوعہ پیرس ۱۹۲۵ء بتصحیح جبرئیل فرڈینڈ}	علی بن ابی طالب کوفہ میں قتل ہوئے تھے ان کی قبر کے بارے میں لوگوں میں اختلاف ہے کچھ تو یہ کہتے ہیں کہ کوفہ کی مسجد جامع کے مینار کے نیچے دفن ہوئے کچھ ان میں سے کہتے ہیں کہ مقام کرذاذودہ (؟) میں دفن ہوئے اور کچھ کہتے ہیں کہ غدیر (شاید غردی ہو) میں دفن ہیں اور مدفن پر مشہد بنایا گیا ہے تو پھر وہ ہزار میل سے زیادہ فاصلہ پر (ان کی میت) یہاں کیسے آسکتی ہے یہ بات محال ہے یہ سنکر لوگ واپس چلے گئے۔

---

[1] یہ قریہ بلخ سے چودہ میل بجانب شرق امو دریا کے جنوب میں واقع ہے اور افغانستان کے علاقہ میں ہے پہلے الخیر کہلاتا ہے۔ پھر خواجہ خیران کہلایا روسی جنرل مٹولو نے اپنی کتاب میں بتایا ہے کہ شمالی افغانستان کے عمدہ مقامات میں سے یہ بستی ہے جس کی آبادی تیس ہزار ہے۔

مگر آدھی رات کو یہی فقیہہ اپنی اولاد واحباب کی معیت میں حاکم کے پاس آئے اور آہ زاری کرتے ہوئے یہ ماجرا سُنایا کہ میں اپنے گھر سو رہا تھا خواب میں کیا دیکھتا ہوں کہ علویوں کی ایک جماعت بوڑھے بچے اور جوان سفید لباس پہنے میرے گھر میں داخل ہوئے اور مجھ سے پوچھنے لگے "تو کہتا ہے کہ امیر المومنین یہاں موجود نہیں رسول اللہ کے قول کو جھٹلاتا ہے" مجھے گھسیٹ کر قبر پر لے گئے جہاں امیر المومنین علی بن ابی طالب تشریف فرما تھے' سر اور داڑھی کے بال ان کے سفید تھے پھر یہ سب مجھ پر پل پڑے لات گھونسوں سے مارنے پیٹنے لگے کہتے جاتے تھے کہ دیکھ یہ ہیں امیر المومنین۔ مجھے اتنا مارا قریب تھا کہ میرا دم نکل جائے میں نے امیر المومنین سے زاری کی اور عرض کیا:۔

یا امیر المومنین! للہ ارحمنی فاشار الیھم علی علیہ السلام بیدہ فترکونی فاستیقظت و جمع اعضائی کانھا مکسرۃ وانا استغفر اللہ و اتوب الیہ مما قلتہ (تحفۃ الالباب)	اے امیر المومنین! خدا کے لئے مجھ پر رحم فرمائے علی علیہ السلام نے اپنے ہاتھ سے ان کو اشارہ کیا تو انھوں نے مجھے چھوڑ دیا پھر میں جاگ گیا میرے سب اعضاء ایسے تھے جیسے شکستہ ہوں میں اللہ سے خواستگار معافی کا ہوں اور اسی سے توبہ کرتا ہوں۔

یہ ماجرا سنکر حاکم بہیں اور اپنے سپاہیوں کو ساتھ لے کر اس مقام پر گیا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں لوگوں کو بتایا تھا۔ وہاں جب زمین کھودی گئی قبر برآمد ہوئی جس پر سفید سنگ مرمر کی لوحیں بھی تھیں اور امیر المومنین کی میت اسی طرح تھی جیسے ابھی تازہ دفن ہوئی ہو کوئی چیز بگڑی نہ تھی کفن صحیح حالت میں تھا اور آپ کے رخسار تلے سنگ سرخ کی تختی تھی جس پر لکھا ہوا تھا:۔

"ھذا محب النبی علی کرم اللہ وجھہ' حاکم نے قبر از سر نو بنوا کر ایک عالیشان اور خوبصورت مشہد تعمیر کرا دیا اور سنگ سرخ کی وہ تختی ریشمی جزدان میں رکھکر وہاں آویزاں کرا دی۔ شعرا نے اس واقعہ پر نظمیں کہیں۔ مولف مذکور نے ایک طویل قطعہ نقل کیا ہے جس کے چند شعر آپ بھی سنئے:۔

ان میں کہا گیا ہے کہ حضرت علیؓ کی قبر نہ عراق میں ہے نہ ملک شام میں اور نہ جزیرہ میں اور نہ غدیر میں شاید مراد غروی یعنی نجف سے ہے وہاں تو مغیرہ (بن شعبہ) کی قبر ہے اور اللہ ہی

اس بھید سے واقف ہے۔ ان کی قبر تو یہاں بلخ کے قریۂ الخیر میں ہے پھر صالحین اہلِ الخیر کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب میں یہ بتانا کہ یہاں امیر المومنین موجود ہیں بیان کیا ہے۔ حضرت علیؑ کو "محب محمدؐ" کہکر وصی اور وزیر اور ولی اور برادر رسول وغیرہ بتا کر کہا ہے کہ ہے کوئی ان کی مثال :—

ما بالغدیر سوی المغیرہ　　واللہ اعلم بالسریرہ
ماقبر حیدر بالعراق　　ولا الشام ولا الجزیرہ
اللہ اودع قبرہ　　بالخیر فی ارض نظیرہ
رویاء یراھا صالح　　فی اُمۃ منھم کثیرہ
قال النبی لھم بھا　　ھذا ابن عمی فی الحفیرہ
ھذا علی ھا ھنا　　فلتعھدوا یا اھل خیرہ
فیھا امیر المومنین　　کالشمس فی وقت الظھیرہ
ھذا مُحب محمدؐ　　ووصیہ دون العشیرہ
ھذا ولی احبابہ　　مازال فی الدنیا نصیرہ
ھذا مبید عداتہ　　ھذا الذی یدعی وزیرہ
ھذا اخوہ وصھرہ　　وولیہ ھل من نظیرہ!

مؤلف نے کہا ہے کہ حضرت علیؑ کی قبر کے اس قریہ میں "دریافت" ہو جانے کے بعد تمام بلاد خراسان و ترکستان و سمرقند و بلخ سے زائرین جوق در جوق آنے لگے مگر اس کے ساتھ فرماتے ہیں کہ یہ بات عجائب روزگار میں سے ہے کہ پانسو سال کے بعد ان کی یہ قبر نزد بلخ دریافت ہوئی۔ کہتے ہیں کہ چنگیز خاں کے زمانہ میں یہ مشہد مسمار ہو گیا تھا تو ۸۶۵ھ میں سلطان حسین تیمور کے عہد میں دوبارہ یہ قبر دریافت ہوئی اور بقول مقالہ نگار انسائیکلوپیڈیا آف اسلام اس کی اصلیت کے ثبوت کا اعلان و اظہار ہو گیا اسپر مشہد تعمیر ہوا اور چند سلاطین اوزبک کی قبور بھی اس کے قریب میں بنی گئیں، رفتہ رفتہ یہاں بارونق بازار لگنے لگے۔ ایک شیعہ افغانی گورنر نائب عالم خان نے ۱۸۶۶ء اپنا مستقر اس مقام کو قرار دے لیا۔ اس وقت سے یہ مقام "مزار شریف" کہلانے لگا۔

بلخی قبر کی "دریافت" نبی کریمؐ کے زمانہ سے تقریباً پونے دو سو برس بعد ہوئی تھی مگر

دیومالائی طرز کی جس مہمل حکایت سے اس کا دریافت ہونا بیان کیا گیا ہے تقریباً اسی طرح کی مہمل حکائتیں نجفی قبر کے بارے میں بھی ہیں جو بلخی قبر سے پہلے دریافت ہوئی اور بنی بُویہ کے زمانہ میں اس پر مشہد تعمیر ہوا۔ حالات کی یکسانیت کے اعتبار سے یہاں دونوں کا یکے بعد دیگرے تذکرہ ضروری ہوا اب نجفی قبر کی "دریافت" کا حال سنئے:۔

نجفی قبر کی "دریافت"

پہلے اس مقام کے محل وقوع کا مختصر تذکرہ ضروری ہے جہاں حضرت علیؓ کی وفات سے تین سو برس بعد ان کی قبر "دریافت" ہوئی۔

النجف (یعنی مشہد علیؓ) صوبہ عراق کی ایک بستی اور زیارت گاہ ہے جو کوفہ سے جانب مغرب ہے' یہ ایک بیابان کے کنارے اور مرتفع و مسطح بنجر و بے آب وگیاہ زمین زمین پر واقع ہے' (انسائیکلوپیڈیا آف اسلام ج۳ ص۸۱۵)

النجف۔ عربی زبان کا لفظ ہے جمع اس کی نجاف و النجفۃ آتی ہے۔

النجف۔ التل، المکان الذی لا یعلوہ الماء (المنجد)	النجف یعنی ایک ٹیلا وہ مقام جس پر (سیلابی) پانی نہ چڑھ سکے۔

مورخ یعقوبی کا بیان ہے کہ:۔

والحیرۃ علی النجف والنجف کان ساحل البحر الملح وکان فی قدیم الدھر یبلغ الحیرۃ (کتاب البلدان ص۳۰۹ مطبوعہ مطبع بریل)	(قدیم شہر) حیرہ النجف پر آباد تھا اور النجف ساحل تھا سمندر کا ازمنہ قدیم میں یہ آب شور حیرہ تک پہنچتا تھا

غرضکہ یہ سارا ساحلی علاقہ جو ریگستانی علاقہ تھا' النجف کہلاتا تھا۔ چنانچہ کہتے ہیں۔ نجفت الریح الکثیب اذا ذرمل یعنی تو دھائے ریگ جو ہوا و آندھی سے اڑ اڑ کر پہاڑیاں بنا لیتے ہیں جسے عرف عام میں بھوڑ کہتے ہیں۔ زمانہ ما قبل اسلام یعنی عہد جاہلیت سے ریت کے ان ٹیلوں اور پہاڑیوں میں دو قبریں موجود تھیں جنہیں حضرت آدم اور نوح علیہما السلام سے منسوب کیا جاتا ہے (رحلہ ابن بطوطہ ص۱۱۰) اس ریگستانی علاقے میں حضرت علیؓ کی وفات سے سوا تین سو برس بعد بنی بُویہ کے زمانہ ۳۶۹ھ میں ان کی قبر "دریافت" ہوئی۔ قدیم مورخین ابن قتیبہ متوفی ۲۷۶ھ اور شیعہ مورخ ابن جریر طبری متوفی ۳۱۰ھ وغیرہ نے

جیسا آپ پچھلے اوراق میں پڑھ چکے ہیں حضرت علیؓ کی تدفین کے سلسلہ میں نجف کا اشارۃً بھی ذکر نہیں کیا۔ دوسرے شیعہ مورخ مسعودی[1] متوفی ۳۴۶ھ تو بنی بُوَیہ کے ابتدائی زمانہ میں خود موجود تھے انھوں نے اپنی تالیف کتاب التنبیہ والاشراف ۳۴۵ھ میں مکمل کی تھی چنانچہ خاتمہ کتاب پر امیر المومنین المطیع اللہ عباسیؒ کے عہد خلافت (۳۳۴-۳۶۳) کے حالات میں لکھا ہے کہ "احمد بن بُوَیہ الدیلمی المسمی بمعز الدولہ نے خلیفہ پر غلبہ پالیا ہے اور اس وقت کہ ۳۴۵ھ ہے خلافت و وزارت کے اکثر امور کا متولی ہو گیا ہے" اس ہمعصر شیعہ مؤرخ نے نجفی قبر کا مطلق کوئی ذکر نہیں کیا بلکہ اپنی دوسری تالیف "مروج الذہب" میں ان کے مدینہ میں مدفون ہونے کا صراحتاً ذکر کیا ہے ان شیعہ مورخین کے زمانے یا اس سے پہلے اگر قبر علیؓ نجف میں "دریافت" ہوئی ہوتی تو ضرور اس کا ذکر کرتے تو کیا یہی بات توی ثبوت اس امر کا نہیں کہ چوتھی صدی ہجری سے قبل نجف میں حضرت علیؓ کی قبر ہونے کی کوئی روایت کوئی حکایت مشتہر نہیں ہوئی تھی بنی حمدان اور بنی بُوَیہ جو دونوں متعصب شیعہ تقریباً ہم زمانہ تھے۔ ان ہی کے زمانہ اقتدار میں نجفی قبر "دریافت" ہوئی اور اس "دریافت" کے بارے میں وضعی روایتیں اور مہمل حکائتیں مشہور ہونی شروع ہوئیں جنھیں مدتوں بعد تک بھی اعتبار کا درجہ عام طور سے حاصل نہ ہو سکا تھا چنانچہ مشہور سیاح عالم ابن بطوطہ ۷۲۵ھ میں نجف گیا تھا۔ حضرت علیؓ کی قبر کے بارے میں شبہ کا اظہار ان الفاظ میں کیا ہے "القبر الذی یزعمون انہ قبر علی علیہ السلام (ص۱۰۹) یعنی وہ قبر جس کے متعلق لوگ گمان کرتے ہیں کہ یہ حضرت علیؓ کی قبر ہے"

دریافت قبر کی مہمل حکائتیں

حمد اللہ مستوفی قزوینی نے اپنی کتاب نزہۃ القلوب ۷۴۰ھ میں تالیف کی تھی اور عمدۃ الطالب کے

---

[1] ابو الحسن علی بن حسین بن علی المسعودی متوفی ۳۴۶ھ بڑے پایہ کے مورخ اور سیاح ہیں کتابوں کے مصنف تھے اپنی تصانیف کا تذکرہ خاتمہ کتاب التنبیہ والاشراف میں کیا ہے ان بیس کتابوں میں سے صرف دو کتابیں دستبرد زمانہ سے باقی رہ گئی ہیں یعنی کتاب مروج الذہب و معادن الجواہر فی تحف الاشراف من الملوک واہل الدرایات (جو نامکمل حالت میں دستیاب ہوئی) اور دوسری کتاب التنبیہ والاشراف جو ۱۸۹۴ء میں لیڈن کے مطبع بریل میں طبع ہوئی تھی۔ مسلکاً شیعہ تھے ان کی ایک تالیف کا نام ہے "رسالۃ البیان فی اسماء ائمۃ"

شیعہ مؤلف متوفی ۸۲۸ھ نے اس کے تقریباً نصف صدی بعد۔ ہر دو مولفین نے پہلے تو حضرت علیؓ کے نجف میں دفن ہونے کی روایتیں لکھی ہیں پھر بنی امیہ کے خوف سے قبر کو مخفی رکھنے اور امیرالمومنین ہارون الرشید علیہ الرحمۃ کے زمانہ خلافت میں حضرت علیؓ ہی کی کرامت سے اس کے ظاہر ہونے کی حکایتیں بیان کی ہیں۔ مولف نزہۃ القلوب شہر کوفہ کے محل وقوع کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

بطرف قبلہ بدو فرسنگی کوفہ مشہد حضرت علی امیرالمومنین علی مرتضیٰؓ است وآنرا مشہد غروی خوانند جہت آنکہ چوں امیرالمومنین را درمسجد کوفہ زخم رسید وصیت کرد کہ بعد از وفات جسد مبارکش را بر شترے بار کنند وآنرا سر دھند و مشتر گردانند ہرجا شتر فرود آید آنجا دفن نمایند ہمچنیں کردند آں شتر بر آنجا کہ اکنوں مشہد است فرود آمد آنجا دفن کردند۔
(صـ۳۱ـ)

کوفہ سے بطرف قبلہ دو فرسنگ (تقریباً سات میل) کے فاصلہ پر مشہد حضرت امیرالمومنین علی مرتضیٰ ہے اس کو مشہد غروی (عالی مقام) کہتے ہیں کہ جب امیرالمومنین کو کوفہ کی مسجد میں زخم لگا انھوں نے وصیت کر دی تھی کہ بعد وفات ان کے جسد مبارک کو ایک اونٹ پر لاد دیا جائے پھر اونٹ کو بے مہار چھوڑ دیا جائے اس خدمت کی انجام دہی کے لئے اسے موزوں سمجھا جائے اور جہاں کہیں وہ اونٹ بیٹھ جائے وہیں دفن کر دیں چنانچہ ایسا ہی کیا گیا وہ اونٹ اس مقام پر جہاں اب مشہد ہے بیٹھ گیا تھا اس لئے وہیں دفن کر دیا گیا۔

اس کے برخلاف شیعہ مؤلف عمدۃ الطالب فرماتے ہیں۔

قد اختلف الناس فی موضع قبرہ والصحیح انہ فی الموضع المشہور الذی یزار فیہ الیوم فقد روی ان عبداللہ بن جعفر سئل این دفنتم امیرالمومنین قال خرجنا بہ حتی اذا کنا بظہر النجف

ان کی قبر کی جگہ کے متعلق لوگوں میں ضرور اختلاف ہے لیکن صحیح یہی ہے کہ قبر ان کی اسی مشہور جگہ ہے جو آج زیارت گاہ ہے روایت ہے کہ عبداللہ بن جعفر (داماد و برادر زادہ علیؓ) سے جب دریافت کیا گیا

دفناہ هناك -
(ص۴۳)

تھا کہ امیرالمومنین کو آپ لوگوں نے کہاں دفن کیا تھا انھوں نے کہا کہ ہم ان کا جنازہ لے کر چلے حتیٰ کہ بیابان نجف کے سرے تک گئے اور وہیں دفن کر دیا۔

ذرا دونوں روائتوں کی یہ تضاد بیانی ملاحظہ ہو۔ پہلی روایت میں شتر بے مہار میت کو جدھر چاہا لے گیا گویا نبی کریم کی اونٹنی کی طرح وہ بھی مامور تھا دوسری روایت میں عزیز رشتہ دار میت لے کر گئے البتہ دونوں مؤلف اس بات میں تو متفق ہیں کہ بنی امیہ کے عہد خلافت میں قبر مخفی رہی مگر نزہتہ القلوب کے مؤلف قبر کے بارے میں صاحب قبر کی وصیت کا ذکر نہیں کرتے صرف اتنا کہتے ہیں کہ "در عہد بنی امیہ قبر مبارکش را آشکارا نمی توانستند کرد" (ص۳۱) لیکن عمدۃ الطالب کے مؤلف فرماتے ہیں کہ اس بارے میں خود حضرت علیؓ نے جیسا اوپر ذکر ہو چکا وصیت کر دی تھی کیونکہ ان کو اس بات کا علم تھا کہ میرے بعد دولت بنی امیہ قائم ہو جائے گی اس لئے قبر مخفی رکھی جائے تاکہ وہ اپنی دشمنی کی وجہ سے اس کی بیحرمتی کا ارتکاب نہ کر سکیں۔ اب وہ جعلی حکائتیں ملاحظہ ہوں جو امیرالمومنین ہارون الرشید عباسی علیہ الرحمہ کے عہد خلافت میں حضرت علیؓ ہی کے معجزے اور کرامات کی بدولت ان کی قبر کے نجف میں ظاہر ہونے کے بارے میں ان مولفین نے لکھی ہیں:-

نزہتہ القلوب کے مؤلف فرماتے ہیں کہ:-

در عہد بنی عباس ہارون الرشید خلیفہ رضی اللہ عنہ در سنہ خمس وسبعین ومایۃ درآں حدود شکار میکرد نخچیرے از بیم او پناہ باآن زمین برد او چندانکہ جہد نمود اسپش درآں زمین نمی رفت وازآں زمین شکوہے در دل او آمد از اھل آں حدود پرسش نمود قبر حضرت امیرالمومنین رضی اللہ عنہ خبر دادند امر کرد زمین را کاویدند حضرت را خفتہ و زخم رسیدہ

بنی عباس کے عہد خلافت میں ہارون الرشید خلیفہ رضی اللہ عنہ ۱۷۵ھ میں اس علاقے میں شکار کر رہے تھے شکاری جانور ان کے خوف سے اس زمین میں پناہ لیتے تھے ہر چند انھوں نے کوشش کی مگر گھوڑا ان کا اس زمین پر چلتا نہ تھا اس سے ان کے دل میں اس زمین کی عظمت پیدا ہوئی۔ اس علاقے کے لوگوں سے دریافت حال کیا تو انھوں نے حضرت

یافتند مقبرہ او را ظاہر کردند و مردم بہ آنجا مجاور شدند (صفحہ)

امیر المومنین رضی اللہ عنہ کی وہاں قبر بتلائی حکم دیا کہ اس زمین کو کھودیں چنانچہ حضرت کو خفتہ اور زخم رسیدہ پایا۔ مقبرہ آپ کا ظاہر کر دیا گیا۔ اور لوگ اس جگہ مجاور ہو گئے۔

اب مولف عمدۃ الطالب کی زبانی سنئے وہ ذکر ابتداء بناء قبر علیؑ کے ذیلی عنوان سے ظہور قبر کے سلسلہ میں حضرت علیؑ کی کرامت کا ذکر کس آب و رنگ سے کرتے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ:۔

فلم یزل قبرہ علیہ السلام اللہ مخفیاً حتی کان زمن الرشید ہارون بن محمد بن عبد اللہ العباسی فانہ خرج ذات یوم الی ظاہر الکوفۃ یتصید وہناک حمر وحشیۃ وغزلان فکان کلما القی الصقور والکلاب علیہا لجأت الی کثیب رمل ہناک فترجع عنہا الصقور والکلاب فتعجب الرشید من ذلک ورجع الی الکوفۃ وطلب من لہ علم بذلک فاخبرہ بعض شیوخ الکوفۃ انہ قبر امیر المومنین علی علیہ السلام اللہ فیحکی انہ خرج لیلاً الی ہناک ومعہ علی بن عیسی الہاشمی وابعد اصحابہ عنہ و قام یصلی عند الکثیب ویبکی ویقول واللہ یا ابن عم انی لاعرف حقک ولا انکر فضلک ولکن ولدک یخرجون ویقصدون قتلی وسلب ملکی الی

حضرت علی اللہ کا سلام ہو ان پر کی قبر برابر مخفی رہی حتیٰ کہ زمانہ ہارون الرشید بن محمد بن عبد اللہ عباسی کا ہوا وہ ایک دن نواح کوفہ میں شکار کھیلنے نکلے وہاں پرند سرخ رنگ کے اور آہو بچگان موجود تھے باز اور کتے جب ان پر چھوڑے جاتے وہ جانور ریت کے ٹیلے پر جو وہاں تھا پناہ لینے چلے جاتے تھے باز اور کتے اس ٹیلے (پر نہ جاتے بلکہ اس سے واپس لوٹ آتے تھے (ہارون) الرشید کو اس بات سے حیرانی ہوئی تو وہ کوفہ لوٹ آئے اور جن لوگوں کو اس بارے میں معلومات تھیں طلب کیا کوفہ کے بعض مسن لوگوں نے انھیں بتایا کہ وہاں تو امیر المومنین علی کی (اللہ کا سلام ہو ان پر) قبر ہے چنانچہ بیان کیا گیا کہ وہ (یعنی خلیفہ ہارون الرشیدؔ) رات کے وقت اس مقام پر گئے ان کے ساتھ علی بن بن عیسیٰ ہاشمی بھی تھے اپنے مصاحبین کو انھوں نے اپنے سے دور رکھا پھر ریت کے ٹیلے کے

ان قرب الفجر و علی بن عیسیٰ نائم فلما قرب الفجر ایقظه هارون و قال قم فصل عند قبر ابن عمک قال وای ابن عم هو قال امیر المومنین علی بن ابی طالب علیه السلام فقام علی بن عیسیٰ فتوضا وصلی وزار القبر ثم ان هارون امر فبنی علیه قبة والخذ الناس فی زیارته والدفن لموتاهم حوله۔

(ص ۴۴)

پاس کھڑے ہو کر نماز پڑھی روتے جاتے تھے اور کہتے جاتے تھے واللہ اے ابن عم میں آپ کے حق کو جانتا ہوں اور آپ کے فضل سے منکر نہیں لیکن آپ کی اولاد خروج کرتی اور میرے قتل کا قصد کرتی ہے اور میری سلطنت سلب کرنی چاہتی ہے فجر ہونے کے قریب تک یہی کرتے رہے جب فجر کا وقت ہو گیا علی بن عیسیٰ کو جو سو رہے تھے جگایا اور کہا کہ اٹھو اور اپنے ابن عم کی قبر کے پاس نماز پڑھو انھوں نے پوچھا وہ کون ابن عم ہیں کہا امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام۔ علی بن عیسیٰ اٹھے وضو کیا اور قبر کے پاس نماز پڑھی پھر ہارون (الرشیدؒ) نے حکم دیا قبر پر قبہ بنایا گیا اور لوگوں کو اس قبر کی زیارت کرنے اور اپنے مردوں کو اس کے گرد دفن کی تاکید کی گئی۔

اب دیکھئے ملا باقر مجلسی جو اواخر عہد صفوی میں امامیہ کے ممتاز مجتہد و مورّخ تھے ان وضعی روایتوں کی نوک پلک درست کر کے اپنے الفاظ میں اس طرح بیان کرتے ہیں۔

روزے هارون الرشید بجانب صحرائی نجف بشکار بیرون رفت با سگها و چرخها چوں نزدیک صحرای نجف رسید سگها و چرخها را بر آہو چند رہا کرد ساعتے با آں آہوان مجادلہ کردند پس آہو ہا تلے بالا رفتند سگہا و چرخہا برگشتند باز آہوها از تل فرود آمدند آن جانوران شکاری از پے

ایک دن ہارون الرشید شکار کے لئے کتوں اور بازوں کے ساتھ صحرائے نجف کی جانب نکل گئے، جب صحرائے نجف کے قریب پہنچے کتوں اور بازوں کو چند ہرنوں پر چھوڑا کچھ دیر تک وہ ہرنوں پر جھپٹتے رہے پھر ہرن ریت کے ٹیلے کے اوپر چڑھ گئے کتے اور باز واپس لوٹ آئے ہرن پھر اس

ایشان رویدند باز آنہا تل بالا رفتند آنہا برگشتند چون سہ مرتبہ این امر واقع شد ھرون بسیار متعجب گردید از مرد پیرے از قبیلہ بنی اسد پرسید این تل را چہ میشناسی گفت مرا امان بدھ تا آنچہ میدانم بگویم ھرون گفت امان دادم آن مرد گفت قبر علی بن ابی طالب درین تل است باین سبب جرأت نمی کنند جانوران درندہ کہ باین تل بالا روند پس ھرون وضو ساخت برتل بالا رفت نماز و دعا کرد و برگشت۔

(جلاء العیون ص۳۱۸ طبع ایران ۱۳۲۷ھ)

ٹیلے سے نیچے اتر آئے تو شکاری جانور ان کے پیچھے دوڑے وہ پھر اس ٹیلے پر چڑھ گئے۔ یہ پھر واپس لوٹ گئے جب تین مرتبہ یہی واقعہ پیش آیا تو ہارون کو بہت تعجب ہوا قبیلہ بنی اسد کے ایک پیر مرد سے پوچھا کہ اس ٹیلے کے بارے میں تم کیا جانتے ہو اس نے کہا کہ مجھے امان دیجئے تاکہ جو میں جانتا ہوں بتا دوں۔ ھرون نے کہا میں نے امان دی۔ اس شخص نے کہا کہ اس ٹیلہ میں علی بن ابی طالب کی قبر ہے اسی وجہ سے یہ درندے جانور جرأت نہیں کرتے کہ ٹیلے پر چڑھ جائیں پس ہارون نے وضو کیا ٹیلے کے اوپر چڑھ گئے نماز پڑھی دعائیں مانگی اور لوٹ گئے۔

آپ نے ملاحظہ کیا کہ تینوں مرتفین نے امیر المومنین ہارون الرشید عباسی علیہ الرحمۃ کے ریگستان نجف میں آہو بچگاں اور پرندوں کا کتوں اور باز وشکروں کے ذریعہ شکار کرنے آنے کا تو ذکر کیا ہے مگر یہ نہ بتایا کہ دار الخلافۃ بغداد کے مضافات میں جب شکارگاہیں عمدہ قسم کی اور بکثرت موجود تھیں شکار کے جانور بھی بہت سے تھے زمین ہموار تھی جیسا خود مؤلف نزھۃ القلوب نے بغداد کے ذکر میں لکھا ہے "شکارگاھہای فراوان دنیکو دارد وشکار بسیار و زمین ھموار و علف خوار ھاش سازگار بود" (ص۳۵) تو آخر وہ کون سی وجہ خاص تھی کہ ایسی شکارگاہوں میں تو شکار نہ کھیلا جہاں شکار بکثرت موجود تھا شکار کے لئے منتخب کیا تو نجف کا بنجر ریگستان جہاں پہنچنے کے لئے اوّل تو ایکسو تیس میل کی مسافت بعبور دجلہ طے کرنی پڑتی تھی۔ پھر وہاں ریتلی پہاڑیوں ٹیلوں اور تودہ ہائے ریگ کا ناہموار میدان میلوں تک چلا گیا تھا جہاں نہ کوئی شکارگاہ تھی نہ شکار ہی بآسانی دستیاب ہو سکتا تھا۔ تو کیا ان حالات میں یہ داستان گو یہ باور کرانا چاہتے ہیں کہ صاحب قبر نے اپنی مزعومہ تدفین

۱۲۵
کے سوا سو برس بعد عباسی خلیفہ کو صرف اس لئے روحانی کشش سے وہاں کھینچ بلایا تھا کہ طرح طرح کی کرامتیں اور معجزے دکھا دکھا کر تفتیش حال پر انھیں مجبور کریں' اہل کوفہ سے پوچھنے پر پتہ چلے کہ ریت کے ٹیلے میں دبی ہوئی قبر ان کے ابن عم علی بن ابی طالب کی ہے' نزہتہ القلوب کی روایت کے مطابق ریت دمٹی ہٹائے جانے پر حضرت موصوف کو "خفتہ در زخم رسیدہ" پایا جائے اور ان کے مقبرے کو ظاہر کر دیا جائے "مقبرہ او را ظاہر کردند" اس کے برخلاف مؤلف عمدۃ الطالب فرماتے ہیں کہ خلیفہ نے ان کی قبر پر مقبرہ بنوا دیا لوگوں کو زیارت کرنے اور اپنی میتوں کو وہاں دفن کرنے کے لئے مجبور کیا ملا باقر مجلسی ان باتوں کا مطلق ذکر نہیں کرتے بس اتنے ہی بیان پر اکتفا کرتے ہیں کہ خلیفہ موصوف کو جب معلوم ہو گیا کہ ریت ٹیلے کے نیچے قبر حضرت علی کی ہے انھوں نے وضو کیا' ٹیلے پر چڑھ کے نماز پڑھی اور دعائیں مانگیں مؤلف عمدۃ الطالب نے البتہ خلیفہ ہارون الرشید پر قبر پرستی کا بہتان باندھتے ہوئے کہا کہ رات بھر قبر کے پاس کھڑے ہو کر نمازیں پڑھتے گریہ وزاری کرتے اور یہ التجائیں کرتے رہے کہ "اے ابن عم مجھے اپنی اولاد کے خروجوں سے بچائیے وہ میری سلطنت چھیننا چاہتے اور میرے قتل کے درپے ہیں" حالانکہ ان کے عہد میں صرف دو بغاوتیں ہوئی تھیں ایک باغی نے حاضر دربار ہو کر معافی بھی طلب کر لی تھی (ملاحظہ ہو تحقیق مزید) مگر عیب کرنے کو بھی ہنر چاہئیے۔ وضاعین نے ایسے لچر و لوچ بلکہ احمقانہ طرز سے یہ حکایتیں وضع کی ہیں جن پر دروغ گو را حافظہ نباشد کی مثل صادق آتی ہے مثلاً مؤلف عمدۃ الطالب ایک جگہ تو یہ فرماتے ہیں کہ بنی امیہ کے خوف سے قبر چھپا دی گئی تھی جو برابر مخفی رہی ان کی خاص اولاد کے سوائے کسی کو بھی معلوم نہ تھی ولم یزل القبر مستوراً لا یعرفہ الا خواص اولادہ (ص۲۳) پھر چند ہی سطور کے بعد کہتے ہیں کہ خلیفہ ہارون الرشید نے کوفہ کے ان اشخاص کو طلب کیا جنھیں قبر کا حال معلوم تھا چنانچہ بعض شیوخ کوفہ نے بتلایا کہ اس ریت کے ٹیلے میں چھپی ہوئی حضرت علی کی قبر ہے نزہتہ القلوب کے مؤلف بھی یہی کچھ فرماتے ہیں یعنی "از اہل آں حدود پرسش نمود قبر حضرت امیر المومنین خبر دادند" ملا باقر مجلسی نے تو بنی اسد کے پیر مرد ہی کا نام لے دیا ہے کہ حال بتانے کے لئے اس نے اول امان طلب کی جب امان مل گئی قبر کا سارا حال بتا دیا گویا قبر کی نشان دہی بھی کوئی جرم تھا اور جرم بھی [illegible] کہ جس کا طالب ہوا۔ ان باتوں اور اختلاف بیانیوں سے قطع نظر دیکھنا

یہ ہے کہ جب شیوخ کوفہ اور "اہل آن حدود" بلکہ پیر مرد اسدی تک کو قبر کا یہ حال معلوم
تھا کہ بنی امیہ کے خوف سے چھپا دی گئی تھی تو ۱۳۲ھ میں خلافت بنی امیہ ختم ہو جانے سے بے حرمتی کا
جب کوئی خطرہ باقی نہ رہا تھا پھر کیوں پوشیدہ رہی اور اس نصف صدی کے طویل عرصہ میں جو
بنی امیہ کا خطرہ ٹل جانے کے وقت سے عہد ہارونی (۱۷۰-۱۹۳ھ) تک ہوتا ہے شیوخ کوفہ
وغیرہ نے اپنے امام اول و وصی رسول کے مرقد کو ریت کے ٹیلے میں دبے ہوئے بدستور مخفی و
مستور کیوں رہنے دیا یعنی بے حرمتی کا خطرہ ٹل جانے کے بعد بھی پچاس برس کے عرصہ دراز میں
نہ ان عقیدت مندوں نے قبر برآمد کرنے کا خیال کیا اور نہ ہاشمی خاندان اور صاحب قبر کی
اولاد و احفاد نے توجہ کی حالانکہ اپنے کنبے اور گھرانے کی حکومت۔ خلافت ہاشمیہ عباسیہ۔
قائم ہو جانے کے بعد سے ہاشمی و طالبی و علوی اکابر ان اطراف و حدود میں برابر آتے جاتے
رہتے، مہمان عزیز کے طور سے اپنے بنو العم خلفاء عباسی کے پاس مہینوں مقیم رہتے گرانبہا از قسم
وظائف و عطایا بھی حاصل کرتے جن کا ضمناً ذکر اوپر آچکا ہے مگر ان ہاشمی و علوی عمائدین میں
سے نہ کوئی صاحب نجفی ریگستان تشریف لے گئے اور نہ ریت کے ٹیلے میں سے گرامی قدر
عزیز اور جد بزرگ کی قبر تلاش کرنے یا اس پر فاتحہ پڑھنے کی زحمت گوارا کی خصوصاً ان حسنی
اکابر نے جو امیر المومنین ابوجعفر المنصور عباسی علیہ الرحمۃ کے عہد میں دربار خلافت سے منسلک
تھے، بغداد میں سکونت پذیر تھے پھر خاندان خلافت سے متعدد علویوں کے تعلقات مصاہرت
بھی تھے ان کی بیٹیاں بعض عباسی خلفاء اور ان کے بیٹوں عزیزوں کے عقد میں تھیں ان میں سے
کسی کو بھی توفیق نہ ہوئی کہ اپنے جد گرامی کی قبر تلاش کریں، ڈھونڈھ پائیں تو اس کی مرمت
کرائیں، قبہ و مقبرہ بنوائیں اس میں یا اس کے پہلو میں اپنی تدفین کی وصیت کریں۔
اور اپنے گھرانے کی میتوں کو ایسے تاریخی و مقدس مقام میں دفن کرانے کا انتظام کریں
جہاں مرقد علیؑ کے علاوہ نوع بشر کے جد اول (آدمؑ) اور جد ثانی (نوحؑ) بھی منتظر
نفخ صور ہوں مؤلف عمدۃ الطالب فرماتے ہیں کہ حضرت علیؑ کی میت کو حسن و حسین و عبداللہ
بن عباسؓ نے غسل دیا تھا (ص ۴۲ سطر ۱۳ طبع اول مطبوعہ لکھنؤ) دوسری کتب میں عبداللہ
بن جعفرؓ کا نام بھی شامل ہے، جو صاحب غسل دینے میں شریک تھے تدفین میں ضرور ہوں گے
ابن عباسؓ و ابن جعفرؓ کو جب اپنے عزیز قریب کا مقام مدفن معلوم تھا ان کی اولاد و احفاد
اور دوسرے عزیزوں کو بھی ضرور معلوم ہوگا خصوصاً ایسے حالات میں کہ بنی امیہ کے خوف

سے قبر چھپا دی گئی ہو جن کی حکومت وخلافت کا استیصال کرنے کے بعد صوبہ عراق ہی کو اپنا مستقر قرار دیا ہو تو ان ہاشمی اکابرین اور عباسی خلفا نے اپنے گرامی قدر عزیز کی مخفی اور مستور قبر کو خود ہی کیوں نہ برآمد کرا لیا۔ امیر المومنین ابو العباس السفاحؒ و امیر المومنین ابو جعفر المنصورؒ و امیر المومنین موسیٰ الہادیؒ کے عہد خلافت میں قبر کیوں مخفی رکھی گئی۔ کیا ان تمام حالات سے یہ نتیجہ اخذ کرنا صحیح نہ ہوگا کہ بنی بُوَیہ کے زمانہ سے قبل مخفی قبر کی حکایت وضع نہیں ہوئی تھی۔ کذابین نے امیر المومنین ہارون الرشید علیہ الرحمۃ جیسے یگانہ روزگار امام المسلمین کا نام نامی بُوَیہ کے زمانہ سے پہلے قبر کا وجود بنانے اور اپنی خرافات کو معتبر بنانے کے لئے لیا ہے ورنہ اس بطل عظیم نے نجف کے ریگستان میں باز وشکرے اور کتوں کے ذریعہ نہ پرندوں[۱] اور آہو بچگان کا کبھی شکار کیا اور نہ ریت کے ٹیلے میں دبی ہوئی مفروضہ قبر برآمد کر کے اس پر قبہ بنوایا[۲] قبر ہی کا وجود نہ تھا قبہ

---

[۱] مولف عمدۃ الطالب نے "حمر وحشیۃ" لکھا ہے شاید مراد صرف "حمرۃ" ہے جو سرخ پروں کا پرندہ ہوتا ہے اسی کے ساتھ "صقور" یعنی باز و شکرہ کا نام لیا ہے ملا صاحب نے اس معنی میں چرخ لکھا ہے۔ ترجمہ حمر کا کیا گیا نہ حمر وحشیۃ کا۔

[۲] امیر المومنین ہارون الرشید عباسی علیہ الرحمۃ کی مدت خلافت ۲۳ برس ہوئی یعنی (۱۷۰ھ-۱۹۳ھ) تک۔ اس عرصہ میں گیارہ حج کئے اور امیر المومنین کی حیثیت سے یہ حج کرائے علامہ ابن کثیر ان کے بارے میں لکھتے ہیں "کان من احسن الناس سیرۃ واکثرھم غزوا وحجا (ج ۱۰ ص ۲۱۴) یعنی ہارون الرشیدؒ سب لوگوں میں اچھی سیرت کے اور سب سے زیادہ جہاد اور حج کرنے والوں میں تھے ایک سال حج کرتے دوسرے سال جہاد بعض مرتبہ ایک ہی سال حج وجہاد دونوں کرتے۔ حج کو جاتے تو فقہا و صلحا کی جماعت ساتھ ہوتی جن کی تعداد سو سے کم نہ ہوتی جس سال حج نہ کرتے تین سو فقہا و صلحا کو اپنے صرفہ سے حج کراتے۔ مکہ و مدینہ کے راستوں میں حاجیوں کے آرام کے لئے سرائیں و مسافر خانے بنوائے، راستوں کو درست کرایا ان کی رفیقہ حیات سیدہ زبیدہ نے کروڑوں روپیہ کے صرف سے مکہ کے بہم رسانی آب کے لئے نہر کھدوائی جو نہر زبیدہ کہلاتی ہے اور اب تک جاری ہے۔ حرمین شریفین کے باشندوں کو بیشمار رقوم عطا کرتے۔ بعض حکایتوں میں جس سال کا نام شکار کھیلنے کے لئے لیا گیا ہے یعنی ۱۶۵ھ اور اس سے پہلے کے سال میں بھی حج کیا تھا۔ اپنے مال سے ایک ہزار درہم روزانہ خیرات کرتے بڑے عبادت گذار تھے۔ پنج وقتہ نمازوں کے علاوہ سو رکعات نافلہ رات دن میں پڑھتے۔ فضائل الرشید و مکارمہ کثیرۃ جدا وقد ذکر الائمۃ ذلک شیئا کثیراً (البدایہ ج) یعنی خلیفہ ہارون الرشیدؒ کے فضائل و مکارم کثرت سے ہیں آئمہ تاریخ نے ان میں کی اکثر باتوں کو بیان کر دیا ہے۔ چنانچہ ذہبی نے ایک مورخ بر مختصراً بیان کیا ہے کہ کان جوادا ممدحا غازیا مجاھدا شجاعا مھیبا ملیحا ابیض طویلا عبل الجسم بلغنا انہ منذ استخلف کان یصلی

(بقایا نوٹ ۱۰۳ پر)

کیوں بنتا۔ قبر کسی بزرگ کی وہاں ہوتی بھی تب بھی اس عہد میں قبروں پر قبے تعمیر ہونے کا رواج نہ تھا امیر المومنین ہارون الرشید علیہ الرحمۃ کا زمانہ تبع تابعین کا مبارک عہد تھا اس وقت تک قبر پرستی کی یا مزاروں کی مجاوری اور قبوری شریعت کی بدعتیں شروع نہیں ہوئی تھیں شیخ الاسلام ابن تیمیہ علیہ الرحمۃ نے صراحتاً بیان کیا ہے کہ دوسری صدی ہجری بلکہ تیسری صدی ہجری کے آخر تک ممالک اسلامیہ میں کسی جگہ بھی کسی قبر پر کوئی قبہ و روضہ نہیں بنا تھا وہ فرماتے ہیں:۔

ولم یکن علی عہد الصحابۃ والتابعین وتابعیہم من ذلک الشیء (ای قبۃ) فی بلاد اسلام لا فی الحجاز ولا الیمن ولا الشام ولا العراق ولا مصر ولا خراسان ولا المغرب ولم یکن قد احدث مشہد لا علی قبر نبی ولا صاحب ولا احد من اہل البیت ولا صالح	اس چیز کا (یعنی قبور پر قبہ بننے کا) عہد صحابہ وتابعین وتبع تابعین میں کوئی وجود اسلامی ملکوں میں نہ تھا نہ حجاز میں نہ یمن میں نہ شام میں نہ عراق میں نہ مصر میں نہ خراسان میں نہ مغرب (افریقہ) میں نہ قبر نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) پر قبہ بنا تھا نہ صحابی نہ اہل بیت اور صالحین میں سے کسی کی قبر پر بلکہ یہ عام مشاہد

(بقیہ نوٹ ۲ صفحہ ۱۰۲) کل یوم ولیلۃ مائۃ رکعۃ ویتصدق من مالہ بالف درھم ولہ معرفۃ جیدۃ بالعلوم (ج ۵ ص ۹۹) یعنی ہارون الرشید بڑے غیر معمولی محمود، غازی ومجاہد، بڑے بہادر و سورما بارعب و نرم مزاج تھے، سفید رنگ طویل القامت اور گداز جسم کے تھے ہمیں معلوم ہوا ہے کہ جب سے خلافت پر فائز ہوئے دن رات میں سو رکعات نافلہ پڑھتے اور مال سے ایک ہزار درہم روز خیرات کرتے علوم میں ان کو جید معرفت حاصل تھی۔ اب دیکھئے وضعی حکایتوں میں اس غازی و مجاہد واتقی امام المسلمین کو کیا ڈرپوک و بزدل دکھایا ہے کہ مفروضہ قبر کے پاس کھڑے ہو کر رات بھر نمازیں پڑھتا، گریہ وزاری کرتا اور گڑگڑا کر ایک صدی سے زیادہ گڑی ہوئی میت سے یہ التجائیں کرتا ہے کہ اس کو اور اس کی حکومت کو بعض باغیوں کے حملوں سے بچائیے جن کا اس زمانہ میں کوئی وجود ہی نہ تھا اور یہ سب کچھ نجفی ریگستان میں مفروضہ قبر کی داستان کے سلسلہ میں حالانکہ اس غازی و مجاہد خلیفہ کو متواتر جہادوں میں فریضۂ حج کی ادائیگی و مقامات مقدسہ کی حاضری عظیم مملکت کے گوناگوں مسائل و مہمات عظیمہ کی مصروفیات میں اس قسم کے مشاغل کی نہ فرصت تھی نہ رغبت۔ ابوالمعلی نے اپنے اشعار میں خلیفہ موصوف کی مصروفیات کا صحیح نقشہ کھینچتے ہوئے کہا ہے کہ اگر کسی کو آپ کی ملاقات کی آرزو ہو تو وہ آپ کو یا تو حرمین شریفین میں پائے گا یا مملکت کی دور دراز سرحدوں پر مصروف جہاد کبھی سرزمین عدو میں رہوار کی پیٹھ پر سوار کبھی اپنی سرسبز مملکت میں۔

فمن یطلب لقاءک او یردہ ۔۔۔ فبالحرمین او اقصی الثغور
ففی ارض العدو علی طمر ۔۔۔ وفی ارض الترفہ فوق کور

اصلا بل عامة هذا المشاهد محدثة بعد ذالك وكان ظهورها وانتشارها حين ضعفت خلافة بني العباس وتفرقت الامة وكثر فيهم الزنادقة الملبسون على المسلمين وفشت فيهم كلمة اهل البدع وذلك من دولة المقتدر بالله في اواخر المائة الثلاثة۔

(رسالہ راس الحسین ص ۱۵)

اور روضے تو اس زمانے کے بعد کی ایجاد ہیں ان کا ظہور و انتشار تو اس وقت ہوا جب بنو عباس کی خلافت کو ضعف لاحق ہوا، اُمت میں تفرقہ پڑ گیا، زندیقوں کی ان میں کثرت ہو گئی جو مسلمانوں کے بھیس میں درپے تخریب تھے اہل بدعت کی باتیں ان میں پھیلنے لگیں اور یہ سب المقتدر باللہ کے عہد خلافت میں تیسری صدی ہجری کے اواخر سے (ان کا عہد خلافت ۲۹۵ھ تا ۳۱۶ھ کا تھا)

شیعہ مورخین و مولفین نے قبر علی کا وجود ثابت کرنے کے لئے طرح طرح کی کذب بیانیوں سے کام لیا ہے پہلے تو یہ کہا کہ بنی امیہ کے خوف سے تدفین کے وقت ہی قبر چھپا دی گئی تھی حالانکہ اس وقت نہ اموی خلافت کا وجود تھا اور نہ عراق میں کسی اموی کے سیاسی اقتدار حاصل کرنے کا گمان تھا۔ عراقیوں نے تو حضرت علیؓ کی وفات سے پہلے ہی ان کی زندگی ہی میں ان کے صاحبزادے حضرت حسنؓ کے ہاتھ پر بیعت خلافت کی کر لی تھی حسنؓ کے زیر کمان کثیر فوج بھی موجود تھی جس کی تعداد چالیس ہزار یا اس سے زائد بتائی گئی ہے کوفہ و نجف وغیرہ سب ان ہی کے زیر تسلط تھے پھر ایسا کیا خوف دامن گیر تھا کہ دفن کرتے ہی قبر کے آثار مٹا دیئے گئے۔ اور اگر قبر کی بیحرمتی کا واقعی خوف تھا اور مدینہ جاتے وقت اپنے والد کا تابوت ساتھ نہ لے گئے تھے تو تفویض خلافت کے وقت حضرت معاویہؓ سے جہاں یہ شرائط طے کی تھیں۔

ان یاخذ من بیت المال الکوفة خمسة آلاف الف درهم وان یکون خراج دارابجرد وان لا یسب علی وهو یسمع۔ (البدایہ ج ۸ ص ۱۴)

بیت المال کوفہ میں جو پانچ کروڑ درہم موجود ہیں وہ (یعنی حسنؓ) لے لیں اور دارابجرد کے خراج کی رقم اور یہ کہ ان کی سماعت میں حضرت علی کو برا نہ کہا جائے۔

تو وہ یہ شرط بھی ضرور کرتے "میں اپنے والد کی میت کو نجف کے ریگستان میں دفن کئے جاتا ہوں اس کی بیحرمتی کا ارتکاب نہ کیا جائے" مگر نہ ایسی کوئی شرط انھوں نے کی اور نہ میت کو

لہ یہ اور اسی قسم کی دیگر حکایتیں روافض کی من گھڑت ہیں۔ حضرت علیؓ اور حضرت معاویہؓ میں خاندانی

(بقایا نوٹ صفحہ ۱۰۵ پر)

نجف میں دفن کیا نجف میں حضرت علیؓ کی قبر ہوتی تو حضرت حسینؓ جو اموی خلافت مٹانے اور اپنی قائم کرنے کی غرض سے کوفہ جا رہے تھے اور نجف کے پاس سے ان کا گذر ہوا تھا اپنے والد ماجد کی قبر پر فاتحہ پڑھنے کو بھی نہ گئے۔ خطیب بغدادی نے جو بنی بُوَیہ کے قریب العہد مورخ تھے نام نہاد مشہد علیؓ کے بارے میں صاف لکھا ہے کہ یہاں حضرت علیؓ کی قبر نہیں ہے علامہ ابن کثیرؒ نے ان کے قول کو نقل کرتے ہوئے کہا ہے :-

ومایعتقدہ کثیر من جھلۃ الروافض من ان قبرہ بمشھد النجف فلا دلیل علیٰ ذٰلک ولا اصل لہ ویقال انما ذالک قبر المغیرۃ بن شعبۃ حکاہ	نادان رافضیوں میں سے بہت سے جو اس کے معتقد ہیں کہ مشہد نجف میں ان کی (علیؓ) کی قبر ہے تو اس کی نہ کوئی دلیل ہے اور نہ کچھ اصلیت بلکہ لوگوں کا کہنا ہے کہ یہ قبر بلاشبہ مغیرہ بن

(بقایا نوٹ صفحہ ۱۰۴ کا) خصومت مطلق نہ تھی دونوں ایک ہی گھرانے بنو عبد مناف کے برگزیدہ اشخاص تھے سیاسی معاملات میں اختلاف ہوا اور نوبت بجنگ پہنچی عین اس وقت جب فریقین کے درمیان جنگ کے شعلے بھڑک رہے تھے اور قیصر روم لشکر کشی کی تیاری کر رہا تھا کہ مسلمانوں کی خانہ جنگی سے فائدہ اٹھائے اور وہاں حملہ کر کے ان کی حربی قوت کو فنا کر دے حضرت معاویہؓ کو اس خطرہ کا احساس ہوا انھوں نے اسے لکھ بھیجا اگر تو اپنے مقصد سے باز نہ آیا اور ہماری سرحد سے پلٹ نہ گیا لاصطلحن انا وابن عمی علیک تو میں اور میرے چچا کے بیٹے (علی) تیرے خلاف آپس میں صلح کر لیں گے اسی صفین کے موقعے سے حضرت علیؓ کے ساتھی عراقی جب ناکام لوٹ رہے تھے انھوں نے اہل شام پر سب وشتم کرنا شروع کیا حضرت علیؓ نے منع کیا اور فرمایا کہ اہل شام کو برا نہ کہو ان میں ابدال ہیں، ان میں ابدال ہیں۔ ان میں ابدال ہیں تین مرتبہ یہ لفظ دہرائے پھر اس بارے میں فرمان جاری کیا جس کا ذکر اوپر آ چکا ہے اس کے بعد جب قاتل کی زہر آلود تلوار سے زخم مہلک لگا اپنے صاحبزادے کو نصیحت کی کہ معاویہؓ سے صلح کر لینا اگر ان کو بھی گنوا بیٹھے تو سروں سے دھڑ مولی گاجر کی طرح کٹ کٹ کر گریں گے ادھر حضرت معاویہؓ کو جب حضرت علیؓ کے مقتول ہو جانے کی اطلاع ملی سنتے ہی آبدیدہ ہو گئے ان کی زوجہ والدہ یزید نے کہا۔ اتبکیہ وقد قاتلتہ اب ان پر روتے ہو حالانکہ ان سے قتال وجدال کر چکے ہو۔ حضرت معاویہؓ نے فرمایا افسوس تمہیں کیا معلوم کہ آج لوگ کیسے صاحب فضیلت شخص کو کھو بیٹھے یہ تھی شان صحابہ کی۔

جھگڑتے تھے لیکن نہ جھگڑوں میں شر تھا — خلاف آشتی سے خوش آیند تر تھا

حضرت معاویہؓ کا حلم وکرم تو ضرب المثل ہے۔ علامہ ابن کثیرؒ نے ان کے بارے میں کہا ہے کان حلیما وقورا رئیسا سیدا فی الناس کریما عادلا شھما رجح مثا!! (یعنی معاویہؓ حلیم تھے نرم مزاج تھے رئیس تھے سردار قوم تھے کریم تھے عادل تھے اور بہادر و تندر تھے) یہی صفات حسنہ ان کے فرزند امیر یزیدؒ میں بھی تھیں علاوہ ازیں بنی امیہ کے تعلقات مصاہرت ورشتہ داری علوی خاندان سے چند در چند تھے حضرت مروانؒ کے صاحبزادے معاویہ بن مروانؒ وعبد الملک بن مروانؒ تو حضرت علیؓ کے داماد ہی تھے۔ اور بھی متعدد رشتے تھے جن کا تفصیلی ذکر خلافت معاویہؓ ویزیدؒ میں کیا گیا ہے۔

الخطیب البغدادی عن ابی نعیم الحافظ عن ابی بکر الطلحی عن محمد بن عبد اللہ الحضرمی الحافظ عن مطر انہ قال: لو علمت الشیعۃ قبر ھذا الذی یعظمونہ بالنجف لرجموہ بالحجارۃ ھذا قبر المغیرۃ بن شعبۃ۔ (البدایۃ والنہایۃ ج ۷ ص ۳۲۹)

شعبہؓ کی ہے چنانچہ خطیب بغدادی نے حافظ ابونعیم سے انہوں نے ابوبکر الطلحی سے انھوں نے حافظ محمد بن عبد اللہ الحضرمی سے انھوں نے مطر سے روایت کی ہے کہ شیعوں کو اگر معلوم ہو جائے کہ نجف کی یہ قبر جس کی وہ تعظیم کرتے ہیں کس کی ہے تو اس پر الٹی سنگ باری کریں کیونکہ یہ قبر تو مغیرہ بن شعبہؓ کی ہے۔

بہر حال نجفی قبر خواہ حضرت مغیرہ بن شعبہؓ گورنر کوفہ کی ہو یا کسی اور بزرگ کی دیکھنا یہ ہے کہ جو لوگ اس کے معتقد ہیں کہ یہ قبر حضرت علیؓ کی ہے ان کے پاس جیسا علامہ ابن کثیر نے مندرجہ بالا اقتباس میں کہا ہے مہمل واہی روایتوں کے سوائے کوئی معقول دلیل اور ثبوت بےیا نہیں۔ اب ان واہی اور مہمل روایتوں پر بھی ایک نظر ڈال لیجیے۔

واہی اور مہمل روایتیں

ملا باقر مجلسی نے اپنی تالیف جلاء العیون کی فصل چہارم میں حضرت علیؓ کے "غسل وکفن و دفن" کی کوئی بیس روایتیں لکھی ہیں جو اگرچہ سب کی سب دیو مالائی طرز کی حد درجہ مہمل اور لچر ہیں تاہم بعض میں صراحتاً بیان ہوا ہے کہ تدفین کے بعد ہی حضرت علیؓ کی میت غائب ہو گئی اور قبر بھی "ناپید شد"

پہلی روایت

میں مقام قبر کا یہ الٹو کا ثبوت پیش کیا گیا ہے کہ حضرت نوحؑ پیغمبر جب طوفان سے بچنے کے لئے کشتی میں بیٹھ گئے کشتی نے چل کر خانہ کعبہ کا سات مرتبہ طواف کر لیا۔ انھیں حق تعالیٰ نے وحی کے ذریعہ حکم دیا کہ کشتی سے اتر و حضرت آدمؑ کے جسد کو وہاں سے نکال کر کشتی میں لے جاؤ چنانچہ تعمیل حکم کی گئی جب کشتی پھر چل کر مسجد کوفہ تک پہنچی "چون کشتی بمسجد کوفہ رسید" وہاں ٹھہر گئی۔ حضرت نوحؑ نے جسد آدمؑ کو نجف میں دفن کیا۔ "جسد آدم را در نجف دفن کرد" پھر آدمؑ کی قبر کے سامنے اپنے لئے بھی قبر کھود دی اور حضرت علیؓ کے لئے بھی "وصندوقے برائے حضرت امیر المومنینؑ تراشید و برائے دفن آنحضرت در پیش سینۂ خود قرار داد" (ص ۱۰۱) یعنی ان کی میت کے لئے تابوت بھی بنایا اور اپنی قبر کے سامنے ان کے دفن کی جگہ بھی قرار دی شاید اسی مقصد سے حضرت آدمؑ کے جسد کے کعبہ سے ریگستان نجف میں منتقل کرنے کے احکام جاری ہوئے تھے کہ چار پانچ ہزار برس کے بعد علیؓ

وصی رسول کی قبر وہاں قرار دی جانے والی تھی۔

ملا صاحب نے اس کی تصریح نہیں کی کہ طوفان سے پہلے شہر کوفہ کا کوئی وجود بھی نہ تھا اگر تھا تو کس نے بسایا تھا اور کس نے یہ مسجد بنوائی تھی۔ تاریخ سے ثابت ہے کہ شہر کوفہ امیر المومنین فاروق اعظمؓ کے حکم سے فاتح ایران حضرت سعدؓ ابن ابی وقاص نے ۱۷ھ میں بسایا جامع مسجد اور قصر امارت تعمیر کرایا بعد میں حضرت زیاد بن ابی سفیانؓ نے مسجد کوفہ کو از سر نو تعمیر کرایا۔ المعارف میں اس کی تصریح ہے۔

وزیاد بن ابی سفیان۔ ھو بانی مسجد کوفہ وروی فی بعض الحدیث ان موضع مسجدھا وفار التنور[1] (ص ۲۴۶)	اور زیاد بن ابی سفیانؓ ہی مسجد کوفہ کے بانی تھے بعض حدیثوں میں روایت ہے کہ اس مسجد کا مقام ہے وَفَارَ التَّنُّوْرُ یعنی جس مقام سے طوفان نوح کا پانی ابل پڑا تھا۔

دوسری روایت میں کہا گیا ہے کہ حضرت علیؓ ایک مرتبہ کوفہ سے باہر تشریف لے گئے تھے صحرائے نجف پر نظر پڑی فرمانے لگے "کیا ہی اچھا منظر ہے تیرا (اے نجف) اور کیسی (عمدہ) خوشبو ہے تیرے قصر کی پھر جناب باریتعالیٰ سے عرض کیا "خدا وندا قبرمرا دریں زمین قرار دہ (ایضاً) اے پروردگار! میری قبر اسی زمین میں قرار دیجیو مگر پہلی روایت میں ہے کہ حضرت نوحؑ تو چار پانچ ہزار برس پہلے ہی مقام قبر ان کا قرار دے چکے تھے۔

تیسری روایت بیان ہوا ہے کہ اپنے فرزند حسینؓ کو انھوں نے وصیت کردی کہ مجھے میرے دونوں بھائیوں ہودؑ و صالحؑ پیغمبروں کی قبر میں دفن کیجیو "درقبر دو برادر من ہود و صالح دفن کنید" (ص ۱۰۸) حضرت ہود و صالح علیہم السلام دونوں برگزیدہ پیغمبر حضرت نوحؑ کی اولاد میں پانچ چھ پشت کے فصل سے حضرت علیؓ کے زمانہ سے تقریباً ڈھائی تین ہزار برس پہلے ہوئے ہیں۔ خاندانی بھائی تو وہ ان کے کسی طرح بھی نہ تھے، نہ حضرت علی نبی ہے جو منصب نبوت کے اعتبار سے انھیں اپنا بھائی کہتے۔ حضرت ہودؑ تو قوم عاد کے پیغمبر تھے عرب کے جنوبی علاقے حضرموت کے دامن کوہ میں ان کی قبر ہے (ارض القرآن) نہ کہ نجف میں

---

[1] یہ جملہ سورۂ ہود کی اس آیت کا ہے حَتّٰی اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ یعنی یہاں تک کہ جب ہمارا حکم پہنچا اور روادی سے (پانی) ابل پڑا۔ التنور کے معنی لوگوں نے مختلف لئے ہیں حضرت ابن عباسؓ نے اس کو سطح زمین فرمایا ہے بعض کے نزدیک چشمہ یا وہ مقام جہاں پانی اکٹھا ہو۔

حضرت صالحؑ قوم ثمود میں مبعوث ہوئے تھے جن کا علاقہ مغربی و شمالی عرب تھا ان کی قبر بھی مدائن صالح میں تھی جو حجاز سے شام کے راستہ پر واقع تھا۔ عراق نجف میں ان کی قبر میں بتانا محض لغو و مہمل ہے۔

چوتھی روایت میں کہا گیا ہے کہ حضرت علیؓ نے اپنے غسل و کفن اور حنوط کی وصیت کرنے کے بعد اپنے دونوں صاحبزادوں حسن و حسینؓ سے فرمایا تھا کہ جب جنازہ لیکر چلو تو پچھلے حصہ کو تم اٹھانا اگلا حصہ فرشتے اٹھائیں گے "پیش جنازہ را ملائکہ برخواہند داشت" "میری قبر کھدی اور لحد بنی ہوئی پاؤ گے اس میں دفن کرنا" یک خشت از بالائے سرمن بردارید در قبر نظر کنید" میرے سرہانے پر سے ایک اینٹ اٹھا کر قبر کے اندر دیکھ لینا چنانچہ جب قبر میں جھانک کر دیکھا کسی کو نہ پایا

یک خشت از بالائے سر آنحضرت را برداشتند در قبر نظر کردند کسے را در قبر ندیدند ناگاہ صدائے ہاتفے راشنیدند کہ بندۂ شایستۂ خدا بود امیر المومنین حق تعالیٰ او را بہ پیغمبر خود ملحق گردانید (ص۱۰۰)

حضرت موصوف کے سرہانے پر سے ایک اینٹ کو ہٹایا اور قبر میں جھانکا تو وہاں کسی کو نہ دیکھا ناگاہ ہاتف کی آواز سنی کہ امیر المومنینؓ بندہ شائستہ خدا تھے۔ حق تعالیٰ نے انھیں اپنے پیغمبر سے ملحق کر دیا۔

جب میت ہی غائب ہو گئی تو قبر کیسی گویا حق بر زبان جاری۔ سچی بات ظاہر ہو کر رہتی ہے۔

پانچویں روایت ام کلثوم بنت علی بن ابی طالب کی زبانی ان الفاظ میں ملا صاحب نے درج کی ہے کہ:-

آخر سخنے کہ پدرم بہ برادرم حسن و حسین گفت این بود کہ اے فرزندانِ من چوں از دنیا رحلت کنم مرا غسل دہید پس خشک کنید بدن مرا بان بردے کہ بدن رسولِ خداؐ و فاطمۂ زہرا را بعد از غسل خشک کردم پس مرا حنوط کنید بحنوط جدّ خود مرا بروئے تخت بخوابانید و عقب تخت را بردارید ہر طرف کہ پیش تختہ میرود شما از عقب آں ابر دید

آخری بات جو میرے والد نے میرے دونوں بھائیوں حسن اور حسین سے کی تھی یہ تھی "اے میرے بیٹو! جب میں اس دنیا سے رحلت کر جاؤں مجھے غسل دینا میرے جسم کو اس چادر سے خشک کرنا جس سے میں نے رسولِ خدا اور فاطمہ زہرا کے (بدن کو) غسل کے بعد خشک کیا تھا پھر مجھے حنوط کرنا اپنے جد (نانا) کے حنوط

ام کلثوم گفت تشییع جنازۂ پدر خود بیرون رفتم
چوں بہ نجف رسیدم پیش تخت بر زمین فرود
آمد پس برادرانم عقب آنرا بر زمین گذاشتند
و امام حسن کلنگے بر گرفت چوں یک کلنگ
بر زمین زد قبر کندہ و لحد ساختہ پیدا شد
و تختۂ دران قبر بود کہ بقلم سریانی دو سطر
برآں نوشتہ بود مضمون آن نوشتہ ایں بود
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - ایں قبرے است ساختہ
است نوح پیغمبر برائے علیؑ وصی محمدؐ پیش از
طوفان بہ نہصد سال چوں آنحضرت را
بقبر گذاشتند ناپیدا شدند ندانستیم کہ
بزمین فرو رفت یا بآسمان بالا رفت۔
(صـ ۱۰۷)

سے پھر مجھے تخت پر سلا دینا اور تخت کے پچھلے حصّہ کو اٹھانا (گویا اگلا حصّہ فرشتے لیکر چلیں گے) پس جس طرف تخت کا اگلا حصّہ چلے تم بھی اس کے پیچھے چلنا" ام کلثوم کہتی ہیں کہ میں اپنے والد کے جنازے کے ساتھ باہر گئی جب نجف پہنچے تخت کا اگلا حصہ زمین پر نیچے آگیا پس میرے بھائیوں نے اس کا پچھلا حصہ زمین پر رکھدیا امام حسن نے کدال لے کر زمین پر ایک ضرب لگائی قبر کی کھدائی اور لحد بنی پیدا ہوئی ایک تختی اس قبر میں تھی جس پر سریانی تحریر میں دو سطریں لکھی تھیں ان کا مضمون یہ تھا "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - یہ قبر ہے جسے نوح پیغمبر نے علی وصی محمدؐ کے لئے طوفان سے نو سو سال پیشتر بنایا تھا" جب ان حضرت کو قبر میں رکھدیا وہ غائب ہوگئی ہم نہیں سمجھ سکے کہ وہ زمین کے نیچے چلی گئی یا آسمان کے اوپر۔

لیجئے مجتہد شیعہ ہی کی روایت سے ثابت ہوگیا کہ نجف میں نہ حضرت علیؓ کی میت موجود رہی اور نہ قبر۔ اب یہ تضاد بیانی بھی ملاحظہ ہو کہ پہلی روایت میں تو یہ کہا ہے کہ طوفان فرو ہو جانے کے بعد حضرت نوحؑ نے اپنی قبر کے ساتھ حضرت علیؓ کی قبر تیار کرلی تھی اب اس روایت میں ہے کہ طوفان سے نو سو ۹ سال پہلے ہی "علی وصی محمدؐ" کے لئے انھوں نے قبر کھود دی تھی پھر ایک اور روایت میں کہا کہ چار نفر حسن و حسین و محمد بن حنفیہ اور عبداللہ بن جعفر جنازہ لے کر گئے تھے اور یہی قبر میں بھی اترے تھے۔ اس روایت میں ام کلثوم کا بھی نام لیا ہے کہ اپنے والد کے جنازے کے ساتھ گئی تھیں جو رات کے وقت کوفہ سے سات آٹھ میل کے فاصلہ پر نجف لے جایا گیا تھا۔

چھٹی روایت کا مضمون بھی تقریباً وہی ہے جو مندرجہ بالا روایت کا ہے البتہ اس روایت میں حضرت نوحؑ کی تیار کردہ قبر میں سے سنگ مرمر کی لوح برآمد ہونے کا بیان ہے جس پر لکھا ہوا تھا کہ "ایں چیزے ست کہ نوح برائے علی بن ابی طالب ذخیرہ کردہ است" اس میں طوفان سے نوسو سال پہلے کی تیار شدہ قبر کا ذکر نہیں ہے لیکن تدفین کے بعد قبر کے غائب ہو جانے کا ذکر البتہ ان الفاظ میں کیا گیا ہے :-

راوی گفت حضرت را درآنجا دفن کردیم شاد برگشتیم بسبب آنچہ بر ما ظاہر شد از گرامی بودن آنحضرت نزد حق تعالٰے در اثنائے راہ جماعتے از شیعہ بر خوردند کہ نماز بر آنحضرت را در نیافتہ بودند چوں این خبرہا را نقل کردیم گفتند ما نیز میخواہیم مشاہدہ کنیم آنچہ شما مشاہدہ کردہ اید رفتند بر سر قبر آنحضرت چوں برگشتند گفتند ہر چند کندیم چیزے نیافتند (صہ ۱۰۸)

راوی نے کہا کہ آں حضرت کو ہم نے اس جگہ دفن کر دیا اور خوش خوش لوٹے اس سبب سے کہ جو کچھ ہم پر آں حضرت کا حق تعالٰے کے نزدیک بزرگ ہونے کی بارے میں ظاہر ہوا تھا راستہ میں شیعوں کی جماعت سے ملاقات ہو گئی جن کو آں حضرت کر جنازے پر نماز پڑھنے کا موقع نہ ملا تھا ہم نے جب وہ باتیں (جو ہم نے مشاہدہ کی تھیں) ان سے بیان کیں انھوں نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ خود ہم بھی مشاہدہ کریں جو تم نے مشاہدہ کیا ہے چنانچہ ان حضرت کی قبر پر چلے گئے جب لوٹ کر آئے تو بتایا کہ ہم نے وہاں کتنا ہی کھودا مگر کوئی چیز نہ پائی (یعنی دمیت پائی اور نہ قبر)

ساتویں روایت میں بیان ہوا ہے کہ حضرت علیؓ نے اپنے بیٹوں حسن و حسین کو وصیت کر دی تھی کہ مجھے دفن کرنے کے بعد دو رکعت نماز پڑھ کر میری قبر میں جھانک کر دیکھ لینا چنانچہ بعد فراغت نماز جو نظر دوڑائی تو کیا دیکھتے ہیں کہ ریشمی کا مدانی کا پردہ قبر پر تنا ہوا ہے

امام حسن آں پردہ را از بالائے سر آنحضرت دور کردہ در قبر نظر کرد دید کہ حضرت رسالت مآب و حضرت آدم و حضرت

امام حسن نے آنحضرت کے سرہانے سے پردہ سرکایا اور قبر میں جھانکا تو دیکھا کہ حضرت رسالت مآب و حضرت آدم و حضرت

ابراہیم با حضرت امیر المومنین میگویند پس حضرت امام حسین پردہ را انپیش پائے آنحضرت دور کرد دید کہ فاطمہ زہرا و حوا و آسیہ بر آنحضرت نوحہ می کنند (صفحہ ۱۰۷)	ابراہیمؑ ان سے باتیں کر رہے ہیں پھر حضرت امام حسین نے پائنتی سے پردہ ہٹا یا دیکھا کہ فاطمہ زہراء اور حوا اور آسیہ اُن حضرت پر نوحہ کر رہی ہیں۔

ملا صاحب نے یہ نہیں بتایا کہ آدم وابراہیمؑ اور حوا۔ و آسیہ کو اُن حضرات نے کیسے پہچان لیا تھا۔

بقیہ روایتوں میں ان ہی باتوں کا جو مندرجہ بالا روایتوں میں کہی گئی ہیں اعادہ ہے بتغیر الفاظ۔ کسی میں کہا ہے کہ جب حضرت علی کی وفات ہو گئی تو ان کے سرہانے ایک طلائی طبق پایا گیا جس کی تفصیل ان الفاظ میں بتائی گئی ہے :" امام حسن فرمود چون آنحضرت از دنیا رفت طبقے از طلا نزدیک سر آنحضرت یافتم کہ پنج شمامہ از کافور بہشت و چند برگ از سدر بہشت دراں طبق بود (صفحہ ۱۰۸) یعنی امام حسن نے فرمایا کہ جب وہ حضرت دنیا سے چلے گئے تو ایک طلائی طبق ان کے سرہانے پایا کہ اس طبق میں بہشت کے کافور کی پانچ بتیاں اور بہشت کی بیری کے چند پتے تھے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ " سہ کفن از استبرق بہشت " یعنی مع حنوط بہشت کے ان کے لئے فرشتے لائے تھے اسی طرح کی ایک روایت میں کہا ہے کہ جب جناب حسنؑ نے اپنی بہن زینب سے پکار کر کہا کہ ہمارے نانا جان کا حنوط لاؤ " چون حنوط را گشودند جمیع کوفہ از بوئے آن خوشبو شد (صفحہ ۱۰۹) یعنی جب حنوط کو کھولا گیا تو سارا کوفہ اس کی خوشبو سے مہک گیا پھر کہا ہے کہ جنازے کے اگلے حصہ کو جبرئیل ومیکائیل فرشتے لیکر چلے ان کے پیچھے حسن و حسین چلے تو جدھر سے جنازہ جاتا تھا در و دیوار عمارت اور درخت سب تعظیم کے لئے جھک جاتے تھے اس روایت کو جناب محمد بن علی (ابن الحنفیہ) سے ان الفاظ میں منسوب کیا ہے۔

محمد حنفیہ گفت بخدا سوگند کہ من میدیدم کہ جنازہ آنحضرت را بہر دیوار و عمارت و درختے کہ میگذشت آنہا خم می شدند خشوع میکردند۔ (صفحہ ۱۰۹)	محمد حنفیہ (فرزند علیؓ) نے فرمایا قسم بخدا میں دیکھ رہا تھا کہ جنازہ اُن حضرت کا جس دیوار و عمارت اور درخت کے پاس سے گذرتا وہ جھک جاتے اور اظہار غم کا کرتے تھے۔

اسی سلسلہ میں ملا صاحب نے اپنے ایک امام (جعفر صادق) کی یہ روایت بھی درج کی ہے۔

ابن مسکان از حضرت جعفر صادقؑ پرسید
سبب خم شدن عمارتے کہ در سر راہ نجف
واقع است کہ اکنوں آنرا خانہ میگویند
حضرت فرمود چون جنازۂ امیر المومنین را
پیش او گذرانید تعمیل کرد منحنی شد برائے
تاسف و حزن بر آنحضرت۔
(صـ ۱۰۹)

ابنِ مسکان نے حضرت جعفر صادقؑ سے
سبب دریافت کیا اس عمارت کے جھک
جانے کا جو نجف اشرف کے سر راہ واقع ہے
حضرت نے فرمایا کہ جب امیر المومنین کا
جنازہ اس کے سامنے سے گذار کرلے جارہے
تھے تو وہاں حضرت پر رنج و غم کرنے کی وجہ
سے جھک گئی اور خمیدہ ہوگئی۔[۱]

یہ ہے قدرے نمونہ من گھڑت قصوں لغو و لچر روایتوں اور مہمل افسانوں کا جو نجف میں حضرت علیؓ کے مدفون ہونے اور قبر پر قبہ بننے کے ثبوت میں شیعہ لٹریچر میں بکثرت پائے جاتے ہیں باینہمہ اس حقیقت کا پتہ ان سے بھی چل جاتا ہے کہ نجف میں نہ ان کی قبر تھی اور نہ میت وہاں دفن ہوئی کیونکہ متعدد روایتوں میں صریحاً بیان ہوا ہے کہ تدفین کے بعد ہی میت اور قبر دونوں ناپید ہوگئیں۔ اس طرح اس روایت کی تصدیق ہوجاتی ہے جو بلا دسطے میں میت کے صندوق کے بابت شب گم ہوجانے کی آپ پڑھ چکے ہیں۔ ڈاکوؤں نے تابوت کو یہ سمجھ کر کہ اس میں مال ہے مع اونٹ کے لیا اور بازپرس کے خوف سے ایسا غائب کردیا کہ پھر پتہ نہ چلا کہ میت کا کیا کیا، دفن کیا تو کہاں چنانچہ آزاد اور بے لاگ مورخین نے بھی لکھا ہے کوفہ سے باہر مشہد علیؓ کی شاندار عمارت زمانہ مابعد کی تعمیر شدہ ہے "لیکن ان کے دفن ہونے کی جگہ نامعلوم ہے (انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا ج صـ ۱۵۹ گیارھواں اڈیشن) پروفیسر حتی نے عضد الدولہ کی بنوائی ہوئی عمارتوں کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا ہے ایک اچھی عمارت مشہد کی ہے جو (حضرت) علی کی مفروضہ قبر PRESUMED TOMB پر بنی ہے (ہسٹری اوف دی عربس صـ ۴۷۲) انسائیکلو پیڈیا اوف اسلام کے مقالہ نگار نے

---

[۱] مؤلف نزہۃ القلوب نے لکھا ہے کہ راہ کوفہ میں ایک مینار زمین سے آدھا تو سیدھا کھڑا ہے اور آدھا ٹیڑھا سبب اس کا یہ بتایا ہے کہ حضرت امیر المومنین علی مرتضیٰؓ را بجا ہی گذشت ایں مینار بجہت تواضع کہ سند حضرت امیر المومنین اشارت کرد کہ بایست ہمچنیں بماند (صـ ۳۳) یعنی حضرت علیؓ اس طرف سے گذر رہے تھے یہ مینار تعظیم کے لئے جھک گیا انھوں نے اشارہ کیا کہ بس ٹھہر جا تو وہ اسی طرح رہ گیا سلا صاحب فرماتے ہیں کہ حضرت علیؓ کی وفات ہوئی تو رات تاریک ہوگئی آفاق آسمان میں تغیر ہوگیا زمین لرزنے لگی تسبیح و تقدیس کی آوازیں لوگوں نے سنیں اور یہ جانا کہ فرشتے نوحہ و مرثیہ اور گریہ کر رہے ہیں (صـ ۱۰۱)
۱۲

ان حکایتوں اور روایتوں کا ذکر کرتے ہوئے جو حضرت علیؓ کی میت کے مختلف مقامات میں مدفون ہونے کے متعلق مختلف مورخین نے بیان کی ہیں لکھا ہے کہ مشہد نجف تو ان کے مدفن کا غالباً صحیح مقام نہیں (ج ۴ ص۱۵۸)

غرضیکہ بنی بویہ کو اپنی سیاسی مصلحتوں کے پیش نظر ضروری تھا کہ عراق میں شیعی دنیا کے لئے دو متبرک مقام اور مشہد قائم کریں۔ مشہد کربلا کے علاوہ جس کا ذکر آگے آتا ہے ۳۶۹ھ میں یعنی حضرت علیؓ کی وفات سے سوا تین سو برس بعد ان کی مفروضہ قبر پر مشہد نجف تعمیر کرایا۔ بانی اس مشہد کا عضد الدولہ تھا جو بوصیت خود بھی وہیں دفن ہوا اور اس کے اکثر اہل خاندان بھی وہیں مدفون ہوئے معز الدولہ کی قرابت نجفی مشہد میں نہیں ہے کیونکہ وہ ۳۵۶ھ میں یعنی تعمیر مشہد سے گیارہ سال پہلے کہ اس وقت تک نجفی ریگستان میں حضرت علیؓ کی قبر دریافت نہیں ہوئی تھی فوت ہوا تھا پہلے اس کی میت مکان مسکونہ کے صحن میں دفن ہوئی پھر مقابر قریش میں منتقل کی گئی۔ (البدایۃ ج ۱۱ ص۲۶۱)

دوبارہ تعمیر۔ عمدۃ الطالب کے شیعہ مولف متوفی ۸۲۸ھ فرماتے ہیں "مشہد غروی کی اس عمارت کا تو اب جزو قلیل ہی باقی رہ گیا جو عضد الدولہ نے ابتداءً بنوائی تھی کیونکہ آگ لگ جانے سے یہ کل عمارت جل گئی تھی۔ آگ لگنے کا سبب یہ بیان کرتے ہیں کہ دیواروں پر جو منقش چوکھٹے وغیرہ لکڑی کے آویزاں تھے ان میں اتفاقاً آگ لگ گئی تھی لیکن بعد میں عمارت کی تجدید کرلی گئی اور وہی عمارت اب تک (یعنی مؤلف مذکور کے زمانہ شروع نویں صدی ہجری تک) باقی ہے۔ وجد دت عمارت المشھد علی ماھی علیہ الآن (ص۴۲) انسائیکلوپیڈیا آف اسلام کے مقالہ نگار کا بیان ہے کہ ۴۴۳ھ میں بغداد کے شیعہ سنیوں میں فتنہ و فساد برپا ہوگیا مذہبی جنونیوں نے مشہد علی بھی جلا ڈالا تھا جو تھوڑے عرصہ بعد دوبارہ تعمیر کرالیا گیا (ایضاً) علامہ ابن کثیرؒ نے ۴۴۳ھ کے وقائع کے سلسلے میں بغداد کے روافض اور اہل سنت کی شدید خانہ جنگی کا تذکرہ کیا ہے جو تقریباً دو ہفتے تک جاری رہی۔ فریقین کے بہت سے اشخاص مارے گئے تھے اکابرین کے مقبرے بھی فسادیوں نے جلا ڈالے تھے پھر یہ فتنہ پھیل گیا اور حد سے تجاوز کر گیا وہ فرماتے ہیں:۔

فی صفر منہا (ای سنۃ ۴۴۳ھ) وقع الحرب بین الروافض والسنۃ فقتل من الفریقین خلق کثیر و ذلک ان الروافض نصبوا براجاً و کتبوا علیہا بالذہب۔	اس سال (۴۴۳ھ) کے ماہ صفر میں رافضیوں اور سنیوں میں لڑائی چھڑ گئی جس میں فریقین کے بہت سے آدمی مارے گئے سبب (اس لڑائی کا) یہ تھا کہ رافضیوں نے ایک مینارہ نصب کیا اور اس پر سونے (کے پانی سے) لکھا کہ

محمد وعلی خیر البشر
فمن رضی فقد شکر
ومن ابی فقد کفر

فانکرت السنة اقران علی مع محمد صلی اللہ علیہ وسلم فی ھذا افنشبت الحرب بینھم واستمر القتال بینھم الی ربیع الاول فقتل رجل ھاشمی فدفن عند الامام احمد ورجع السنة من دفنہ فنھبوا مشہد موسی بن جعفر واحرقوا ضریح موسی ومحمد الجواد وقبور بنی بویہ وقبور من ھناک من الوزراء واحرق قبر جعفر بن المنصور ومحمد الامین و امہ زبیدة وقبور کثیرة جداً و انتشرت الفتنة وتجاوز الحدود
(البدایة والنہایة ج ۱۲ ص ۶۲)

محمد علی دونوں خیر البشر
جو مانے وہ مستحق رحمت
جو نہ مانے وہ مرتکب کفر

اہل سنت نے نام علی کو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم گرامی کے اس طرح برابر رکھنے کو بہت برا جانا پس ان کے مابین لڑائی ہو پڑی جو ربیع الاول تک ان کے مابین جاری رہی ایک ہاشمی شخص قتل ہو گئے تھے انہیں امام احمد (بن حنبل) کے مزار کے پاس دفن کیا گیا تھا اہل سنت ان کے دفن سے جب واپس آ رہے تھے موسیٰ بن جعفر (الصادق) کے مشہد کو غارت کر دیا موسیٰ (الکاظم) اور محمد الجواد کی ضریح کو جلا دیا نیز بنی بویہ کی قبروں اور وزیروں کی جو قبور وہاں تھیں ان سب کو نذر آتش کر ڈالا جعفر بن المنصور و محمد الامین اور ان کی والدہ زبیدہ کی قبر اور بہت سی اور قبروں کو جلا دیا پھر یہ فتنہ پھیل گیا اور حدود سے تجاوز کر گیا۔

مقالہ نگار مذکور کا یہ بیان اگر صحیح ہو کہ ۴۴۳ھ میں جب بقول علامہ ابن کثیرؒ بغداد کا یہ فتنہ وفساد پھیل گیا اور حدود سے بھی تجاوز کر گیا تھا تو کیا عجب کہ مذہبی جنونیوں نے مشہد نجف کو بھی نذر آتش کر دیا ہو لیکن اہل سنت حضرت علیؓ کے اصلی مدفن کی بے حرمتی کا ارتکاب کبھی نہیں کر سکتے تھے سنیوں نے اگر ایسا کیا تھا اور مشہد کے ساتھ ساتھ بنی بویہ کی قبروں کو بھی جلا ڈالا تھا تو یقینی بات ہے کہ نجفی مشہد کو اہل سنت حضرت علیؓ کا اصلی مدفن نہیں سمجھتے تھے کیونکہ یہ واقعہ تعمیر مشہد سے تقریباً ستر بہتر برس بعد کا ہے اس وقت تک بہت سے لوگ ایسے موجود تھے جنہیں نجفی قبر کی حقیقت واصلیت کا بخوبی علم تھا وہ جانتے تھے کہ بنی بویہ نے نجف کی ایک مفروضہ قبر پر یہ مشہد اپنی سیاسی مصلحتوں سے تعمیر کرایا تھا دوبارہ تعمیر کے بعد سے بمرور زمانہ اصلی [illegible] سمجھا جانے لگا اور رفتہ رفتہ شیعی دنیا

کے متبرک مرکزی مقام کی حیثیت اسے حاصل ہوتی گئی۔

آتش زدگی اور دوبارہ تعمیر ہونے کے تقریباً ڈھائی سو برس بعد مشہور سیاح عالم ابن بطوطہ ۷۲۷ھ میں نجف ہوتا ہوا بغداد گیا تھا[1] وہ بیان کرتا ہے کہ نجف چھوٹا سا خوبصورت شہر ہے جس کی آبادی تمامتر رافضیوں پر مشتمل ہے۔ واھل ھذہ المدینتہ کلھم رافضیۃ (رحلۃ ابن بطوطہ صـ۱۱۱) مشہد علی میں تین قبریں بتائی ہیں اور کہا ہے کہ ایک کے بارے میں لوگ

---

[1] ابن بطوطہ نے بغداد کا ذکر قدرے تفصیل سے کیا ہے اور ایک خاص باب "ذکر قبور الخلفاء و بغداد و قبور بعض العلماء والصالحین بھا" کے عنوان سے قایم کیا ہے، سب سے پہلے خلفاء کی قبور کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا ہے "قبور الخلفاء العباسیین رضی اللہ عنہم بالرصافۃ یعنی الرصافہ (خطہ بغداد) میں عباسی خلفاء رضی اللہ عنہم کی قبور ہیں پھر ۲۳ خلفاء کی قبروں کا نام بنام ذکر کیا ہے اور بتایا ہے کہ ہر قبر پر صاحب قبر کا نام کندہ ہے اس کے بعد لکھا ہے اسی خطہ میں امام ابوحنیفہؒ اور امام احمد بن حنبلؒ کی قبریں بھی ہیں اور مشایخ میں سے ابوبکر شبلی سری سقطی و بشر حافی و داؤد الطائی و ابوالقاسم جنیدؒ کے مزارات ہیں ان کے علاوہ بہت سے صالحین کی قبور ہیں۔ جانب غربی بغداد میں معروف کرخیؒ کا مقبرہ ہے پھر لکھا ہے وفی ھذا الجانب قبر موسی الکاظم بن جعفر الصادق والد علی بن موسیٰ الرضا والی جانبہ قبر الجواد (صـ۱۴۱) یعنی اسی جانب موسیٰ الکاظم بن جعفر الصادق والد علی بن موسیٰ الرضا کی قبر ہے اور اس کے پہلو میں (محمد) الجواد کی۔ آخر الذکر نے اکلوتے فرزند علی النقی کی قبر کا ذکر نہیں کیا کیونکہ ان کی تدفین اپنے دادا اور والد کے پہلو میں اور خاص بغداد میں نہیں ہوئی تھی بلکہ سامرہ کے قصر شاہی کے میدان میں ہوئی تھی۔ جہاں وہ خلیفہ عباسی کے عزیز قریب ہونے کی وجہ سے رہتے تھے۔ ان کی وفات امیر المومنین المتوکل علی اللہؒ کے انتقال سے سات سال بعد ۲۵۴ھ میں ہوئی تھی اور ان کے فرزند ابو احمد بن المتوکل علی اللہؒ نے ان کے جنازہ کی نماز شارع ابو احمد پر پڑھائی تھی جو ان ہی کے نام سے منسوب ہے۔ (بدایہ ج ۱۱ صـ۱۴)۔ ابن بطوطہ نے نجفی قبر کے بارے میں 'یزعمون' لفظ لکھ کر جس طرح اظہار شک و شبہ کا کیا ہے بغداد کی قبروں میں سے کسی قبر کے بارے میں یہ لفظ نہیں لکھا کیونکہ وہاں کوئی فرضی قبر نہیں تھی جس طرح مقام تستر میں جناب علی بن الحسین (زین العابدین) کی مفروضہ قبر کے بارے میں ابن بطوطہ نے بھی "یزعمون" لفظ لکھا ہے۔ بغداد کے حالات اور وہاں کے مقابر کے تذکرے میں ابن بطوطہ نے شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے مزار اور خانقاہ کا مطلق ذکر نہیں کیا حالانکہ شیخ موصوف کی وفات سے تقریباً ڈیڑھ سو برس بعد ابن بطوطہ بغداد آیا تھا شاید اس وقت تک مزار اور خانقاہ کو اسے شہرت اور مرجعیت حاصل نہیں ہوئی تھی جو بعد میں ہوئی۔

خیال کرتے ہیں کہ حضرت آدمؑ کی ہے دوسری کے بارے میں گمان کرتے ہیں کہ حضرت نوحؑ کی ہے اور تیسری کو سمجھتے ہیں کہ حضرت علیؓ کی ہے۔ ابن بطوطہ نے "یزعمون" لکھ کر شک وشبہ کا اظہار کر دیا ہے۔

نجفی مشہد کی زیبائش وآرایش کے سلسلہ میں ابن بطوطہ نے قیمتی فرش وفروش، جھاڑ فانوس اور دیگر قیمتی اشیاء کا ذکر کرنے کے بعد مشہد میں زائر کے داخلہ کا چشم دید حال یہ لکھا ہے کہ جو شخص زیارت کو آتا ہے اوّل صاحب مشہد سے داخل ہونے کی اجازت کا طالب ہوتا ہے اور ان الفاظ میں اجازت مانگتا ہے :۔

یا امیر المومنین! ھذا العبد الضعیف یستاءذن علی دخولہ الروضۃ العلیا (اے امیر المومنین! یہ بندۂ ضعیف روضۂ علیا میں داخل ہونے کی اجازت چاہتا ہے)

اجازت ملنے کی کیفیت تو ابن بطوطہ نے نہیں بیان کی کس طرح ملتی ہے صرف یہ لکھا ہے کہ اجازت مل جاتی ہے تو زائر داخل ہوتا ہے ورنہ واپس چلا جاتا ہے۔ نذر و نیاز اور چڑھاوے سے مال کی مشہد کے خزانے میں وہ بہتات بتائی ہے کہ شمار اس کا نہیں ہو سکتا۔ وخزانۃ الروضۃ عظیمۃ فیہا من الاموال مالا یضبط لکثرتہ (ایضاً) ابن بطوطہ کے زمانہ میں جب مشہد علی کی رونق اور شیعی دنیا کی عقیدت کی یہ کیفیت تھی تو بنی بویہ کے زمانے میں تو اس سے بھی کہیں زیادہ ہوگی، عراق کی سرزمین اس صورت حال کے وقوع پذیر ہونے کے لئے کموزوں بھی تھی ورنہ حضرت حسنؓ کا یہ منصوبہ کہ اپنے والد کی میت کو مدینہ لے جا کر اپنی والدہ کے پہلو میں دفن کریں گے اگر پورا ہو جاتا اور مدینہ میں ان کی تدفین ہوتی پختہ قبر بنتی اور قبر پر کوئی قبہ و مقبرہ بھی تعمیر ہوتا تو حضرت آدمؑ و نوحؑ کی قبریں ان کے مقبرے میں نہ بنائی جاتیں اور ان کے مشہد کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مبارک، امہات المومنین اور جلیل القدر صحابہ کرام کی قبور کی موجودگی میں وہ رونق مدینۃ النبی میں کبھی حاصل نہ ہوتی جو نجفی ریگستان کے مشہد کو حاصل ہوئی اور نہ حضرت آدمؑ و نوحؑ و ابراہیمؑ و دیگر انبیاء کرام اور حضرت حوا و آسیہ کے حضرت علیؓ کی تعزیت کے لئے ان کی قبر پر آنے کی لغو روایتیں اس طرح گھڑی جاتیں جو آپ ملاحظہ کر رہے ہیں اور نہ ان کی اولاد کی نسبی برتری کے اظہار کے لئے الشریف و السید القاب شیعہ امراء کو مخصوص و مختص کئے جانے کا موقع ملتا جس کا ذکر آ گے آ ۔۔۔ اب اس سلسلے میں مختصر حال مشہد حسینی کی بھی ملاحظہ ہو:۔

تعمیر مشہد حسینی مؤلف نزہتہ القلوب فرماتے ہیں کہ مشہد حسین کی تعمیر بھی اسی عضدالدولہ نے کرائی تھی وہ لکھتے ہیں کہ :-

در بیابانِ کربلا مشہد امیر المومنین[۱] حسین بن علی رضی‌عنہما است آنرا مشہد حایری خوانند جہت آنکہ چناں ذکر رفت کہ بعہد متوکل خلیفہ آب در وبستند تا خراب شود آب حیرت آورد و زمینے کہ ضریح حضرت است خشک ماند۔ عمارت آں مشہد نیز عضد الدولہ فنا خسرو دیلمی ساخت و آں موضع شہرچہ شدست (صـ۳۲)

بیابان کربلا میں مشہد امیر المومنین حسین بن علی رضی‌عنہما ہے۔ مشہد حایری اس وجہ سے کہتے ہیں جیسا کہ کہا گیا ہے کہ خلیفہ متوکل (علی اللہ عباسی) کے عہد میں پانی اس پر چھوڑا گیا تھا کہ خراب ہو جائے مگر پانی یوں ہی ٹھہرا رہا اور وہ زمین جہاں ضریح حضرت کی ہے خشک رہی۔ عمارت اس مشہد کی بھی عضدالدولہ دیلمی نے بنوائی اور وہ مقام اب چھوٹا سا شہر ہو گیا ہے

مولف نزہتہ القلوب کا یہ بیان اگر مطابق واقعہ ہو کہ نجفی مشہد کی طرح کربلائی مشہد بھی عضدالدولہ نے تعمیر کرایا تھا تو ظاہر ہے کہ حادثہ کربلا کے تین سو دس برس بعد اور خلیفہ المتوکل علی اللہ کے ابتدائی عہد کے سال ۲۳۶ھ سے کہ میدان کربلا کے میں اس وقت سے زراعت ہونے لگی تھی تقریباً سوا سو برس بعد ۳۶۹ھ یا اس سے چند سال بعد یہ مشہد تعمیر ہوا تھا۔

حضرت حسینؓ کی تدفین جداگانہ ہوئی تھی یا دیگر مقتولین کے ساتھ مورخین نے اس کی تصریح نہیں کی۔ فریقین کے مقتولین کی یکجائی تعداد ۱۵۴ بتائی گئی ہے۔ ۷۲ حسینی قافلے کے ۸۲ سرکاری فوجی دستے کے۔ قرائن اس کے موید ہیں کہ اس میدان میں جسے شیعہ مورخین و مصنفین بیابان وصحرائے کربلا کہتے ہیں فریقین کے مقتولین کی دو جگہ یکجائی تدفین ہوئی تھی چنانچہ ملا باقر مجلسی کے بیان سے بھی تائید مزید ہوتی ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ :-

جسد مبارک جناب سیدالشہداء را درآن مکان شریف کہ الحال است دفن کردند و علی بن حسین یعنی علی اکبر را در پائیں آنحضرت دفن

جناب سیدالشہداءؓ کے جسم مبارک کو اس مقام شریف میں جو اب ہے دفن کر دیا اور علی بن حسین یعنی علی اکبر کو ان حضرت کے پائینتی

---

[۱] مولف نزہتہ القلوب نے غایت عقیدت سے حضرت حسینؓ کو امیر المومنین کہا ہے حالانکہ دنیا جانتی ہے وہ امیر المومنین نہ تھے امیر المومنین ہونے کی غرض سے انھوں نے خروج البتہ کیا تھا مگر سوءِ تدبیری سے حصول مقصد میں ناکام رہے ان کے اس ناکام خروج کے مفصل حالات کتاب خلافت معاویہؓ و یزید میں ملاحظہ ہوں۔

کردند وسایر شہدا را در پائین پائے آں حضرت دریک موضع دفن کردند۔	دفن کیا اور تمام شہدا کو اُن حضرت کے پائینتی ایک ہی جگہ میں دفن کر دیا گیا۔

(جلاء العیون ص۲۱۲)

ملّا صاحب عباس بن علیؓ و دیگر ہاشمی مقتولین کی جداگانہ تدفین کا کچھ ذکر نہیں کرتے۔ پائین پائے آنحضرت کے الفاظ سے صاف مطلب یہی ہے کہ لاشیں کسی ترتیب سے یکجائی دفن ہوئیں بعد میں "یہ گنج شہیداں" سربراہ قافلہ حضرت حسینؓ کے نام سے موسوم ہو کر "تربتِ حسین" کہلایا۔ اور جب بنی بویہ کے عہد میں عمارت تعمیر کی گئی "مشہد حسین" سے موسوم ہوا بنی امیہ کے عہد خلافت کے خاتمہ ۱۳۲ھ تک باالفاظ دیگر نصف صدی کے عرصہ میں وہاں نہ کسی قبّے یا مقبرے کا کوئی وجود تھا اور نہ زیارت کا شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کے اقتباس میں اوپر بیان ہو چکا کہ عہد صحابہ و تابعین میں پختہ قبریں اور مقبرے بنانے کا رواج ہی نہ تھا تاریخی واقعات بھی اسی کے مؤید ہیں کہ اس زمانہ میں زیارت قبور کا سلسلہ شروع نہیں ہوا تھا حضرت حسینؓ کے داماد مصعب بن زبیرؓ مع اپنی اہلیہ سکینہ بنت حسینؓ عرصہ تک عراق و کوفہ میں رہے وہ کبھی زیارت کے لئے کربلا نہیں گئے۔ اور نہ اہل خاندان میں سے کوئی شخص زیارت کے لئے گیا اور نہ ان کی نسل کے کسی فرد کی میت تعمیر مشہد سے پہلے وہاں دفن ہوئی عباسی خلافت قائم ہونے کے کچھ عرصہ بعد البتہ قبریں بھی بن گئیں اور معجزے اور کرامتوں کی حکایتیں بھی وضع ہونی شروع ہوئیں اور تقریباً ایک صدی کے عرصہ میں تربت حسین کے معجزات کا اور اس کی زیارت کے ثواب کا حد درجہ مبالغے سے پروپیگنڈا کر کے طرح طرح کی مشرکانہ بدعات کا اسے مرکز بنالیا گیا تھا بعض سیاسی قسمت آزما بھی یہاں معتکف ہو بیٹھے۔ مثلاً عبیداللہ بن میمون القداح اور اس کا باپ (ملاحظہ ہو تحقیق مزید) زیارت تربت حسین کے متعلق اب چند روایتیں ملّا باقر مجلسی کی زبانی سنئے۔ ایک روایت میں جو اپنے ایک امام سے منسوب کی ہے وہ فرماتے ہیں کہ:-

ابن بولویہ بسند معتبر از حضرت صادق روایت کردہ است کہ روزے حضرت امام حسین علیہ السلام در دامن حضرت رسالت نشستہ بود حضرت با او بازی میکرد و او را میخندانید	ابن قولویہ نے حضرت صادق سے معتبر سند سے روایت کی ہے کہ ایک دن حضرت امام حسین علیہ السلام حضرت رسالت کی گود میں بیٹھے تھے حضرت ان سے کھیل رہے تھے اور انہیں

پس عائشہ (رض) گفت یا رسول اللہ چہ بسیار خوش داری طفلے را چہ حضرت فرمود وائے برتو اچہ گونہ دوست ندارم او را خوش نیاید مرا او میوۂ دل من است و نور دیدہ من است بدرستیکہ امت من او را خواہند کشت پس ہر کہ بعد از شہادت او را زیارت کند حق تعالیٰ برائے او یک حج از حجہائے من بنویسد۔ عائشہ از روئے تعجب گفت یک حج از حجہائے تو؟ فرمود بلکہ دو حج از حجہائے من۔ باز عائشہ تعجب کرد حضرت فرمود بلکہ چہار حج در پیوستہ او تعجب میکرد حضرت زیادہ می کرد تا آنکہ فرمود کہ نو حج از حجہائے من کہ با ہر حجے عمرہ بودہ باشد۔

(جلاء العیون ص۱۲۹ ج۲)

ہنس رہے تھے پس عائشہ (رض) نے کہا یا رسول اللہ اس بچے سے آپ کیسی الفت کرتے ہیں حضرت نے فرمایا تیرا برا ہو میں کیوں نہ دوست رکھوں اسے اور کیوں نہ پسند آئے وہ مجھے کہ میرے دل کا ثمرہ ہے اور میری آنکھوں کا نور ہے میری اُمت اسے یقیناً قتل کر دے گی پس جو کوئی کہ بعد شہادت اس کی زیارت کرے گا حق تعالےٰ اس کے لئے میرے حجوں میں سے ایک حج کا ثواب لکھدے گا۔ عائشہ نے تعجب سے کہا کہ کیا آپ کے حجوں میں سے ایک حج کے برابر؟ حضرت نے فرمایا بلکہ دو حجوں کے برابر؟ عائشہ نے پھر تعجب کیا حضرت نے فرمایا کہ چار حجوں کے برابر۔ وہ اسی طرح تعجب کرتی جاتیں اور حضرت تعداد اور زیادہ کرتے جاتے یہاں تک کہ آپ نے (آخر میں) فرمایا کہ میرے حجوں میں سے نو حجوں کے برابر کہ ہر حج کے ساتھ عمرہ بھی شامل ہو وہ سب ایک مرتبہ تربت حسین کی کی زیارت کر لینے کے برابر ہے۔

شیعوں کے مستند مجتہد و مورخ "علامۃ الدھر و فرید العصر و نابغۃ الدوران حضرت مُلّا باقر مجلسی" نے تربت حسین کی صرف ایک مرتبہ زیارت کر لینے کو جناب رسالتماب صلی اللہ علیہ وسلم کے نو مرتبہ حج و عمرہ کرنے کے مساوی ہونے کی معاً تشریح کی ہے اور سر زمین کربلا کا شرف دیگر مقامات مقدسہ پر ثابت کرنے کے لئے اپنی کتاب جلاء العیون کے صفحہ ۴۲۲ پر ایک طویل روایت میں سات انبیائے کرام حضرت آدمؑ و نوحؑ و ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ و موسیٰؑ و سلیمانؑ و عیسیٰؑ کا اپنے اپنے

لہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ صلوٰۃ اللہ علیہا کے اسم مبارک کے بعد تقبیح لفظ نہایت بدگوئی میں لکھا تھا جو حذف کر دیا گیا۔

وقت صحرائے کربلا میں ۔ ار دہونا بیان کیا ہے اور کہا ہے کہ ان میں سے ہر نبی کو اس مقام پر کسی نہ کسی حادثے اور اذیت میں مبتلا ہونا پڑا تھا مثلاً حضرت آدمؑ جب جنت سے نکل کر اس دنیا میں آئے اور حضرت حوا کی تلاش میں سارے جہان کا چکر لگاتے ہوئے صحرائے کربلا میں داخل ہو کر اس مقام پر پہنچے جہاں ہزاروں برس بعد حصول خلافت کے خروج میں حضرت حسینؓ کو حادثہ پیش آنیوالا تھا ان کا پیر ٹھوکر لگنے سے زخمی ہو گیا خون بہنے لگا۔ بارگاہ خداوندی میں عرض کرنے لگے :۔

پروردگارا! در جمیع زمین گردیدم اندوہ ولے کہ درین زمین بمن رسید در ہیچ زمینے ندیدم حق تعالیٰ باو وحی کرد کہ درین زمین برگزیدۂ من حسین شہید خواہد شد خواستم کہ تو در اذیت و اندوہ با او شریک باشی و خون تو برایں زمین ریختہ شود۔

اے پروردگارا تمام دنیا میں تو نے چکر لگا آیا ہوں غم والم مجھے اس زمین پر پہنچا ہے کسی جگہ نہیں پہنچا حق تعالیٰ نے وحی کی کہ اس زمین پر میرا برگزیدہ حسین شہید ہوگا میں نے چاہا کہ تم بھی ان کی اس اذیت اور غم میں شریک رہو اور تمہارا خون بھی اسی زمین پر بہہ جائے۔

پوچھا حسین کون؟ فرمایا "فرزند زادۂ پیغمبر من ست و برگزیدۂ من ست" پوچھا قاتل کون؟ فرمایا "یزید است کہ اہل آسمان ہائے و زمین او را لعنت می کنند" اس پر حضرت آدمؑ نے بھی یزید پر لعنت کی اب حضرت نوحؑ کا واقعہ بھی ملا صاحب سے سنئیے۔ فرماتے ہیں حضرت نوحؑ جب کشتی میں سوار ہو کر چلے کشتی جیسے ہی کربلا پہنچی ایسا سخت تلاطم ہوا کہ کشتی کو غرق ہونے کا شرف حاصل ہو گیا "کشتی مشرف بہ غرق شد" حضرت نوحؑ نے بارگاہ الٰہی میں فریاد کی حضرت آدمؑ کی طرح ان سے بھی حسین و یزید کا ماجرا جو ہزاروں برس بعد پیش آنیوالا تھا بیان ہوا پھر پیغمبر نوح نے دو مرتبہ یزید پر لعنت کی جس کی برکت سے کشتی کو غرق ہونے سے نجات ملی :۔

پس نوحؑ مکرر او را (یزید را) لعنت کرد تا کشتی او از غرق نجات یافت و بر جودی قرار گرفت

پس نوحؑ نے دو مرتبہ یزید پر لعنت کی اور (اس لعنت کی برکت سے) ان کی کشتی کو ڈوبنے سے نجات ملی اور جودی (پہاڑ) پر جا ٹھہری۔

(ایضاً صـ۱۲۹)

اب اور سنئیے حضرت ابراہیمؑ گھوڑے پر سوار صحرائے کربلا سے گذر رہے تھے کہ یکایک گھوڑا سر کے بل زمین پر آ رہا حضرت ابراہیمؑ کا سر مبارک پتھر سے ٹکرا گیا خون بہنے لگا۔ استغفار کرنے پر جبرئیل نازل ہوئے اور کہا اس مقام پر "نور دیدۂ مصطفےٰ و فرزند پسندیدۂ علی مرتضےٰ"

قتل ہوں گے۔

خدا خواست کہ تو نیز در بلیہ با او موافقت نمائی و خون تو در ایں زمین ریختہ شود۔ (ایضاً)	خدا نے چاہا کہ تم بھی ان کے مصائب میں موافقت و شرکت کرو اور تمہارا خون بھی اس زمین پر بہہ جائے۔

جبرئیل نے انھیں بھی قاتل حسین کا نام یزید ہی بتایا اور کہا کہ آسمان و زمین کے رہنے والے "لوح و قلم" اس پر لعنت کرتے ہیں چنانچہ حضرت ابراہیمؑ نے لعنت بھیجنی شروع کی ان کا گھوڑا بھی ہر لعنت پر آمین کہتا جاتا تھا گویا لعنتیوں کے "بیش باد" کی طرح!

ابراہیمؑ سر بر داشت و آں ملعون را لعن بسیار کرد حق تعالیٰ اسپ ابراہیم را بسخن در آورد ہر لعنے کہ ابراہیم می کرد او آمین می گفت (ایضاً صـ۱۴۷)	حضرت ابراہیمؑ نے سر اٹھایا اور اس ملعون (قاتل حسین) پر بہت سی لعنت بھیجی حق تعالیٰ نے ابراہیمؑ کے گھوڑے کو بولنے کی قوت عطا کی ابراہیمؑ کے ہر مرتبہ لعنت بھیجنے پر وہ بھی آمین کہتا جاتا تھا۔

حضرت اسمٰعیلؑ کا ماجرا اور بھی عجیب بتایا ہے لکھا ہے کہ صحرائے کربلا میں فرات کے کنارے بکریاں چرا رہے تھے ہر چند بکریوں کو دریائے فرات کا پانی پلانے لے جاتے مگر بکریاں پانی نہیں پیتی تھیں۔ باریتعالیٰ کے حضور یہ سرگزشت پیش کرنے پر جواب ملا کہ سبب پانی نہ پینے کا خود بکریوں ہی سے پوچھ لو۔

چوں سوال کرد گو سفندان بزبان فصیح گفتند کہ بما خبر رسیدہ کہ فرزند تو حسین و جگر گوشہ پیغمبر آخر الزمان دریں زمین بالب تشنہ شہید خواہد شد پس ما بسبب حزن و اندوہ بر آنحضرت آب نخوردیم و خواستیم کہ در تشنگی با او موافقت کنیم۔ (ایضاً صـ۱۴۷)	جب پوچھا تو بکریوں نے فصیح زبان میں کہا کہ ہم کو یہ خبر پہنچی ہے کہ آپ کے بیٹے حسین اور پیغمبر آخر الزماں کے لخت جگر اس زمین پر تشنہ لب شہید ہوں گے پس ان حضرت پر رنج و غم کے سبب سے ہم نے بھی پانی نہیں پیا اور یہ چاہا کہ ان کے پیاسے رہنے میں ہم بھی موافقت کریں۔

اس کے بعد حضرت موسیٰؑ اور ان کے وصی یوشع بن نون کو بھی صحرائے کربلا میں پہنچایا ہے ان کے پیر بھی زخمی ہوئے، خون بھی ان کا زمین کربلا پر بہا اور ان کو بھی یہ وحی آئی۔

دریں زمین ریختہ خواہد شد خون برگزید : من حسین خواستم کہ خون تو دریں زمین ریختہ شود (جلاء العیون ص۱۴۷)	اس زمین پر میرے برگزیدہ حسین کا خون بہے گا اس لئے میں نے یہ چاہا کہ تمہارا خون بھی اسی زمین میں بہہ جائے۔

حضرت موسیٰؑ نے بھی قاتل حسینؑ پر لعنت کی یوشع نے آمین کہی پھر انہیں بتایا گیا کہ "دریا کی مچھلیاں، صحرا کے وحشی اور پرندان ہوا" سب ہی اس پر لعنت کرتے ہیں حضرت موسیٰ کے بعد جب حضرت سلیمان کا زمانہ آیا وہ اپنے ہوائی تخت پر بیٹھے کربلا کے پاس سے گذر رہے تھے ہوائی تخت اکائیں مرتبہ وہاں اُلٹ پلٹ ہو گیا انھوں نے ان کے سب ساتھیوں یعنی آدمیاں و ضیاں و مرغان نے یزید جسے قاتل حسین قرار دے لیا پر لعنت بھیجی چنانچہ اس لعنت کی برکت سے ہوائی تخت صحرائے کربلا سے بسلامت نکل گیا۔

پس از برکت آں لعنت باد بر یزید و آں بساط را از صحرا بیرون برد (ایضاً)	پس اس لعنت بھیجنے کی برکت سے ہوا چلی اور تخت سلیمانی کو صحرا سے باہر نکال لے گئی۔

آخر میں حضرت عیسیٰؑ کے سفر کربلا کا یہ ماجرا ملا صاحب نے تصنیف کیا ہے کہ صحرا عبور کرتے وقت ایک شیران کے زمان کے حواریوں کی راہ میں حائل ہو گیا سبب اس حرکت ناشائستہ کا پوچھنے پر وہ قدرت الٰہی سے یوں گویا ہوا۔

شیر بامر خداوند قدیر بسخن آمد و بزبان فصیح گفت نمیگذارم از یں صحرا بیرون روی تا لعنت کنی بر قاتل حسین۔ (ایضاً)	شیر خداوند قدیر کے حکم سے گویا ہوا اور فصیح زبان میں کہنے لگا کہ اس وقت تک میں صحرا سے باہر نہ جانے دونگا جب تک تم قاتل حسین پر لعنت نہ کروگے۔

حضرت عیسیٰؑ نے قاتل و مقتول کے بارے میں دریافت کیا شیر نے کہا کہ مقتول تو "دز زند زادہ نبی اُمّی و فرزند علی ولی" تھے اور قاتل :-

یزید است کہ وحشیان و درندگان ہمہ او را لعنت میکنند خصوصاً در ایام عاشورا پس حضرت عیسیٰ دست بدعا برداشت و یزید را لعنت کرد و حواریان آمین گفتند و شیر دور شد و ایشان از یں زمین بیروں رفتند ایضاً ص۱۴۸	یزید ہے کہ وحشی جانور اور درندے سب اس پر لعنت کرتے ہیں خصوصاً عاشورا کے دنوں میں پس عیسیٰ نے بھی ہاتھ دعا کے لئے اٹھائے اور یزید پر لعنت بھیجی حواریوں نے آمین کہی شیر الگ ہو گیا اور یہ حضرات اس زمین (کربلا) سے نکل کر باہر چلے گئے۔

یہ تو ایک ادنیٰ نمونہ خرافات واحیہ کا ہے جو سرزمین کربلا کی تقدیس وعظمت میں وضع ہوئیں صدہا لغو ومہمل حکایتیں اور بھی اسی قماش کی بر ور زمانہ عوام میں پھیلائی جاتی رہیں بوائح کے دور عقلیت میں بھی افسانہ کربلا کا جز و اعظم ہیں' تربت حسین کو شفایابی کا ذریعہ قرار دیا گیا۔ قبر کے پاس دعا مانگنے کو وجہ قبولیت ٹھیرا گیا (صـ۴۲) کربلا کی مٹی کو "خاک شفا" کہہ کر طرح طرح کے خواص اور خاصیتیں اکسیر کی اس ہی بنا دی گئیں متعدد لغو قصے لوگوں کے کربلا کی مٹی کو گھول پی کر تمام امراض سے شفایاب ہونے کے مجتہد صاحب نے بیان کئے ہیں۔ نماز دن میں خاک کربلا سے بنی ہوئی ٹکیوں پر پیشانی رگڑنا مقبولیت نماز کی دلیل اور زیارت قبر وجہ نجات ہے۔ ستر ہزار فرشتے جو حضرت حسین کی مدد کو آرہے تھے مگر چند منٹ دیر میں پہنچنے کی بنا پر تربتِ حسین پر اوّل ہی دن سے معتکف ہیں درود ذکر سبحہ اور گریہ وبکا میں مصروف رہتے ہیں ان کے علاوہ چار ہزار فرشتوں کی ڈیوٹی ہے کہ ہر روز آسمان سے اتر کر قبر پر نوحہ خوانی کرتے طلوع آفتاب کے بعد واپس چلے جاتے ہیں اور دوسرے چار ہزار نزول کرتے ہیں۔ سمعیل نام ایک فرشتہ تمام زائرین کے نام ونسب وحلیہ کا ریکارڈ مرتب رکھتا ہے اور روزانہ واقعات کی رپورٹیں جناب رسالت مآب اور آئمہ کے روبرو پیش کرتا ہے زائر کے لئے دعائے مغفرت کی جاتی ہے اور بشارت جنّت کی دی جاتی ہے۔

مغالاۃ فی البشر

جن کے مقتل ومدفن کی تقدیس وعظمت کے بارے میں عجمی دماغوں نے ایسی ایسی دیو مالائی کہانیاں گھڑ ڈالی ہوں جو بھی آپ نے ملاحظہ فرمائیں تو خود ان کی شخصیت اور ذاتی برگزیدگی کے بارے میں فوق الفطرۃ افسانوں اور بعید از قیاس وضعی حدیثوں اور روایتوں کا کیا کچھ ذخیرہ نہ فراہم ہوا ہوگا جو اب تک کربلائی لٹریچر کا جزو لاینفک ہے۔ یہاں تک بیان ہوا ہے کہ "خداوند عالمیان" نے ولادت حسین سے بہت پہلے کہ استقرار حمل بھی نہ ہوا تھا جبرئیل فرشتہ کو یہ پیغام دیکر جناب رسول خدا کے پاس بھیجا کہ

از برائے تو پسرے متولد خواہد شد	آپ کے لئے بیٹا پیدا کیا جائیگا جسے
کہ امت تو بعد از تو اورا شہید کنند	آپ کے بعد آپ کی امت شہید کردے گی۔

(جلاء العیون صـ۱۴۳)

پیغام سنتے ہی فرمایا کہ ہمیں ایسا بیٹا نہیں چاہیے۔ تین مرتبہ ایسے بیٹے کے ہونے سے

انکار کیا فرشتے نے جب وضاحت کی کہ وہ آپ کے صلب مطہر سے نہیں صلب علی سے ہوگا انھیں طلب فرماکر پیغام سنایا حضرت علیؓ نے بھی ایسا بیٹا لینے سے تین مرتبہ انکار کیا پھر حضرت فاطمہؓ کی مرضی معلوم کی گئی انھوں نے بھی یہ کہکر تین مرتبہ انکار کیا کہ :۔

اے پدر! مرا احتیاج بچنیں فرزند نیست	اے اباجان! مجھے ایسے بیٹے کی حاجت نہیں

حضرت نے جب مطلع فرمایا کہ :۔

او و فرزندانِ او پیشوایانِ دین و وارثان آثار من و خازنانِ علم من خواہند بود گفت فاطمہ راضی شدم از خداوند عالمیان پس حاملہ شد بحضرت امام حسین بعد از شش ماہ آنحضرت متولد شد۔ فرزندے کہ شش ماہہ متولد شد زندہ نماندہ مگر حضرت امام حسین و حضرت عیسٰیؑ (جلاء العیون ص۱۴۳)	وہ اور اس کی اولاد دین کے پیشوا میرے آثار کے وارث اور میرے علم کے رکھوانے (خازن) ہوں گے فاطمہ نے (یہ سنکر) کہا کہ میں خداوند عالمیان سے راضی ہوں پس وہ حاملہ ہوگئیں حمل حضرت امام حسین سے اور چھ مہینے بعد وہ حضرت پیدا ہوئے۔ جو فرزند چھ مہینے کا پیدا ہو زندہ نہیں رہتا سوائے حضرت امام حسین اور حضرت عیسٰیؑ کے

ایسے لایعنی و مہمل افسانے گھڑنے کی ابتداء جیسا شواہد تاریخی سے ثابت ہے صوبہ عراق سے ہوئی اور جن اسباب سے ہوئی اس کے سمجھنے کے لئے ہمیں ان تاریخی واقعات اور حروب داخلیہ کے حالات کو پیش نظر رکھنا ہوگا جن میں عراقیوں کا نمایاں حصہ رہا تھا۔ طالبانِ قصاص خونِ عثمانؓ اور حضرت علیؓ کے مابین جنگ جمل عراق ہی کے شہر بصرے میں ہوئی پھر سات مہینے بعد عراق کے سرحدی مقام صفین میں دوسری ہولناک جنگ حضرت علیؓ نے عراقی معاونین کی معیت میں طالبینِ قصاص خونِ عثمانؓ سے کی وہاں سے عراقیوں کے ناکام و نامراد واپسی پر ان میں پھوٹ پڑجانے سے تیسری جنگ صوبہ عراق میں حضرت موصوف کو اپنی ہی پارٹی کے خارجیوں سے نہروان کے مقام پر لڑنی پڑی تھی۔ اس کے کچھ عرصہ بعد ۴۰ھ میں ایک خارجی کے قاتلانہ حملے سے مقتول ہوگئے ۴۰ھ سے ۶۰ھ تک بیس برس کے عرصہ میں امیر المومنین حضرت معاویہؓ نے اپنے عدیم النظیر حلم و کرم و تدبر سے عراقی مفسدین کو سیاسی خلفشار پیدا کرنے سے باز رکھا ان کی وفات ہوتے ہی عراقی شیعان علیؓ نے حضرت حسینؓ کو بیعت خلافت کی ترغیب و تحریص دے کر خروج پر آمادہ کیا، قسمیں کھا کھا کر وعدے کئے کہ حصول مقصد کے لئے اپنی جانیں

ان کی نصرت و حمایت میں قربان کر دیں گے عراقیوں کے وعدوں پر یقین کر کے اور اپنے تمام عزیزوں اور ہمدردوں اور صحابہ کرام کی رائے کے خلاف سیاسی اقتدار حاصل کرنے کی غرض سے عراق تشریف لے گئے کوفیوں کی بیوفائی اور انحراف کے نتیجے میں جو حادثہ پیش آیا سب جانتے ہیں اس کے بعد بھی چند دیگر واقعات مختار ثقفی کا خروج حضرت حسینؓ کے داماد مصعب بن زبیر شوہر سیدہ سکینہ بنت حسینؓ سے اس کی جنگ، مختار کا مارا جانا پھر مصعب کا امیر المومنین عبدالملک اموی کے مقابلہ میں قتل ہونا یہ سب واقعات عراق ہی میں پیش آئے ان تمام معرکوں میں عراقیوں نے بڑھ چڑھ کے حصہ لیا تھا مگر وہ اپنے اس دیرینہ مقصد میں کہ صوبہ عراق کو اسلامی حکومت کا مستقر بنا کر اور اولاد علیؓ میں سے کسی کو تخت خلافت پر متمکن کر کے دیگر حصص مملکت پر سیاسی تفوق حاصل کر سکیں گے، کامیاب نہ ہوئے۔ متواتر ناکامیوں کی تاویلات کے سلسلے میں طرح طرح کے قصے اور حکایتیں گھڑی گئیں خاص کر حضرت حسینؓ کے بارے میں بیسیوں حدیثیں وضع ہوئیں جن کی ذراسی جھلک ملا باقر مجلسی کی مندرجہ بالا روایت میں ہے کہ امت کے ہاتھوں ان کی شہادت روز ازل سے مقرر تھی وہ پیدا ہی اس لئے کئے گئے تھے کہ "مخلوق پر حجت خدا ہوں" "حجت خدا باشد برایں خلق" (ص۱۴۲) اور بسبب شہادت درجہ او رمرتبہ ان کا جن و انس (مخلوقین) میں سب سے بلند و بالا ہو بلکہ ان کے شیعوں کو بھی یہ علوئے مرتبت حاصل ہے کہ جس گنہگار کی چاہیں شفاعت کریں قبول ہو رد نہ ہو:۔

حق تعالیٰ فرمود کہ اورا (حسین را) بسبب شہادت درجہ خواہد بود کہ احدے از مخلوقین بآں درجہ نمی رسید بدرستیکہ اورا شیعہ چند خواہد بود کہ شفاعت کنند وشفاعت ایشاں ردنشود۔

(جلاء العیون ص۱۴۲)

حق تعالیٰ نے فرمایا کہ ان کا (حسین کا) درجہ بسبب شہادت ایسا (بلند) ہوگا کہ مخلوقین (یعنی جن وانس) میں سے کوئی اس درجہ تک نہ پہنچ سکے گا اور ان کے شیعہ یقیناً چند ہوں گے کہ شفاعت کریں تو ان کی شفاعت رد نہ کی جائے گی۔

اب یہ دیکھئے کہ تشہیر ان خرافات کی کب سے شروع ہوئی معلوم ہے کہ حادثہ کربلا ۶۱ھ میں پیش آیا تھا اس وقت سے ۱۳۲ھ تک کہ بہتر اکہتر برس کی مدت ہوتی ہے اموی خلافت کا عہد تھا اس زمانہ میں حضرت حسینؓ کے معاصرین کی بڑی تعداد بقید حیات تھی اصحابہ سے صحابہ کرام و تابعین عظام اور ان کے عزیز اقربا بھی موجود تھے جو بیسیوں برس تک زندہ بھی

رہے، ان سب نے باصرار منع کیا تھا کہ خروج نہ کریں اور سیاسی اقتدار کے موہوم مقصد کی خاطر کوفیوں کے وعدوں پر بھروسہ کرکے جانِ عزیز کو ہلاکت میں نہ ڈالیں۔ ان حضرات کی موجودگی میں جن کی معتدبہ تعداد عراق میں بھی تھی اور جو واقعات کی اصل نوعیت سے کماحقہ واقف تھے نہ کربلا کے بے سروپا افسانے مشتہر ہوئے اور نہ ہوسکتے تھے اور نہ حضرت حسینؓ کی شخصیت کے بارے میں فوق الفطرۃ کہانیاں اور اساطیر منظر عام پر آسکیں۔ ۱۳۲ھ کے تیس چالیس برس بعد سے کوفہ کی سبائی ٹکسال میں کربلا کے فرضی افسانے گھڑنے شروع ہوئے ابومخنف جیسے کذاب راوی متوفی ۱۵۷ھ نے "مقتل حسین" مرتب کرکے ان کی تشہیر میں نمایاں حصہ لیا تھا۔ مقتولین کربلا کو جن کی مجموعی تعداد ۷۲ بتائی گئی ہے نہ جدا جدا قبروں میں دفن کیا گیا اور نہ کیا جاسکتا تھا۔ اتباع سنت میں یکجائی تدفین ہوئی تھی۔ سو برس کی طویل مدت گذر جانے پر کہ آثار مدفن بھی ان کے مٹ چکے تھے قبر حسین کے علاوہ اور تربتیں بھی فرضی طور سے بنالی گئیں۔ علامہ ابن کثیرؒ نے مختصر سا باب "قبر حسین" جداگانہ قائم کرکے لکھا ہے کہ لوگ کہتے ہیں کہ کربلائی مشہد قبر حسین کی جگہ پر بنا ہے پھر "واللہ اعلم" لکھ کر اظہار شبہ کا کردیا ہے ساتھ ہی ابن جریر وغیرہ مورخین کے حوالے سے بتایا ہے کہ اس مقام کے آثار جہاں وہ قتل ہوئے تھے اس درجہ مٹ چکے تھے کہ کوئی شخص بھی صحیح طور سے وہ جگہ متعین نہیں کرسکتا تھا اس کے بعد کہتے ہیں کہ:-

وقد کان ابو [illegible]م فضل بن دکین ینکر علی من یزعم انہ یعرف قبر الحسین (البدایۃ والنہایۃ ج ۸ [illegible] وتاریخ الاسلام ذہبی)	اور ابونعیم فضل بن دکین تو اس شخص کے قول کو نہیں مانتے تھے جو قبر حسین کے جاننے پہچاننے کا دعویٰ کرے۔

یہ ابونعیم بھی شیعہ ہی تھے آخر میں ہشام بن الکلبی جیسے سبائی کا یہ قول بھی نقل کیا ہے کہ جب پانی وہاں سیلاب کی طرح چھوڑ دیا گیا تھا اس کے چالیس دن بعد بنی اسد کا ایک اعرابی آیا۔ چپہ چپہ زمین سونگھتا جاتا تھا ایک جگہ مٹی سونگھ کر کہنے لگے کہ یہی ہے قبر حسین۔ گویا اس طرح قبر حسین شناخت کی گئی لیکن تاریخی واقعات شاہد ہیں کہ آبپاشی کے بعد جس کا ذکر آگے آتا ہے یہ سب جگہ مزروعہ ہوگئی تھی اور عرصہ تک مزروعہ رہی تھی شخصیت پرستی کی بدعتیں پھیلنے لگی تھیں تیسری صدی ہجری کے ابتدائی حصہ میں مشرکانہ بدعات نے عوام کے دل و دماغ کو اس درجہ متاثر کر رکھا تھا کہ اہل [illegible] کو جن پہ دین کو خالص اور بدعات و محدثات سے

پاک رکھنے کی ذمہ داری عائد تھی اس کے سد باب کے لئے مؤثر کارروائی کرنی پڑی یہ زمانہ امیر المومنین جعفر المتوکل علی اللہ عباسیؒ جیسے حامی سنت ماحی بدعت خلیفہ وامام المسلمین کا تھا، ان کے پیشرو خلفا کے زمانے میں خلق قرآن درویت باریتعالےٰ کے بارے میں جو مناظرے و مجادلے شدت سے جاری تھے حکماً بند کرا دئیے۔ لوگوں کو ہدایت کی گئی کہ قرآن وسنت کے سوائے کوئی شخص ان باتوں سے اشتغال نہ رکھے وامر الناس ان لا یشتغل احد الا بالکتاب والسنۃ لاغیر (البدایۃ والنہایۃ ج ۱۰ ص ۳۱۶)
امام احمد بن حنبلؒ کو خلق قرآن کے مسئلہ میں جو اذیتیں اٹھانی پڑیں ان کا مداوا کیا، جہاں عزیز کی حیثیت سے کچھ عرصہ انھیں اپنے پاس رکھا، ان کا غیر معمولی اعزاز واکرام کیا وقد کان المتوکل یکرم الامام احمد بن حنبلؒ اکراماً زائداً (ایضاً ص ۳۴۶) گرانبہا عطیات، خلعت وملبوسات پیش کئے امام صاحب تو ان چیزوں سے مستغنی تھے۔ ان کے صاحبزادوں صالح وعبداللہ نے وصول کئے امور شرعیہ میں خلیفہ موصوف امام

لہ امیر المومنین المتوکل علی اللہؒ کے بارے میں علامہ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں:۔

وکان المتوکل (علی اللہ) محببا الی رعیتہ قائماً فی نصرۃ اھل السنۃ وقد شبہہ بعضھم بالصدیق فی قتلہ اھل الردۃ لانہ نصر الحق ردہ علیھم حتی رجعوا الی الدین .... وقد اظھر السنۃ بعد البدعۃ واخمد اھل البدع وبدعتھم بعد انتشارھا واشتھارھا فرحمہ اللہ وقد راہ بعضھم فی المنام بعد موتہ وھو جالس فی نور قال، قلت! المتوکل؟ قال، المتوکل قلت فما فعل بک ربک؟ قال غفرلی قلت، بماذا قال بقلیل من السنۃ احییتھا (البدایۃ والنہایۃ ج ۱۰ ص ۳۵۱)

اور خلیفہ المتوکل اپنی رعایا سے محبت کرنے والے ان کے محبوب تھے اہل سنت کی نصرت کو مستعد رہتے بعض لوگوں نے انھیں حضرت صدیق اکبرؓ سے تشبیہ دی ہے کہ حضرت موصوف نے مرتدین سے قتال کیا تھا حق کی نصرت کی تھی حتی کہ انھیں دین حق پر لوٹا لیا تھا........ (خلیفہ المتوکل کے عہد میں) سنت کو بدعت کے پھیل جانے اور مشتہر ہو جانے کے بعد ایسا فروغ ہوا کہ وہ سب دب گئیں اور ماند پڑ گئیں اللہ تعالےٰ کی رحمت ہو ان پر۔ ان کی وفات کے بعد بعض لوگوں نے انھیں خواب میں دیکھا کہ (رحمت الٰہی) کے نور میں بیٹھے ہیں پوچھا آپ متوکل ہیں کہا ہاں متوکل ہوں پوچھا آپ کے رب نے آپ کے ساتھ کیا برتاؤ کیا کہا میری مغفرت کردی پوچھا کس وجہ سے کہا احیائے سنت کی جو قلیل مقدار میں لے کی تھی۔

صاحب سے مشورے کرتے بغیر ان کے مشورے کے قاضی ومفتی کا بھی تقرر نہ کرتے۔ تمام ممالک محروسہ کے محدثین کو خلعتیں اور وظائف دیئے احادیث نبوی کے بیان واشاعت پر مامور کیا بدعات کا قلع قمع کرایا۔

وارتفعت السنہ جداً فی ایام المتوکل عفا اللہ عنہ وکان یولی احداً الی بعد مشورۃ الامام احمد وکان ولایۃ یحییٰ بن اکثم قضاء القضاۃ عن مشورتہ وقد کان یحییٰ بن اکثم ھذا من الائمۃ السنۃ وعلماء الناس ومن المعظمین للفقۃ والحدیث واتباع الاثر۔ (ایضاً ص۳۱۶)

خلیفہ المتوکلؒ کے ایام خلافت میں سنت کو بہت فروغ وعروج ہوا۔ خدا ان کی مغفرت فرمائے امام احمد (بن حنبلؒ) سے مشورہ کئے بغیر کسی ایک شخص کا بھی تقرر نہ کرتے ان ہی کی مشورہ سے یحییٰ بن اکثم کو قاضی القضات کے منصب پر مقرر کیا اور یہ یحییٰ بن اکثم ائمہ اہل سنت اور علماء الناس میں سے تھے فقہ وحدیث اور اتباع آثار میں بڑے درجے کے تھے۔

مشرکانہ رسموں سے نیز مغالاۃ فی البشر اور شخصیتوں کے بارے میں غلو کرنے سے لوگوں کو باز رکھنے کی غرض سے نائب السلطنت کو احکام جاری کئے گئے سبائی اور رافضی حضرت حسینؓ کے متعلق حد درجہ غلو کرنے لگے تھے اور ساتھ ہی اکابر صحابہ خصوصاً حضرت ابوبکر وعمر وعثمان رضی اللہ عنہم نیز امہات المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ وحضرت حفصہؓ کی اسارت ادب کرتے تھے امیر المومنین نے بزرگان دین پر سب وشتم کرنے والوں کو عبرتناک سزائیں دلوائیں۔ علامہ ابن کثیرؒ نیز ابن جریر طبری نے اعیان بغداد میں سے ایک شخص کی اس حرکت شنیعہ کا ذکر کیا ہے کہ حضرات شیخین اور امہات المومنین کی بدگوئی کیا کرتا تھا۔ یشتم ابا بکر وعمر وعائشۃ (ایضاً ص۳۲۴ وطبری ج۱۱ ص۴۴۱) سترہ اشخاص نے اس کے خلاف شہادت دی تھی امیر المومنین کے حضور میں اس کا معاملہ پیش کیا گیا عبرتناک سزا کا حکم دیا۔

فرفع امرہ الی الخلیفۃ فجاء کتب الخلیفۃ الی محمد بن عبد اللہ بن طاھر بن الحسین نائب بغداد یامرہ ان یضربہ بین الناس حد السب ثم یضرب

اس شخص کا معاملہ خلیفہ کے حضور میں پیش ہوا خلیفہ موصوف کا تحریری حکم نائب بغداد محمد بن عبداللہ بن طاہر بن حسین کے پاس آیا کہ سب کے سامنے بدگوئی کرنے کی حد اس پر جاری کی جائے

بالسياط حتى يموت ويلقى دجلة ولا يصلّى عليه ليرتدع بذلك اهل الالحاد والمعاندة۔ (ايضاً ص۳۲۲)	پھر اس کے اتنے کوڑے لگوائے جائیں کہ مرجائے اس کی لاش دجلہ میں نماز پڑھے بغیر پھینک دی جائے تاکہ ملحدوں اور دشمنانِ صحابہ کو عبرت ہو۔

محدث احمد بن نصر پر متعدد علماء نے کفر کا فتویٰ خلق قرآن کے مسئلہ میں دیکر پیشرو خلیفہ کے ہاتھ سے قتل کرا دیا تھا ان میں قاضی احمد[1] بن ابی داؤد معتزلی پیش پیش تھے انھیں قاضی القضاۃ کے عہدے سے برطرف کر دیا۔ واعظین جو اسرائیلیات کے قصص بیان کیا کرتے تھے ممنوع کئے گئے۔ عیسائی اور یہودیوں کے لئے امتیازی نشان مقرر کئے گئے۔ جلسوں میں صلیب نکالنے کی ممانعت کی گئی۔ جو گرجے اور معابد مشرکین نے جدید تعمیر کرلئے تھے منہدم کرا دئے گئے۔ امر المتوکل بهدم البيع المحدثة فى الاسلام (طبری ج۱۱ ص۳۴) حکم ہوا کہ ان کے بجائے اگر مساجد تعمیر ہوسکیں تعمیر کی جائیں۔ عیسائیوں سے تعلیم حاصل کرنے کی مسلمانوں کو ممانعت کی گئی ایک نصرانی کو جو اسلام قبول کرنے کے بعد مرتد ہوگیا تھا سزائے قتل دی گئی۔ حضرت ذوالنون مصری کے بارے میں شکائتیں پہنچیں کہ ظاہر شریعت کے خلاف کچھ امور ان سے سرزد ہوتے ہیں ان کی طلبی کے احکام جاری ہونے چنانچہ حضرت موصوف مصر سے چل کر عراق آئے۔ امیر المومنین نے جب بچشم خود ان کے احوال دیکھے ان کی باتیں اور مواعظ سنے مطمئن ہو کر اعزاز و اکرام کے ساتھ رخصت کر دیا۔

فرده مكرماً فكان بعد ذلك اذا ذكر عند المتوكل يثنى عليه (ايضاً ص۳۴۷)	ان کو (ذوالنون مصری کو) عزت و اکرام کے ساتھ واپس بھیج دیا بعد میں جب ان کا ذکر خلیفہ المتوکل کے سامنے ہوتا ان کی تعریف کرتے۔

[1] معتزلی خلق قرآن کے قایل تھے۔ کلام خدا کو مخلوق کہنے کا سلسلہ لبید بن عاصم یہودی سے چلتا ہے کہتے ہیں کہ اسی لبید یہودی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر سحر کرنے کا اقدام باطل بھی کیا تھا قاضی احمد مذکور نے اعتزال کی تعلیم بشر مریسی سے پائی تھی بشر نے جہم بن صفوان سے جہم نے جعد بن درہم سے اور جعد نے ابان بن سمعان سے اور ابان نے طالوت سے اور طالوت نے لبید بن عاصم یہودی مذکور سے جو توریت کے مخلوق ہونے کا قایل تھا۔ جعد کو امیر المومنین ہشام بن عبد الملک اموی نے قرآن کو مخلوق کہنے پر موت کی سزا دی تھی۔ قاضی احمد کے علاوہ وزیر ابن الزیات بھی [illegible] مقتول کے معاملہ میں شریک تھا اس کے اور بھی قصور تھے اس کو بھی سز[illegible] دی گئی تھی۔

مشہد حسینی کے سلسلے میں امیر المومنین المتوکل علی اللہ عباسیؒ کی ان مساعی اور مخلصانہ خدمات کا تذکرہ جو احیاء سنت اور ردّ بدعات کی غرض سے انجام دیں یہاں اس لئے کیا گیا کہ روافض نے حادثۂ کربلا سے تقریباً ایک صدی بعد جو مزارات و منازل وعمارات وہاں بنالی تھیں قبروں پر نذریں اور چادریں چڑھائی جاتی تھیں، قبر پرستی کی مشرکانہ بدعتیں کی جاتی تھیں۔ منتیں مانی جاتی تھیں صاحب قبر سے التجائیں کی جاتی تھیں، مجاور جلب منفعت کی خاطر ایسے ایسے معجزات اور غرایب صاحب قبر کے بیان کرکے جو انبیائے کرام سے بھی منسوب نہیں کئے گئے جن کا قدرے ذکر ابھی ہوا۔ عوام کے مذہبی عقاید خراب کر رہے تھے حامی سنت امام المسلمین نے اپنے فرائض منصبی کی ادائیگی میں اور اسلام کے بنیادی عقیدے توحید و رسالت کو مشرکانہ توہمات سے پاک رکھنے کی خاطر تمام مزارات کو جو مدت مدید گذر جانے کے بعد بنائے گئے تھے مع دیگر منازل وعمارتوں کے انہدام کا حکم دے دیا۔ شیعہ مورخ ابن جریر طبری نے ۲۳۶ھ کے کوائف کے سلسلہ میں حکم انہدام کو اِن الفاظ میں بیان کیا ہے :۔

فیہا ۲۳۶ھ امر المتوکل بھدم قبر الحسین بن علی وھدم ما حولہ من المنازل والدور وان یحرث ویبذر ویسقی موضع قبرہ وان یمنع الناس من اتیانہ فذکر ان عامل صاحب الشرطۃ نادی فی الناحیۃ من وجدناہ عند قبرہ بعد ثلاثۃ بعثنا ہ الی المطبق فھرب الناس وامتنعوا من المصیر الیہ و یحرث ذلک الموضع وزرع ما حوالیہ (طبری ج ۱۱ ص ۴۴)

اور اس سال (۲۳۶ھ) میں (امیر المومنین) المتوکل (علی اللہ عباسیؒ) نے حکم دیا کہ حسین بن علیؓ کی قبر ڈھادی جائے اور اس کے آس پاس کی سراؤں اور مکانوں کو منہدم کر دیا جائے اور اس مقام پر جتائی بوائی اور آبپاشی کی جائے لوگوں کو وہاں جانے سے منع کیا جائے کہتے ہیں کہ پولیس افسر نے اس نواح میں اس کی منادی کرادی تھی کہ جو کوئی ان کی قبر کے پاس تین دن کے بعد پایا گیا قید خانے بھیج دیا جائیگا اس لئے لوگ وہاں سے بھاگ کھڑے ہوئے اُدھر جانے سے روک دئے گئے اور اس مقام پر جتائی کرادی گئی اور اس حوالی میں زراعت ہوتی رہی۔

شیعہ مورخ کے اسی بیان کو علامہ ابن کثیر نے بعینہٖ الفاظ نقل کر دیا ہے نیز دوسرے

مورخین نے بھی امیرالمومنین کے اس حکم کو جو عوام کو قبر پرستی اور مغالاۃ فی البشر سے باز رکھنے کی خاطر خدمتِ دین اور تحفظ عقیدہ توحید خالص کے اسی جذبہ صادقہ سے دیا گیا تھا جس سے خود ہمارے زمانہ میں سلطان ابنِ سعود نے جنت البقیع کے قبوں اور مزاروں کو منہدم کرا دیا تھا۔ شیعہ مورخین و مصنفین نے بالکل ہی دوسرا رنگ دیا ہے اور کہا ہے کہ حضرت علیؓ و حسینؓ سے نفرت اور دشمنی کی وجہ سے ایسا کیا گیا تھا۔ بعض شیعہ مولفین نے تو قبر علیؓ کے منہدم کرانیکا بے بنیاد

سلہ پروفیسر حتی نے انہدام مقبرہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ کربلائی قبور کے منہدم کرانے کی وجہ سے شیعوں کو خلیفہ المتوکل سے دائمی نفرت ہو گئی ہے۔ چنانچہ طرح طرح کے بہتان اس حامی سنت متبع شریعت وراسخ العقیدہ عباسی خلیفہ پر تراشے گئے۔ یہاں تک لغو بیانی کی گئی کہ ایک مسخرے کو جس کی توند نکلی ہوئی تھی انھوں نے حضرت علیؓ کی نقلیں اتارنے پر مقرر کیا تھا اور یعقوب بن سکیت شاعر و ادیب کو جو ان کے صاحبزادوں کو ادبیات کی تعلیم دیتا تھا محض اس بنا پر مروا ڈالا تھا کہ وہ حضرات حسنینؓ پر فرزندانِ خلیفہ کو ترجیح دینے سے منکر تھا۔ یہ سب بے بنیاد اتہامات ہیں۔ ابن سکیت مسلکاً غالی رافضی تھا اسی نے مندرجہ ذیل شعر کہے تھے جن میں جد خلفائے بنی عباس حضرت عبداللہ بن عباسؓ صحابی وابن عم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معاً ہجو کی گئی تھی یہ رافضی شاعر کہتا ہے کہ :-

تاللہ ان کانت امیہ قد أتت خدا کی قسم اگر بنی امیہ نے	قتل ابن بنت نبیہا مظلوما نبی کے نواسہ کو مظلوم قتل کر دیا
فلقد اتاہ بنو ابیہ بمثلہ تو ان کے دادا کی اولاد نے (بنی عباسؓ نے) بھی تو ایسا ہی ظلم کیا۔	ھذا لعمرك قبرہ مهدوما کہ ان کی قبر ہی کو کھدوا ڈالا
اسفوا علی ان لا یکونوا شارکو بنی عباسؓ کو تو اسی کا افسوس تھا کہ ان کے (حسینؓ کے) قتل کرنے میں شریک نہ ہو سکے تھے	فی قتلہ فتتبعوا رمیما تو انھوں نے ان کی ہڈیوں ہی پر دھاوا بول دیا

ابن سکیت کو تو اس خبیثانہ بہتان تراشی کی سزا ملی تھی نہ کہ ان خرافات کی پاداش میں جو رافضی راویوں نے وضع کی ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے تو جیسا شیعہ مورخین نے بھی بیان کیا ہے حضرت حسینؓ کو خروج کرنے سے بار بار اور باصرار منع کیا تھا اپنے ارادہ سے جب وہ کسی طرح باز نہ آئے تو آخر میں یہ عاقلانہ مشورہ دیا تھا کہ اپنے بیوی بچوں کو ساتھ نہ لیجیا؛ ایسا نہ ہو کہ قتل ہو جاؤ اور بیوی بچے تمہارے اسی طرح تکتے کے تکتے رہ جائیں جیسے عثمانؓ کے بیوی بچے تکتے رہ گئے تھے شیعہ مورخ طبری ہی نے لکھا ہے کہ کربلا میں جب انھیں اپنے چچا

(بقیہ نوٹ صفحہ ۱۳۲ پر)

الزام بھی عاید کیا ہے حالانکہ جیسا پچھلے اوراق میں بوضاحت بیان ہو چکا امیر المومنین المتوکل علی اللہ عباسیؒ کے عہد سے تقریباً سوا سو برس بعد حضرت علیؓ کی یہ معروف نجفی قبر بنی بویہ کے زمانہ امیر الامرائی میں دریافت ہوئی تھی۔ قبر کا جب وجود ہی نہ تھا تو انہدام کیسا؟ ہمعصر شیعہ مورخ ابن جریر طبری نے جو عہد متوکلیہ میں پچیس برس کی عمر کے بعداد میں سکونت پذیر تھے قبر علیؓ کے انہدام کا اشارۃً وکنایۃً بھی کوئی ذکر نہیں کیا۔ دوسرے شیعہ مورخ مسعودی متوفی ۳۴۶ھ امیر المومنین موصوف کے بارے میں کہتے ہیں کہ وہ بہت متواضع ومتین سلیم الطبع تھے مخلوق کی حاجت روائی غایت درجہ کرتے، مناقشات وتشدد مذہبی کا خاتمہ کر دیا تھا۔

كان سليماً مجيباً الى الغاية رفع المحنة ومنع الجدل فى الدين

(کتاب التنبیہ والاشراف ص۳۶۳ مطبوعہ بریل ۱۸۹۳ء) شیعوں پر تشدد کرنے کا جو الزام روافض نے لگایا محض بے اصل ہے۔ صرف ان ہی خبیثوں کو سزا دی گئی تھی۔ جو شیخین السدین واکابر صحابہ وامہات المومنین کی بدگوئی کا ارتکاب کیا کرتے تھے ورنہ تمام رعایا کے ساتھ شفقت ومہربانی اور نرمی کا برتاؤ کرتے۔ مولف کتاب فوات الوفیات نے وزیر المہلبی کا یہ قول نقل کیا ہے کہ خود امیر المومنین ہی نے ایک موقع پر فرمایا تھا کہ مجھ سے پہلے خلفاء رعایا کو اطاعت میں رکھنے کے لئے سختی کا برتاؤ کرتے تھے۔ وانا الين لهم ليحبوني وليطعوني (ص۱۳۲) میں تو ان کے حق میں بہت ہی نرم ہوں تاکہ الفت مجھ سے کریں اور مطیع رہیں۔ خلیفہ موصوف جیسے متبع شریعت اور نرم مزاج امیر المومنین کا

(بقیہ نوٹ، صفحہ ۱۳۱ کا) یہ نیک مشورہ یاد آیا حسرت سے کہنے لگے لا يبعد ابن عباس (ابن عباس نے کیا اچھی بات کہی تھی) پھر حضرت حسینؓ کے اس غلط اقدام کی اہل خاندان کی اکثریت نے شدید مخالفت کی تھی حتی کہ ان کی بہن زینب کے شوہر عبد اللہ بن جعفر طیارؓ سے جو امیر المومنین یزید کے خسر تھے علیحدگی ہوگئی تھی شیعہ مؤلف عمدۃ الطالب کا بیان ہے کہ عمر الاطراف برادر حسین نے حادثہ کربلا کا حال سنکر ہی تو کہا تھا کہ حسین نے مجھ پر زور ڈالا تھا کہ ساتھ چلوں مگر میں تو جوان ہوں ان کے خروج میں ساتھ دیتا تو میں بھی مارا جاتا ان کے دوسرے بھائی محمد بن علی (ابن الحنفیہ) کا موقف تو سب پر روشن ہے باوجود بار بار اصرار کے عاقبت نااندیشانہ خروج کی طرح ساتھ نہ دیا خلیفہ وقت کی بیعت میں شامل رہے اس رافضی شاعر نے سیاسی [illegible] سب خروج میں شامل نہ ہونے کو جس جسارت بدگوئی میں پیش کیا ہے [illegible] اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی [illegible] [illegible] پائی تھی۔

یہ حکم کہ کربلا میں جو مزارات سرائیں اور مکانات تقریباً سو برس کی طویل مدت گذر جانے پر بنا لیے گئے تھے ان کو منہدم کرا دیا جائے صاحب قبر سے نفرت اور دشمنی کی بنا پر تو ہرگز نہ تھا بلکہ قبر پرستی اور مشرکانہ بدعات سے نفرت اور دشمنی کی وجہ سے تھا اور وہ بھی باتباع احکام شریعت اور آئمہ اہل سنت کے مشورے سے اوپر ذکر آچکا ہے کہ امام احمد بن حنبلؒ سے مشورہ کئے بغیر ان معاملات میں کوئی حکم نہ دیتے حتیٰ کہ قاضیوں کے تقرارات میں بھی مشورہ لیتے۔ امام موصوف کی وفات حکم انہدام سے پانچ چھ برس بعد ۲۴۱ھ میں ہوئی تھی یعنی جب مشرکانہ بدعات کا خاتمہ کرنے کے لئے اس حکم کا نفاذ ۲۳۶ھ میں کیا گیا امام موصوف امیرالمومنین ہی کے پاس رہتے تھے اور ان کے مذہبی و شرعی مشیر تھے۔

ائمہ اہل سنت نے تین خلفائے اسلام کے نام یکے بعد دیگرے اس سلسلے میں لئے ہیں کہ اپنے اپنے وقت میں انھوں نے ارتداد و بدعات کے طوفان کا کامیابی سے مقابلہ کیا یعنی اول حضرت ابوبکر الصدیقؓ کا پھر خلیفہ عمر بن عبدالعزیز اموی کا اور تیسرے امیرالمومنین المتوکل علی اللہ عباسیؒ کا۔ کیونکہ آخر الذکر نے بقول صاحب فوات الوفیات بدعتیں مٹائیں اور سنت کو فروغ دیا (المتوکل محا البدع واظهر السنة (ایضاً ص۱۳۷)

سلطان ابن سعود نے ہمارے زمانہ میں حضرت عباسؓ عم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قبہ کو منہدم کر دیا۔ جو "قبۂ اہل بیت" کہلاتا تھا اور اسی قبے میں حضرت حسنؓ و علی بن حسین و محمد (الباقر) و جعفر (الصادق) وغیرہ بھی مدفون ہوئے تھے۔ یہ انہدام صاحب قبہ حضرت عباسؓ سے معاذ اللہ کسی نفرت کی وجہ نہیں بلکہ رد بدعات کی بنا پر منہدم کرایا خلیفہ موصوف کے زمانہ میں اگر ان کے جد اعلیٰ کے قبے میں ایسی ہی مشرکانہ بدعتیں ہوتیں جو کربلائی قبور پر ہوتی تھیں کہ باوجود ممانعت کے لوگوں کا وہاں اجتماع ہوتا صاحب قبر سے التجائیں کرتے منتیں مانتے چڑھاوے چڑھاتے تو اس قبے کے ساتھ بھی وہی کچھ کرتے جو سلطان ابن سعود نے کیا۔ غرض و مقصد مشرکانہ بدعات کو روکنا تھا نہ کہ صاحبان قبر سے کسی عناد و دشمنی کا مظاہرہ۔ خاندانی قرابت اور رشتے کے تعلق سے حضرت علیؓ و حسینؓ بھی تو انہی کے بزرگ تھے۔ خلیفہ موصوف کے متعدد دادیاں پردادیاں علویہ و حسنیہ و حسینیہ خواتین تھیں پھر خلیفہ موصوف ہی کی چچیری بہن سیدہ ام الفضل بنت خلیفہ مامون الرشید تھیں جو امامیہ کے نویں امام محمد بن علی الرضا کی زوجہ محترمہ تھیں۔ ان عباسیہ خاتون کے حسینی نسب شوہر کا عین عالم شباب میں کہ پچیس برس تین مہینے بارہ

دن کی عمر تھی جب انتقال ہوا خلیفہ المتوکل علی اللہ کے بھائی ہارون بن امیر المومنین المعتصم باللہ نے نماز جنازہ پڑھائی اور امیر المومنین نے ... بھتیجی اور ان کے اکلوتے خورد سال یتیم فرزند علی بن محمد بن علی الرضا کو اپنے ہی پاس رکھا اور کچھ عرصہ بعد سیدہ ام الفضل کا نکاح ثانی عباسی خاندان میں داؤد بن داؤد بن علی السجاد بن عبداللہ بن عباسؓ کے پروتے سے ہو گیا محمد بن علی الرضاؒ کے اس یتیم فرزند علی کو ان کی دادی ام ایبہا خواہر حقیقی جناب علی الرضاؒ کے آغوش محبت میں پرورش کے لئے دیدیا گیا جن کے بوجہ ناکتخدا رہنے کے کوئی اولاد نہ تھی ۲۳۳ھ میں ام ابیہا نے وفات پائی۔ امیر المومنین المتوکل علی اللہ نے اپنے اس بھانجے کو جو اس وقت پندرہ سولہ سال کے تھے اور بعض امامیہ اپنا دسواں امام کہتے ہیں مدینہ سے اپنے پاس سامرہ بلا لیا (طبری ج۱۱ صـ۲۱) جہاں وہ عباسی خلفاء کے عزیز قریب کی حیثیت سے بعطائے گرانقدر وظیفہ آرام و آسائش کی زندگی بسر کرتے رہے ۲۵۴ھ میں بعمر چالیس سال انتقال کیا خلیفہ المتوکل علی اللہ کے فرزند ابو احمد نے نماز جنازہ پڑھائی (البدایہ ج ۱۱ صـ۱۱) اور سامرہ کے قصر شاہی کے متصل میدان میں دفن ہوئے قرابت و محبت کے ان تعلقات کے ہوتے ہوئے دشمنی و عناد کے بہتانوں کی کیا حقیقت ہو سکتی ہے جو روافض نے تراشے ہیں۔[1] امام المسلمین کی حیثیت سے جو ذمہ داری ان پر عائد تھی۔

---

[1] خلیفہ مامون الرشید کے داماد علی الرضا کی ۲۰۳ھ میں جب وفات ہوئی تھی ان کے بیٹے محمد جو سات سال کے تھے خلیفہ موصوف نے اس یتیم بچے کو آغوش محبت میں لے لیا ناز و نعم سے پرورش کیا سن بلوغ کو پہنچے پر ۲۰۵ھ میں کرائیں۔ بیس برس کی عمر تھی اپنی نور دیدہ ام الفضل سے ان کی شادی کر دی۔ فکفله المامون العباسی ورباہ وزوجہا بنتہ ام الفضل (قاموس التراجم ج صـ۱۵۱) کہتے ہیں کہ نکاح پہلے ہو گیا تھا رخصتی ۲۱۵ھ میں ہوئی۔ ایک کروڑ سالانہ کا بیش بہا وظیفہ مقرر کیا (منہاج السنہ ج صـ۱۲۱) ۔ ۲۱۵ھ کے آخر میں شہزادی ام الفضل کے بطن سے بیٹا ہوا جس کا نام اپنے والد کے نام پر علی رکھا۔ یہ دونوں باپ بیٹے علی و محمد جنہیں امامیہ اپنا امام مانتے اور علی الہادی و نقی اور محمد الجواد کہتے ہیں اپنے ذ ... کی وفات کے وقت محمد جو سات برس کے بچے تھے روافض نے یہ کہکر کہ دونوں بچے اللہ تعالے کے مقرر کردہ امام ہونے کی وجہ سے ظاہری و باطنی تمام علوم میں بچپن ہی سے دستگاہ کامل رکھتے تھے حد درجہ لغو اور مہمل روایتیں ان کذب بیانیوں کے اظہار میں وضع کی ہیں کہ عباسی خلفاء نے ان دونوں کو جنہیں اولاد کی طرح محبت و شفقت سے پالا پرورش کیا تھا اور ایک کو اپنی دامادی کا شرف بھی عطا کیا تھا زہر دلوا کر مروا ڈالا تھا چنانچہ ملا باقر مجلسی نے متعدد شرمناک روایتوں سے اپنی کتاب جلاء العیون کے اوراق سیاہ کئے ہیں اور صرف اتنی سی بات کہنے کے لئے کہ محمد الجواد کے یہ فرزند علی ان کی زوجہ محترمہ سیدہ ام الفضل بنت مامون الرشید کے بطن سے نہ تھے کسی اور عورت کے پیٹ سے تھے یہ بکواس کی ہے کہ محمد مذکور کو اپنی زوجہ سے انحراف تھا جس کی شکایت شہزادی نے اپنے والد خلیفہ مامون الرشید سے کی۔

(نوٹ۔ بقایا صفحہ ۱۳۵ پر)

خلیفہ موصوف نے مغالاۃ فی البشر اور مشرکانہ بدعات سے عوام کو بچانے کی کوششیں کیں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تو اپنی ذات اقدس کے بارے میں غلو کرنے سے امت کو بالفاظ واضح منع فرمایا تھا ارشاد مبارک ہے کہ :-

لا تطروني كما اطرت النصارى ابن مريم فانما عبد فقولوا عبد الله ورسوله	دیکھو تم لوگ میری ذات کے بارے میں غلو نہ کرنا جیسا ابن مریم (عیسیٰ) کے بارے میں نصاریٰ کرتے ہیں میں تو اسی کا بندہ ہوں پس کہا کرو اللہ کے بندے اور اس کے رسول۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے روافض کے غلو کا ذکر کرتے ہوئے جو اپنے آئمہ کی شخصیتوں کے بارے میں کرتے ہیں کہ ان کی قبروں اور مشاہد کی زیارت کو بھی حج کعبہ پر ترجیح دیتے ہیں

(بقایا نوٹ صفحہ ۱۳۴ کا) خلیفہ نے تلوار اٹھائی اور چار آدمیوں کی مدد سے اپنے محبوب داماد کے جس کو بچپن سے آغوش محبت میں پالا تھا ٹکڑے کر دیئے مگر صبح کو جب معلوم ہوا کہ داماد زندہ اور صحیح سلامت ہے بیس ہزار اشرفیاں بھی عطا کیں پھر کہا ہے خلیفہ موصوف کے بھائی خلیفہ المعتصم باللہ نے "شربت حماض" میں زہر ملوا کر غلام کے ہاتھ سے محمد مذکور کو پلوا دیا جس سے ہلاک ہو گئے دوسری روایت میں ہے کہ معتصم باللہ نے بھتیجی کو اپنے شوہر کے قتل کرنے پر راضی کر لیا ان ہی کے ہاتھ سے انگوروں میں زہر ملوا کر انہیں کھلوا دیئے لیکن ابن شہر آشوب کی جو روایت ملا صاحب نے آخر میں لکھی ہے وہ انتہائی سفلہ پن خباثت دکمینگی سے وضع کی گئی ہے یعنی شہزادی ام الفضل نے اپنے شوہر کے مار ڈالنے کی یہ انوکھی ترکیب کی جو کسی گھٹیا کے گندے دماغ کی تراشیدہ ہے یعنی "ہنگام مقاربت آں طونہ دستمال زہر آلودے با آنحضرت داد (صفحہ ۶۹) یعنی مقاربت کے وقت زہر سے آلودہ دستمال شوہر کو دیدیا جس سے جسم میں زہر پہنچ کر باعث ہلاکت کا ہوا۔ یہ ہے ادنیٰ نمونہ ان خرافات کا جس سے عباسیوں کی دشمنی دعناد کا ثبوت دیا گیا ہے۔ یہ علی الہادی یا علی النقی جیسا بعد میں شیعوں نے ملقب کیا خلافت عباسیہ کے وظیفہ خوار کی حیثیت سے سامرہ میں اپنے ماموں خلیفہ المتوکل علی اللہ کی شفقت میں رہے اور پھر ان کے دونوں بیٹے حسن اور جعفر بھی وہیں رہے ان بزرگواروں میں سے کسی نے انقلابی جماعت سے کوئی واسطہ نہ رکھا تھا بعض علوی جو خروج و بغاوت کیے گرفتار ہوتے یا مارے جاتے لیکن عباسی اور علویوں کی خاندانی قرابتیں بدستور تھیں بلکہ اسی زمانہ میں ابوالعباس عبداللہ بن المعتز باللہ نے یہ تجویز کی تھی جیسا ان کے علوی دوست ابوالحسین محمد بن الحسن العلوی کا قول محمد بن یحییٰ الصولی نے اپنی کتاب میں نقل کیا ہے کہ کوئی طالبی سوائے عباسیہ کے شادی نہ کرے اور کوئی عباسی بغیر طالبیہ کے تاکہ دونوں گھرانے یک جان رہیں قال لا ادع طالبیا یتزوج بغیر عباسیة ولا عباسی بغیر طالبیة حتى يصير واشيئا واحد.
(کتاب الاوراق الصولی صفحہ ۱۰)

لکھا ہے کہ:۔

وقد ثبت فی الصحاح عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہ قال لعن الیھود والنصاریٰ اتخذوا قبور انبیائہم مساجد یحذر مافعلوا وقال قبل ان یموت بخمس ان من کان قبلکم کانوا یتخذون القبور مساجد الا فلا تتخذوا القبور مسلجد فانی انہاکم عن ذٰلک (رواہ مسلم) وقال اللّٰھم لا تجعل قبری وثنا یعبد اشتد غضب اللہ علی قوم اتخذوا قبور انبیائہم مساجد (رواہ مالک فی الموطا) منہاج السنۃ ج ۱ ص۱۳۱)	صحاح میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشادات سے ثابت ہے۔ آپ نے فرمایا اللہ کی لعنت ہو یہود ونصاریٰ پر انھوں نے اپنے نبیوں کی قبروں کو سجدہ گاہ بنالیا وہ جو فعل کرتے ہیں اس سے بچو اور پانچ دن قبل اپنی رحلت کے فرمایا تھا کہ تم سے پہلے لوگوں نے قبروں کو سجدہ گاہ بنالیا تھا دیکھو تم قبروں کو سجدہ گاہ نہ بنانا میں تمھیں اس فعل سے منع کرتا ہوں (رواہ مسلم) اور فرمایا اور میری قبر کو بت نہ ہونے دینا کہ لوگ پوجیں اللہ کا شدید غضب اس قوم پر ہوگا جو اپنے نبیوں کی قبروں کو سجدہ گاہ بنالیں۔ (رواہ مالک فی الموطا)

مولانا حالی نے آنحضورؐ کے ارشاد کو یوں ادا کیا ہے:۔

بنانا نہ تربت کو میری صنم تم — نہ کرنا میری قبر پر سر کو خم تم
نہیں بندہ ہونے میں کچھ مجھ سے کم تم — کہ بیچارگی میں برابر ہیں ہم تم

مجھے دی ہے حق نے بس اتنی بزرگی
کہ بندہ بھی ہوں اس کا اور ایلچی بھی[۱]

شیخ الاسلام موصوف اسی سلسلے میں فرماتے ہیں کہ حضرت عمر فاروقؓ اور دیگر صحابہ متعدد بار ملک شام تشریف لے گئے تھے فتح بیت المقدس کے موقع پر اہل ذمہ کے جزیہ کے معاملہ میں پھر مقام سرغ تک لیکن ان میں سے کوئی صاحب ابراہیم خلیل اللہ کی قبر کی زیارت کے لئے نہیں گئے۔ لم یکن احدھم یقصد السفر الی قبر الخلیل (ایضاً ص۱۳۲)۔ اور نہ اُن کی قبر پر کوئی قبہ بنا تھا اور نہ نبیوں کی قبروں کی زیارتیں عہد صحابہ وتابعین بلکہ اس

---

[۱] یہ اشارہ آیت شریفہ قل انما انا بشر مثلکم یوحیٰ الیّ کی جانب۔

کے بعد کے زمانوں تک مشتہر کرنے کا پروپگنڈا کیا گیا تھا۔

ملا باقر مجلسی نے اپنی اسی کتاب جلاء العیون میں حضرت حسینؓ کی مفروضہ قبر کے معجزات کے بارے میں ایک خاص باب اس عنوان سے قائم کیا ہے "ان معجزوں اور کرامتوں کے بیان میں جو مرقد مطہر و تربت آنحضرت کے قریب ظاہر ہوئے" اور اس کے تحت فلسکیپ سائز کے پورے چھ صفحے بعید از قیاس خرافات، لچر و پوچ کہانیوں اور من گھڑت افسانوں سے یہ ظاہر کرنے کے لئے سیاہ کر ڈالے ہیں کہ میدانِ کربلا کی اور توسیع زمین کو ہل چلا کر مزروعہ کر لیا گیا تھا مگر حضرت موصوف کی کرامتوں کی بدولت قبر کی جگہ محفوظ رہی۔ متعدد روایتوں میں بیان ہوا ہے کہ فرشتے قبر کی حفاظت کر رہے تھے۔ انبیائے کرام زیارت کے لئے آتے رہتے تھے چنانچہ ایک روایت میں بیان ہوا ہے کہ حضرت موسیٰؑ ستر ہزار فرشتوں کے جلو میں زیارت کی غرض سے آئے تھے جس کی وجہ سے ایک غریب زائر کو موقع زیارت بمشکل مل سکا تھا (ص۲۴۵) دوسری روایت میں جبرئیل و میکائیل کی ہمراہی میں حضرت ابراہیم خلیل اللہ اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مع گروہ ملائکہ بغرض زیارت قبر حسین پر تشریف لانا بیان کیا گیا ہے نیز حضرت علی و فاطمہؓ کے تشریف لانے اور زائرین کو بہشت کے داخلے کی پرچیاں تقسیم ہونے کی روایت بھی بیان کی گئی ہے چونکہ لوگوں کو خلیفہ نے زیارت کی ممانعت کرا دی تھی اس لئے ایک زائر کا قصہ بیان کر کے اس کے منہ سے ہی کہلوا دیا ہے کہ باوجود حکم امتناعی میں زیارت ہرگز ترک نہ کروں گا وہ کہتا ہے:-

من زیارت آنحضرت و تعظیم او را ہرگز ترک نکنم زیرا کہ موضع کہ خلیل خدا و حبیب خدا و جبرائیل و میکائیل و ملائکہ مقربین قصد زیارت آں نمایند سزاوار است کہ مردم رغبت نمایند در زیارت و تعظیم آں۔
(جلاء العیون ص۲۵۰)

میں تو آنجناب کی زیارت اور تعظیم کو ہرگز ترک نہ کروں گا کیونکہ یہ تو وہ مقام عالی ہے کہ حضرت خلیل اللہ اور حضرت حبیب خدا (محمد مصطفےٰ) نیز جبرائیل و میکائیل اور ملائکہ مقربین اس کی زیارت کا قصد فرماتے ہیں اس لئے وہ سزاوار و مستحق ہے کہ لوگ رغبت زیارت اور تعظیم اس کے لئے ظاہر کریں۔

یہ باتیں تو ترغیب زیارت کی غرض سے کہی گئیں اب دو چار معجزے اور کرامتیں بھی سن لیجئے۔ ایک روایت میں فرماتے ہیں کہ ہل چلانے والا جب اپنے بیلوں کو تربت کی

جانب ہانکتا وہ ایسا اَڑ کے کھڑے ہو جاتے کہ کتنا ہی ٹک ٹک کرتا آنکس مارتا وہ ٹس سے مس نہ ہوتے ڈنڈا مارتے مارتے اس کے ہاتھ سے ریزہ ریزہ ہو جاتا مگر ہل کے بیل ضریح مبارک کی جانب ایک قدم بھی نہ اُٹھاتے۔ جتائی کرانے پر جو شخص مامور تھا اس کے مُنہ سے یہ فقرہ کہلوا دیا ہے "من عصا را بدست خود گرفتم و آنقدر گاؤ را زدم کہ ریزہ ریزہ شد و گام برنہ داشتند" حضرت کی قبر کے علی حالہ موجود ہونے کا اس سے زیادہ کیا ثبوت ہو سکتا ہے کہ بیل بھی تعظیماً رک کر کھڑے ہو جاتے ایک قدم بھی اس جانب نہ اُٹھاتے۔ ہل والا یا قسمت کا مارا کوئی مزدور تھکا ماندہ وہاں بیٹھ جاتا اس کے قرب میں رفع حاجت کر لیتا وہ اور اُس کی سات پشت کوڑھی اور پاگل ہو جاتی۔ ملّا صاحب فرماتے ہیں:۔

مردے نزدیک قبر آں حضرت حدثی کرد او و اہلبیت او دیوانہ شدند و بجذام و پیسی مبتلا گردیدند و تا امروز اولاد ایشاں بجذام و پیسی مبتلا یند۔
(ایضاً ص۲۵۲)

ایک شخص نے اُن حضرات کی قبر کے نزدیک رفع حاجت کر لی تھی تو وہ اس کی زوجہ (اہلبیت) دونوں پاگل اور جذام و کوڑھ میں مبتلا ہو گئے اور آج تک ان کی اولاد جذام اور کوڑھ مبتلا چلی جاتی ہے۔

اسی طرح کی اور کرامتیں بیان ہوئی ہیں مگر وہ جو کہتے ہیں دروغ گو را حافظہ نہ باشد ایک روایت میں بیان ہوا ہے کہ قبر ہی زمین پر باقی نہ رہی تھی آسمان اور زمین کے درمیان ہوا میں معلق ہو گئی تھی۔ ملّا صاحب سے یہ ماجرا سنئے فرماتے ہیں کہ:۔

چوں متوکل[1] حکم کرد کہ آب بقبر آنحضرت ببندند و قبر را شخم کنند زید و بہلول مجنون[2] رفتند بصحرائے کربلا و دیدند کہ قبر در میان زمیں

جب متوکل[1] نے حکم دیا کہ ان حضرت کی قبر پر پانی چھوڑ دیا جائے اور اس پر ہل چلایا جائے اور اس پر ہل چلایا جائے زید اور بہلول

[1] یہاں امیر المومنین کی بدگوئی میں جو لفظ تحریر کیا تھا حذف کر دیا گیا۔
[2] بہلول دیوانہ کے متعلق ملّا صاحب فرماتے ہیں کہ وہ مذہباً شیعہ تھے مصلحت وقت سے تقیہ میں اظہار دیوانگی کا اس لیے کیا کرتے تھے کہ جو سچی بات ہو بلا خوف کہہ دیں دیوانگی کی وجہ سے کوئی معترض نہ ہو وہ مصر میں تھے اور انہدام قبر کی خبر ان کو مصر میں ملی تھی وہاں سے بادیدہ گریاں و دل بریاں کوفے آئے اور کوفے سے زید کو ساتھ لے کر کربلا گئے تھے۔ مصر میں خبر پہنچے تو وہاں سے بہلول کو آنے اور کوفہ ہو کر کربلا پہنچنے میں کئی مہینے ضرور لگ گئے ہوں اس عرصے میں انہدام کے بعد جتائی بوائی بھی ہو گئی ہوگی۔ شاید اسی وجہ سے قبر ان حضرات نے زمین پر نہ پائی ہوا میں معلق دیکھی گویا زمین پر قبر کا وجود باقی نہ رہا تھا۔

وآسمان درہوا ایستادہ است۔ دیوانہ صحرائے کربلا میں پہنچے دیکھا کہ قبر زمین اور
(ایضاً ص۲۵۲) آسمان کے درمیان ہوا میں کھڑی ہے۔

میدان کربلا کو ۳۱۳ھ میں مزروعہ کیا گیا تھا اس وقت سے ۳۷۰ھ تک کہ تقریباً سوا سو برس کی مدت ہوتی ہے اس میدان کے قبرستان میں منتقل کئے جانے کا ثبوت تاریخ سے نہیں ملتا۔ عضد الدولہ فنا خسرو دیلمی نے جیسا مؤلف نزہتہ القلوب نے بھی تصریح کی ہے مشہد حسینی تعمیر کرایا تھا نجفی مشہد کی طرح کربلائی مشہد بھی بنی بویہ ہی کی یادگار ہے۔ چوتھی صدی ہجری کے اواخر میں ان مشاہد کا صوبہ عراق میں قایم ہونا فروغ رفض کے لئے اکسیر ثابت ہوا ہے۔ عراقی مشاہد کے تقدس و عظمت کا شیعی دنیا میں وہی درجہ قرار پایا جو اسلامی دنیا میں حرمین شریفین کا رہا ہے۔ نجف اور کربلا کا زائر جس نوعیت سے مشہدی و نجفی و کربلائی کہلایا۔ ان کو شیعہ سوسائٹی میں جس احترام و محبت سے دیکھا گیا وہ مرتبہ مکہ معظمہ و مدینہ منورہ سے واپس آنے والے مسلمان حاجی کو اسلامی سوسائٹی نے آج تک نہیں دیا کیونکہ بہشت کا پروانہ اور مغفرت کا سرٹیفکٹ جیسا آپ پچھلے اوراق میں ملاحظہ کر چکے ہیں مشہدی نجفی و کربلائی زائر کو ملتے ہیں نہ کعبہ کے حاجی اور مدینۃ النبی کے زائر کو۔

تاریخی واقعات شاہد ہیں کہ بنی بویہ کے سیاسی اقتدار اور جارحانہ تشیع کی بدولت نہ صرف نجفی و کربلائی مشاہد شیوع اسلام کے چار سو برس بعد سے ترفض و تشیع کے مرکزی حیثیت سے ابھرے بلکہ اس فرقہ کے مذہبی لٹریچر کی ابتدا بھی اسی زمانہ سے ہوئی۔ عقیدۃ الشیعہ کے مؤلف لکھتے ہیں ستدوین احادیث الشیعہ فی ابتداء الامر علی زمن البویھیین ثم علی زمن الصفویین یعنی کتب احادیث الشیعہ کے تدوین کی ابتداء بویہ کے زمانہ سے ہوئی پھر صفویوں کے عہد میں ہوئی۔ چنانچہ کتب احادیث شیعہ وغیرہ کے سب سے پہلے مؤلفین سب اسی عہد کے ہیں یعنی محمد بن یعقوب کلینی متوفی ۳۲۹ھ و ابوجعفر القمی متوفی ۳۸۱ھ جامع احادیث شیعہ و محمد بن علی بن حسین طوسی متوفی ۴۶۰ھ وغیرہم ان کی تالیفات سے قبل شیعہ مذہب کی کتابیں جداگانہ حیثیت سے نہ تھیں۔ یہ چار کتابیں ہی تو متقدمین علمائے شیعہ کی معتمد علیہا تھیں۔ الکافی و کتاب الاستبصار و کتاب تہذیب و کتاب من لا یحضرہ الفقیہ بنی بویہ کے عہد کی ہیں شیخ صدوق کی تقریباً تین سو تصانیف بتائی جاتی ہیں گویا عہد بویہی میں شیعہ مذہبی لٹریچر مرتب و مدون ہوا کتاب نہج البلاغہ بھی بنی بویہ ہی کے زمانہ امیر الامرائی کا

شاہکار ہے جس کا مختصراً ذکر آگے آتا ہے۔

تصنیف نہج البلاغۃ

مصنف اس کتاب کا صحیح طور سے متعین نہیں۔ عمدۃ الطالب کے شیعہ مؤلف نے ابوالحسن محمد بن حسین موسوی لقب الشریف الرضی متوفی ۴۰۶ھ کو جن کا مختصر تذکرہ پچھلے اوراق میں آیا ہے مصنف اس کتاب کا بتایا ہے۔ ان کی مصنفہ آٹھ کتابوں کی تفصیل ولہ من التصانیف پیش کرتے ہوئے تیسرے نمبر پر کتاب نہج البلاغہ کا نام لکھا ہے[1] بعض مورخین و مصنفین نے ان کے بڑے بھائی علی بن حسین موسوی لقب الشریف المرتضٰی کو بھی اس کتاب کی تصنیف میں شریک بتایا ہے دوسرے مورخین مصنفین مثلاً مولفین وفیات الاعیان (ابن خلکان) وکشف الظنون نیز علامہ ابن کثیرؒ والذہبی نے شریف مرتضٰی متوفی ۴۳۶ھ کو نہج البلاغہ کا مصنف کہا ہے شریف مرتضٰی کو بھی اپنے چھوٹے بھائی کی طرح عربی ادبیات میں بلند پایہ حاصل تھا نیز بڑے غالی اور کٹر رافضی تھے۔ شیعہ مذہب کے اصول و فروع پر ان کی تصانیف بھی تھیں بقول علامہ ابن کثیرؒ ان کے کلام سے ابن جوزی نے وہ کلمات چھانٹ لئے تھے جو اجلۂ صحابہ حضرت ابوبکرؓ حضرت عمرؓ وحضرت عثمانؓ وغیرہم نیز امہات المومنین سیدہ عائشہ صدیقہؓ و سیدہ حفصہؓ کی مذمت و تکفیر میں لکھے تھے انہی ابن جوزی کی روایت سے ابوالقاسم بن برہان کا واقعہ بھی علامہ ابن کثیرؒ نے نقل کیا ہے وہ کہتے ہیں شریف مرتضٰی کے آخر وقت میں ان کے پاس تھا دیوار کی جانب ٹکٹکی باندھے کہہ رہے تھے لوگ کہتے ہیں ابوبکرؓ و عمرؓ والی ہوئے عدل و انصاف سے کام لیا لوگوں کے ساتھ شفقت و مہربانی سے پیش آئے میں کہتا ہوں یہ دونوں اسلام لانے کے بعد مرتد ہوگئے تھے (نعوذ باللہ) فانا اقول ارتدا بعد ما اسلما (البدایۃ والنہایۃ ج ۱۲ ص ۵۳) ابوالقاسم کا یہ بھی قول ہے کہ یہ الفاظ سنتے ہی میں اٹھ کھڑا ہوا ڈیوڑھی تک پہنچا تھا کہ گریہ و بکا کا شور سنا اسی وقت دم توڑ دیا تھا۔

بعض محققین کی تحقیق میں شریف الرضی او شریف المرتضٰی ہی تنہا اس کتاب کے مصنف نہیں بلکہ چند فصحائے شیعہ کے مقالات کا مجموعہ ہے جسے حضرت علیؓ سے منسوب کر دیا ہے۔ اور حضرت موصوف کے بعض کلمات کو مسخ کرکے اپنے مقالات میں شامل کر دیا ہے۔ علامہ الذہبی نے میزان

---

[1] سید مہدی بن سید نجف الرضوی شیعی مؤلف کتاب تذکرۃ العلماء میں کہتے ہیں کہ کتاب نہج البلاغہ شریف الرضی کی تصنیف سے ہے۔

الاعتدال فی نقد الرجال میں شریف المرتضیٰ کا تعارف ان الفاظ سے کراتے ہوئے کہ علی بن الحسین العلوی الحسینی الشریف المرتضیٰ المتکلم الرافضی المعتزلی صاحب تصانیف" لکھا ہے کہ نہج البلاغہ کتاب انھوں نے ہی وضع کی تھی۔ مضامین کتاب کے بارے میں فرماتے ہیں کہ:۔

من طالع کتابہ نہج البلاغۃ جزم بانہ مکذوب علی امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ ففیہ السب الصراح والحط علی السیدین ابی بکر و عمر رضی اللہ عنہما وفیہ من المتناقض والاشیاء الرکیکۃ والعبارات التی من لہ معرفۃ بنفس القرشیین الصحابۃ وبنفس غیرھم ممن بعدھم من المتاخرین جزم بان اکثرہ باطل (ج ۲ ص۲۲۳)	ان کی (شریف مرتضیٰ کی) کتاب نہج البلاغۃ کا جو کوئی مطالعہ کرے وہ یہ نتیجہ اخذ کئے بغیر نہ رہے گا کہ یہ سب جھوٹ اور بہتان ہے امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ پر کیونکہ اس میں حضرت ابوبکرؓ و عمر رضی اللہ عنہما جیسے معظمین کی صریح بدگوئی اور تنقیص ہے اور اس میں متناقض و رکیک باتیں اور عبارتیں ایسی ہیں کہ جس کو بھی قریشی صحابہ کے اور ان کے بعد کے متاخرین (یعنی تابعین وغیرہ) کے افکار و ذہنیت سے واقفیت ہوگی وہ اس نتیجہ پر پہنچے گا کہ اس کتاب کا اکثر حصہ باطل ہے

صاحب منہاج السنۃ النبویہ نے نہج البلاغہ پر تفصیل سے گفتگو کرتے ہوئے لکھا ہے کہ

اکثر الخطب التی ینقلھا صاحب نہج البلاغۃ کذب علی علی و علیؓ اجل واعلیٰ قدرا من ان یتکلم ولکن ھولاء وضعوا اکاذیب وظنوا انھا مدح فلاھی صدق ولاھی مدح۔ (ج ۴ ص۱۵۹)	صاحب نہج البلاغہ نے جو خطبے درج کئے ہیں وہ اکثر و بیشتر حضرت علیؓ پر بہتان ہیں اور حضرت علیؓ کی ذات اس سے ارفع و اعلیٰ ہے کہ اس قسم کا کلام کر سکتے جو اس کتاب میں ہے لیکن ان لوگوں نے تو اکاذیب وضع کر ڈالے اور سمجھا کہ یہ ان کی (علی کی) مدح ہے مگر نہ یہ باتیں سچی ہیں اور نہ مدح۔

خطبوں اور تقریروں کے علاوہ مراسلات اور اقوال و حکم کا بیشتر حصہ وضعی اور جعلی ہے خصوصاً حکم کے اقوال دوسروں کی جیب سے نکال کر اپنے ممدوح کی جیب میں ڈال دیئے ہیں۔ تفصیل کا یہاں موقع نہیں ہماری دوسری کتاب میں تفصیلی گفتگو کی گئی ہے [illegible] تو عرض کرنا یہ ہے کہ بغداد کے روافض کی جماعت نے جو مرتبہ شریف الرضیؒ و شریف المرتضیٰ کو [illegible] حاصل تھا۔ بنی بویہ کی

سرپرستی میں یہ کتاب تصنیف کی جو حقیقت اور اصلیت کے اعتبار سے جیسا ابھی عرض کیا گیا ایک مجموعہ ہے فصحائے روافض کے مقالات کا جن میں اُنھوں نے اپنے مخصوص عقائد وافکار اور خیالات کو حضرت علیؓ کی زبان سے ادا کرایا ہے تاکہ حضرت علیؓ سے منسوب ہو کر اعتبار کا درجہ حاصل ہو لیکن بہت سی اندرونی شہادتیں خطبات کی زبان، اسلوب بیان، اور ایسے معرب الفاظ کو جو لغت میں مولدۃ کہلاتے ہیں اور تیسری چوتھی صدی ہجری میں کتب یونانی وغیرہ کے تراجم کی ضرورت سے وضع ہوئے تھے ایسی موجود ہیں جو بیّن اور مسکت ثبوت ہیں اس امر کا کہ یہ کتاب بنی بویہ کی امیر الامرائی کے زمانہ چوتھی پانچویں صدی کے درمیان تصنیف ہوئی تھی اور بعد میں بھی وقتاً فوقتاً کچھ اضافے ہوتے رہے البتہ جزو قلیل ان خطبات ومراسلات میں حضرت علیؓ کے فرمودات بھی شامل ہے جو دوسری کتب میں بھی پایا جاتا ہے لیکن بیشتر مواد اس کتاب کا محض وضعی ہے۔

بنی بویہ سے پہلے ایسی کوئی کتاب جس میں اکابر صحابہ وازواج امہات المومنین کی بدگوئی کی گئی ہو منظر عام پر نہیں آسکتی تھی کیونکہ وہ زمانہ عباسی خلافت کی قوت کا زمانہ تھا آپ ابھی پڑھ چکے ہیں کہ امیر المومنین المتوکل علی اللہ عباسیؒ کے عہد میں صحابہ وامہات المومنین کی اسائت ادب کرنے والا عبرتناک سزا پائے بغیر نہیں بچ سکتا تھا۔

اس کتاب کے مصنفین شریف الرضی وشریف المرتضیٰ اور دوسرے غالی روافض کی سکونت بغداد کے محلے الکرخ میں تھی کتب تاریخ میں خاص کر علامہ ابن کثیرؒ کی البدایۃ والنہایۃ میں ان فسادات کے تذکرے ہیں جو تقریباً ہر سال بغداد میں محلہ الکرخ کے غالی رافضیوں کے جارحانہ طرز عمل سے ہوتے رہتے تھے بنی بویہ کی حمایت نے انھیں دلیر کر دیا تھا کہ وہ صحابہ کی علی الاعلان بدگوئی کریں حتیٰ کہ مہیار دیلمی شاعر جو مجوسی تھا اور بقول الثقی شریف الرضی کے غلاموں میں سے تھا وہ بھی اپنے آقا کی طرح غالی تھا۔ سلک مسلک الرافضۃ (البدایۃ ج۱۲ ص۴۱) وہ بھی صحابہ کرام کی بدگوئی کرنے لگا ابوالقاسم بن برہان نے اس پر اس سے کہا تھا مہیار! تم جہنم کے ایک کنارے سے ہٹ کر اسی کے دوسرے کنارے پر جا پہنچے کنت مجوسیاً فاسلمت فصرت تسب الصحابۃ (ایضاً) یعنی تم مجوسی تھے اسلام لے آئے مگر پھر صحابہ کی بدگوئی کا ارتکاب کرنے لگے۔ یہ شریف الرضی ہی کی صحبت کا نتیجہ تھا کہ یہ نو مسلم بھی سب صحابہ کا ارتکاب کرنے لگا۔ غرضیکہ سب وشتم صحابہ کی اس فضا میں اور بنی بویہ کی حمایت کے بھروسہ پر یہ کتاب مرتب ومدون ہوئی جو مزعومۂ رفض کے دوسرے کاموں کی طرح بنی بویہ کے عہد کی یادگار رہے مگر اس کی شہرت زمانہ

تصنیف سے تقریباً دو صدی بعد اس وقت سے ہوئی جب آخری خلیفہ عباسی کے رافضی وزیر ابوطالب علقمی نے ابن ابی الحدید[1] سے شرح لکھوائی۔

فروغ رفض کے کارنامے

المختصر رافضی امیر الامراء بنی بویہ کے زمانہ اقتدار میں جس کی مدت ان کے منصب امیر الامرائی کے خاتمہ تک جو ۴۴۷ھ میں ہوا تھا تقریباً ایک صدی سے قدرے زائد ہوتی ہے فروغ رفض کے حسب ذیل کارنامے انجام پائے جن کی تفصیلات پچھلے اوراق میں پیش کی گئی ہیں:۔

۱- ماتم حسین کی ابتداء سنہ ۳۵۲ھ میں۔
۲- عید غدیر کی ابتداء سنہ ۳۵۲ھ میں۔
۳- مشہد علی کی تعمیر سنہ ۳۶۹ھ میں۔
۴- مشہد حسینؓ کی تعمیر سنہ ۳۷۰ھ میں۔
۵- تصنیف نہج البلاغۃ۔
۶- تدوین کتب مذہب شیعہ۔
۷- سب صحابہ بالاعلان۔
۸- اذان میں شیعوں کے مخصوص فقرات کا شمول۔
۹- سنہ ۳۶۲ھ میں عراقی حاجیوں کے قافلہ سالار اور امیر حج کے منصب پر ایک شیعہ کا تقرر۔
۱۰- لقب الشریف مصنف نہج البلاغۃ کو سرکاری طور سے عطا ہونا۔

الشریف بطور لقب خاندانی

بنی ہاشم کے ناموں کے ساتھ عباسی ہوں یا علوی و عقیلی و جعفری یا حارثی الشریف کا اطلاق اور استعمال خاندانی

---

[1] ابن ابی الحدید کا نام و سلسلہ نسب یہ ہے ابوحامد عبدالحمید بن ھبۃ بن محمد بن حسین بن ابی الحدید۔ مسلکاً معتزلی شیعہ ۵۸۶ھ میں بمقام المدائن پیدا ہوئے تھے۔ اپنے زمانہ کے مروجہ اکثر علوم میں تبحر حاصل کیا۔ پینتیسویں عباسی خلیفہ الناصر الدین اللہ متوفی ۶۲۲ھ کے عہد میں دیوان الرسائل میں تقرر ہوا اور سینتیسویں خلیفہ المستنصر باللہ عباسی متوفی ۶۴۰ھ کے زمانہ میں ملازمت سے سبکدوش ہو کر بفرمائش وزیر علقمی شرح لکھنے میں منہمک ہو گئے ۶۵۵ھ میں وفات ہوئی۔ بڑی بھاری شرح ہے جس کے بیس جزو ہیں شارح نے مضامین کتاب کو طرح طرح کے سیاسی حالات بیان کر کے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ یہ کلام حضرت علی کا ہے۔ علقمی نے تکمیل کتاب پر ایک ہزار دینار طلائی اور بیش بہا تحائف و خلعت فاخرہ بطور انعام دیئے تھے۔ وہ وزیر تھا محسن کش و غدار و بد اندیش خداوند جس نے غلو رفض کے اندھے جذبے میں کفار سے سازباز کر کے اسلامی خلافت اور مدینۃ الاسلام بغداد کو تباہ کر دیا تھا۔

لقب کے طور سے بنی بویہ کے زمانہ سے قبل بالفاظ دیگر چوتھی پانچویں صدی سے پہلے کبھی نہیں ہوا تھا اور جیسا تفصیلاً بیان ہو چکا قریشی اور غیر قریشی تمام قبائل کے افراد شریف و اشراف کہلاتے تھے۔ سب سے پہلے یہ لقب بہاء الدولہ نے ۳۹۸ھ میں مصنف نہج البلاغہ کو سرکاری طور سے عطا کیا تھا۔ چنانچہ یہ لقب نہ صرف ان کے نام کا جزو لاینفک ہو گیا بلکہ اہل خاندان اور دوسرے بنی ہاشم کے ناموں کے ساتھ بھی پانچویں صدی ہجری سے بطور لقب خاندانی استعمال ہونے لگا۔ تخصیص لقب کی حقیقت بھی صرف یہ ہے کہ ایک شیعہ حاکم نے فضائل ذاتی و مکتسبی کے اعتراف کے علاوہ حسن خدمات کے صلہ میں جو فروغ رفض و شیعیت کے سلسلہ میں بنی بویہ کی سرپرستی و حمایت میں مصنفین نہج البلاغہ نے انجام دی تھیں دیگر خطابات کے علاوہ اس عموی لقب الشریف کو بھی باظہار علوئے حسب و نسب ان سے مخصوص کیا۔ نامناسب نہ ہوگا اگر اس موقع پر ان حضرات ثلاثہ ابو احمد حسین موسوی اور ان کے دونوں نامور فرزندان شریف الرضی شریف المرتضیٰ کا تعارف مزید کرایا جائے۔

یہ ابو احمد حسین موسوی فرقہ امامیہ کے ساتویں امام جناب موسیٰ کی نسل سے تھے اس لئے موسوی[1] کہلاتے تھے۔ مولد و منشا ان کا بصرہ تھا (عمدۃ الطالب ص۱۹۰) بصرے میں ان کا خاندان چند پشت سے مسکن گزین تھا بصرہ و بغداد اور دوسرے مقامات پر جہاں کہیں اس خاندان کے لوگ آباد رہے اپنے جد اعلیٰ کے نام کی نسبت سے حسب تصریح شیعہ مؤلف عمدۃ الطالب۔ "موسوی یا موسویون" ہی کہلاتے تھے (ص۱۸۵ و ص۱۹۹) چنانچہ اسی شہر بصرے میں جناب موسیٰ بن جعفر (الصادق) کا کچھ عرصہ قیام سیاسی نظربند کی حیثیت سے رہا تھا۔ ایمہ امامیہ میں یہی بزرگوار تھے جنھوں نے جناب زید بن علی بن الحسینؓ کے ناکام خروج سے تقریباً نصف صدی بعد سیاسیات وقتی میں عملاً دلچسپی لی تھی۔ امیر المومنین محمد المہدی عباسیؒ کے زمانہ میں انھیں بغداد طلب کیا گیا تھا۔ لیکن بقول شیعہ مؤلف عمدۃ الطالب (ص۲۲۳) جب ان ہی کے بھتیجے محمد[2] بن اسمٰعیل بن جعفر (الصادقؒ) نے ان کی مخبری امیر المومنین ہارون الرشیدؒ سے ایک حج کے موقع پر کر دی اور

---

[1] ان کے زمانے بلکہ اس کے کچھ عرصہ بعد تک جناب موسیٰ کا مشہور لقب "الکاظم" اختراع نہیں ہوا تھا ورنہ وہ اور ان کے دوسرے اہل خاندان کاظمی کہلاتے نہ موسوی۔

[2] شیعہ مؤلف نے صراحتاً لکھا ہے کان محمد بن اسمٰعیل بن الصادق مع عمہ موسیٰ الکاظم یکتب لہ فی السر الی شیعتہ فی الآفاق (ص۲۲۳) یعنی محمد بن اسمٰعیل بن الصادق اپنے چچا موسیٰ الکاظم کے خطوط و مراسلات لکھا کرتے تھے جو وہ خفیہ طور سے ہر جگہ کے اپنے شیعوں سے کرتے رہتے تھے۔

ان کی خفیہ مراسلت اور خط وکتابت کے وہ سب راز ظاہر کردیئے جو وہ اپنے سیاسی طرفداروں سے کیا کرتے تھے خلیفہ موصوف سفر حجاز کی واپسی میں انھیں اپنے ساتھ لیتے گئے اور گورنر بصرہ عیسی بن جعفر عباسی کی نگرانی میں رہنے کا حکم دیدیا تاکہ ان کے طرفداروں سے کوئی رابطہ ان کا انقلاب حکومت کے کسی اقدام کے سلسلہ میں قایم نہ ہو سکے پھر کچھ عرصہ بعد اسی مقصد سے بغداد میں نظربند رکھا گیا وقت وفات پچپن برس کی عمر تھی ساٹھ اولادیں تھیں۔ ۳۷ بیٹیاں اور ۲۳ بیٹے ان ۲۳ بیٹوں میں پانچ لاولد تھے تین کے اولاد ذکور نہ تھی اور دوسرے پانچ بھی منقرض رہے۔ صرف دس بیٹوں سے نسل چلی' اس نسل میں سیاسی اقتدار حاصل کرنے کا جذبہ متوارث رہا جناب موسیٰؑ کے متعدد فرزندوں نے سیاسی خروجوں اور بغاوتوں میں عملاً حصہ لیا تھا۔ ان میں ایک زیدالنار بن موسیٰؒ تھے جنھوں نے بصرے پر چند روزہ تسلط کے ایام میں بقول شیعہ مؤلف عمدۃ الطالب عباسیوں کے مکانات باغات اور ان کے کل اسباب و متاع کو جلوا ڈالا تھا اسی لئے زیدالنار کہلائے گرفتار ہو کر خلیفہ مامون الرشیدؒ کے حضور میں پیش ہوئے انھوں نے اپنے ولیعہد دلدادہ اور ان کے بھائی جناب علی الرضا کے پاس بھیجدیا مگر ان کو زیدالنار کی حرکات سے اتنی ناگواری ہوئی کہ مدت العمر ان سے کلمہ کلام نہ کیا (ص ۲۱۱) دوسرے ابراہیم بن موسیٰؒ تھے جو سفاکانہ قتل وغارت گری کی وجہ سے الجزار (قصاب) کہلائے :-

یقال له الجزار لکثرة قتل من اهل یمن واخذ اموالهم۔ (البدایة والنهایة ج ص ۲۹۶)	ان کو (ابراہیم بن موسیٰ کو) بوجہ اہل یمن کو کثرت سے قتل کرنے اور ان کے اموال لوٹ لینے سے قصاب کہتے تھے۔

یہ واقعہ ۱۹۹ھ کا ہے جب ابو السرایا ایک مفسد لیڈرنے بصرے میں فوجی جمعیت اکٹھی کر کے ان ابراہیم کو یمن بھیجا تھا علامہ شبلیؒ نے خلیفہ مامون الرشیدؒ کے عہد کی ان بغاوتوں کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ علوی حضرات نے اپنے چند روزہ حکومت میں جو جو ظلم اور زیادتیاں کیں ان کے بیان کو ایک دفتر چاہیئے زید فرزند موسیٰ (الکاظم) نے بصرہ میں ایک قیامت برپا کر رکھی تھی سیکڑوں خاندان تباہ کر ڈالے عباسیوں کے ہزاروں مکانات جلادیئے حسین بن الحسن نے کہ معظمہ کا وقفی خزانہ لوٹ لیا۔ محمد بن جعفر (الصادق) کی حکومت میں جو چند روز کے لیئے عرب کے فرمانروا بن گئے تھے۔ علویین وآل فاطمہ کا وہ زور ہو گیا کہ لوگوں کے عزت و ناموس کا پاس اٹھا دیا گیا۔ ابراہیم بن موسیٰ (الکاظم) یمن کے علاوہ [illegible] سفاکانہ قتل و

غارت گری کی وجہ سے قصاب کہلاتے تھے۔ مامون (الرشید) نے چاہا کہ صلح و آشتی سے ان لوگوں کو قابو میں لائے لیکن یہ کب رام ہو سکتے تھے لڑے اور شکست کھائی بعض گرفتار ہو کر مامون (الرشید) کے پاس حاضر کئے گئے مگر انھوں نے نسب کا پاس کیا اور چھوڑ دیا (المامون)

ان ہی ابراہیم الجزار کی اولاد میں تین واسطوں سے ابو احمد حسین والد شریف الرضی و شریف المرتضیٰ تھے بایں طریق ابو احمد حسین بن موسیٰ بن محمد بن موسیٰ بن ابراہیم الجزار بن موسیٰ (الکاظم) یہ تین بھائی تھے ابو احمد حسین و ابیطالب محسن اور ابو عبداللہ احمد۔ بنی بویہ کے شروع زمانہ امیر الامرائی میں بصرے کی سکونت چھوڑ کر یہ خاندان بغداد میں مسکن گزیں ہوا۔ ابو احمد حسین میں بقول شیعہ مؤلف عمدۃ الطالب خاندانی عصبیت کا مادہ بہت تھا۔ کان متشدیدا لعصبیۃ (صفحہ ۱۹۰) چنانچہ معزالدولہ بن بویہ دیلمی نے ۳۵۴ھ میں انھیں طالبی خاندان کا نقیب (مکھیا) مقرر کیا اس وقت تک طالبیوں اور عباسیوں کے جداگانہ نقیب نہیں ہوتے تھے یہ تفرق ان ہی کے زمانہ سے شروع ہوئی۔ نقابت کے علاوہ عراقی حاجیوں کے قافلہ سالار کا اور امیر حج کا منصب بھی دیا گیا۔ جو ان کے بعد ان کے بیٹوں کو بھی ملا۔ عضدالدولہ نے کسی الزام سے انھیں برطرف کر دیا تھا لیکن بہاء الدولہ نے بحال کیا۔ بہاء الدولہ کے یہاں انھیں تقرب حاصل تھا ۳۸۳ھ میں جب امیر المومنین القادر باللہ عباسی نے بہاء الدولہ کی دختر سکینہ کو حبالہ عقد میں لیا یہی ابو احمد حسین موسوی بہاء الدولہ کے وکیل تھے ۳۹۸ھ میں لقب الطاہر ذوالمناقب بھی انھیں عطا ہوئے اور قاضی القضات کے عہدے پر تقرر کرنا چاہا مگر امیر المومنین نے منظور نہ کیا۔

ولاہ بہاء الدولۃ قضاء القضاۃ مضافاً الی النقابۃ فلم یمکنہ القادر باللہ۔ (عمدۃ الطالب صفحہ ۱۹۰)	بہاء الدولہ نے ان کو نقابت کے علاوہ قاضی القضاۃ مقرر کیا مگر (خلیفہ) القادر باللہ نے منظوری نہ دی۔

۴۰۰ھ میں بعمر ۹۷ سال فوت ہوئے۔ شیعہ مؤلف لکھتے ہیں کہ اپنے گھر کے اندر دفن ہوئے پھر ان کی میت کو مشہد حسین میں منتقل کر دیا گیا۔ فدفن ھنالک قریباً من قبر الحسین (صفحہ ۱۹۱) یعنی وہاں قبر حسین کے پاس ہی دفن ہوئے۔ گویا اس وقت تک قبر حسین کے پاس اہل خاندان میں سے کسی اور کی تدفین نہیں ہوئی تھی۔ یہی سب سے پہلے ان کی قبر کے پاس دفن ہوئے۔ غرضیکہ شریف الرضی و شریف المرتضیٰ کے والد ابو احمد حسین موسوی کا خطاب و لقب الطاہر ذوالمناقب تھا الشریف سے ملقب نہ تھے۔ کتاب

انساب الاشراف بلاذری کے مشہور مقالہ "الاشراف" میں مقالہ نگار لکھتے ہیں۔

حسین بن موسیٰ بن محمد پر جو شریف المرتضیٰ وشریف الرضی کے والد تھے اور جن کا زمانہ (۳۰۷—۴۰۰ھ) کا تھا لقب الشریف کا اطلاق نہ ہوتا تھا وہ جس لقب سے ملقب تھے وہ صرف "الطاہر ذو المناقب" ہی تھا۔	ان الحسين بن موسى بن محمد وهو الوالد الشريف للرضى والشريف المرتضى وكان من (۳۰۷—۴۰۰ھ) لم يطلق عليه لقب الشريف وكل ما لقبوه به هو الطاهر ذو المناقب۔

جیسا سابقاً بیان ہوا شریف واشراف الفاظ بلا تخصیص سب ہی قبائل عرب کے افراد کے لیے مستعمل تھے طبقات السبکی میں حضرت عمر الفاروقؓ کی ذریت میں سے ایک صاحب کے تذکرہ میں الشریف العمری کہا گیا ہے اسی طرح خود ہاشمی خاندان کے افراد کے ذکر میں شریف واشراف الفاظ عام معنی میں مستعمل تھے نہ بطور مخصوص خاندانی لقب کے مؤلف سیرۃ الحلبیہ جناب علی السجاد بن عبد اللہ بن عباسؓ کے تذکرے میں لکھتے ہیں:۔

اور ان علی کو جو خلفائے عباسی کے جد تھے دیکھا گیا کہ وہ عبادت وزہد وعلم وعمل اور حسن شکل میں نہایت درجہ کے تھے حتیٰ کہ کہا گیا ہے کہ وہ دنیا کے پردے پر سب سے زیادہ خوبصورت "شریف" تھے رات بھر میں ایک ہزار رکعت نماز پڑھتے اور اس وجہ سے السجاد کہلاتے۔	ورايت عليا هذا احد الخلفاء العباسيين كان على غاية من العبادة والزهادة والعلم والعمل وحسن الشكل حتى قيل انه كان اجمل شريف على وجه الارض وكان يصلى فى كل ليلة الف ركعة ولذلك كان يدعى السجاد (مطبوعہ مصر ص)

مندرجہ بالا اقتباس میں شریف سے مراد ایک معزز قریشی ہاشمی سے ہے اور یہی لفظ شریف واشراف بلاذری الہ ابنی ولابن عبدہ کی تالیفات میں ان قبائل عرب کے افراد کے لئے بکثرت مستعمل ہوئے ہیں جو قریشی بھی نہ تھے مثلاً کتاب انساب الاشراف بلاذری میں بنی عوف بن سعد بن زید مناۃ بن تمیم بن مرہ اور بن طابخۃ بن الیاس بن مضر کے ایک شخص کا واقعہ بیان ہوا جو قریش کے کسی بھی قبیلے سے نہ تھا محض عرب تھا اسے بھی شریف کہا گیا ہے چونکہ وہ اپنے قبیلہ کا معزز شخص تھا حضرت عمرؓ نے اس کے لئے بھی دیگر اشراف کے ساتھ ڈھائی ہزار رقم وظیفہ مقرر کی تھی۔ انساب الاشراف کی عبارت ہے:۔

فقال لهٔ عتاب بن علاق احد بني عوفة بن سعد وكان شريفاً...... وكان عمر بن الخطاب فرض لعتاب هذا مع الاشراف في الفين وخمسمائة (كتاب انساب الاشراف بلاذری ج ۱ صـ۲۲)

عتاب بن علاق نے جو بنی عوذ بن سعد کے ایک فرد تھے اور شریف تھے ان سے کہا...... حضرت عمر بن الخطاب نے اِن عتاب کے لئے بھی دوسرے اشراف کے ساتھ ڈھائی ہزار کا وظیفہ مقرر کیا۔

قبائل عرب کے سربرآوردہ اشخاص اور سرداروں کو رقوم وظائف کے علاوہ پارچات خلعت بھی عطا ہوتے تھے ایسے سب اشخاص اشراف کہلاتے تھے خواہ نسباً عرب کے کسی قبیلے سے ہوں بحالیکہ بیت المال سے انہیں دو ڈھائی ہزار کا وظیفہ ملتا ہو چنانچہ بلاذری نے ایک معرکہ میں ایسے اشراف کے مقتول ہوجانے کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے۔

وقتل الضحاك معه من الاشراف ثمانون كلهم ياخذ القطيفه كان لكل منهم في العطا الفان وقطيفة يحطونها مع عطائهم۔
(مقالہ الاشراف ج صـ۲۲)

ضحاک قتل ہوئے اور ان کے ساتھ اسّی اشراف بھی قتل ہوئے ان میں سے ہر ایک کو پارچات خلعت عطا ہوتے اور ہر ایک کو دو ہزار وظیفہ ملتا تھا۔ وظیفے کے ساتھ پارچات خلعت بھی عطا ہوتے تھے۔

تصریحات بالا سے بخوبی ثابت ہے کہ شریف و اشراف کسی خاص خاندان سے مخصوص نہ تھے۔ ذاتی و خاندانی لقب کے طور سے مخصوص کرنے کی بدعت بہار الدولہ بویہی کے زمانہ سے بغداد میں شروع ہوئی اپنے امام ہفتم کے پوتوں پر پوتوں اور دوسرے حسینی نسب اشخاص کو اس نے مختلف مناصب و خطاب اور عطیات دئے۔ ابو احمد حسین موسوی کی اولاد میں صرف دو بیٹے تھے[۱]۔ بڑے علی تھے اور چھوٹے محمد۔ علی کو ۳۹۸ھ میں "المرتضیٰ ذالمجدین" خطاب دیا اور محمد کو "الرضا ذی الحسنین" پھر پانچ سال بعد ۴۰۳ھ میں لقب الشریف سرکاری طور سے عطا کیا گیا[۲] چنانچہ اسی لقب سے

۱؎ شریف المرتضیٰ و شریف الرضی کی والدہ فاطمہ بنت حسن الناصر تھیں اور حسن الناصر چھ واسطوں سے عمر بن علی بن شریف (زین العابدین) کی نسل سے تھے۔
۲؎ بویہی خاندان کے حضور داشخاص بنی بویہ کے متوسل رہے۔ ابو احمد حسین موسوی کے بنو عم میں احمد ابو طالب بن علی بن محمد تھے جو بہاءالدولہ کے ندیم تھے اور ان کے بڑے بھائی محسن کی اولاد میں ابراہیم بن حسن بن علی بن حسن مذکور کو بہاءالدولہ کے فرزند شریف الدولہ نے جس سے تقرب حاصل تھا نقابت الطالبین کا منصب دیا تھا۔ شریف المرتضیٰ کی نسل تو ایک دو پشت کے بعد منقطع ہوگئی شریف المرتضیٰ کے دادا خسر بغداد (جلد ۱ صفحہ ۱۴۹)

ملقب ہوکر یہ دونوں بھائی اپنے ناموں کے بجائے الشریف المرتضیٰ والشریف الرضی ہی کہلانے لگے۔ اسی بدعت کی تقلید میں دوسرے عباسی اور ہاشمی فضلا اور شعراء کے ناموں کے ساتھ الشریف کا رواج اسی پانچویں صدی سے شروع ہوا۔ ڈاکٹر حمید اللہ اپنے مقالہ "الاشراف" میں لکھتے ہیں کہ :۔

ولقد جاء فی کتب التراجم من لُقّب من العباسیین بالشریف فمن ذلک الشریف البیاضی[۱] مسعود بن عبدالعزیز او ابن الحسین (توفی سنة ۴۶۸ھ) و ابن الھباریة[۲] محمد بن محمد بن صالح (توفی سنة ۵۰۴ھ) کان یلقب بالشریف العباسی وھذان ینتھی نسبھما الی عبداللہ بن العباس (ص۲۰)

کتب تذکرہ میں ان عباسیوں کا تذکرہ ملتا ہے جو لقب الشریف سے ملقب تھے ان ہی سے الشریف البیاضی مسعود عبدالعزیز یا ابن الحسین متوفی ۴۶۸ھ اور ابن الھباریۃ محمد بن محمد بن صالح متوفی ۵۰۴ھ تھے یہ حضرات الشریف العباسی سے ملقب تھے اور ان کا سلسلہ حضرت عبداللہ بن العباس رضؓ منتہی ہوتا ہے۔

مندرجہ بالا عبارت میں جو دو مثالیں عباسی شعراء و فضلا کے ناموں کی پیش کی ہیں۔ کتب تراجم و تذکرہ اور تاریخ میں عباسی علماء و فقہاء و صلحاء و مصنفین وغیرہ کے اسماء کی بکثرت مثالیں ملتی

(بقیہ نوٹ صفحہ ۱۴۸ کا) کے علویوں میں سب سے زیادہ متمول تھے اور بقول شیعہ مولف عمدۃ الطالب کان سبب الفتنۃ بین العلویین والعباسیین (ص۲۶۹) یعنی علویوں اور عباسیوں کے مابین دینی فتنہ برپا ہونے کے باعث تھے۔

[۱] صاحب وفیات (ابن خلکان) کہتے ہیں کہ وہ متاخرین شعرائے عرب کے بلند پایہ شاعر تھے ان کے دیوان کے شروع میں ان کا نام و نسب اس طرح تحریر ہے "الشریف ابوجعفر مسعود بن الحسن بن عبدالوہاب بن عبدالعزیز بن عبداللہ بن عبیداللہ بن العباس بن محمد بن علی بن عبداللہ بن العباس بن عبدالمطلب بن ہاشم القرشی الہاشمی"

[۲] ان کے بارے میں بھی ابن خلکان کہتے ہیں کہ مشہور شاعر تھے نام و نسب ان کا یوں لکھا ہے۔ الشریف ابویعلی محمد بن محمد بن صالح بن حمزہ بن عیسیٰ بن محمد بن عیسیٰ بن موسیٰ بن محمد بن علی بن عبداللہ بن العباس بن عبدالمطلب معروف بابن الہباریہ ملقب نظام الدین البغدادی ان کے اجداد میں محمد بن عیسیٰ متوفی ۲۶۹ھ سفید لباس پہنکر دربار خلافت میں چلے آتے تھے لوگ البیاضی کہنے لگے۔ صاحب کشف الظنون کہتے ہیں کہ ان کا دیوان شعر بہت ضخیم ہے چار جلد در بیشتر۔ وفات ان کی کرمان میں ہوئی تھی۔ ان کی ایک تصنیف فلک المعانی بھی تھی۔ قبیلہ ہباریہ کی خاتون کے بطن سے تھے اس لئے ابن الہباریہ کہلاتے تھے۔

ہیں جو سب پانچویں صدی ہجری اور اس کے بعد کی ہیں۔ علامہ ذہبی کے علاوہ علامہ ابن کثیرؒ کی بسوط تاریخ میں بھی عباسی اکابر کے تذکرے ہیں۔ شرافت کا استعمال پانچویں صدی ہجری کے واقعات کے ضمن میں ہی ملتا ہے اس سے پہلے نہیں مثلاً ۴۷۰ھ کے کوائف میں لکھتے ہیں کہ:۔

الشریف ابوجعفر عبدالخالق بن ابی موسیٰ عیسیٰ بن احمد بن ابراہیم بن عبداللہ بن معبد بن العباس عبدالمطلب کی وفات ہوئی جو الشریف ابوجعفر الحنبلی العباسی سے معروف تھے ان کا تعارف ان الفاظ میں کراتے ہیں۔

کان احد الفقہاء العلماء العباد الزہاد المشہورین بالدیانۃ والفضل و العبادۃ والقیام فی اللہ بالامر بالمعروف والنہی عن المنکر لاتاخذہ فی اللہ لومۃ لائم الی آخرہ۔
(البدایۃ والنہایۃ ج ۱۲ ص ۱۱۹)

وہ ان عابد وزاہد علماء و فقہاء میں سے تھے جو دیانت و فضل اور عبادت میں اور نیک باتوں کا حکم دینے اور بری باتوں سے روکنے کا اللہ واسطے کام کرنے میں مشہور رہے اور اللہ کے کام میں بدگویوں کی بدگوئی کا لحاظ نہیں کرتے۔

ان کے بنی عم الشریف عماد الدین العباسی تھے جن کے متعلق خطیب بغدادی لکھتے ہیں "کان اماماً عالماً بالفروع" مدرسہ شریفیہ میں مدت تک درس و تدریس میں مشغول رہے۔

پانچویں صدی ہجری اور اس کے بعد سے ہاشمی خاندان کی ان دونوں شاخوں علویوں اور عباسیوں کے ناموں کے ساتھ الشریف بطور لقب خاندانی بالعموم مستعمل ہونے لگا تھا۔ نیشاپور کے دارالعلوم نظامیہ میں مشہور شافعی فقیہ شرف شاہ عباسی متوفی ۷۷۳ھ استاذ تھے اور اعلیٰ پایہ مصنف بھی شافعی مسلک پر ان کی مشہور تصنیف بھی ہے وہ الشریف شرف شاہ عباسی کہلاتے تھے۔ اس زمانہ کے پانسو سال بعد حجاز و عرب سے باہر بھی ہاشمی افراد کے لئے یہ لقب مستعمل تھا الشریف محمد بن عبدالغنی عباسی متوفی ۱۰۲۶ھ جنہوں نے کتاب رشحات عین الحیات کا ترکی زبان میں ترجمہ کیا تھا مقام ازمیر کے قاضی تھے وہ الشریف سے ملقب تھے (کشف الظنون ج ۱ ص ۵۴۸) یہ چند مثالیں تو عباسی علماء و فضلاء کے اسماء کی پیش ہوئیں جعفری و عقیلی اشخاص بھی پانچویں صدی ہجری سے الشریف لقب سے ملقب ہوئے اس سے قبل کبھی نہیں لہذا علامہ سیوطی کا یہ قول حقیقت سے قطعاً بعید ہے کہ لقب شریف کا اطلاق صدر اوّل میں یا الفاظ دیگر پہلی صدی ہجری میں ہاشمی خاندان کے افراد

پر ہوتا تھا خواہ عباسی ہوں یا جعفری و عقیلی حسنی و حسینی ہوں یا دیگر اولاد علیؓ بن ابی طالب سے ہوں۔ گذشتہ اوراق میں جو تصریحات پیش کی گئی ہیں ان کے مطالعہ سے قارئین کو واضح ہوگا کہ شریف، والشریف لقب جو قریش و دیگر قبائل عرب کے سب ہی ممتاز افراد کے لئے بالعموم مستعمل ہوتا رہا، صرف ہاشمیوں سے اس کے مخصوص و مختص کئے جانے کی بدعت رافضی امیر الامراء بغداد یعنی بنی بویہ کے زمانے سے شروع ہوئی اور فروغ رفض و تشیع کی پیدا کردہ تفاخر خاندانی کی اس فضا میں شروع ہوئی جس کے تفصیلی حالات آپ ابھی پڑھ چکے ہیں ان سے یہ حقیقت پوری طرح منکشف ہو جاتی ہے کہ جاہلی عرب جو نسبی فخر کے خوگر تھے اپنے اپنے قبیلے سے انتساب ہی کو باعث صد ناز و افتخار سمجھتے تھے اسلام نے نسب کے فخر و مباہات کو مٹا دیا تھا۔ عہد رسالت میں تقویٰ نے فخر بالآباء و حمیۃ جاہلیہ کی جگہ لے لی تھی عہد صدیقی و فاروقی و عثمانی میں یہی حالت قائم رہی اس کے بعد سے سیاسی کشمکش کی بدولت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قربت لحمی و قرابت نسبی کی باتیں ہونے لگیں اور اسی کو قربت روحانی کے بجائے وجہ امتیاز بتایا جانے لگا خصوصاً اس وقت سے جب حضرت علیؓ کو اور ان کے بعد ان کے فرزند حضرت حسینؓ کو اپنے شیعوں کے سیاسی موقف کی بدولت ناکامیوں کا سامنا کرنا پڑا تھا پھر ان کے پوتے پرپوتے جناب زید اور یحییٰ بن زید مذکور کے خروجوں اور بغاوتوں کے نتائج بد سے بنی ہاشم کے سیاسی وقار کو صدمہ پہنچا تھا اس کی تلافی کے طور سے شیعان بنی ہاشم نے اپنے سیاسی حریفوں کی مذمت و منقصت میں اور اپنے فریق کی نسبی و حسبی برتری اور امامت کی دینی و دنیاوی قیادت پر منجانب اللہ ان کے حق و استحقاق کے بارے میں صدہا حدیثیں وضع کیں حتیٰ کہ عباسی خلافت کے قایم ہونے کے متعلق مشرق سے کالے جھنڈوں کے ساتھ لشکروں کے آنے کی پیش گوئیاں بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کی گئیں جن کا ذکر آگے آتا ہے۔ عباسی خلافت کے قایم ہونے کے بعد سے ہاشمی خاندان کے تفوق و برتری کے سلسلے میں شریعت سے ہی مدد لی گئی "نقابۃ الہاشمیین" کا محکمہ و ادارہ قایم ہوا جس کا مختصر ذکر اس موقع پر ضروری ہے۔

نقیب بنی ہاشم

اموی عہد خلافت میں تقسیم وظائف و ارزاق کا یہ دستور تھا کہ قریش و انصار وغیرہ کے معزز و سربر آوردہ شخص کے ذریعہ جسے "عریف" یعنی مکھیا کہتے تھے یہ رقوم و ارزاق تقسیم کئے جاتے تھے۔ عریف اپنے قبیلہ و خاندان کے ان سب حالات سے کماحقہ واقف ہوتا تھا۔ کون حیات ہے کون فوت ہوگیا، کون موجود ہے

اور کون غائب۔ فکان لکل قبیلۃٍ عریفٌ یاخذ اعطیتھم ویدفعھا الیھم (کتاب نسب قریش صفحہ ۱۵۲) یعنی ہر قبیلہ کا عریف (مکھیا) ہوتا تھا جو ان کے عطیات وصول کرتا اور انھیں پہنچا دیتا

عباسی خلافت کے ابتدائی دور میں یہی دستور قایم رہا بنی ہاشم کو بھی دوسرے قریشی و انصاری خاندانوں کی طرح بغیر کسی ترجیح کے وظائف دئے جاتے تھے امیر المومنین ابو العباس عبد اللہ السفاحؒ۔ اول خلفاء بنی العباس کے ابتدائے عہد خلافت کا یہ مشہور واقعہ ہے کہ حضرت حسن بن علیؓ کے پوتے عبد اللہ بن حسن مثنیٰ قرآن شریف بغل میں دبا کر دربار خلیفہ میں ایسے وقت پہنچے کہ اکابر بنی ہاشم و اعیان مملکت موجود تھے اور پہنچتے ہی کہنے لگے۔

یا امیر المومنین! اعطنا حقنا الذی جعلہ اللہ لنا فی ھٰذا المصحف

اے امیر المومنین! ہمیں ہمارا وہ حق دلوایئے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے اس مصحف میں ہمیں دیا ہے۔

عبد اللہ بن حسن مثنیٰ کا اشارہ سہم ذوی القربیٰ یعنی خمس کے متعلق تھا جس کے بارے میں گزشتہ اوراق میں گفتگو آ چکی ہے حضرت علیؓ نے بھی اپنے ایام میں بنی ہاشم کو خمس نہیں دیا تھا خلفائے ثلاثہ کے طرز عمل کا اتباع کیا تھا اور یہی مسلک پہلے تین عباسی خلفا کا بھی رہا چنانچہ امیر المومنین عبد اللہ السفاحؒ نے عبد اللہ مذکور کے سوال کا برجستہ جواب دیا:۔

ان جدک علیًا کان خیرًا منی واعدل وقد ولی ھٰذا الامر فاعطی جدیک الحسن والحسین وکانا خیرًا منک شیئًا قد اعطیتکہ وزدتک علیہ۔
(البدایۃ النہایۃ ج ۱۰ ص ۵۹)

تمھارے جد بزرگ حضرت علیؓ نے جو مجھ سے بہتر اور زیادہ عدل کرنے والے تھے جب وہ خلافت پر فائز ہوئے تو کیا انھوں نے تمہارے دادا حسن اور حسین کو جو تم سے زیادہ بہتر تھے اس سے کچھ زیادہ عطا کیا تھا جو تمھیں دیا جاتا ہے۔

لہ بعض اوقات مفقود الخبر یا مردہ لوگوں کے وظائف وارزاق بھی یہ مکھیا وصول کر لیتے تھے اس کے سدباب کے لئے امیر المومنین حضرت معاویہؓ نے جب عاصم بن ہاشم بن ولید بن عتبہ کو اہل مدینہ کے وظائف وارزاق تقسیم کرنے بھیجا۔ ہدایت کی تھی کہ اپنے ہاتھ سے مستحقین کو دیں اور تحقیق کر لیں کون زندہ ہے کون مر گیا بعض کو یہ تحقیقات ناگوار ہوئی حضرت حسین و عبد اللہ بن زبیرؓ وغیرہ نے عاصم سے پوچھا کیسے تقسیم کرو گے انھوں نے بتایا امیر المومنین کا حکم ہے کہ غائب کے بجائے حاضر کو دوں اور مردہ کے بجائے زندہ کو اور سب کو اپنے ہاتھ سے دوں اس پر ان حضرات نے دریافت کیا ہم آپ کو بھی اسی طرح دو گے جواب اثبات میں پا کر حضرات برافروختہ ہو گئے بعض لوگوں نے عاصم پر حملہ کیا وہ جان بچا کے کوئی امیہ کے گھروں میں جا چھپے حضرت حسینؓ و ابن الزبیرؓ نے یہ رقوم اپنے ہاتھ سے تقسیم کر دیں۔ (ایضاً ص ۱۵۲)

عبداللہ اس جواب پر شپٹا کر رہ گئے کچھ نہ کہہ سکے۔ دوسرے عباسی خلیفہ ابوجعفر المنصورؒ کے زمانے میں بھی تقسیم وظائف میں بنی ہاشم کے ساتھ نہ امتیازی سلوک برتا جاتا تھا اور نہ ان کو دوسروں پر فوقیت تھی۔ علامہ ابن کثیرؒ نے الفضل البصری کی زبانی یہ واقعہ بیان کیا ہے کہ امیر المومنین ابوجعفر المنصورؒ نے عرفہ کے دن اپنے ایک خطبہ کے دوران فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے میں تم لوگوں پر سیاست کرتا ہوں، اس کے مال پر اس کا خزانچی ہوں اور اسی کے حکم کے مطابق وظائف وارزاق تقسیم کرتا ہوں پھر لوگوں سے کہا:۔

فارغبوا ایها الناس! وسلوا فی هذا الیوم الشریف الذی وهبکم فیه من فضله ما اعلمکم به فی کتابه اذ یقول اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا۔ ان یوفقنی للصواب ویسددنی للرشاد ویلهمنی الرافة بکم والاحسان الیکم و یفقهنی اعطیاتکم وقسم ارزاقکم بالعدل فانه سمیع مجیب۔
(البدایة والنهایة ج صـ۱۲۳)

لہٰذا اے لوگو! آج۔ اس مبارک دن (یوم عرفہ) میں جس میں اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے یہ شرف تمہیں عطا کیا جیسا اپنی کتاب (قرآن مجید) میں فرمایا ہے کہ "آج کے دن ہم نے تمہارے لئے دین کو کامل کر دیا اور اپنی نعمت تم پر پوری کر دی اور تمہارے لئے پسند کیا کہ دین (تمہارا) اسلام ہو" تو اے لوگو! تم اللہ تعالیٰ کی جناب میں ملتجی ہو کہ مجھے سیدھا چلائے اور ہدایت نیک کی توفیق دے اور تمہارے ساتھ رافت و مہربانی کرنے کا خیال میرے دل میں ڈالے اور تمہارے عطیات و ارزاق عدل و انصاف کے ساتھ تقسیم کرنے کا خوگر بنائے کیونکہ وہ ہی سننے والا اور قبول کرنے والا ہے۔

چنانچہ امیر المومنین موصوف بھی تقسیم وظائف وارزاق میں خلفائے راشدین ہی کے طرز عمل کے متبع رہے بنی ہاشم کو خمس کے اموال میں ترجیح نہ دی۔ ادنیٰ ادنیٰ شخص کے معاملے میں عدل و انصاف سے تجاوز نہ کرتے[1] خطیب بغدادی ان کے ترجمے میں کہتے ہیں:۔

---

[1] شیعہ مورخ جسٹس امیر علی بھی یہ کہے بغیر نہ رہ سکے کہ خلیفہ المنصورؒ نے اپنے عمل سے اپنی رعایا کے لئے یہ روشن مثال قائم کی کہ علانیہ انصاف کی جو حکم دینے کی مجاز ہوں پوری پوری اطاعت کی جائے۔ چند ساربانوں نے جن کے اونٹ خلیفہ نے کرایہ پر لئے تھے جب مدینہ کے قاضی کے ہاں دعویٰ کیا اور قاضی نے

(بقیہ نوٹ صفحہ ۱۵۴ پر)

وکان فیہ عدل ولہ حظ من صلاۃ وعلم وفقہ توفی محرماً علی باب مکۃ (تاریخ خطیب بغدادی ج ۱۰ ص ۵۹) یعنی ابوجعفر المنصورؒ عدل گستر عابد و عالم و فقیہ تھے مکہ پہنچتے پہنچتے احرام باندھے وفات پائی۔[1] ان کے فرزند و جانشین امیر المومنین محمد المہدی نے باوجودیکہ کردار

(بقایا نوٹ صفحہ ۱۵۳ کا) خلیفہ کو جوابدہی کے لئے طلب کیا وہ بذات خود عدالت میں حاضر ہوئے ان کے ساتھ صرف ان کے امور خانگی کا مہتمم تھا ایک عام فریق مقدمہ کی حیثیت سے حاکم عدالت کے سامنے کھڑے رہے قاضی صاحب بھی بادشاہ کی تعظیم کو اپنی جگہ سے نہ اٹھے مقدمہ مدعیان کے حق میں فیصل ہو گیا۔ خلیفہ نے قاضی کے تدین اور آزادی رائے کے اعتراف میں گرانبہا عطیہ سے ان کو نوازا (ہسٹری آف سیراسینز)

[1] علامہ ابن خلدون مقدمہ میں امیر المومنین ابوجعفر المنصورؒ کی فضیلت علمیہ کے ذکر میں لکھتے ہیں کہ ابوجعفر المنصورؒ کا جو درجہ اور مرتبہ علم و دین میں قبل خلافت اور اس کے بعد تھا معلوم ہے انھوں نے ہی امام مالکؒ کو کتاب حدیث "الموطا" کی تدوین کے لئے لکھا تھا یا اباعبداللہ انہ لم یبق علی وجہ الارض اعلم منی ومنک وانی قد شغلتنی الخلافۃ فضع انت للناس کتابا ینتفعون بہ (مقدمہ ابن خلدون) اے ابوعبداللہ! مجھ سے اور تم سے زیادہ اب دنیا کے پردے پر حدیث نبوی کا عالم کوئی باقی نہیں رہا میں تو خلافت کے کاموں میں مشغول ہو گیا تم حدیث کی کتاب مدون کرو کہ لوگ اس سے نفع حاصل کریں۔ پھر تدوین کے اصول بتلائے" علامہ ابن کثیرؒ کہتے ہیں کہ ابوجعفر المنصورؒ نے ابتدائے شباب میں تحصیل علم کیلئے مختلف ممالک کے سفر کئے تھے جہاں جہاں سے ہو سکا حدیث و فقہ کی تحصیل کی اور درجہ کمال حاصل کیا ایام خلافت میں کسی نے ایک دن پوچھا اے امیر المومنین کوئی مراد دل کی ایسی بھی ہے جو آپ کو حاصل نہ ہوئی ہو کہا ہاں ایک آرزو دل کی دل ہی میں رہی پوچھا وہ کیا فرمایا "قول المحدث للشیخ من ذکرت رحمک اللہ (یعنی حدیث سیکھنے والے جب اپنے شیخ (استاذ) سے حدیث دریافت کرتے ہیں کہ کہتے جاتے ہیں رحمک اللہ' وہ آرزو پوری نہ ہو سکی یعنی درس حدیث کا نہ دے سکا یہ سنکر درباریوں نے حلقہ تلمذ بنالیا اور دوات قلم کاغذ لیکر بیٹھے اور کہا جو احادیث اپنے شیوخ سے آپ نے سماعت کی ہوں املاء فرمائیے امیر المومنین نے کہا تم تو وہ لوگ نہیں ہو علم حدیث کے طالب وہ ہوتے ہیں جو میلے کچیلے لباس میں ملبوس طویل طویل مسافتیں طے کر کے صعوبتیں اٹھا کر آئے ہوں پیران کے زخمی ہوں اور لمبے لمبے بال ہوں۔ حدیث سیکھنے کے لئے کبھی عراق کبھی شام کبھی یمن کے سفر کئے ہوں۔ چنانچہ خود انھوں نے بھی طویل سفر کئے تھے حتیٰ کہ شمالی مغربی افریقہ بھی گئے تھے ایام خلافت میں اسی ذوق علمی کی وجہ سے ترویج و اشاعت علوم کی وہ شاندار خدمات کیں جو دنیا کو معلوم ہیں مدۃ العمر معمولی طالب علم کی طرح حد درجہ سادہ زندگی بسر کی۔ بیت المال سے ایک حبہ بھی زائد نہ لیا اپنے مختصر سے مال پر گذران کی۔ پیوند لگی قمیص پہنے دیکھکر جب خادم نے کہا۔ "خلیفۃ وقمیص مرقوع" خلیفہ ہو کر بھی پیوند لگی قمیص پہنتے ہیں جواباً ہرثمہ کا شعر پڑھ دیا۔

قد یدرک الشرف الفتی ورداؤہ   خلق وبعض قمیصہ مرقوع

یعنی کتنی مرتبہ دیکھا گیا کہ بہادر جوان عزت کے بلند مقام پر ہوتا ہے اور اس کی چادر اور قمیص میں پیوند لگے ہوتے ہیں۔ علامہ موصوف نے وہ اقوال اور نصیحتیں بھی نقل کی ہیں جو اپنے فرزند محمد المہدی کو آخر زمانہ میں کی تھیں فرمایا تھا۔ خلیفہ کے لئے تقوی و پرہیزگاری لازم ہے حکمران کے لئے ضروری ہے کہ

(بقیہ نوٹ صفحہ ۱۵۵ پر)

نقد اور ملبوسات باشندگانِ حرمین شریفین کو عطا کئے لیکن تقسیم وظائف و ارزاق میں کوئی خاص ترجیح بنی ہاشم کو نہیں دی ان کے نامور فرزند خلیفہ ہارون الرشید نے البتہ اپنی خلافت کے پہلے سال ۱۷۰ھ میں ہاشمیوں کو اموال خمس بحصۂ مساوی تقسیم کئے جانے کا حکم دیدیا:۔

وفیہا (۱۷۰ھ) امر الرشید بسہم ذوی القربیٰ ان یقسم بین بنی ہاشم علی السواء (البدایۃ والنہایۃ ج ۱۰ ص ۱۶۱)	اور اس سال (یعنی ۱۷۰ھ) میں (ہارون) الرشید نے حکم دیا کہ ذوی القربیٰ کے حصے (خمس) کو بنی ہاشم کے درمیان مساوی طور سے تقسیم کیا جائے۔

مورخین نے یہ تصریح نہیں کی تقسیم خمس کسی خاص محکمے کے ذریعہ کی گئی تھی اور آیا اسی زمانے میں نقابۃ الہاشمیین کی بنیاد پڑ گئی تھی۔ مسلّمہ تاریخ طبری میں سب سے پہلے بنی ہاشم کے جس نقیب کا ذکر ملتا ہے وہ احمد بن عبد الصمد بن طوما را لہاشمی تھے جو بعمر ۸۲ سال ۲۹۱ھ میں فوت ہوئے تھے اُن کے بعد اُن کے فرزند محمد ان کے جانشین ہوئے۔ خلیفہ مامون الرشید کے عہد خلافت میں جو ۲۱۸ھ تک رہا بعض دوسری بدعتوں[۱] کی طرح بنی ہاشم کی نقابت کا سنگ بنیاد بھی شاید رکھ دیا گیا ہو بہرحال نقابت ہاشمیہ چوتھی صدی ہجری کے تقریباً وسط تک غیر منقسم قائم رہی

(بقایا نوٹ صفحہ ۱۵۴ کا) اس کی اطاعت کی جائے رعایا کی درستی کے لئے لازم ہے کہ ان کے ساتھ عدل و انصاف کیا جائے عفو و کرم کا لطف اسی میں ہے کہ سزا دینے کی قدرت کے باوجود معاف کر دیا جائے سب سے زیادہ ذلیل شخص وہ ہے جو اپنے سے کمزور پر ظلم کرے چنانچہ خود بھی ان ہی باتوں پر عمل پیرا رہے۔ بغاوتوں کا استیصال کیا جو لوگ نظام خلافت کو درہم برہم کرنے اٹھے پہلے بار بار سمجھایا نہ مانے تادیبی مہم بھیجی اور ایسے جو لوگ طالب معافی کے ہوئے معاف کر دیا موسیٰ بن حسن مثنی کا ذکر اوپر آچکا ہے۔ یہ بھی اپنے بھائی محمد النفس الزکیہ کی بغاوت میں شریک تھے گرفتار ہو کر خواستگار معافی ہوئے انھیں معاف کر دیا اور وظیفہ بھی عطا کیا۔ وموسیٰ ابن عبد اللہ اختفی بالبصرۃ فاخذہ فارسلہ الی المنصور فعفا عنہ (کتاب نسب قریش ص ۵۳) ان ہی موسیٰ کی نسل میں بڑے بڑے عالی تبار خاندان ہوئے، حکومت ادریسیہ مغربی افریقہ کے بانی نیز شرفائے مکہ جن کی یادگار اب اردن کے شاہ حسین ہیں نیز حضرت شیخ عبد القادر جیلانی کا سلسلہ نسب بھی ان ہی موسیٰ سے متصل کیا جاتا ہے۔

[۱] خلیفہ مامون الرشید مسلکاً معتزلی شیعہ تھے۔ خلق قرآن کا مسئلہ جس کے سلسلے میں انھوں نے اور ان کے جانشینوں المعتصم باللہ اور واثق باللہ نے بڑی شدت برتی تھی ان ہی کا اٹھایا ہوا تھا۔ نیز پنجوقتہ نماز کے بعد کھڑے ہو کر تین تین تکبیریں باآواز بلند کہلوانے کی بدعت بھی اُنھوں نے قائم کی تھی جس کے متعلق علامہ ابن کثیر نے صحیح فرمایا تھا کہ اس بدعت کی نہ کوئی دلیل تھی اور نہ سلف کا اس پر عمل تھا وہ لکھتے ہیں۔
ھذہ البدعۃ التی امر بہا المامون فانہا بدعۃ محدثۃ لم یعمل بہا احد من السلف (ج ۱۰ ص ۲۷۶)

شیعہ امیر الامراء بنی بویہ کے زمانۂ اقتدار میں عباسیوں اور طالبیوں کے جدا جدا نقیب مقرر ہوئے

لما ضعفت العباسیون فی العصر الرابع و قوی بال دیلم وامثالھم الطالبیون تثنیت ھذہ النقابة فاصبح للہاشمیین نقیبان (النشاشیبی)

چوتھی صدی ہجری میں جب عباسی خلافت کو ضعف لاحق ہوا اور طالبیوں کے دیلم وغیرہ کی وجہ سے قوت حاصل ہوئی تو اس نقابت میں بھی دوئی پڑ گئی یعنی ہاشمیوں کے دو نقیب ہو گئے۔

مؤلف طرفۃ الاصحاب فی معرفۃ الانساب کے بیان کے مطابق عباسی عہد کے یہ نقیب اپنے خاندان کے زعماء ہوتے تھے اور نقیب ذوی الانساب، نقیب الاشراف و نقیب بنی ہاشم العباسیین و الطالبین کہلاتے تھے ان کے انتخاب میں ان امور کا خاص لحاظ رکھا جاتا تھا کہ باعتبار حسب و نسب اعلیٰ ہوں، صائب الرائے و صاحب تدبیر اور علوم سے بہرہ ور ہوں۔ الماوردی کہتے ہیں :-

اذا اراد المولی ان یولی علی الطالبین نقیباً او علی العباسیین نقیباً تخیر منھم اجلّھم بیتًا واکثرھم فضلاً واجزلھم رایاً۔ (الاحکام السلطانیة)

طالبیوں پر یا عباسیوں پر جب حاکم نقیب کا تقرر کرے تو ان میں سے ایسے شخص کو منتخب کرے جو اعلیٰ منزلت کا ہو باعتبار رائے کے۔

انتخاب کے بعد خلیفہ وقت کے سامنے پیش ہو کر تقرری کی سند باضابطہ عطا ہوتی تھی علامہ ابن کثیرؒ نے ۳۶۳ھ میں عباسی نقیب کے تقرر کی کیفیت بیان کرتے ہوئے لکھا ہے :-

وفی یوم عرفة قلد الشریف ابو الحسین الزینبی[1] محمد بن علی بن ابی تمام الزینبی نقابة العباسیین وقرئ عھدہ بین یدی الخلیفة بحضرة القضاة والاعیان (ج ۱۱ ص ...)

عرفہ کے دن الشریف ابو الحسین الزینبی محمد بن علی بن ابی تمام الزینبی کا نقابت عباسیین پر تقرر کیا گیا سند تقرر خلیفہ کے سامنے اور قاضیوں و اکابرین کی موجودگی میں پڑھی گئی۔

طالبی نقیبوں کے تقرر کا بھی یہی ضابطہ تھا مثلاً ۳۵۴ھ میں الشریف ابو احمد الحسن الموسوی (پدر الشریفان الرضی والمرتضی) کے تقرر کے متعلق بھی یہی مؤلف لکھتے ہیں :-

فیھا قلد الشریف ابو احمد الحسن بن

یعنی اس سنہ (۳۵۴ھ) میں الشریف ابو

[1] نسباً عباسی تھے اپنی پردادی سیدہ زینب بنت سلیمان بن علی بن عبد اللہ بن عباسؓ کے نام کی نسبت سے زینبی کہلاتے تھے (کتاب لب الباب فی تحریر الانساب سیوطی)

بن موسیٰ الموسوی نقابۃ الاشراف الطالبیین۔ (ص۳۰)	ابو الحسن بن موسیٰ الموسوی کو نقابت الاشراف طالبیین پر مقرر کیا گیا۔

الماوردی اور دیگر مولفین نے ہاشمی نقباء کے فرائض بیان کرتے ہوئے جو یہ حضرات پانچویں صدی ہجری میں انجام دیتے تھے لکھا ہے کہ نقباء کا فرض تھا کہ ہاشمی خاندان سے مختلف گھرانوں کے ذکور واناث کی مکمل فہرستیں اور فوتی و پیدائش کے رجسٹر مرتب رکھیں۔ وظائف وارزاق کی تقسیم کریں، خاندانی اوقاف کا انتظام واہتمام کریں۔ انساب کا تحفظ کریں، داخل النسب اور خارج النسب کے معاملات اور وراثت کے مسائل کا تصفیہ کریں۔ غیر کفو قرابتوں کی روک تھام کریں وبجنسہا دیگر امور مندرجہ بالا تصریحات سے واضح ہے کہ عرب قبائل خصوصاً قریشی گھرانوں کے وظائف وارزاق کی تقسیم جس کی ابتداء عہد فاروقی سے ہوئی تھی اموی خلافت میں خاندانوں کے عریف کے ذریعہ ہوتی تھی عباسی خلافت میں یہی عریف نقیب کہلاتے تھے النقیب عریف القوم والجمع نقباء (لسان العرب) عرب کی جماعتی زندگی قبائلی تھی، ہر قبیلے وخاندان کا سردار وسربراہ (بمعنی سید) اسی خاندان اور قبیلے کا پسندیدہ ومنتخب شخص ہوتا تھا اور بیشتر نقیب انہی سادات قبائل سے منتخب ہوتے تھے اور یہ سب نقیب ایک ہی سرکاری ادارے سے منسلک تھے افسر بالا نقیب النقباء کہلاتا تھا علامہ ابن کثیرؒ نے چھٹی صدی ہجری کے نصف حصہ آخر میں طلحہ بن علی بن ابو احمد طراد عباسی کی وفات کے تذکرے میں بیان کیا ہے کہ وہ نقیب النقباء تھے اور یہ عہدہ ان کے گھرانے میں چند پشتوں سے متوارث تھا دیگر فرائض کے ساتھ خاندان کے انساب سے کما حقہ واقفیت بھی نقیب کے لئے لازم تھی تحفظ انساب کے بارے میں قریشی وہاشمی نقباء کی اسناد میں یہ ہدایت درج ہوتی تھی کہ:۔

انظر فی امور انسابھم نظراً لا یدع مجالاً للریب ولا یستطیع معہ احداً ان یدخل فیھم بغیر نسب ولا یخرج علیھم بغیر سبب۔	ان کے (قریشی وہاشمیوں کے) معاملات انساب پر کڑی نظر رکھو تاکہ کسی کو مجال دھوکہ وفریب کی نہ ہوسکے اور نہ کوئی شخص بلا تعلق نسب ان میں داخل ہوسکے اور نہ بغیر کسی وجہ وسبب کے ان میں سے خارج ہوسکے۔

اسی کے ساتھ گمراہ فرقوں کے عقائد باطلہ سے اہل خاندان کو محفوظ رکھنے صحابہ کرام کے سیاسی اختلافات ومشاجرات نیز صالحین امت کی تنقیص کے بارے میں لوگوں کو افراط تفریط سے بچانا بھی نقیب کے فرائض میں شامل تھا۔ متعدد جھمی مدعیوں اور سیاسی قسمت آزماؤں نے علوی نسب کے ادعاء کے ساتھ سیاسی اقتدار حاصل کرنیکی کوشش کی تھیں ان میں سے بعض کا تذکرہ ان اوراق میں پہلے آچکا ہے۔ غرضیکہ اس قسم کی خدمات کی غرض سے نقابت بنی ہاشم معرض وجود میں آئی تھی نہ کہ محض نسبی فخر ومبلہات کے کسی جذبے سے جیسا ایک مؤلف کو یہ کہنے میں غلطی ہوئی کہ :-

وکان القوم هم الحاکمین السیطرین فهم یفعلون ویسمّون ویقولون کما یودون	یہ لوگ (بنی ہاشم) تو حاکم وحکمراں ہی تھے جیسا چاہا کیا جو چاہا نام رکھا اور جو چاہا اپنے کو کہا

معترض نے یہ الفاظ نقابت الہاشمین ہی کے سلسلے میں لکھے ہیں مگر ایک مثال بھی وہ اس کی پیش نہ کرسکے کہ بنی ہاشم یعنی عباسی خلفاء نے زائد از پانصد سالہ دور خلافت بغداد میں اولاً اور تقریباً تین سو برس مصر میں عالم اسلامی کے مذہبی سردار وائمہ مسلمین ہونے کی حیثیت سے آٹھ سو سال کی اس طویل مدت میں نسلی ونسبی تفاخر اور برتری کے اظہار کیلئے کوئی خاص لقب واصطلاح اپنے لئے مخصوص کی ہو۔ لقب الشریف کے استعمال کی کیفیت تو آپ ابھی سن چکے ہیں۔ عباسی خلفاء کے القاب السفاح والمنصور والرشید وغیرہ کا نسبی تفاخر اور اس کے اظہار سے کیا تعلق اور دراصل ان خلفاء نے تو خاندانی ونسبی امتیاز کے لئے اپنے ناموں کے ساتھ لقب الشریف نہ خود استعمال کیا اور نہ سرکاری تحریرات وفرامین میں یہ یا ایسا کوئی لقب لکھوایا جو دیگر قریشی گھرانوں سے ان کی نسبی برتری کے اظہار کا سبب ہو۔ تعلقات قرابت ومصاہرت ان کے قریشیوں کے ساتھ برابر قائم رہے بالخصوص اپنے بنو العم امویوں کے ساتھ۔ امیر المومنین عبداللہ السفاحؒ تو حضرت مروانؓ کے پروتے عبدالعزیز کے مادری بھائی ہی تھے۔ پھر ان کے بعد کے تینوں عباسی خلفاء امیر المومنین ابو جعفر المنصورؒ ان کے فرزند محمد المہدی اور پروتے ہارون الرشیدؒ کی زوجیت میں اموی خواتین تھیں جن کے بطن سے اولادیں بھی ہوئیں۔ ابو جعفر المنصورؒ کی اموی زوجہ سے دو صاحبزادے علی وعباس تھے یہ دونوں عباسی شہزادے ابو عثمان بن خالد اسید بن ابی العیص بن امیہ کے نواسے تھے۔ علاوہ متعدد قرابتوں کے عباسی خلافت کے مناصب

جلیلہ پر ہر دور میں معقدد اموی حضرات فائز رہے[۱] کیونکہ برخلاف اموی خلافت کے عباسی عہد میں ملازمت کے دروازے عرب و غیر عرب سب ہی کے لئے آئینی طور سے کھلے ہوئے تھے اہلیت و قابلیت شرط تھی نہ نسلی و نسبی امتیاز اور نہ شیعہ سنی کا فرق۔ شیعہ مورخ مسٹر جسٹس امیر علی یہی کہتے ہیں۔

> عباسی خلافت کا نظم و نسق ایسے آئین اور معین ضوابط پر چلتا رہا جو دور حاضر کے متمدن نظام و آئین کے مماثل تھا اور بعض پہلوؤں کے اعتبار سے ہمارے زمانے سے بھی ترقی یافتہ تھا۔ سلطنت کے عہدے اور مناصب مسلمانوں عیسائیوں یہودیوں اور ہنود کے لئے یکساں اور مساویانہ طور سے کھلے ہوئے تھے۔ (صفحہ ۴۰۳ ہسٹری آف سیر یسنز)

---

[۱] علامہ ابن حزم نے جمہرۃ الانساب (صفحہ ۱۰۹) میں تفصیلاً بیان کیا ہے کہ عباسی خلافت میں امیر المومنین المتوکل علی اللہ کے عہد سے ہمارے زمانے تک یعنی تقریباً ڈھائی سو برس تک بغداد کے قاضی القضاۃ کا عہدہ اموی خاندان کی ایک شاخ میں جو بنو ابی الشوارب سے موسوم تھی قائم و برقرار رہا تھا۔ ان میں محمد بن حسن بن عبداللہ بن خالد بن اسید بن ابی العیص بن امیہ اور علی بن محمد بن عبدالملک بن محمد ابی الشوارب اموی یہ دونوں اور ان کے باپ دادا اور چچا محمد بن عبداللہ اموی بغداد کے قاضی القضاۃ رہے نیز العباس بن محمد اموی بصرے کے قاضی تھے۔ علامہ ابن کثیرؒ نے ۴۱۷ھ کے واقعات کے سلسلے میں الوالحسن احمد بن محمد عبداللہ بن عباس بن محمد بن عبدالملک مذکور کی وفات کے تذکرے میں جو بغداد کے قاضی القضاۃ تھے۔ بیان کیا ہے کہ اس اموی خاندان ابی الشوارب میں ۲۴ اشخاص عباسی خلافت میں اپنے اپنے وقت میں قاضی اور قاضی القضاۃ رہے تھے۔ ان کے علاوہ حضرت مروانؓ کے ایک پوتے عبدالعزیز بن عمر بن عبدالعزیز امیر المومنین ابوجعفر المنصورؒ کے خاص ندیموں میں تھے اور ہر وقت کے حاضر باش سیاہ سرکاری لباس میں ملبوس رہتے۔ دوسرے خلفاء المعتصم باللہ اور الواثق باللہ کے عہد میں ابو مروان محمد بن عثمان جو حضرت عثمانؓ ذی النورین کے اخلاف میں تھے مکہ معظمہ کے قاضی تھے اور ان کے بنو عم میں محمد بن عبداللہ بن عبد اموی مکہ کے والی تھے۔ اسی طرح دیگر اموی اشخاص مختلف عہدوں پر مقرر تھے علامہ ابن حزم نے بعض عباسی اکابر کا ذکر کیا ہے جو اندلس کے اموی سلاطین کے یہاں معزز مہمان کی حیثیت سے مدتوں تک رہے۔ انقلاب خلافت کے زمانہ میں جو ظالمانہ قتل و قتال و جدال ہوئے وہ وقتی تھے بعد میں دونوں خاندان اپنی سابقہ تعلقات رشتے و قرابت پر پلٹ آئے ابو مخنف جیسے کذاب راوی نے کہا وہ ہی تنہا شخص ہے جس نے اپنے خاص مقصد سے عباسیوں کے ہاتھوں امویوں کے قتل عام کے اور ان کی قبروں کو اکھیڑ کر مدفون لاشوں کو جلانے وغیرہ کے بے بنیاد جھوٹے قصے تراشے ہیں وہ ان حقائق کی روشنی میں جو مختصراً بیان ہوئے بے حقیقت ثابت ہوتے ہیں ہماری دوسری کتاب تاریخ بنو العباس میں تفصیل ملاحظہ ہو۔

امیر المومنین ابو جعفر المنصورؒ سے جب ان کے حاجب الربیع نے کسی شخص کے تقرر کے بارے میں عرض کیا تھا کہ تعلقات کی بنا پر ان کا حق بھی ہے امیر المومنین نے فرمایا کہ ہمارے ذاتی مال میں ان کا حق ہے نہ کہ مال المسلمین میں پھر فرمایا انا لا نولی للحرمة والرعایة بل للاستحقاق والکفایة ولا نؤثر ذا النسب والقرابة علی ذی الدعایة یعنی ہم قرابت اور رعایت کی بنا پر تقرر نہیں کرتے بلکہ استحقاق اور اہلیت کی بنا پر کرتے ہیں۔ اہلیت وصلاحیت والے پر ترجیح صاحب نسب اور قرابت کو نہیں دی جاسکتی۔ اسی اصول کی اکثر و بیشتر پیروی کی گئی شیعہ اور روافض بھی بوجہ اہلیت ذمہ دار عہدوں پر مقرر ہوئے لیکن ان میں سے بعض بدبختوں نے غداریاں بھی کیں مثلاً ۶۱۶ھ میں بعہد امیر المومنین الناصر لدین اللہ عباسیؒ عہدہ وزارت پر ابو الحسن ناصر بن مہدی حسنی[1] فائز تھے انھوں نے بقول شیعہ مورخ ونساب یعنی مولف عمدة الطالب انقلاب حکومت کی ساز باز کی تھی اور بذات خود امیدوار خلافت کے تھے اس وزیر کی خفیہ سازشوں کے متعلق ایک منظوم قطعہ میں کسی نے خلیفہ کو مطلع کیا تھا اس میں کہا تھا کہ

فان کان حقا من سلالة احمد — فهذا الوزیر فی الخلافة طامع

وزیر مذکور کی ریشہ دوانیوں کا توبر وقت قلع قمع ہوگیا تھا لیکن تقریباً چالیس سال بعد ۶۵۶ھ میں قلمدان وزارت ایک غالی رافضی ابن علقمی کے سپرد تھا اس نے دوسرے رافضی نصیر الدین طوسی کے ذریعہ دار الخلافہ بغداد پر تاتاری ٹڈی دل کا حملہ کرادیا تھا۔ بغداد تباہ ہوا۔ المستعصم باللہ[2] خلیفہ شہید ہوئے ان کا قتل گویا ہاشمی وعربی خلافت کا قتل تھا

---

[1] ابو الحسن مذکور کا خاندان مازندران میں متوطن اور شیعی مسلک کا پیرو تھا۔ عمدة الطالب کے مولف نے ان کا سلسلہ نسب اس طرح لکھا ہے ابو الحسن ناصر بن مہدی بن حمزہ بن مہدی بن الناصر بن زید حمزہ بن محمد بن جعفر بن محمد بن ابراہیم بن محمد البطحانی بن القاسم بن الحسن بن زید بن الحسن بن علی ابن ابی طالب۔

[2] امیر المومنین ابو احمد عبداللہ المستعصم باللہ اپنے والد ابو جعفر المستنصر باللہ کی وفات ۶۴۰ھ پر مسند آرائے خلافت ہوئے سولہ برس خلیفہ رہے اپنے والد کی طرح نیک نفس وعلم دوست حلیم وکریم خلیفہ تھے ایک دن کتب خانہ میں بیٹھے مطالعہ کتب میں مشغول تھے خادم خاص پیچھے فرش پر بیٹھا تھا اسے نیند آگئی اور ایسی غفلت کی نیند سویا کہ کروٹ بدلتا ہوا آقا کے پاس لڑھک کر آگیا اور پیر اس تکیہ پر لگ گیا جس پر جھکے ہوئے کتاب پڑھ رہے تھے خلیفہ نے مہتمم کتب خانہ کو لاتے رہے سے بلا کر کہا اسے سونے دو جب ہم چلے جائیں جگا دینا۔ ایسا نہ ہو کہ ہماری موجودگی میں بیدار ہو کر

(بقیہ نوٹ صفحہ ۱۶۱ پر)

عباسی خلافت کے خاتمے کے ساتھ ہی عربوں کی عالمی سیادت اور سیاسی اقتدار عالم اسلامی سے ہمیشہ کے لئے زائل ہوگیا۔ دودمان ہاشمی کے عباسی اور طالبی گھرانے کچھ تو قتل عام میں فنا کے گھاٹ اتر گئے اور کچھ مختلف دیار و امصار میں منتشر و متفرق ہوگئے۔ فرزندانِ عم مصطفٰے کے خون نے دار السلام بغداد میں بہہ کر نقابت بنی ہاشم کے خاتمے کا کلی اعلان کر دیا۔ اس اجڑے دیار میں پھر عجمی و آفاقی آ بسے نقابت ہاشمیین کی بقول ایک مؤلف یوں مٹی پلید ہوئی کہ ہاشمیوں کے وارث عرب و قریش کے بجائے عجمی ہوئے۔ والورا اث اعاجم استعجم الامر فقالوا نقابة الاشراف۔ ہاشمی گھرانے کے نقیب کا صرف نام باقی رہ گیا۔ بغداد کی ایک خانقاہ کا متولی البتہ نقیب الاشرف یا اشراف کہلانے لگا۔ مولف عمدۃ الطالب نے طالبی گھرانوں کے انساب کی تفصیلات پیش کرتے ہوئے مختلف مقامات کے نقیبوں کا ذکر کیا ہے نیز ابن قیم العباسی کی کتاب نسب کا۔ نقیبوں کے مرتبہ شجرات سے جو دستبرد زمانہ سے باقی رہ گئے تھے مختلف گھرانوں کے انساب بعد کے نسابین نے مرتب کئے کہیں کہیں بعض مدعیان فاطمیت کا تذکرہ بھی آگیا ہے اس سلسلے میں عبیدیوں کے ادعائے فاطمیت اور لقب الشریف و السید کے مخصوص کرنے کی کیفیت کتب انساب و تاریخ کی روشنی میں دیکھنا ضروری ہوا چنانچہ ملاحظہ ہو:۔

عبیدی فاطمیت و نسبی سیادت

علامہ جلال الدین سیوطی نے اپنے کتابچے میں جس کے فقرات پہلے نقل ہوئے ہیں یہ بیان کرتے ہوئے کہ الشریف بغداد میں ہر عباسی و علوی و جعفری و عقیلی کا لقب تھا اور مصر میں ہر علوی کا لکھا ہے کہ:۔

فلما ولی الفاطمیون بمصر قصروا	جب فاطمیین (عبیدیین) کی مصر میں حکومت

(بقایا نوٹ صفحہ ۱۶۰ کا) گستاخی پر خوف زدہ ہو (ص۲۶۵ تاریخ ادبیات فارسی) خلیفہ کی شہادت کے بعد دو سال تک دنیائے اسلام میں لامرکزیت رہی جب شہزادے ابوالقاسم احمد بن ابونصر محمد الظاہر باللہ سے ۱۳ رجب ۶۵۹ھ کو سلطان بیبرس نے مصر میں المستنصر باللہ کے لقب سے بیعت خلافت کی تقریباً تین سو برس تک مسلمانان عالم کے دینی مقتدا کی حیثیت سے عباسی خلفاء نے مرکزیت کو قایم رکھا بالآخر جب ترکی سلطان سلیم نے ۹۲۳ھ میں مصر پر قبضہ کیا۔ آخری خلیفہ عباسی نے اس کے ہاتھ پر بیعت کرکے تمام حقوق و امتیازات خلافت ان کے سپرد کر دیے۔ ہمارے زمانے میں شریف حسین حسنی کی غداری سے ترکی سلاطین کی خلافت کا خاتمہ ہوگیا۔

اسم الشریف علی ذریۃ الحسن و الحسین فقط و استمر ذلک بمصر الآن۔	قایم ہوگئی کہ لقب الشریف کو انھوں نے صرف اولاد حسن و حسین کے لئے مختص کر دیا اور یہ دستور اب تک مصر میں جاری ہے۔

مستند اور معتبر مورخین و نسابین کی تصریحات۔ سے کتاب "تحقیق مزید" میں بیان کیا گیا ہے کہ نام نہاد فاطمیین کا مورث عبید اللہ بن میمون القداح ایرانی نژاد مجوسی تھا سیاسی مقصد سے فاطمیت کا ادعا اسی طرح کیا تھا جس طرح اور جس مقصد سے قرامطہ کے یحیٰی بن زکرویہ بن بہرویہ عجمی نژاد نے جس کا ذکر اوپر آیا ہے اپنے متبعین اور اپنے آپ کو فاطمیین سے موسوم کیا تھا۔ سموا ایا نفا طمیین (لبدایۃ ج ۱۱ ص ۱۱) وہ اس کا بھائی حسین[1] بن زکرویہ بھی عبید اللہ کی طرح مہدیت کے مدعی ہو کر اسمٰعیل بن جعفر (الصادق ؑ) کی اولاد سے اپنے کو منسوب کرتے تھے مولف کتاب الروضتین فی اخبار الدولتین نے بھی دیگر مستند مورخین کی طرح بنی عبید کے مورث کے بارے میں لکھا ہے کہ:۔

کان والد عبید ھذا من نسل القداح الملحد المجوسی وقیل کان والد عبید یھودیاً من اھل سلمیۃ من بلاد الشام وکان حداداً ..... وعبید ھذا	اور اس عبید (اللہ) کا باپ معاذ حشم (قداح) ملحد مجوسی کی نسل سے تھا کہتے ہیں کہ یہ عبید ملک شام کے شہروں میں سے سلمیہ کا یہودی تھا اور آہن گر تھا..... اور اس عبید کا

---

[1] حسین بن زکرویہ نے اپنا نام احمد رکھکر اپنی تحریرات میں جو شاندار القاب تجویز کئے تھے وہ اوپر نقل ہوئے ہیں دیکھئے یہ عجمی نژاد کس ڈھٹائی سے اپنے کو لکھتا ہے کہ "احمد بن عبد اللہ المہدی المنصور با مرہ وغیرہ یعنی اللہ کی مدد سے کامیاب اللہ کے دین کا مددگار اللہ کے حکم کا۔ و اللہ کے حکم سے حکومت کرنے والا اللہ کی کتاب کی طرف دعوت دینے والا اللہ کے حرم کی حرمت قائم کرنے والا رسول اللہ کی اولاد سے پسندیدہ امیر المومنین، امام المسلمین، منافقوں کو ذلیل کرنے والا تمام جہانوں میں خدا کا نائب ظالموں کا قلع قمع کرنے والا، ظالموں کی کمر توڑنے والا، ملحدوں کو فنا کرنے والا، انصاف دشمنوں کو قتل کرنے والا مفسدوں کو ہلاک کرنے والا، دیکھنے والوں اور نور حاصل کرنے والوں کے لئے روشنی مخالفوں کو پراگندہ کرنے والا سید المرسلین کی سنت قائم کرنے والا" اور بیٹا اس کا جو سب دمیوں سے بہتر ہو (یعنی حضرت نبی ؐ کی اولاد وغیرہ) مگر اس جھوٹے مدعی نے جس بربریت سے مسلمانوں کا قتل عام کیا، خانہ کعبہ کی بےحرمتی کا ارتکاب کیا، اس کے ساتھیوں قرامطہ نے جس وحشیانہ ظلم سے حاجیوں کے قافلوں پر بار بار حملے کئے مسلمانوں کے سیاسی نظام کو درہم برہم کرنے کے لئے جو فتنہ و فساد برپا کیا وہ تاریخ کا سیاہ باب ہے عباسی خلافت کے لشکر نے بالآخر ان مفسدوں کا قلع قمع کر دیا تھا۔

كان اسمه سعيداً فلما دخل المغرب تسمى بعبيد الله وزعم انه علوى فاطمى ثم ترقت به الحال ان ملك وتسمى بالمهدى وكان زنديقاً خبيثاً عدواً للاسلام متظاهراً بالتشيع متستراً به حريصاً على ازالة الملة الاسلامية قتل من الفقهاء والصالحين جماعة كثيرة۔

نام سعید تھا وہ جب مغربی افریقہ میں داخل ہوا اپنے کو عبید اللہ سے موسوم کیا اور علوی فاطمی ہونے کا دعویٰ کیا پھر اس کو ایسا عروج ہوا کہ حکمراں ہوگیا اور مہدی سے موسوم ہوا وہ زندیق خبیث اسلام کا دشمن تھا۔ اسلام کا اظہار تشیع کے پردے میں کرتا تھا اور ملت اسلامیہ کے تباہ کرنے کا بڑا حریص تھا فقہا اور صالحین کی جماعت کثیر کو اس نے قتل کر ڈالا تھا۔

اِن صالحین میں کافی تعداد ہاشمیوں یعنی مغربی افریقہ کے ادریسی حسنیوں کی بھی تھی اسی مدعی حسینی نسب نے یحییٰ بن ادریس حسنی کو جو حضرت حسن بن علیؓ کے اخلاف میں سے اور مغربی افریقہ کی ادریسی سلطنت کے اعاظم ملوک میں سے تھے اپنے ایک فوجی سردار مصالہ بن حبوس کے ہاتھوں بڑے بڑے عذاب دے کر مروا دیا تھا (قاموس التراجم) ایک غیر مسلم مورخ ڈوزی نے لکھا ہے کہ :۔

"عبد اللہ ابن میمون تو اسماعیلیوں یعنی ابنائے اسماعیل بن جعفر (الصادق) کا بھی دل میں دشمن تھا اولادِ علیؓ سے عقیدتمندی محض اپنا منصوبہ پورا کرنے کے لئے اختیار کی تھی اندرونی طور پر وہ پکا ایرانی تھا۔ حضرت علیؓ اور ان کی اولاد اور تمام عربوں کو ایک ہی زمرے میں خیال کر کے سب سے منحرف تھا اور اس بات کو خوب سمجھے ہوئے تھا کہ ایرانی اگر کسی علوی کی حکومت قائم کرنا چاہیں گے تو ایرانیوں کو ہرگز ہرگز اس سے کوئی نفع نہ پہنچے گا۔ چنانچہ اس نے اپنے متبعین کو صلاح دی کہ اولادِ علیؓ میں سے جو کوئی بھی ہاتھ لگے فوراً ہلاک کر دیا جائے۔"

یہی مورخ عبیدیوں کے وحشیانہ ظلم کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں :۔

"عبید اللہ کے وحشی لشکر نے شہروں پر قبضہ کر کے جو جو ظلم کئے ہیں ان کی مثال نہیں ملتی۔ برقہ میں امیر لشکر نے شہر والوں کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے ان کی

بوٹیاں آگ پر بھونیں اور جو شہر والے وہاں موجود تھے اُن کو بھنا ہوا گوشت کھلایا۔ اور پھر سب کو آگ میں زندہ ڈلوا دیا" (رائن ہارٹ دوزی)

عبید اللہ کا لشکر نیم وحشی جنگجو بربری قبائل کا تھا جو توہم پرست تھے اور مہدی کے پروپیگنڈے کے جال میں پھنس گئے تھے۔ عبید اللہ کے جھوٹے دعوے نسب اور عقائد باطلہ و کفر انہ کے ذکر میں شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں کہ:۔

واھل المعرفۃ بالنسب وغیرھم من علماء المسلمین یعلمون انہ کذب فی دعوی نسبہ وان اباہ کان یھودیا ربیب مجوسی فلہ نسبتان نسبۃ الی الیھود ونسبۃ الی المجوس و ھو واھل بیتہ کانوا ملاحدۃ وھم ائمۃ الاسماعیلیۃ الذین قال فیھم العلماء ظاھر مذھبھم الرفض وباطنہ الکفر المحض وصنف العلماء کتبا فی کشف اسرارھم وھتک استارھم وبیان کذبھم فی دعوی النسب و دعوی الاسلام وانھم بریئون من النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نسباً ودیناً۔ (منہاج السنۃ ج۲ ص۱۲۳)

مسلمان علماء میں سے جو حضرات انساب وغیرہ سے پوری واقفیت رکھتے ہیں وہ جانتے ہیں کہ (عبید اللہ) اپنے نسب کے دعوے میں جھوٹا تھا نیز یہ کہ اس کا باپ یہودی تھا اور مجوسی کا پروردہ یعنی اس کی دو نسبتیں تھیں ایک یہود سے اور دوسری مجوس سے وہ اور اس کے گھر والے ملحد تھے اور یہی اسماعیلیہ کے ائمہ تھے جن کے بارے میں علماء کا قول ہے کہ ظاہر طور پر ان کا مذہب رفض تھا اور باطن میں کفر محض۔ علماء اسلام نے ان لوگوں کے راز فاش کرنے اور ان کا پردہ چاک کرنے اور ان کے دعوے نسب اور دعوے اسلام کے بطلان میں کتابیں تصنیف کی ہیں ان لوگوں کا کوئی واسطہ باعتبار نسب اور دین کے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نہ تھا۔

خود علامہ جلال الدین سیوطی نے عبیدی حاکمان مصر کا تذکرہ اپنی کتاب تاریخ الخلفاء میں یہ کہکر ترک کر دیا کہ دعوے نسب و خلافت ان کا قطعاً باطل تھا اور مورث ان کا مجوسی تھا علم الانساب کے کسی عالم نے بھی ان کے دعوے کی [redacted] نہیں کیا انھوں نے اسی ضمن میں ایک واقعہ کا بھی ذکر کیا ہے کہ ایک منظوم رقعہ کسی نے عبید اللہ کے پوتے العزیز کو مخاطب کرتے ہوئے جمعہ کے دن منبر پر رکھ دیا تھا کہ اگر دعوئ نسب میں سچے ہو تو ذرا اپنے اجداد سے پانچ پشت تک نام تو گنا دو اور خود المعز کے زمانہ میں ابن طبا طبا علوی نے جب اُس کا نسب

پوچھا شجرۂ نسب بیان کرنے کے بجائے المعز نے اپنی تلوار میان سے کھینچتے ہوئے کہا تھا کہ یہ تو میرا شجرۂ نسب ہے اور حاضرین کے درمیان اشرفیاں بکھیر کر بتایا تھا کہ یہ میرا حسب ہے۔

ڈوزی نے صحیح کہا ہے کہ عبیدیوں کا ادعائے نسب تو ایک بہانہ اور فریب تھا انھیں جب سیاسی اقتدار حاصل ہو گیا ادعائے نسب سے بے پرواہ ہو گئے مغربی افریقہ کے زمانہ قیام میں جب عبیداللہ نے موریتانیہ کی ایک عرب ریاست پر حملہ کرنا چاہا اس کے حکمران سعید ثانی کو پیغام بھیجا کہ اطاعت قبول کر لے پیغام کے ساتھ کچھ اشعار بھی لکھ کر بھیجے تھے کہ اطاعت قبول نہ کی تباہ و برباد ہو جاؤ گے اور مطیع ہونے کی حالت عدل و انصاف سے انتظام مملکت کیا جائیگا سعید نے جواب میں احمس طلیطلی شاعر کے شعر بھی بھیجے جن میں کہا تھا کہ "خانۂ کعبہ کی قسم تو جھوٹ بولتا ہے تو جانتا نہیں کہ عدل و انصاف کسے کہتے ہیں راستی اور نیکی کا کلمہ آج تک تیرے منہ سے نکلا ہی نہیں تو مکار اور بے دین ہے۔"

گویا اس کے ہمعصر افریقی مسلمانوں کو اس کی بیدینی و مکاری سے بخوبی واقفیت تھی نصف صدی سے زیادہ مدت کے بعد جب اس کی اولاد نے مصر پر تسلط حاصل کر لیا صحیح النسب ہاشموں علویوں نے اس کے دعوے نسب کو کبھی قبول نہیں کیا مولف عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب ہی کا بیان ہے کہ حضرت حسینؓ کے ایک پوتے حسین الاصغر بن علی زین العابدین کی نسل سے ایک علوی گھرانا جو بنی طاہر سے معروف تھا مصر میں متوطن تھا عبیداللہ کے بیٹے المعز کے وقت میں اس علوی گھرانے کے معزز شخص مسلم بن عبیداللہ بن طاہر تھے جو بقول مولف مذکور مسلم العلوی کہلاتے تھے کسی نے ایک رقعہ المعز کے یہاں اس مضمون کا رکھوا دیا کہ اگر آل ابی طالب سے ہو بنی طاہر کے یہاں اپنا رشتہ کرنے کے لئے پیام دو وہ قبول کر لیں تو معلوم ہو جائیگا کہ ان کے ہم کفو ہو۔ اس رقعہ کے ابتدائی دو شعر یہ تھے۔

ان کنت من آل ابی طالب	فاخطب الی بعض بنی طاهر
اگر تم (نسباً) آل ابی طالب سے ہو	تو ذرا بنی طاہر کے گھرانے میں کسی کے یہاں پیام دو
فان رآك القوم كفواً لهم	فی باطن الامر و فی الظاهر
تو اگر یہ لوگ تمھیں اپنا ہم کفو جان لیں	حقیقت میں اور ظاہر میں (تو تمہارے نسب کا ثبوت ہو جائیگا)

المعز نے رقعہ پڑھ کر اپنے بیٹے العزیز کے رشتہ کا پیام بھجوایا جو مسلم العلوی نے قبول نہ کیا مولف موصوف مزید لکھتے ہیں کہ:-

فلما قرء المعز الرقعه خطب الی مسلم بن عبید اللہ بن طاھر احدی بناته لابنه العزیز فلم یجبه و اعتذر ان کلاً من بناته فی عقد واحد من اقربائه فحبسه المعز واستقصے امواله ولم یر بعد ذلک فیقال انه اھلکه فی الحبس ویقال انه ھرب (ص۳۳)	المعز نے جب رقعہ پڑھا اپنے بیٹے کا پیام مسلم بن عبید اللہ بن طاہر کی ایک دختر کے لئے دیا انھوں نے منظور نہ کیا اور عذر کیا کہ میری بیٹیوں کا تو میرے قرابتداروں سے پہلے ہی عقد ہو چکا ہے المعز نے اس پر انھیں قید میں ڈالدیا ان کا مال متاع بھی ضبط کر لیا اس کے بعد کسی نے انھیں پھر نہ دیکھا کہتے ہیں قید کی حالت میں ہلاک کر دیا اور یہ قول بھی ہے کہ وہ فرار ہوگئے تھے [۱]

علم النسب کی اصطلاح میں ایسے شخص کو مردود النسب کہتے ہیں جس کے دعوے نسب کو اہل خاندان ہی جھٹلا دیں اور قبول نہ کریں۔ عبیدیوں کے مورث عبید اللہ کا ادعائے نسب بقول علامہ ابن حزم شرمناک تھا اس نے ایسے نسب شریف کا یعنی اولاد جناب جعفر (الصادقؒ) سے منتسب ہونے کا ادعا کیا تھا جن کے ایک ایک فرد کا حال اہل خاندان بنی ہاشم طالبیوں و عباسیوں کے علاوہ تمام قریشی گھرانوں کے اشخاص اور حجازی باشندوں کو بھی معلوم تھا۔

جناب جعفر (الصادقؒ) کے بارہ اولادیں تھیں سات بیٹے اور پانچ بیٹیاں۔ دو بیٹے عبد اللہ اور اسمٰعیل اور ایک بیٹی ام فروہ زوجہ اولیٰ فاطمہ بنت حسین بن حسن بن علی بن ابی طالب کے بطن سے تھے۔ باقی پانچ بیٹے اور چار بیٹیاں کنیزوں سے تھے یعنی موسیٰ و محمد و اسحٰق اور ان کی دو بہنیں فاطمۃ الکبریٰ اور بریہ ایک ام ولد سے عباس اور ان کی دو بہنیں اسماء اور فاطمہ دوسری ام ولد سے اور علی تیسری سے تھے وہ اپنے والد ماجد کی وفات کے وقت طفل صغیر تھے۔

جناب جعفر (الصادقؒ) کی اولاد میں عبد اللہ سب سے بڑے تھے ان ہی کے نام سے ان کی کنیت ابو عبد اللہ تھی۔ عبد اللہ کے اولاد ذکور نہ تھی صرف ایک بیٹی فاطمہ تھیں جو عباسی

---

[۱] ان مسلم العلوی کے پوتے حسن بن طاہر بن مسلم مذکور اپنے وطن حجاز سے نکل کر عراق چلے گئے تھے پھر وہاں سے سلطان محمود سبکتگین کے پاس غزنہ پہنچے تھے ان کی موجودگی میں مصر کے عبیدی فاطمی حاکم کا فرستادہ الباہرتی الطوبی سلطان موصوف کی خدمت میں پہنچا تھا اس باہرتی کا دعوی نسب بھی جھوٹا تھا حسن بن طاہر بن مسلم سے سلطان کے مواجہ میں اس کا مباحثہ ہوا اس کے عقائد باطلہ اور نسب کے ادعائے باطل کا اظہار ہونے پر اسے قتل کر دیا گیا تھا۔ (عمدۃ الطالب)

خاندان میں عباس بن عیسیٰ بن موسیٰ بن محمد الامام بن علی بن عبداللہ بن العباس بن عبدالمطلب کو بیاہی گئیں (کتاب نسب قریش ص۶۲ و جمہرۃ الانساب ابن حزم)

مجھلے اسمٰعیل تھے اور خلقتاً لنگڑے اسمٰعیل الاعرج کہلاتے تھے (عمدۃ الطالب ص۲۲۲) عین عالم شباب میں کہ ستائیس اٹھائیس برس کی عمر تھی فوت ہو گئے یعنی جناب جعفر (الصادق) کی رحلت سے پندرہ سولہ برس پہلے ۱۳۳ھ میں مدینہ سے کوئی چار میل دور موضع العریض جو خاندانی ملک تھا منزلت آخرت طے کی میت مدینہ لاکر دفن ہوئی۔ تین اولادیں چھوڑیں دو بیٹے محمد اور علی اور ایک بیٹی فاطمہ۔ محمد تو ایک کنیز کے بطن سے تھے اور علی و فاطمہ یہ دونوں بھائی بہن مخزومیہ خاتون ام ابراہیم بنت ہشام بن اسمٰعیل بن ہشام بن الولید بن المغیرہ سے تھے نانی اور پرنانی ان دونوں کی عدویہ خواتین تھیں پرنانی تو حضرت فاروق اعظمؓ کی حقیقی پوتی ام جمیل تھیں اور نانی حضرت عمرؓ کے برادر حقیقی زید بن الخطاب کی پروتی ام حکیم تھیں۔

(کتاب نسب قریش ص۶۳)

اسمٰعیل بن جعفر (الصادقؒ) کے یہ دونوں فرزند سیاسی وجوہ سے اپنے چچا جناب موسیٰؒ کے جنھیں امامیہ بلقب الکاظم سے اپنا چھٹا امام کہتے ہیں سخت مخالف اور عباسی خلافت کے موید اور طرفدار رہتے تھے۔ شیعہ مورخ و نساب مولف عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب ہی کے بیان سے یہ ذکر پہلے آچکا ہے کہ محمد بن اسمٰعیل مذکور اپنے چچا کے مراسلت و مکاتبت کا کام کیا کرتے تھے جو انقلاب حکومت کے سلسلہ میں وہ اپنے طرفداروں کو خفیہ طور سے بھیجا کرتے تھے۔

کان محمد بن اسمٰعیل بن الصادق مع عمہ موسیٰ الکاظم یکتب لہ فی السر الی شیعتہ فی الآفاق۔ (عمدۃ الطالب ص۲۲۳)	محمد بن اسمٰعیل بن الصادق اپنے چچا موسیٰ الکاظم کے پاس خط و کتابت کا کام کرتے تھے جو وہ اپنے طرفداروں کو بیرونجات میں بھیجا کرتے تھے۔

یہی مولف مزید لکھتے ہیں کہ محمد مذکور نے اپنے چچا کے یہ سب راز امیرالمومنین ہارون الرشیدؒ پر اس وقت ظاہر کر دیے (اظہر اسرارہ) جب وہ ایک حج کے موقعہ پر مدینہ بھی آئے تھے جناب موسیٰ کو امیرالمومنین مدینہ سے اپنے ساتھ لے گئے پہلے بصرے میں رکھا پھر بغداد میں نظربند کیے جانے کا حکم صادر کیا۔ محمد مذکور کے بھائی علی بن اسمٰعیل کے بارے میں علامہ ابن حزم کا بیان کہ وہ بھی اپنے چچا کی مخبری کرتے تھے انھیں بھی ان پر نگراں مقرر کیا گیا (موکلاً علیہ) مولف عمدۃ الطالب کہتے ہیں کہ محمد بن اسمٰعیل تو امیرالمومنین ہی کی معیت میں عراق چلے گئے تھے خلیفہ سے

صلہ بھی حاصل کیا اور بغداد ہی میں فوت ہو گئے۔

خرج معہ الی العراق و مات ببغداد (ص۔۔۔)	یعنی محمد مذکور ان ہی کے (خلیفہ ہارون الرشید کے) ساتھ عراق چلے گئے اور بغداد میں فوت ہوئے۔

نیز فرماتے ہیں کہ جناب موسیٰ نے اپنے اس بھتیجے کو قطع صلہ رحمی و مخبری کیلئے بد دعا دی تھی جس کی وجہ سے جلد مر گئے۔ سال وفات ان کا ۱۸۵ھ بیان کیا گیا ہے۔ بہر حال یہ دونوں فرزندانِ اسمٰعیل بن جعفر (الصادقؑ) بغداد میں سکن گزیں رہے۔ خلفاء عباسی کے خاندان سے ان کی متعدد قرابتیں بھی تھیں سطور بالا میں یہ ذکر ضمناً آیا ہے کہ ان کی چچیری بہن یعنی جناب جعفر (الصادقؑ) کی حقیقی پوتی فاطمہ بنت عبداللہ بن جعفر عباسی خاندان میں عباس بن عیسیٰ بن موسیٰ عباسی کو جو امیر المومنین ہارون الرشیدؒ کے چچیرے بھائی تھے بیاہی تھیں۔ (کتاب نسب قریش ص۶۴) اور خود جناب جعفر (الصادقؑ) کی دو شہزادیاں فاطمہ الکبریٰ اور رقیہ جو محمد علی فرزندان اسمٰعیل کی پھوپیاں تھیں عباسی خاندان میں امیر المومنین ابوجعفر المنصور کے سگے بھتیجے محمد بن ابراہیم (الامام) بن محمد بن علی بن عبداللہ بن العباسؓ کے حبالہ عقد میں یکے بعد دیگرے آئیں (کتاب نسب قریش ص۶۳) نیز جناب جعفر الصادقؒ کی تین پھوپیاں فاطمہ و ام الحسن و ام الحسین بنات جناب علی زین العابدین۔ داؤد بن علی بن عبداللہ بن عباسؓ اور جناب ابراہیم الامام بن محمد بن علی بن عبداللہ بن عباسؓ سے بیاہی گئیں اور تینوں کے بطن سے اولاد بھی ہوئی (نسب قریش ص۶۳) تیسری چچیری بہن میمونہ بنت حسین بن زید بن علی زین العابدین امیر المومنین محمد المہدی عباسیؒ کی زوجہ تھیں (المعارف) ان سے اولاد بھی تھی۔ غرضیکہ جناب جعفر (الصادقؑ) کے یہ دونوں پوتے محمد و علی فرزندانِ اسمٰعیل بتعلقات قرابت و یگانگت خلفائے عباسی کے یہاں خوشحال زندگی بسر کرتے رہے۔ دونوں صاحب اولاد تھے۔ محمد کے دو ہی بیٹے تھے جعفر اور اسمٰعیل ثانی اور علی کے بھی صرف دو ہی فرزند تھے محمد اور ابوالحسن اسمٰعیل ثالث۔ ان سب سے نسل چلی کتب انساب میں ان کے اخلاف کے نام و تذکرے تفصیلاً درج ہیں عبیدیوں کے وضعی شجروں میں ان میں سے کسی کا نام نہیں ملتا۔

عبیدیوں نے محمد بن اسمٰعیل بن جعفر (الصادقؑ) کو اپنا ساتواں امام قرار دینے کی غرض سے طرح طرح کی کہانیاں وضع کی ہیں جو واقعات تاریخ کے سراسر خلاف ہیں۔ زمانہ حال کے ایک اسماعیلی مؤلف فرماتے ہیں:۔

"مولانا جعفر صادق نے مولانا محمد بن اسماعیل کو چھپا دیا کیونکہ بنی عباس ان کی جان لینے کے درپے تھے اور میمون القداح کو جو سلمان انفارسی سے پرنتے تھے ان کا کفیل مقرر کیا اس وقت مولانا محمد بن اسماعیل کی عمر چھبیس ۲۶ سال کی تھی۔ بحوالہ کتاب عیون الاخبار ص ۳۳۵) امام محمد کے والد کا جب انتقال ہوا تو محمد کی عمر ۲۶ سال تھی اور ان کے بھائی علی کی ۱۸ سال کی تھی) عوام الناس کے اطمینان کے لئے امام موسیٰ کاظم کو جنھوں نے تاویل وحقیقت کا درس لیا تھا آپ کا حجاب یا مستودع (یعنی ظاہری نائب) اور میمون القداح کو آپ کا کفیل (یعنی باطنی نائب) مقرر کیا تاکہ لوگ آپ کو بھول جائیں اور امام موسیٰ کاظم کی طرف متوجہ ہو جائیں اس لئے آپ محمد مکتوم کہے جاتے ہیں اکثر شیعہ موسیٰ کاظم کے پیرو ہوگئے۔ مولانا جعفر صادق نے اپنے پوتے محمد بن اسماعیل کے رتبے کو چند اہل اخلاص ومعرفت کے سوا خاص وعام دونوں سے چھپایا موسیٰ کاظم کو جب مستودع یا حجاب کا مرتبہ مل گیا تو انھوں نے یہ دعویٰ شروع کیا کہ میں ہی مستقر امام ہوں اور لوگوں کو دھوکا دے کر اپنی اور اپنی اولاد کی طرف امامت منتقل کر لی"

(کتاب ہمارے اسماعیلی مذہب کی حقیقت اور اس کا نظام ص۱۵۵)

جس کسی نے یہ لچر کہانی وضع کی ہے اُسے تاریخ والانساب کی معلومات مطلق نہ تھیں۔ محمد مذکور کے والد اسمٰعیل جب بوقت وفات ستائیس اٹھائیس برس کے تھے تو بیٹے کو ۲۶ سال کا بتانا انتہائی لغو بیانی ہے۔ محمد مذکور کے دادا جناب جعفر (الصادقؑ) کی ولادت ۸۳ھ کی تھی بیس سال کی عمر میں بالفاظ دیگر ۱۰۳ھ میں اگر ان کی شادی ہوئی جو زیادہ قرین قیاس ہے تو ان کے ان منجھلے صاحبزادے اسمٰعیل کی ولادت چار پانچ سال بعد ۱۰۸ھ یا ۱۰۷ھ میں ہوئی ہوگی ۱۳۵ھ میں انتقال ہوگیا یعنی ستائیس اٹھائیس سال کی عمر میں اس وقت ان کے بڑے بیٹے محمد مذکور پانچ چھ برس کے ہوں گے نہ کہ ۲۶ سال کے۔ اپنے ہاشمی خاندان سے ایسے طفل صغیر اور معصوم بچے سے عباسی خلافت کو کیا خطرہ ہوسکتا تھا کہ اس بچے کی جان لینے کے درپے ہوتے اور جناب جعفر (الصادقؑ) ہی اپنے اس صغر سن پوتے کو عباسیوں سے کیوں چھپاتے جن سے ہمجد ہونے کے علاوہ متعدد قرابتیں بھی تھیں جن کا ذکر سطور بالا

میں کیا گیا ہے۔ عباسیوں کی دشمنی کا یہ جھوٹا افسانہ ظاہر ہے اس لئے تراشا گیا کہ اس زمانہ سے تقریباً ڈیڑھ سو برس بعد عبیداللہ از نسل میمون القداح مجوسی فاطمیت کے ادعائے کاذبہ کے ساتھ مہدی موعود اور محمد بن اسمٰعیل کی اولاد ہونے کا جھوٹا دعویٰ کر کے اسلامی سیاسی نظام اور خلافت عباسیہ کے درپے تخریب ہونے والا تھا۔

اب اس موقع پر عبیداللہ مذکور کے دعوے نسب کی مختصر کیفیت مستند نسابین کی زبانی سنیئے۔ واضح رہے کہ اس عبیداللہ کا نام سعید تھا مغربی افریقہ میں مہدویت کے دعوے کے ساتھ اس نے اپنے دادا کے نام پر اپنا نام عبیداللہ رکھا تھا۔

علامہ ابن حزم نے صراحتاً بیان کیا ہے کہ عبیداللہ نے پہلے تو جناب جعفر (الصادقؒ) کے بڑے بیٹے عبداللہ کی اولاد ہونے کا دعویٰ کیا تھا چنانچہ جناب محمدؒ (الباقر) کی اولاد کے تذکرے میں کہتے ہیں کہ:-

ان بنی عبید ولاۃ مصر الآن قد ادعوا فی اول امرھم الی عبد اللہ بن جعفر بن محمد ھذ فلما صح عندھم ان ھذا لم یعقب الا ابنۃ واحدۃ ترکوہ و انتموا الی اسمٰعیل بن جعفر محمد۔ (جمھرۃ انساب ابن حزم)	بنی عبید نے جو اس وقت مصر میں حکمراں ہیں پہلے پہل تو عبیداللہ بن جعفر بن محمد سے اپنے کو منسوب کرنے کا ادعا کیا مگر جب انھیں اس بات کی صحت ہوگئی کہ ان عبداللہ کے سوائے ایک بیٹی کے اور کوئی عقب نہ تھا ان کو تو چھوڑ دیا اور اسمٰعیل بن جعفر بن محمد سے اپنے کو منسوب کر دیا۔

شیعہ مؤلف عمدۃ الطالب بھی فرماتے ہیں کہ:-

ان المھدی (عبید اللہ) اولھم منتسب الی انہ محمد بن اسمٰعیل بن الصادق لصلبہ و زمانہ لا یحتمل ذلک ص۲۳۳	(عبیداللہ مدعی) مہدی نے پہلے تو یہ ادعا کیا کہ وہ بنی محمد بن اسمٰعیل بن صادق ہے صلب اسمٰعیل) سے مگر زمانہ اس کے اس (دعویٰ) کا متحمل نہیں ہو سکتا

کیونکہ محمد مذکور اور عبیداللہ مدعی کے زمانہ میں تقریباً ایک صدی کا فرق آتا ہے۔ آخر میں محمد بن اسمٰعیل کے بیٹے حسین کی اولاد ہونے کا دعویٰ کیا۔ مگر محمد مذکور کا نہ کوئی تیسرا بیٹا تھا اور اور نہ کسی بیٹے کا نام حسین تھا علامہ ابن حزم نے اس کے جھوٹے دعوے پر یہ ریمارک کیا ہے:-

ومرۃ ادعی۔ انہ ولد الحسین بن محمد بن اسمٰعیل ابن جعفر وکل ھٰذہٖ	اور کبھی یہ ادعا کیا کہ وہ حسین بن محمد بن اسمٰعیل بن جعفر کی اولاد ہے یہ سب دعویٰ اس کا

دعویٰ مفتعلۃ لان محمد بن اسمٰعیل بن جعفر لم یکن لہ قطّ ولدٌ اسمہ الحسین وھذا کذبٌ فاحشٌ ولانّ مثل ھذا النسب لا یخفی علی من لہٗ اقلّ علم بالنسب ولا یجھل اھلہ الّا جاھلٌ (جمھرۃ الانساب ص۵۴)

شرمناک ہے کیونکہ محمد بن اسمٰعیل بن جعفر کے حسین نام کوئی بیٹا تھا ہی نہیں یہ سب تو کھلا کھلا جھوٹ ہے۔ جس شخص کو انساب کا ذرا سا بھی علم ہوگا اس سے ایسا نسب مخفی نہیں رہ سکتا اور نہ اہل خاندان (یعنی بنی ہاشم) میں سے کوئی اس سے ناواقف رہ سکتا ہے سوائے جاہل کے۔

علامہ ابن حزم متولد ۳۸۳ھ ومتوفی ۴۵۲ھ عبیدیوں کے زمانے میں تھے اور ان مدعیان فاطمیت کے حالات وواقعات سے واقفیت بھی کافی رکھتے تھے لیکن ان سے بھی زیادہ فیصلہ کن بیان اس بارے میں کتاب نسب قریش کے مولف مصعب زبیری متولد ۱۵۶ھ ومتوفی ۲۳۶ھ کا ہے جو محمد وعلی فرزندانِ اسمٰعیل بن جعفر اور ان کی اولاد کے نہ صرف ہم زمانہ تھے بلکہ متعدد قرابتیں بھی ان کے خاندان کی اس گھرانے سے تھیں انھوں نے ذاتی علم وواقفیت سے محمد مذکور کے صرف دو بیٹے جعفر واسمٰعیل بتائے ہیں کوئی تیسرا بیٹا حسین نام نہیں بتایا اس لئے ابن حزم کا یہ ریمارک صحیح ہے کہ عبید اللہ کا یہ دعویٰ کہ وہ حسین بن محمد بن اسمٰعیل کی اولاد ہے شرمناک اور کھلا کھلا جھوٹ تھا۔ خود ایک ذی علم اسماعیلی مصنف[۱] نے صراحتاً تسلیم کیا ہے کہ ان کے آئمہ کے صحت نسب پر جو اعتراضات ہیں "باوجود اس کے کئی دفعہ اس کے متعلق سوالات کئے گئے ہمارے نہ تو کسی امام نے اور نہ کسی داعی نے تشفی بخش جواب دیا (کتاب ہمارے اسماعیلی مذہب کی حقیقت مطبوعہ حیدرآباد دکن ص۱۶۳) دعوے نسب ہی جب بے بنیاد تھا جواب کیا دیتے عبیدیوں نے جس مقصد سے یہ زبردست سیاسی تحریک مذہب کی آڑ لیکر چلائی تھی۔ ان ہی اسماعیلی مولف کی زبانی سنئے جن کی کتاب کے اقتباسات اوپر نقل ہوگئے ہیں" فرقہ اسماعیلیہ کے بانی" کی ذیلی سرخی سے لکھتے ہیں کہ:۔

"ہمارے قدیم اسماعیلی دعوت کی تعلیم اسلام کی تعلیم سے مختلف نظر آتی ہے اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس تعلیم کا بانی کون ہے اور کب سے اور کس طرح یہ شروع ہوئی اس کے بانی ایرانی نژاد میمون القداح یا ان کے فرزند

---

[۱] ڈاکٹر زاہد علی بی۔ اے، مولوی فاضل (پنجاب) ڈی فل (آکسن) سابق پروفیسر عربی ووائس پرنسپل نظام کالج حیدرآباد (دکن)

سیدنا عبداللہ ہیں"   (ایضاً صلا)

ان ہی اسماعیلی مولف نے ایک اور ذیلی عنوان قایم کیا ہے" اسماعیلی دعوت کے محرک اور اس کا مقصد" اس کے تحت لکھتے ہیں کہ:-

"سیدنا عبداللہ (عبیداللہ) نے اسماعیلی دعوت قایم کی جس سے آپ کا مقصد ایک مذہبی تحریک پیدا کرنا تھا جو خلافت عباسیہ کا مقابلہ کر سکے جو اس زمانے میں برسر حکومت تھی۔ اس غرض کی تکمیل کے لئے ایک انجمن بنائی جس میں ایسے افراد شریک کئے جو بالطبع معتزلیوں کے خیالات اور فلسفیوں کی کی رایوں کی طرف مائل تھے۔ اس تحریک کی کامیابی کے لئے اہل بیت کی مدد لینا پڑی تاکہ وہ شیعہ جن کو اہل بیت سے محبت تھی اسے جلد قبول کرلیں.........

شیعہ جو اس زمانہ کی موجودہ حکومتوں یعنی حکومت عباسیہ بغداد اور حکومت اموبیہ اندلس سے ناراض تھے اہل بیت کے کسی نہ کسی فرد کو اپنا حق لینے کے لئے ابھارتے اور اسے حکومت کی ترغیب دلا کر اپنا امام بناتے اور اس کی قیادت میں عباسیوں اور امویوں کا مقابلہ کرتے۔ بعض وقت تو صرف اس کے نام سے فائدہ اٹھاتے تھے حالانکہ وہ خود ایسی تحریک کو پسند نہ کرتا تھا چنانچہ مولانا علی کے فرزند مولانا محمد بن الحنفیہ کے نام سے دعوت کی جاتی تھی اور آپ خود اس سے انکار فرماتے رہے اسی طرح سیدنا عبداللہ (عبیداللہ بن میمون القداح نے ایک ایسی دعوت قائم کی جو مولانا جعفر کے حکم کے خلاف تھی۔.......

کہا جاتا ہے کہ سیدنا عبداللہ میمون نے خفیہ طور پر مال و دولت حاصل کرنے کے لئے ایک جماعت تیار کی اور ظاہر میں اپنا مکر و فریب چھپانے کے لئے مولانا محمد بن اسماعیل کی طرف دعوت کرتے رہے ان داعیوں کے ایرانی النسل ہونے کے بعد اس امر میں کوئی شبہ نہیں رہتا کہ انھوں نے اس قسم کے خیالات پھیلائے ہوں (یعنی مولانا علی الوہیت وعقیدہ تناسخ وحلول) کیونکہ ایرانی بالطبع حلول و تناسخ کے قائل تھے یعنی اپنے بادشاہوں کو خدا مانتے تھے۔ ہم شیعوں کے اکثر عقائد یعنی حکومت کا ایک موروثی امر ہونا اس کا باپ کے بعد بیٹے میں منتقل ہونا بھی ایرانی خیالات سے تعلق رکھتا

ہے عربوں میں انتخاب کی رسم جاری تھی ۔ شریعت کے ہر عمل کی تاویل کرنے سے سیدنا میمون اور ان کے فرزند عبداللہ جیسے داعیوں کا اصلی مقصد یہ تھا کہ لوگ باطن سے واقف ہو کر شریعت کو معطل سمجھیں " (ص ۲۱۳)

اسماعیلی مصنف کا مندرجہ بالا اقتباس کسی تشریح کا محتاج نہیں ' وہ صاف کہتے ہیں کہ اس تحریک کا بانی ایرانی نژاد معالج چشم میمون کا بیٹا عبداللہ تھا اور مقصد اس کا مسلمانوں کے دین و مذہب کی بیخ کنی اور اسلامی سیاسی نظام کی تخریب تھا چنانچہ مزید کہتے ہیں کہ :-

" سیدنا عبداللہ بن میمون القداح نے اپنے اسماعیلی مذہب کی بنیاد اس اصول پر رکھی کہ آنحضرت صلعم نے ظاہری شریعت کی تبلیغ کی ' باطنی شریعت کے لئے آپ نے مولانا علی کو قائم کیا ۔ مولانا علی اور آپ کے بعد جو چھ امام گذرے انھوں نے باطنی شریعت کو مکمل کیا ساتویں امام مولانا محمد بن اسمٰعیل نے شریعت محمدی کے ظاہر کو معطل کر کے باطنی شریعت جاری کی . . . . . گویا آپ کے زمانے سے ظاہری اعمال یعنی نماز وغیرہ کے ادا کرنے اور شرعی محرمات سے بچنے کی ضرورت نہیں رہی ان کی تاویل کی معرفت کافی ہے " (ص ۶۲۵)

تاویل کے سلسلے میں مصنف مذکور نے تفصیلی گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ :-

" کیا ہم اپنے ایسے مذہب کو اسلام کے موافق کہہ سکتے ہیں جس کی توحید میں کلمۂ شہادت لا الہ الا اللہ کی تفسیر لا امام الزمان ہو ' جس میں آنحضرت صلعم کے بعد ایک اور ساتواں رسول پیدا ہو گیا ہو (یعنی محمد بن اسمٰعیل بن جعفر) جس میں مولانا علی رسول اللہ کی زندگی تک آپ کی رسالت میں شریک ہوں ' جس میں مولانا علی اور آئمہ رسول اللہ سے چار درجے افضل مانے گئے ہوں ' جس میں قرآن مجید ۔ تورات اور انجیل کی طرح ایک تحریف شدہ کتاب سمجھی گئی ہو جس میں شریعت محمدی کے ظاہر کی توہین ہی نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ نے سنہ ۱۳۸ھ کے بعد سے (یعنی بوفت وفات اسمٰعیل بن جعفر الصادق) اسے معطل کر دیا ہو ۔ جس میں ہم نے اپنی سیادت و حکومت برقرار رکھنے کے لئے تقیہ اختیار کیا ہو اور مختلف مواقع پر مختلف تعلیمیں دی ہوں ۔ جس میں امام محرمات اور فواحش کے مرتکب ہونے پر

" بھی امام باقی رہتا ہو جس میں امام کی تعظیم و تکریم میں سجدہ غیر منکر سمجھا گیا ہو جس میں تم اپنے آپ کو بجائے "عبداللہ" لکھنے کے "عبدالمستنصر" یا "عبد سیدنا و مولانا" لکھتے ہوں۔ وغیرہ" (صـ۲۳۳)

ایسے ہی تاویلات باطلہ کے چور دروازے سے بقول ابن قیم دشمنانِ اسلام نے ملت اسلامی میں داخل ہونے کی جسارت کی تھی۔

وانما دخل اعداء الاسلام من المتفلسفة والقرامطة والباطنية والاسماعيلة والنصيرية من باب التاويل۔ (اعلام الموقعين عن رب العالمين)	تحقیق کہ متفلسفہ قرامطہ و باطنیہ و اسماعیلیہ و نصیریہ جیسے دشمنان اسلام تاویل ہی کے دروازے سے داخل ہوئے۔

"پچھلے اوراق میں مختصراً ذکر آیا ہے کہ تیسری چوتھی صدی ہجری میں وضعی حدیثوں کے ذریعہ جن کا ذکر آگے آتا ہے یہ پروپیگنڈا شدت اختیار کر گیا تھا کہ جلد ہی مہدی کا ظہور ہونے والا ہے جو نسل فاطمہ سے ہوں گے اور دنیا کو عدل و انصاف سے بھر دیں گے۔ عبید اللہ نے اسی پروپیگنڈے کے ذریعہ مغربی افریقہ کے نیم وحشی بربری قبیلے کتامہ میں اپنے متبعین کی کثیر تعداد فراہم کی ۳۰۲ھ میں مصر کے فتح کرنے کے لئے زبردست مہم بھیجی، مگر عباسی عامل کے لشکر کے مقابلہ میں سخت ہزیمت اٹھانی پڑی سات ہزار مقتول اور تقریباً اسی قدر اسیر ہوئے ملاحظہ تاریخ طبری ج۱۱ ص۲۵) لیکن ساٹھ سال بعد ۳۶۳ھ میں جب عباسی خلافت کے مصری عامل کی حربی قوت کمزور تھی عبیدیوں کے قائد جوہر کو مصر پر قبضہ حاصل کرنے کا موقع مل گیا۔ اس کے بعد سے شام فلسطین و حجاز پر جہاں ان سے پہلے ان کے ہم عقیدہ ایجنٹ قرامطہ فتنہ و فساد اور قتل و غارتگری کا بازار گرم کر چکے تھے بار بار حملے کر کے عارضی تسلط بھی کر لیا تھا۔

علاقہ سندھ و ملتان میں قرامطہ اور اسماعیلیہ کو جو باطنیہ کہلاتے تھے تھوڑی مدت کے لئے سیاسی اقتدار بھی حاصل ہو گیا تھا۔ بشاری مقدسی سیاح کے قول کے مطابق چوتھی صدی ہجری سندھ کے پایہ تخت منصورہ میں تو ایک قریشی حاکم حکومت کرتا تھا مگر خطبہ عباسی خلیفہ کا پڑھا جاتا تھا (یخطبون للعباسی) اور ملتان میں اس وقت اسماعیلیہ باطنیہ کو اقتدار حاصل ہو گیا تھا جو مصر کے عبیدی فاطمی کا خطبہ پڑھتے تھے (اما اہل الملتان فیخطبون للفاطمی) یہ زمانہ امیر المومنین القادر باللہ عباسی کا عہد خلافت تھا۔ وہ بذات خود بڑے پایہ کے عالم

وفقیہ اور صاحب تصنیف تھے ۔ علامہ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں :-

کان الخلیفۃ القادر باللہ من خیار الخلفاء وسادات العلماء فی ذلک زمان و کان کثیر الصدقۃ حسن الاعتقاد وصنف قصیدۃ فیہا فضائل الصحابۃ وغیر ذلک
(البدایۃ والنہایۃ ج صـ)

خلیفہ القادر باللہ نیک سیرت خلفاء میں سے اور اس زمانہ کے سادات العلماء میں سے تھے بہت زیادہ خیرات کرتے تھے بڑے اچھے عقیدے کے تھے ۔ انھوں نے فضائل صحابہ وغیرہ میں قصیدہ بھی تصنیف کیا تھا۔

مسلمانان عالم کے مذہبی مقتدا کی حیثیت سے اس عالم وفاضل خلیفہ نے تخریب دین سرگرمیوں کے سدباب کے لئے موثر تدابیر اختیار کیں عراق وبغداد کے معتزلی وعلماء وفقہاء کے خیالات درست کئے وہ سب عقائد باطلہ سے تائب ہوئے اور تحریراً مقر ہوئے کہ آیندہ سے مخالف اسلام کوئی بات نہ کریں گے علامہ ابن کثیرؒ نے ۴۰۸ھ کے واقعات کے سلسلہ میں امیر المومنین کی ایسی دینی خدمات کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا ہے :-

وفی سنۃ ثمان واربعمائۃ استتاب القادر باللہ الخلیفۃ فقہاء المعتزلۃ فاظہروا وتبرؤا من الاعتزال والرفض والمقالات المخالفۃ الاسلام واخذت خطوطہم بذلک وانہم متی خالفوا احل فیہم من النکال والعقوبۃ ما یتعظ بہ امثالہم۔
(البدایۃ والنہایۃ ج صـ)

اور ۴۰۸ھ میں خلیفہ القادر باللہؒ نے معتزلی فقہا سے (ان کے عقائد سے) توبہ کروائی انھوں نے عقائد اعتزال و رفض اور مخالف اسلام مقالات سے تبرا کرکے اظہار رجوع کیا خلیفہ نے ان سے تحریراً اقرار لیا کہ اس کے بعد سے جب کبھی وہ اس کے خلاف کریں تو ایسی سزا اور عقوبت کے مستوجب ہوں گے جو دوسروں کے لئے عبرت ہو۔

پھر سلطان محمود غزنویؒ کو فرمان بھیجا کہ روافض واسماعیلیہ وباطنیہ وقرامطہ وجہمیہ والمشبہہ گمراہ فرقوں کی تحریکات کا قلع قمع کریں چنانچہ سلطان غازیؒ نے امیر المومنین کے حکم کی تعمیل میں ہندوستان کے علاقہ جات سندھ وگجرات سے لیکر خراسان تک ان فرقوں کی سرکوبی کی[۱]

[۱] کراچی سے تیس چالیس میل کے فاصلہ پر پختہ قبریں قرمطیوں کی جو منقش پتھروں کی بنی ہوئی ہیں اب تک اسکی یادگار ہیں کہ اس نواح میں قرامطہ کو اقتدار حاصل تھا۔ علامہ ابن کثیر نے بعض حکمرانوں کا ذکر کیا ہے جنھیں سلطان محمود غزنویؒ نے گرفتار کیا تھا منجملہ ان کے "ملک کراشی" کا بھی نام لیا ہے "کراشی" سے مراد اگر یہی "کراچی" ہو تو کیا عجب یہ قرمطی حکمراں ہو جسے سلطان غازی نے گرفتار کرلیا تھا۔

وامتثل محمود بن سبکتگین امر امیر المومنین فی ذلک (ایضاً)

اور (سلطان) محمود بن سبکتگین نے امیر المومنین کے حکم کی اس بارے میں تعمیل کی۔

علاقہ سندھ کے بعض مقامات پر جیسا ابھی ذکر ہوا قرمطیوں کو ایسا اقتدار حاصل تھا کہ مصر کے الحاکم عبیدی کا خطبہ پڑھتے اس کا نام سنتے ہی تعظیماً کھڑے ہو جاتے اور جبین نیاز زمین پر رکھتے۔

اذا ذکر الخطیب الحاکم یقوم الناس کلهم اجلالاً له وکذلك فعلوا بدیار مصر مع زیادة السجود وکانوا یسجدون عند ذکره۔
(ایضاً ج ۱۲ ص ۳۲۶)

جب (قرمطی) خطیب الحاکم (عبیدی) نام لیتا تو سب لوگ تعظیماً کھڑے ہو جاتے اور یہی عمل وہ دیار مصر میں کرتے بلکہ مزید برآں سجدہ کرتے یعنی اس کا ذکر آتے ہی سربسجود ہو جاتے تھے۔

سلطان غازی نے امیر المومنین کے حکم کی تعمیل میں گمراہ زنادقوں کی تادیب کی غرض سے کئی بار ملتان و سندھ و گجرات پر یورش کر کے فتح کیا اور امیر المومنین القادر باللہ عباسیؒ کے نام کے خطبے پڑھوائے مصر کے عبیدی کو جب ان حالات کی اطلاعیں پہنچیں سلطان غازی کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے ان کی خدمت میں وفود کے ذریعہ مکاتیب اور ہدیے بھیجے مگر سلطان نے ان کے مکاتیب اور ہدیوں کو نذر آتش کرا دیا۔ علامہ ابن کثیرؒ کہتے ہیں:-

وکان (سلطان محمود) یخطب فی سائر ممالکه للخلیفة القادر بالله وکانت رسل الفاطمیین من مصر تفد الیه بالکتب والهدایا لاجل ان یکون من جهتهم فیحرق بهم ویحرق کتبهم وهدایاهم۔
(البدایة والنهایة ج ۱۲ ص ۳۰)

اور وہ (سلطان محمود) اپنے زیر حکومت سب ممالک میں امیر المومنین القادر باللہؒ کے نام کا خطبہ پڑھواتے۔ مصر کے فاطمی (عبیدی) حکمرانوں کے جو سفراء ہدیے اور مکتوبات لے کر سلطان کی خدمت میں اس غرض سے آتے کہ وہ ان کے طرفدار ہوں وہ انھیں آگ میں جلوا دیتے اور ان کے ہدیوں اور تحریرات کو نذر آتش کرا دیتے۔

غرضیکہ چوتھی پانچویں صدی ہجری کا زمانہ وہ زمانہ تھا جب عبیدیوں اور ان کی دشمن اسلام تحریک کو توہم پرست عوام میں مہدویت اور فاطمیت کے پروپگنڈے کی بدولت کامیابیا

حاصل ہو رہی تھیں اسی زمانے میں اہل سنت والجماعت کے اکابر علماء و فقہاء نے جنھیں فضائل علمیہ کی بدولت بعد میں سند کا درجہ حاصل ہوا عبیدیوں کے ادعاء فاطمیت کا پول کھولنے اور ان کے ملحدانہ عقیدے کا پردہ فاش کرنے کی غرض سے قلم اٹھایا۔ چنانچہ شافعی مسلک کے ممتاز عالم و فقیہہ قاضی محمد بن الطیب ابوبکر باقلانی نے "کشف الاسرار وھتک الاستار" نام کتاب اسی مقصد سے تالیف کی جس میں باطنیہ و اسماعیلیہ کے ملحدانہ عقائد کی نقاب کشائی کر کے ثابت کیا تھا کہ ظاہر ظہور ان کا رفض ہے اور باطن کفر محض۔ درحقیقت ان کے نزدیک کوئی چیز ہے نہ کلام ربانی چنانچہ اسماعیلی مولف نے اپنے ائمہ کے اقوال کو جو قرآن شریف کے بارے میں ہیں ان الفاظ میں بیان کیا ہے۔

> "رسول خدا نے کلام اللہ جمع کر کے اسے اپنے اصحاب کے سامنے اپنے وصی (یعنی حضرت علیؓ) کے سپرد فرمایا (بعد رحلت رسول اللہ) یہ لوگ اس سے بے پرواہ ہو گئے اور اپنی رائے اور قیاس سے ایک الگ قرآن جمع کیا۔ اس کے بعد خلیفۂ ثالث (یعنی حضرت عثمانؓ) نے شیخین (یعنی حضرت ابوبکر و عمرؓ) کا جمع کیا ہوا نسخہ جلا ڈالا اور ایک دوسرا نسخہ تیار کیا پھر حجاج (یعنی امیر حجاج بن یوسف ثقفی) آیا اور اس نے خلیفہ مذکور کے نسخے کو فیکر آگ میں جھونک دیا اس کے بعد اس نے جو چاہا نکال دیا اور ایسی کتاب تالیف کی جو اب ان کے (یعنی مسلمانان عالم) کے پاس موجود ہے" (کتاب ہمارے اسماعیلی مذہب کی حقیقت ص ق)

یہ بہاں بکواس لائق اعتبار نہیں غیر مسلم مورخین و مصنفین کو بھی اعتراف ہے کہ صحف سماوی میں صرف قرآن مجید ہی ہے جو جیسا نازل ہوتا رہا ویسا ہی بلا تغیر و تبدل و تحریف اب تک موجود و محفوظ ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا وعدہ اس کی حفاظت کا کہ انا لہ لحافظون لاثانی و بے مثال معجزہ ہے[۱]۔ اسماعیلیہ و باطنیہ کی ملحدانہ دعوت کو عوام کالانعام میں جونکہ فاطمیت کے ادعا سے

---

[۱] قرآن شریف خود جناب رسالتماب صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی حیات طیبہ میں اسی ترتیب سے جو جیسے کہ ہے مرتب کرا دیا تھا اور چند انصاری صحابہ نے آپ کی حیات ہی میں پورا قرآن لکھ کر اپنے پاس رکھا تھا خود آنحضور کا صحابی کو ارشاد تھا کہ سفر میں جاتے وقت قرآن مجید کو ساتھ نہ لے جائیں ایسا نہ ہو کہ ضائع ہو جائے پھر آپ کا یہ ارشاد بھی بسند صحیح منقول ہے کہ جو مسلمان ورثے میں قرآن مجید چھوڑ جائے گا تلاوت کا ثواب اسے ملتا رہے گا۔ ان حالات میں اسماعیلی ائمہ یا روافض کا یہ قول کہ آپ کی وفات کے بعد قرآن شریف جمع کرایا گیا ظاہر ہے واقعات کے سراسر خلاف ہے خلفاء راشدین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لکھوائے ہوئے مصحف کی نقلیں کرائیں نقطے اور اعراب لگوائے تھے نہ کہ اس طریقے سے جمع کیا تھا جو ضمنی روایتوں میں بیان کیا گیا ہے

سوال یہ بھی ان کے جھوٹے دعوے کا بھی پول کھولنا ضروری ہوا۔ علامہ ابن کثیر نے بیان کیا ہے
کہ بغداد کے علماء و فضلاء واشراف والعدول وصالحین و فقہاء و محدثین کی جماعت نے مصر کے
عبیدی حکمرانوں کے دعوئے فاطمی نسب کی تکذیب وتردید میں متفقہ طور سے محضر تیار کیا جس میں
بالصراحت ثابت کیا گیا تھا کہ عبیدیوں کا کوئی واسطہ وتعلق نسب کا حضرت علیؓ کی اولاد کے
کسی گھرانے سے نہیں اور نہ ہاشمیوں علویوں کا کوئی گھرانا ان لوگوں کو جانتا پہچانتا ہے وانھم
لا یعلمون احدا من اھل بیوتات علی بن ابی طالب

محضر تکذیب دعوے فاطمیت

عبیدیوں کے دعوے فاطمیت کی تکذیب کے محضر پر جن اکابر علماء اور علویوں نے دستخط
ثبت کئے تھے ان میں سے بعض ممتاز اشخاص کے اسماء مورخین نے درج کئے ہیں۔ مثلاً:۔

حسینی علویوں میں سے شریف المرتضیٰ و شریف الرضی موسوی وابن الازرق موسوی وابو طاہر بن ابی الطیب و محمد بن محمد بن عمرو بن ابی یعلی وابن البطحاوی۔

قضاۃ میں سے ابو محمد الاکفانی، ابو القاسم الجزری، ابو العباس الشیوری،

فقہاء میں سے ابو حامد الاسفراینی، ابو محمد بن الکسفی، ابو الحسن القدوری، ابو عبد اللہ الضمیری، ابو عبد اللہ البیضاوی، ابو علی بن حمکان، ابو عبد اللہ بن النعمان یہ
(فقیہ شیعہ) نیز ابیوردی اسی طرح ابو القاسم التنوخی وغیرہ صدہا شہود نے دستخط کئے تھے جن میں
بقول شیعہ مولف عمدۃ الطالب بڑی کثیر تعداد بنی ہاشم یعنی عباسیوں وطالبیوں کی تھی
جن کو مولف مذکور نے جن الاشراف (صـ۲۲۲) کہا ہے کہ اشراف سے مراد قریشیوں ہاشمیوں سے ہے۔
حرمین شریفین کے علماء وفضلاء وشرفائے مکہ نیز اندلس کے اموی حکمرانوں اور مغربی افریقہ کی ادریسی
حسینیوں نے بھی ان مدعیان فاطمی نسب کا انکار کیا تھا۔

مستشرقین نے غیر جانبدارانہ بے لاگ تحقیق سے ثابت کیا ہے کہ عبیدیوں کا نسباً کوئی تعلق اولاد علیؓ
سے نہ تھا۔ اس سلسلے میں پروفیسر براؤن نے محقق دے خوئے کے بعض دلائل کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے:۔
"فاطمیوں کے دعوے نسب کی اصلیت تو بہت کچھ زیر بحث رہی ہے وزن شہادت
قوی طور سے ان کے خلاف معلوم ہوتا ہے کچھ شبہ نہیں کہ عبد اللہ (عبید اللہ) بن میمون
القداح ان کا اصلی مورث تھا نہ علی و فاطمہؓ دے خوئے نے اس سلسلے پر حسب معمول اپنے تحر

علمی و دقیقہ رسی سے تفصیلاً بحث کی ہے۔ مخالفت سے دلائل کے جو موصوف نے عبیدیوں کی صحت نسب کے خلاف پیش کئے ہیں ان میں سے دو ایک قوی ترین دلائل کا یہاں نقل کرنا کافی ہے۔ عبیدیوں کے فاطمی نسب ہونے کا انکار عباسی خلفاء نے اور قرطبہ (اندلس) کے بنی اُمیہ نے یکساں طور سے کیا تھا حالانکہ عباسیوں نے ان علوی مدعیوں کے نسب کی قدح کرنے کی کبھی کوئی کوشش نہیں کی جو ان کے خلاف مسلسل طور سے علم بغاوت بلند کرتے رہتے تھے اور بعض باغی ان میں ایسے خطرناک تھے جن کا مقابلہ دشوار بھی تھا لیکن صحیح النسب ہونے کی وجہ سے نسب کا انکار نہیں کیا گیا تھا) نیز دو مختلف مواقع پر یعنی سنہ ۴۰۲ھ اور سنہ ۴۴۴ھ میں بغداد کے علوی خاندان کے مسلمہ نمائندوں[۱] نے عبیدیوں کے دعوے نسب کا انکار کیا تھا۔ مزید برآں عضد الدولہ بویہی نے

---

[۱] علامہ ابن کثیر اور ابن خلدون و دیگر مورخین نے شریف المرتضیٰ و الرضی موسوی اور دوسرے علوی اکابر کے اسماء کی فہرست درج کی ہے۔ جنھوں نے عبیدیوں کے فاطمیت کی تکذیب و تردید جیسا ابھی ذکر ہوا محضر پر دستخط ثبت کئے تھے۔ یہ موسوی حضرات تو محمد بن اسمٰعیل مذکور کے چچا کی اولاد تھے دوسرے موسویوں کی بہ نسبت ان دونوں بھائیوں المرتضیٰ و الرضی میں مذہبی غلو کے علاوہ عصبیت خاندانی کا مادہ بھی بہت زیادہ تھا اور بقول شیعہ مولف عمدۃ الطالب شریف الرضی تو امیدوار خلافت کے بھی تھے وکان الرضی یرشح الی الخلافۃ قبیلہ قریش میں بہ قیادت و امامت کا اپنے ہی کو سب سے زیادہ موزوں و مستحق بھی جانتے تھے چنانچہ ان کے کلام میں بہت سے اشعار اس جذبہ کے اظہار میں ملتے ہیں۔ نام ان کا محمد تھا ذیل کے شعر ذرا ملاحظہ ہوں اپنے کو "امیر المومنین محمد" کہکر تفاخر آبائی کی ترنگ میں جو اخلاقاً و شرعاً مذموم ہے خود کو مخاطب کرکے کہتے ہیں کہ اصل و نسل تمہاری کیسی طیب و پاک ہے۔ ماں فاطمہ ہیں باپ حیدر اور نانا احمد۔

هذا امیر المؤمنین محمد طابت ارومۃ وطاب المحتد
او ما کفاک بان امک فاطمہ وابوک حیدرۃ وجدک احمد

اس سلسلہ میں ایک مضحکہ واقعہ یہ بیان ہوا ہے کہ شریف الرضی کے آخر زمانہ میں جب عبیدی مدعیان فاطمیت کی حکومت کو مصر میں عروج ہوا تو رضی نے بلا تحقیق کے انھیں نسباً علوی جان کر قصیدہ لکھا جس کے ایک مصرعہ میں حضرت علیؓ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مساوی بتا کر کہا تھا؟ سید الناس جمیعاً محمد وعلی پھر یہ بھی کہا تھا کہ ہم تو یہاں بغداد میں دشمنوں کے اندر ذلیل و خوار ہیں بحالیکہ مصر میں علوی خلیفہ ہے جس کے آباؤ اجداد وہی ہیں جو ہمارے ہیں۔ امیر المومنین القادر باللہ کے مجمع مبارک تک جب رضی کا یہ قول پہنچا ان کے باپ احمد موسوی کو جو اعلیٰ منصب پر فائز تھے طلب کرکے پوچھا گیا کہ تم لوگوں کے ساتھ ہمارے یہاں کیا ذلت کا برتاؤ ہے اور عبیدیوں سے کیا توقعات وابستہ ہیں ابو احمد نے غلطی بیان کیا کہ میرے بیٹے کے یہ شعر نہیں ہیں کسی دشمن نے منسوب کر دیئے ہیں

(بقیہ صفحہ ۱۸۰ پر)

۳۰۲ھ میں عبیدیوں کے ادعاء نسب کی جب تحقیق کرائی تھی اور نتیجہ تحقیقات سے وہ اس درجہ غیر مطمئن رہا تھا کہ باوجود شیعت کی جانب زبردست رجحان رکھنے کے عبیدیوں کے علاقے پر چڑھائی کرنے کی اس نے دھمکی بھی دی تھی اور ان کی تمام تحریرات کو جلوا دینے کا حکم بھی دے دیا

(بقایا نوٹ صفحہ ۱۷۹) رضی نے بھی حلف اٹھایا ابن کثیر لکھتے ہیں ھم ینکرون ذلک حتی بعث الشیخ اباحامد الاسفرائینی والقاضی ابابکر الیھما فحلف لھما ما لا یمان المؤکدۃ انہ ماقالہ یعنی باپ بیٹے برابر انکار کرتے رہے حتیٰ شیخ ابوحامد اسفرائینی اور قاضی ابوبکر کو ان کے پاس بھیجا گیا انھوں نے ان کے سامنے شدید قسمیں کھا کر حلف اٹھایا کہ رضی نے یہ شعر نہیں کہے۔ علامہ ابن کثیر نے تو واللہ اعلم بحقیقۃ الحال لکھکر یہ بھی کہہ دیا کہ روافض کے خصائص ہیں تو دھوکہ اور فریب کا شمول ہی ہوتا ہے مگر ابن ابی الحدید نے تو صاف لکھا ہے کہ شریف المرتضیٰ نے الرضی کی طرح تقیہ سے دستخط کئے تھے کیونکہ ان کو عباسی خلیفہ سے خوف بھی تھا اور غرض ان کی تسکین سے بھی تھی۔ (ج۱ ص۳۷) ابن ابی الحدید نے یہ الفاظ مندرجہ ذیل فقرات کی تشریح میں لکھے ہیں جو نہج البلاغۃ کے مصنف نے حضرت علیؓ کی زبان سے عبیدیوں کے فاطمی نسب ہونے کے ثبوت میں ادا کرائے ہیں:۔

ثم یظھر صاحب القیروان الغض البض ذوالحسب المحض المنتجب من سلالۃ ذی البداء المسجی بالرداء	پھر ظاہر ہوگا قیروان کا حاکم نوخیز و نازک اندام سچے نسب و حسب والا، بزرگ اور اعلیٰ خاندان والے چادر سے ڈھکے ہوئے کے اخلاف سے ہوگا۔

"چادر سے ڈھکے ہوئے" سے مراد اسمٰعیل سے ہے جو حضرت علیؓ کی وفات سے تقریباً ایک صدی بعد اپنے والد جناب جعفر کی زندگی ہی میں مرگئے تھے وضعی روایت میں کہا گیا ہے کہ ایک چادر سے ان کو ڈھانپ کر شیعوں کو دکھایا جاتا تھا چنانچہ ان ہی کے فرزند محمد کی اولاد میں ہونے کا عبیداللہ مدعی ہوا تھا اس نے حضرت علیؓ کی وفات کے تقریباً ڈھائی سو برس بعد مغربی افریقہ میں مہدی موعود کے پروپگنڈے سے سیاسی اقتدار حاصل کرکے علاقہ قیروان پر بھی جس کا کوئی وجود حضرت علیؓ کے زمانہ میں نہ تھا قبضہ کرلیا تھا۔ یہ واقعات مصنف نہج البلاغۃ کے زمانے کے ہیں جو انھوں نے حضرت علیؓ کی زبان سے ادا کرادیئے۔ حالانکہ نہ حضرت علی غیب داں تھے اور نہ سوائے اللہ تعالیٰ کے مخلوق میں سے کسی کو غیب کا علم ہوسکتا ہے۔ سورۂ انعام کی آیت ۵۰ میں فرمادیا گیا ہے کہ "اے رسول کہہ دیجئے کہ میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ مجھے غیب کا علم ہے اور نہ میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ میں کوئی فرشتہ ہوں میں تو اسی کا اتباع کرتا ہوں جو مجھے وحی کی جاتی ہے" چوتھی صدی ہجری کے اواخر میں جو نہج البلاغۃ کی تصنیف کا زمانہ تھا عبیدیوں کو ایسی قوت حاصل ہوگئی تھی کہ مسلمانوں کے سیاسی نظام کی بالفاظ دیگر عباسی خلافت کی تخریب کے درپے ہوسکیں جو غالی رافضیوں کی دیرینہ آرزو تھی حضرت علیؓ سے خطبے تصنیف کرنے والے غالی رافضی نے اس مدعی مہدویت کے نسب کی تصدیق میں حضرت علیؓ کی زبان ہی سے کرادینے کے لیے یہ وضعی قول صاحب موصوف سے منسوب کردیا یہ جعلسازی بھی نتیجہ خیز ثابت نہ ہوئی دنیائے اسلام کے علماء اور قرآن والوں نے خصوصاً عبیدیوں کے دعوے کو کبھی قبول نہیں کیا۔

تھا۔ دوسری جانب دوروزی (فرقہ اسماعیلیہ) کی مقدس کتب میں صاف بیانی سے تسلیم کیا گیا ہے کہ عبیداللہ بن میمون القداح ہی اصل مورث تھا ان کے بطل برگزیدہ الحاکم ششم خلیفہ فاطمی کا جسے یہ فرقہ جو ملک شام میں بتعداد کثیر اب تک موجود ہے اپنا کامل ترین مظہر اتجسیم ربوبیت و الوھیت کا سمجھتا ہے بایں ہمہ جب اسماعیلی معتقدات و نظریات کی اصلیت نیز اس کی فلسفیانہ اور وسیع المشرب نوعیت پر غور کیا جائے تو یہ بات بخوبی سمجھ میں آسکتی کہ اس فرقہ کے حقیقت آشنا اور محرم راز افراد کے لئے بہرنوع یہ سوال کہ ان کے روحانی اور دنیاوی پیشوا اور حکمران (حضرت) فاطمہ دختر رسول اللہ (صلعم) کی نسل سے ہیں یا نہیں کوئی اہمیت نہیں رکھتا بلکہ ان کے نزدیک نسبتاً موجب بے اعتنائی کا ہے۔" (تاریخ ادبیات ایران انگلش ج ص ۳۹۵)

محقق دے خوئے کی مندرجہ بالا دلیل کی تائید مزید سیاسی بغاوتوں کے ان حالات سے ہوتی ہے جو "تحقیق مزید" میں ساٹھ سے زیادہ حسنی و حسینی دعویداران خلافت کے خروجوں کے پیش کئے گئے ہیں جو عرصہ دراز تک عباسی خلافت کے خلاف یکے بعد دیگرے ہوتے رہے تھے بعض نے بڑی بڑی جمعیتوں سے مقابلہ کیا تھا چند باغیوں نے اپنی سلطنتیں بھی دیلم و طبرستان و یمن و افریقہ میں قایم کرلی تھیں ان میں سے دو ایک کئی صدیوں تک قایم رہیں چونکہ یہ سب صحیح النسب تھے اس لئے عباسی خلفاء کی جانب سے نہ ان کی نسب کا انکار رہا نہ سلسلہ نسب کی قدح کی گئی اور نہ ان کی حسنی حیثیت پر کوئی طعن کیا گیا ان صحیح النسب علویوں نے سیاسی اقتدار کے حصول کی جدوجہد میں کوئی ایسی بات بھی نہیں کی جس سے دعوت محمدیہ کے ساتھ بے وفائی کا شائبہ بھی نظر آتا ہو یا ان کے سوء اعتقادی کا ثبوت ملتا ہو اس لئے علمائے اسلام نے بھی ان کے مذہبی معتقدات کے بارے میں نہ کتابیں تصنیف کیں اور نہ محضر تیار کئے۔ بغداد کے علاوہ اندلس کے امویوں اور مغربی افریقہ کے ادریسی حسینیوں کی جانب سے بھی عبیدیوں کے دعوے نسب کی تردید کی گئی اور حرمین شریفین کے ہاشمی حکمرانوں نے بھی تکذیب کی اور خود عبیدی مدعی بھی سلسلہ نسب صحیح طور سے متعین نہ کرسکے کبھی کچھ دعویٰ کیا کبھی کچھ۔ اسماعیلی مصنف فرماتے ہیں کہ:۔

"دوسرا امر جو ہمارے مہدی کے دعوے کو کمزور کردیتا ہے یہ ہے کہ مولانا مہدی کا نام علی بن حسین بتایا نہ کہ عبداللہ بن حسین جس طرح ہماری کتابوں میں ہے۔ (ص ۴۳ ایضاً)

پھر سلسلۂ نسب کے بارے میں اپنے قدیم اسماعیلی داعیوں کے بیانات میں بے حد تضاد و تناقض کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں :-

"اگر ہم اہل ظاہر کے مورخین (یعنی عام مسلمانوں) پر یہ الزام لگائیں کہ انھوں نے ہمارے ائمہ کا صحیح سلسلہ بتانے میں غلطی کی تو ہمارا یہ الزام درست نہ ہوگا۔ قصور تو ہمارا ہے نہ کہ اُن کا۔ ایسے اختلافات ہی کی وجہ سے اُنھوں نے یہ کہا یہ لوگ اپنے مریدوں کو دھوکا دیتے ہیں . . . . حق تو یہ ہے کہ ہم نے امامت کے جو اصول اپنی طرف سے گھڑے تھے ان پر ہم خود کاربند نہ ہو سکے اور ان کی اہمیت کو ہم خود برقرار نہ رکھ سکے۔ واقعات کو اصول کے مطابق بتانے کے لئے کبھی ہم نے کچھ کہا اور کبھی کچھ۔ جب تک ہمارے مہدی ظاہر نہ ہوئے تھے ہم یہ دعویٰ کرتے تھے کہ آخری زمانے میں جو مہدی ظاہر ہوں گے وہ آنحضرت صلعم کے والد کے ہم نام ہوں گے اس دعوے پر ہم نے حدیث کا رنگ چڑھا دیا لیکن ہمارے مہدی جو ۲۹۶ھ میں ظاہر ہوئے ان کا نام عبداللہ اور ان کے والد کا نام حسین تھا اس لئے ہمیں مجبوراً یہ تاویل کرنا پڑی کہ مہدی سے آپ کے فرزند مولانا محمد القاسم مراد ہیں جیسا کہ اس سے پہلے گزر چکا یہ تاویل کس طرح درست ہو سکتی ہے اس سے صاف ظاہر ہے کہ ہمارا دعویٰ غلط ثابت ہوا۔ کاش مولانا احمد اپنے فرزند کا نام عبداللہ اور مولانا عبداللہ اپنے فرزند کا نام محمد رکھتے تاکہ ہمارا دعویٰ لوگوں کو دکھانے ہی کے لئے درست ہو جاتا۔ سیدنا الخطاب نے تو مہدی کا نام علی بن الحسین بتایا ہے حالانکہ مہدی کا نام "عبیداللہ" تاریخ میں اتنا مشہور ہے کہ اہل ظاہر کے مورخین ہمارے اماموں کو "عبیدیین" کہتے ہیں۔ مہدی کی شخصیت ہمارے دین میں بہت اہم ہے آپ کے نام ہی میں اگر ہمارے داعیوں میں اختلاف ہو تو ہمارا دعویٰ کس طرح صحیح ہو سکتا ہے (صفحہ ۱۸۶ ایضاً)

اسماعیلی مولف جیسے گھر کے بھیدی کے مندرجہ بالا اعترافات سے کہ ان کے ائمہ نے نسب کے بارے میں کبھی کچھ کہا اور کبھی کچھ عبیدیوں کے ادعائے فاطمیت کا تو گویا لنکا ہی ڈھ گیا برخلاف اس کے مستند نسابین کی تصریحات سے جن میں خود اہل خاندان کا بیان بھی شامل ہے۔ بیّن طور سے ثابت ہے کہ محمد بن اسمٰعیل بن جعفر (الصادق) کی نسل سے عراق و شام و مغرب و مصر میں متعدد ذی وجاہت گھرانے مسکن گزیں رہے اُنھوں نے نہ عبیدیوں کے دعوے کو تسلیم کیا اور نہ ان کا کوئی تعلق قرابت عبیدیوں کی خواہش کے باوجود ان سے کبھی ہو سکا۔ اولاد اسمٰعیل بن جعفر (الصادق) کے مندرجہ ذیل شجرے کو جو ان کے اپنے خاندان کے مستند نساب کی تالیف

اور دیگر ہم عصر مولفین کی کتب انساب میں درج ہیں۔ عبیدیوں اور ان کے مورثوں کے اسماء یک نظر بالمقابل ملاحظہ کرنے سے مدعیانِ فاطمیت کے جھوٹے دعوے کی قلعی پوری طرح کھل جاتی ہے؛[1]

شجرہ اولاد اسمٰعیل بن جعفر (الصادق) | اسماء اولاد میمون القداح مجوسی



[1] تمام مستند نسابین کے برخلاف مقریزی اور ابن خلدون نے عبیدیوں کے دعوے نسب کی حمایت کی ہے مقریزی تو اسی گروہ کے نواسے تھے ان کا بیان لائق اعتنا نہیں علامہ ابن خلدون نے بھی قیاس آرائی سے زیادہ کام لیا ہے وہ بلند پایہ مورخ تھے مگر نساب نہ تھے ان کا زمانہ عبیدی حاکمان مصر کے تقریباً ڈھائی سو برس بعد کا زمانہ تھا عبیدیوں کے صحیح حالات کا ان کو ثبوت نہ ہو سکا اسمٰعیلی مولف لکھتے ہیں کہ "اسمٰعیلیوں کی انجمن جسے وہ دعوت کہتے ہیں ایک مخفی چیز ہے۔ پوشیدگی اور رازداری اس کی فطرت میں داخل ہے اس کے اسرار ہر کس و ناکس کو نہیں بتائے جاسکتے۔ اسمٰعیلیوں کو بھی تاویل کا علم
(بقیہ نوٹ ص ۱۸۴ صفحہ پر)

ذریت حسینؓ اور لقب الشریف کی تخصیص

مشہور مصری عالم سیوطی کا یہ بیان ابھی پچھلے اوراق میں آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ مصر میں جب عبیدیوں کی حکومت قایم ہوگئی تو اولاد حسینؓ کے لئے لقب الشریف کو انھوں نے مخصوص و مختص کر لیا بالفاظ دیگر ایرانی نسل عبیدیوں نے یہ لفظ و لقب جو زمانہ قبل اسلام سے جملہ عرب قبائل کے اکابر اور ممتاز اشخاص کے لئے بلا کسی تخصیص کے مستعمل رہا تھا اپنے سیاسی اغراض کی خاطر اولاد حسنین کے لئے مخصوص کر لیا جن میں شامل ہونے کے لئے یہ ایرانی نژاد عبیدیت اور فاطمیت کے پروپیگنڈے کے سلسلے میں مدعی ہوئے تھے۔ ان سے قبل بغداد کے شیعہ امیر الامراء بنی بویہ نے جیسا پہلے تفصیلاً بیان ہو چکا ہے جناب موسیٰ بن جعفر (الصادقؓ) کے اخلاف میں سے ابو احمد حسین موسوی کے دونوں ذی علم مگر غالی مسلک فرزندان محمد و علی کو فروغ رفض و شیعیت نیز تصنیف و تدوین کتاب نہج البلاغہ کے صلے میں "محمد علی ذی الحسبتین" اور المرتضیٰ

نوٹ: بقیہ صفحہ ۱۸۳ کا) بغیر سخت عہد و پیمان کے نہیں پڑھایا جاتا علم حقیقت کے درجہ کو تو بہت ہی کم افراد پہنچتے ہیں (ص ۱۲۱) دوسری جگہ لکھتے ہیں "ہمارے اسمٰعیلی بھائیوں کی تعداد بہت کم تھی کیونکہ خود ہماری دعوت ایک مخفی انجمن تھی جس کی کارروائی ظاہر نہیں کی جا سکتی تھی خلافت فاطمیہ کے زوال کے بعد مصر میں گنتی کے اسماعیلی رہ گئے تھے آج کل تو مصر میں وہاں کا کوئی مستقل باشندہ اسماعیلی نظر نہیں آتا شام اور فلسطین میں بھی کوئی نہیں" (ص ۱۲۲) عبیدیوں کی یہ دعوت جس کی اصل حقیقت اب خود اسماعیلی مولف کے بیان سے بین طور سے منکشف ہوگئی ہے علامہ ابن خلدون پر ہویدا نہ ہوسکی تھی ورنہ وہ عبیدیوں کو رافضی جان کر یہ نہ فرماتے کہ ان کا دین حق سے پھر جانا یا اکثر شیعہ ہونا ان کے نسب کو کب جھٹلاتا ہے۔ رفض و شیعت کی تو یہ تحریک نہ تھی بلکہ جیسا ان اوراق میں تفصیلاً بیان ہوا زبردست دشمن اسلام تحریک تھی کوئی صحیح النسب ہاشمی و علوی و حسینی اس کا بانی و محرک نہیں ہوسکتا تھا علامہ موصوف کا تیرہ علمائے اسلام کے صدق مقال و تدین پر یہ حملہ اور ان سے یہ بدگمانی کہ بغیر تحقیق کے سنی سنائی باتوں سے انھوں عبیدیوں کے نسب کی تردید میں محضر تیار کیا تھا افسوسناک ہے اور اس سے بھی زیادہ پُر اسرار بات یہی ہے کہ محض کمزور خلفائے بنی عباسؓ کی خوشنودی کی خاطر ویسا کیا۔ یہ زمانہ تو امیر المومنین القادر باللہؒ کی خلافت کا تھا جو تقریباً نصف صدی طویل مدت خلیفہ رہے عبیدیوں اور باطنیوں کی اسلام دشمن تحریک کے استیصال کے لئے امیر المومنین نے سلطان محمود غزنوی کو متعین کیا تھا انھوں نے تعمیل حکم میں جو کارروائیاں کیں ان کا ذکر اوپر آیا ہے علامہ سلیمان ندوی نے اپنے مقالہ "خلافت اور ہندوستان" محمود غزنوی کے بارے میں لکھا ہے کہ

(بقایا نوٹ ۱۸۵ صفحہ پر)

ذی المجدین" خطابات عطا کرنے کے ساتھ ہی لقب الشریف کو بھی اس نوعیت سے شامل کیا کہ یہ حضرات الشریف الرضی و شریف المرتضیٰ ہی سے ہمیشہ مشہور و معروف رہے۔ ابتداء بغداد کے ایرانی النسل رافضی امیر الامراء نے کی تھی اور تکمیل مصر کے ایرانی نژاد حکمرانوں نے کی یہ واقعہ پانچویں صدی ہجری کے اوائل کا ہے اس زمانے میں اور اس سے پہلے اور بعد بھی متعدد صحیح النسب علویوں، حسنی و حسینیوں کی حکومتیں طبرستان و دیلم، یمن و مغربی افریقہ میں قائم ہوئیں اور مدتوں تک برقرار رہیں مگر ان میں سے کسی حکمراں نے نہ لقب الشریف والسید کو باظہار نسب مختص و مخصوص کیا اور نہ طالبی و ہاشمی و علوی و حسنی و حسینی کے بجائے اظہار نسب میں فاطمی کہا۔ یہ تخصیص لقب بھی مصر کے ایرانی نژاد عبیدی حکمرانوں کے دعوے مہدویت و فاطمیت کے سلسلے ہی کی ایک کڑی سمجھئے جیسا کہ اس گروہ کے تاریخی واقعات سے جو اب تک بیان ہوئے جن کا اعادہ مختصر الفاظ میں اس موقع پر ضروری ہے۔ واضح ہوگا:۔

۱۔ مسلم مورخین اور دیگر محققین کی تصریحات سے ثابت ہے کہ نام نہاد فاطمی حکمران مصر کے مورث اعلےٰ میمون اور ان کا نامور فرزند عبید اللہ علاقہ اہواز (ایران) کے ایک قریہ کے باشندے اصل و نسل کے اعتبار سے ایرانی تھے منافقانہ طور سے اسلام میں داخل ہوئے وطن سے نکل کر کربلا پہنچے اور "تربت حسینی" پر اس مقصد سے معتکف ہو بیٹھے کہ ریاکارانہ زہد و عبادت

(بقیہ نوٹ صفحہ ۱۸۴ کا)

"اپنی پوری جنگی قوت و طاقت کے باوجود وہ خلیفہ عصر القادر باللہ کی اطاعت کو اپنے لئے کتنا ضروری سمجھتا تھا ہر نئی کامیابی کا اطلاع نامہ دیوان خلافت میں معمولاً بھیجا جاتا تھا، کسی نئے ملک پر قبضہ و تصرف کرنے کے لئے اسی دربار سے باقاعدہ اجازت چاہتا تھا دربار خلافت سے فتوحات کے موقع پر اس کے لئے جو خلعت آتے تھے اس کی خوشی نئے ملک کی فتح سے کم اس کو نہیں ہوتی تھی اس کو دنیا کی بڑی سے بڑی عزت، بڑی سے بڑی عظمت اور بڑے سے بڑا فخر حاصل تھا تاہم اس کی سب سے بڑی عزت سب سے بڑی عظمت اور سب سے بڑا فخر یہ تھا کہ ایوان خلافت سے اس کو یمین الدولہ کا خطاب عطا ہوا۔۔۔۔۔۔ ہندوستان کے باطنی اسماعیلیوں کے استیصال پر خلیفہ نے اس کو کہف الدولہ والاسلام کا خطاب دیا" (ص ۹) کمزور خلیفہ کی خوشنودی کے لئے نہیں بلکہ اللہ اور اس کے رسول کی خوشنودی کے لئے تعلیمات اسلامی مسخ کرنے والوں کی سیاہ چال کا پردہ جید علمائے اسلام نے چاک کیا کیونکہ فاطمیت و مہدویت کے جھوٹے پروپگنڈے سے عوام کالانعام کو دام تزویر میں پھانس کر ان کے عقاید خراب کئے جارہے تھے۔

گذارحج زائرین کو متاثر کریں اور متبعین کی جماعت بنائیں اور ان کے ذریعہ خفیہ سیاسی تحریک کی بنیاد ڈالیں کربلا ہی کے قیام میں قرامطہ و باطنیہ کی بنیاد ڈالی بصرے اور یمن میں اپنے ایجنٹ متعین کئے۔ انہدام کربلا کے بعد ایران کے مختلف مقامات میں پھرتے رہے میمون تو اس عرصہ میں فوت ہوگیا عبیداللہ بصرے میں مقیم ہوا اسی نسبت مکانی سے بصری کہلایا چنانچہ ابن جریری طبری نے جو اس کے ہمعصر تھے اس کے فرزند کو ابن البصری لکھا ہے (طبری ج) آخر میں بصرے کی سکونت ترک کر کے ملک شام چلا گیا اور مقام سلیمہ میں مقیم ہو کر اپنے مخصوص داعیوں سے رابطہ قائم رکھا ۲۶۱ھ میں عبیداللہ کی وفات ہوگئی اس کے متبعین قرامطہ اور دوسرے داعیوں نے تحریک سرگرمی سے جاری رکھی۔

۳- دعوت عبیدیہ کا ایک کارگزار داعی ابوعبداللہ الشیعی یمن سے مصر ہوتا ہوا مغربی افریقہ کے توہم پرست و نیم وحشی قبائل میں تبلیغ دعوت کے لئے جا پہنچا اس کے ظاہری زہد و تقشف کا اثر ان بربریوں پر جن کی خصوصیات میں بقول اسماعیلی مورخ باطل پرستی توہمات میں انہماک اور سرعت قبول شامل تھے روز بروز بڑھتا گیا پندرہ سولہ برس کی مسلسل جدوجہد کے بعد بربریوں کی بڑی جمعیت اس کے ساتھ ہوگئی چنانچہ ۲۹۶ھ میں ابوعبید الشیعی نے عبیداللہ کے بیٹے یا پوتے کو جس کا نام بعض مورخین نے سعید بعض نے حسین اور بعض نے عبداللہ بن حسین لکھا ہے ملک شام سے بلوا کر بمقام سجلماسہ (مغربی افریقہ) میں عبیداللہ المہدی کی حیثیت سے ظاہر کیا مگر تھوڑے عرصہ بعد ابوعبداللہ الشیعی اور اس کا بھائی ابوالعباس جو اس مہدی کے حالات سے پہلے سے واقف نہ تھے اس کی حرکتیں دیکھ کر اس سے منحرف ہوگئے اور حسب بیان اسماعیلی مولف بربری سردار کے روبرو اپنے شکوک ان الفاظ میں ظاہر کئے۔

> "اس مہدی کے افعال اس مہدی کے مانند نہیں ہیں جس کی طرف میں دعوت کرتا تھا مجھے غلط فہمی ہوگئی ہے اور میں نے ابراہیم خلیل اللہ کی طرح دھوکا کھایا ہے کہ جب انہوں نے تارے کو دیکھ کر کہا تھا کہ یہ میرا رب ہے اس لئے مجھ پر اور تم پر فرض ہے کہ ہم ان کا امتحان لیں اور ان سے ایسے اوصاف کا ثبوت طلب کریں جنہیں سب دان امام میں ہونا ضروری سمجھتے ہیں۔"
>
> (ص۱۹۲ کتاب ہمارے اسماعیلی مذہب کی حقیقت)

بعض بربری سردار بھی ابوعبداللہ الشیعی اور اس کے بھائی ابوالعباس کے ہمخیال ہوگئے مگر ان لوگوں کی بغاوت ناکام رہی مہدی نے ان سب کو مروا ڈالا اور اپنی حکومت مستحکم کر کے مغربی

افریقہ میں مہدیہ نام سے نیا شہر آباد کرکے دار الحکومت قرار دیا۔

۳۔ ۳۲۲ھ میں یہ عبید اللہ المہدی تو ہلاک ہوگیا اس کے بیٹے محمد نے جو القائم بامر اللہ کہلایا بارہ برس حکومت کی ۳۳۴ھ میں فوت ہوگیا اس کے بعد اس کا بیٹا اسماعیل بن محمد مذکور المنصور باللہ کے لقب سے حکمراں ہوا ۳۴۱ھ میں جب وہ فوت ہوگیا تو اس کا بیٹا معد بن اسماعیل جانشین ہوا المعز لدین اللہ لقب اختیار کیا۔ بیس اکیس برس مغربی افریقہ میں حکمراں رہا ۳۶۲ھ میں جب اِس کے سپہ سالار جوہر نے خلافت عباسیہ کے مصری عامل کافور الاخشیدی کو شکست دے کر مصر پر تسلط کرا ۱۵۱ برس تک بلاد مغرب میں حکومت کرنے کے بعد یہ عبیدی مصر کو منتقل ہوگئے جہاں انھوں نے اپنے کو فاطمیین سے موسوم کیا۔

۴۔ مصر پہنچکر عبیدیوں نے شہر قاہرہ کی بنیاد ڈالی اس زمانہ میں قرامطہ کے لیڈر حسین بن احمد قرمطی بڑی جمعیت کے ساتھ الاحسا سے ان پر حملہ آور ہونے چلا المعز نے یہ سنکر اسے مکتوب ارسال کیا جس میں لکھا تھا کہ ہمارے اور تمھارے بزرگوں کی دعوت تو قدیم سے ایک ہی ہے فدعوتنا واحدۃ (البدایہ ج ۱۱ ص ۲۷۶) مگر قرمطی نے علاقہ شام کے ایک سردار حسان الطائی کو اپنے ساتھ شامل کرکے المعز کی فوج پر شدید حملہ کردیا المعز نے دس لاکھ دینار کی رشوت شامی سردار کو دے کر یہ حملہ ناکام کردیا۔ کچھ عرصہ بعد المعز نے ملک شام و حجاز پر حملے کئے پھر مصر واپس آکر مشہور کیا کہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا سر مبارک جو کہتے ہیں کہ عسقلان میں ۶۱ھ میں دفن کیا گیا تھا اب ۳۶۴ھ میں منتقل کرلیا گیا ہے۔ چنانچہ اب تک مصر میں "مسجد سیدنا حسین" اسی کی یادگار بتائی جاتی ہے

۵۔ المعز کے فوت ہوجانے پر اس کا بیٹا نزار ۳۶۵ھ میں العزیز باللہ کے لقب سے جانشین ہوا ۲۱ سال حکومت کی ۳۸۶ھ میں فوت ہوا اس کا بیٹا حسین الحاکم بامر اللہ لقب سے مسند حکومت پر بیٹھا مولف نزہۃ القلوب نے اسی کے زمانے کی انتہائی خبیثانہ حرکت کے اقدام کا ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ :۔

حاکم اسماعیلی کی ششم خلیفہ بنی فاطمہ مغرب بود از مدینہ علوی را بفریفت تا در شب از خانہ او نقب بروضۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم می زدند تا امیر المومنین ابوبکر صدیق و عمر بن خطاب رضی اللہ عنہما از آں روضۂ بیرون آورند و ہرچہ خواہند بایشان کنند (ص ۱۳)

حاکم اسماعیلی نے جو مغرب (مصر) کا چھٹا خلیفہ بنی فاطمہ (عبیدیوں) میں سے تھا مدینہ کے ایک علوی کو اس غرض سے بہکایا کہ رات کے وقت اس کے گھر میں سے روضہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک نقب لگائیں تاکہ (حضرت) ابوبکر الصدیق اور عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کو روضہ سے باہر نکال لائیں

اور ان کے ساتھ (لاشوں کی ہڈیوں کے ساتھ) جو دل چاہیں کریں۔

اسی حاکم عبیدی کے مصاحبین میں سے ایک شخص کے متعلق علامہ ابن کثیر نے یہ واقعہ بیان کیا ہے کہ ۴۱۳ھ میں وہ مصری حاجیوں کے زمرے میں شامل ہو کر مکہ معظمہ پہنچا تھا طواف کعبہ کرتے ہوئے حجر اسود پر ہتھوڑے سے تین ضربیں لگائیں (فضرب بہ یدیوس کان معہ ثلاث ضربات متوالیات (ج ۱۲ ص ۱۲) ہتھوڑا مارتے وقت کہتا جاتا تھا کہ آج میں اس عمارت (کعبہ) کو بھی ڈھا دوں گا (وانی اھدم الیوم ھذا البیت. (ایضاً) لوگوں نے اس خبیث ہی کے ٹکڑے کر دیئے۔ اسی الحاکم کے بارے میں ایک اور روایت میں بیان ہوا ہے کہ اپنے ایک سردار ابو الفتوح کے ساتھ فوجی دستہ ان ایام میں مدینہ کو بھیج کر جب چند روزہ تسلط اس کا حجاز پر ہو گیا تھا یہ چاہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مصر لے آئے تا کہ حضرت حسینؓ کے مفروضہ سر کی مسجد کے علاوہ روضہ منورہ بھی قائم کرے کہتے ہیں کہ جب یہ خبیث حصول مقصد کے لئے روضۂ مبارکہ کو منہدم کرنے کے لئے جمع ہوئے۔ مسلمانوں میں سخت اضطراب پھیل گیا ایک قاری نے یہ آیت مبارکہ بلند آواز سے تلاوت کی:-

أَلَا تُقَاتِلُونَ قَوْمًا نَّكَثُوا أَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوا بِإِخْرَاجِ الرَّسُولِ وَهُم بَدَءُوكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ أَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ فَاللَّهُ أَحَقُّ أَن تَخْشَوْهُ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ۝ (۹۱ — ۱۳)	کیا تم اس گروہ سے جنگ نہیں کرتے جنہوں نے اپنے سب عہد و پیمان توڑ دیئے اور رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کو نکالنے کا ارادہ کر لیا اور شرارت کی ابتداء ان ہی کی طرف سے ہے کیا تم ان سے ڈرتے ہو حالانکہ یہ حق اللہ کا ہے تم اسی سے ڈرو۔

آیت مبارکہ کی تلاوت سے مسلمانوں میں کچھ بے دلی دور ہو گئی اور باوجود ان خبیثوں کے مسلح ہونے کے ان کا سخت مقابلہ کیا ساتھ ہی چمک و کڑک کے ساتھ خوفناک آندھی آئی یہ خبیث خوفزدہ ہو کر بھاگ گئے۔

ہ۔ تقریباً ۲۵ سال حکومت کرنے کے بعد ۴۱۱ھ میں الحاکم عبیدی کا خاتمہ ہو گیا۔ یہ شخص ظالم و سفاک اور قبیح سیرت تھا۔ اسماعیلیہ کی ایک شاخ جو دروزی کہلاتی ہے اسی سے منسوب ہے۔ اسماعیلی مؤلف کہتے ہیں حقیقت یہ ہے کہ دروزیوں کا مذہب ہمارے ہی اسماعیلی مذہب کا

آخری نتیجہ ہے جو حلول اور تناسخ پر مبنی ہے بڑھتے بڑھتے دروزی یہاں تک بڑھے کہ مولانا حاکم کو ہی خدا سمجھنے لگے کیونکہ مذہب کی اصولی تعلیم یہی ہے کہ امام ہی خدا تعالیٰ کی صفتوں سے جو کلام مجید میں آتی ہیں حقیقی طور پر موصوف ہے (ص۲۲۶) اسی الحاکم نے لقب الشریف والسید کو اولاد حسین کے لئے مختص کیا تھا اور اسی الحاکم کے بارے میں اسماعیلی داعیوں نے بقول اسماعیلی مولف یہ پیش گوئیاں کیں کہ ان ہی کے زمانے میں "ذریت طاہرہ (اولاد حسین) کی طرف دین کا امر لوٹے گا اور اسے وہی قوت حاصل ہوگی جو پیغمبر صلعم کے زمانے میں تھی مولانا حاکم ہی وہ امام ہیں جن کے ذریعے اللہ تعالےٰ اپنا وعدہ پورا کرے گا تمام اسلامی ممالک میں جہاں غلط مذہب رائج ہے اسماعیلی مذہب پھیلے گا۔ آپ بوڑھے ہوں گے۔ آپ کا سن چالیس سال سے زائد ہوگا۔ آپ کی داڑھی ہوگی اور آپ تمام اضداد یعنی بنو عباس اور بنو امیہؓ پر جنوں نے اماموں کا حق غصب کیا ہے غلبہ پائیں گے مومنین کی تمام امیدیں دین اور دنیا میں پوری ہوں گی ...... دین کو پوری قوت حاصل ہوگی اور وہ ذریت طاہرہ (یعنی اولاد حسین) کی طرف لوٹے گا۔"

ان پیش گوئیوں پر تبصرہ کرتے ہوئے اسماعیلی مؤلف فرماتے ہیں :-

" لیکن ان میں سے ایک امر بھی وقوع میں نہ آیا۔ نہ آپ کی الحاکم عبیدی کی عمر چالیس سال کی ہوئی نہ آپ نے بنو عباس اور بنو امیہ کو مسخر کیا نہ آپ کے عہد میں دین کو قوت حاصل ہوئی جو پیغمبر کے زمانے میں تھی ...... دوسرے ممالک میں اسماعیلیت کا شائع ہونا تو کجا خود آپ ہی کے پایۂ تخت یعنی مصر میں دروزیوں کا فرقہ نکلا جس کی وجہ سے اسماعیلیت کو بڑا صدمہ پہنچا (ص۲۱۷)

پھر فرماتے ہیں کہ :- " مولانا حاکم کے زمانے میں فاطمی حکومت کے سیاسی اور مذہبی پہلو کمزور ہو چکے تھے اگر ایسی پیشین گوئیاں نہ کی جاتیں تو شیعوں کے عقیدوں میں تزلزل پیدا ہو جاتا اور وہ اسماعیلی دعوت سے پھر جاتے ہماری کتابوں کے چھپانے کی منجملہ دو وجوہ کے ایک وجہ یہ بھی ہے" (ص۲۱۸)

گویا اسماعیلی مؤلف کے اس اعتراف ہی سے ثابت ہے کہ اپنی حکومت کے سیاسی اور مذہبی پہلو کی کمزوری کے پیش نظر مہدویت و فاطمیت کے پروپگنڈے کی تقویت کے لئے جہاں "راس الحسین" کی مسجد تعمیر کی گئی روضۂ منورہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی منتقلی کا ناکام اقدام کیا گیا اسی کے ساتھ لقب الشریف کو قریشیوں و ہاشمیوں کے علی الرغم اولاد حسین سے مختص کیا گیا

اور بقول اسماعیلی مؤلف اسماعیلی تعلیمات کو خفیہ رکھنے اور اپنی کتابوں کو چھپانے کی کوشش کی گئی کیونکہ اسماعیلیت کا بنیادی اصول یہ بتایا جاتا تھا کہ :-

"اللہ تعالیٰ نے آدم کی شریعت کے ظاہر کو نوحؑ کے قیام سے معطل کیا اور نوح کی شریعت کے ظاہر کو ابراہیم کے ظہور سے معطل کیا اسی طرح عیسٰی کی شریعت کے ظاہر کو آنحضرتؐ کی بعثت سے معطل کیا اور آنحضرت صلعم کی شریعت کے ظاہر کو مولانا محمد بن اسمٰعیل کے قیام سے معطل کیا (صـ۱۷ـ)

اسماعیلیت کے اس بنیادی اصول کے بارے میں خود ہی اسماعیلی مؤلف فرماتے ہیں کہ :-

"مولانا محمد بن اسماعیل کو حضرت آدم سے ساتواں رسول ماننا جن کے قیام سے اللہ تعالیٰ نے شریعت محمدی کے ظاہر کو معطل کر دیا یہ ایسے عقائد ہیں کہ اسلامی تعلیمات کے منافی ہیں ہماری کتابوں کو چھپانے کی یہ بھی ایک وجہ ہے کہ ان میں ایسے عقائد درج ہیں جو بالکل اسلام کے خلاف ہیں"

(صـ۱۱۴ـ کتاب ہمارے اسماعیلی مذہب کی حقیقت)

مندرجہ بالا تصریحات اور اسماعیلی مؤلف کے بیانات اور واضح اعتراف سے کیا یہ بات روز روشن کی طرح ہویدا نہیں ہوجاتی کہ عبید اللہ بن میمون القداح نے اپنی سیاسی تحریک کو مذہب کا لبادہ پہنایا اور بقول ایک مستشرق جن کے اقتباسات "تحقیق مزید" میں پیش کئے گئے ہیں "ایسی دلیرانہ مستقل مزاجی کے ساتھ بروئے کار لایا گیا جو ہمارے جذبات حیرت و استعجاب کو برانگیختہ کرتا ہے اور اگر ہم اس مقصد اور غرض کو فراموش نہ کر بیٹھیں جس کی خاطر یہ سب کچھ کیا گیا (یعنی اسلام کی بیخ کنی اور اسلامی سیاسی نظام کی تباہی) تو وہ ضرور ہماری پُرجوش مدح و تحسین کا مستوجب ہو سکتا تھا" عبید اللہ کے زمانہ میں مہدی موعود اور فاطمی نسب کے ادعا چونکہ حصول مقصد کی خاطر متبعین کی جماعت فراہم کرنے میں زبردست آلۂ کار ثابت ہوئے تھے کیونکہ یہی ہتھکنڈے اس زمانہ میں دوسرے سیاسی قسمت آزما بھی استعمال کر رہے تھے یہی حربہ اس نے بھی استعمال کیا اور اپنی اس خفیہ سیاسی تحریک کو نہایت ہوشیاری، مستقل مزاجی، حسن تدبیر اور انسانی قلوب کی گہری معرفت کی بدولت عملی جامہ پہنایا اس کے اخلاف کو اس تحریک کا بالآخر ثمرہ ملا، سیاسی اقتدار حاصل ہوا، دو صدیوں تک مذہبی فرقے کے پیشوا اور امام کی حیثیت سے حکومت کی، یہ حکومت بقول اسماعیلی مؤلف عباسی اور اموی حکومتوں کے مقابلے اور ان کی تخریب و استیصال کے مقصد سے عالم وجود میں آئی تھی "فاطمی خلافت" سے موسوم کیا گیا اس وقت تک صحیح النسب فاطمیوں یعنی

اولادِ حسنؓ و حسینؓ نے اظہارِ نسب میں علوی و حسنی و حسینی نسبتوں کے علاوہ فاطمی کہلانا یا الشریف والسید باظہارِ نسب استعمال کرنا اختیار نہیں کیا تھا عبیدیوں نے بقول علامہ سیوطی الشریف والسید کو مختص و مخصوص کیا یہ واقعہ پانچویں صدی ہجری کا ہے اس کے بعد سے اسماعیلی داعیوں ناصر خسرو و ابو نصر ہبۃ اللہ شیرازی وغیرہم کی تبلیغی سرگرمیوں کے سلسلے میں ایران و خراسان و ہندوستان میں چھٹی صدی ہجری سے اولادِ حسینؓ کی سیادتِ نسبی کا چرچا ہونے لگا مگر حجاز و شام وغیرہ میں جہاں صحیح النسب قریشی و ہاشمی قبائل شروع سے آباد ہیں اظہارِ نسب میں نہ کبھی السید والشریف استعمال ہوئے اور نہ آج ہوتے ہیں۔ اسلامی تاریخ کا یہ عبرت آموز باب ہے کہ مہدی موعود کے ادعا سے شریعت محمدیہ کو معطل کرنے یعنی نماز روزہ حج و زکوٰۃ و دیگر ارکان اسلام کو مثانے تاویلات باطلہ سے عقائد اسلام کو مسخ کرنے قرآن شریف کو محرف بتا کر اس کی آیات کی لغو تاویلات کر کے اس کی فعالیت ختم کرنے اور محمد بن اسماعیل کو حضرت آدم سے ساتواں رسول قرار دے کر خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت و نبوت پر حرف لانے اور اسی طرح سے دیگر مخترعات کو جمہور مسلمین نے عموماً اور قریشی و ہاشمی عباسی و علوی اکابر نے خصوصاً تعلیم اسلامی کی تخریب کا موجب قرار دے کر اس کے ابطال کی کوششیں کیں لیکن غیر طبقاتی ملّتِ اسلامیہ میں نسبی و نسلی امتیاز و تفریق پیدا کرنے کے لئے عبیدیوں نے القاب الشریف والسید کو باظہارِ نسب مخصوص کرنے کی جو بدعت قائم کی تھی ایران اور ہندوستان میں اسے بمرورِ زمانہ تفاخر بالآباء کے جذبے سے اختیار کر لیا گیا اور خروج مہدی و فاطمیت کی موضوعات کو بھی بعض محدثین نے اپنی کتابوں میں درج کیا اور متاخرین صوفیہ نے بھی اپنے مقاصد کے لئے اختیار کیا۔ "خروج مہدی" کے مختصر حالات تاریخی واقعات کی روشنی میں ملاحظہ کرنے سے یہ حقیقت منکشف ہو جاتی ہے کہ سیاسی اقتدار کے حصول کی دوڑ میں سیاسی قسمت آزماؤں نے مہدی موعود کا ادعا کس درجہ مفید مطلب سمجھا تھا۔

خروج مہدی

سب سے پہلے ۶۶ھ میں یعنی سانحہ کربلا کے پانچ برس بعد ایک سیاسی قسمت آزما مختار بن ابی عبید ثقفی نے اپنے متبعین کی جماعت فراہم کرنے کی غرض سے حضرت علی کے فرزند جناب محمد بن الحنفیہؒ کو "مہدی" قرار دے لیا تھا۔ تحریرات میں "ایہا المہدی" سے خطاب کرتا مگر وہ

حضرت اس سے اپنی برأت کا اظہار کرتے۔ علامہ ابن کثیرؒ فرماتے ہیں کہ سیاسی اقتدار حاصل کرنے اور اپنے مخالفین پر غلبہ پانے کی غرض سے مختار نے یہ سارا ڈھونگ رچایا تھا۔ دھوفی نفس الامر متستر بذلک لیستجمع علیہ رعاعامن الشیعۃ الذین بالکوفۃ لیقیم لہ دولۃ (البدایہ ج۸ صفحہ ۲۷۴) مورخین نے اس کو کذاب کہا ہے اور سوء اعتقادی سے متہم کیا ہے۔ مختار ثقفی ہی پہلا شخص ہے جس نے سیاسی مقصد سے "مہدی" کا پروپگنڈا کیا تھا اس کے بعد نصف صدی تک جو اموی خلافت کا عہد نصف آخر تھا کسی اور شخص نے مہدی کے ادعا سے خروج نہیں کیا تھا حضرت حسینؓ کے پوتے اور پرپوتے زید علی بن حسینؒ اور یحیٰی بن زید مذکور کے جو ناکام خروج ۱۲۲ھ و ۱۲۶ھ میں امیر المومنین ہشام بن عبد الملک اموی جیسے نیک سیرت خلیفہ کے عہد میں اور اس کے بعد ہوئے وہ محض طلب خلافت کی غرض سے تھے۔ مہدویت کے یہ حضرات مدعی نہ تھے۔ صحیح النسب علویوں میں سے سب سے پہلے جن صاحب نے مہدی ہونے کا دعویٰ کیا اور اس دعوے سے خروج کیا وہ حضرت حسن کے پرپوتے محمد بن عبد اللہ بن حسن مثنیٰؒ بن حسن بن علی بن ابی طالب تھے۔ لقب ان کا الارقط تھا، محمد الارقط کہلاتے تھے (جمہرۃ ابن حزم) مہدی کے مدعی ہو کر "محمد المہدیؒ" کہلانے لگے۔ انھوں نے یہ خروج ۱۴۵ھ میں کیا تھا یعنی عباسی خلافت قایم ہونیکے ۲۳ برس بعد بعہد خلافت امیر المومنین ابو جعفر عبد اللہ المنصورؒ مدینہ میں خروج کیا اور عباسی سردار لشکر عیسیٰ بن موسیٰ عباسی کے مقابلہ میں مع اپنے مٹھی بھر ساتھیوں کے مقتول ہوئے۔ محمد الارقط خلقتاً ہکلے تھے گلے سے خرخراہٹ کی آواز نکلتی تھی۔ ان کے خروج کی تائید میں جو حدیثیں وضع ہوئیں ان میں ان کی اس خصوصیت کا بھی لحاظ رکھا گیا یعنی شیعہ مولف مقاتل الطالبین نے حضرت ابو ہریرہؓ کی سند سے یہ قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کیا ہے کہ آپ نے فرمایا کہ میری اولاد میں ایک مہدی ہوگا جس کا نام میرے نام پر اور جس کے باپ کا نام میرے والد کے نام پر ہوگا اور اس کی آواز میں خرخراہٹ ہوگی فی لسانہ رتۃ مقاتل الطالبین ص۲۴۲) سبائیوں نے ان کے مقتول ہوجانے کے بعد انھیں "النفس الزکیہ" کا خطاب دیا عمدۃ الطالب کے شیعہ مؤلف لکھتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ مدینہ کے مقام احجار الزیت پر میری اولاد میں سے ایک "نفس الزکیہ قتل" ہوگا۔ سبائیوں کی اس اختراع کو اتنی شہرت دی گئی کہ غیر شیعہ مولفین بھی نام کے بجائے "النفس الزکیہ" ہی لکھتے رہے سبائیوں کی اس وضعی حدیث کے علاوہ اور بھی حدیثیں اور روایتیں وضع ہوئیں۔

آمد و خروج مہدی کے متعلق مندرجہ ذیل روایت حضرت علیؓ سے منسوب کی گئی ہے منسوب کرنے والے ابو اسحٰق النسفی ہیں جن کی عمر حضرت علی کی وفات کے وقت صرف چھ سات برس کے درمیان تھی یعنی ولادت ان کی ۳۳ھ کی تھی اور حضرت علیؓ ۴۰ھ میں مقتول ہوئے تھے باوجود اس درجہ کم سنی کے سنن ابو داؤد و دیگر کتب میں ان سے یہ روایت ہے کہ:۔

عن ابی اسحٰق النسفی قال قال علیؓ ونظر الی ابنہ الحسن اِنَّ ابنی ھذا سیّدٌ کما سمّاہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سیخرج من صلبہ رجلٌ یُسمّٰی باسم نبیکم یشبہہ فی الخُلق ولا یشبہہ فی الخَلق یملأ الارض عدلاً۔

ابو اسحٰق النسفی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت علیؓ نے اپنے بیٹے حسن کو دیکھ کر کہا کہ میرا یہ بیٹا سردار (سیّد) ہے جیسا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا نام رکھا ہے عنقریب اس کے صلب سے ایک شخص پیدا ہوگا جس کا نام تمہارے نبی کے نام پر ہوگا اخلاق میں انؐ سے ملتا ہوا ہوگا اور صورت میں ملتا ہوا نہ ہوگا یہ روئے زمین کو انصاف سے بھر دے گا۔

تاریخی واقعات سے ثابت ہے کہ حضرت حسنؓ کے اپنے بیٹوں میں سے تو کسی نے مہدی ہونے کا کبھی دعویٰ نہیں کیا تھا البتہ ان کے فرزند حسن مثنیٰ کے ایک پر دتے محمد الارقط بن عبد المحض بن حسن مثنیٰ مذکور نے جیسا ذکر ہو چکا ۱۴۵ھ میں مہدی کے دعوے سے طلب خلافت کے لئے خروج کیا تھا تاریخ اسلام میں یہی پہلے شخص تھے جنھوں نے مہدی ہونے کا دعویٰ کیا مگر نسل حسنؓ کے ان جناب مہدی کا یہ خروج قطعاً ناکام رہا روئے زمین کو عدل انصاف سے بھر دینے کی نوبت ہی نہ آنے پائی تھی کہ خروج کے چند گھنٹے بعد ہی حکومت کے فوجی دستے ان کی اور ان کے ساتھیوں کی بغاوت کا خاتمہ کر دیا تھا شیعوں نے ان کو ایک وضعی حدیث سے "النفس الزکیہ" کا لقب دیا تھا۔ پھر چند ہفتے بعد ان کے برادر حقیقی ابراہیم نے بصرے میں خروج کیا وہ بھی مع اپنے ساتھیوں کے مارے گئے[۱] ان خروجوں کے تقریباً ستره سال بعد

---

[۱] محمد الارقط کے فرزند عبداللہ الاشتر بھی اسی زمانہ میں خلافت عباسیہ کے سرحدی صوبہ سندھ میں جس کے باجگذار علاقے حدود اس زمانہ میں نواح کابل تک محیط تھیں پہنچ گئے تھے مگر چند سال بعد نواح کابل کے ایک پہاڑ علیج نام پر گورنر صوبہ کے فوجیوں کے مقابلہ میں قتل ہو گئے تھے۔

سنہ ۱۴۵ھ میں ان کے ایک اور بھائی اور دوسرے عزیزوں نے خروج کیا تھا مدینہ کے مقام فخ پر حکومت وقت کے لشکریوں کا مقابلہ کرتے ہوئے ہلاک ہوئے پھر ان مقتولین کی تقدیس میں حدیثیں وضع ہوئیں شیعہ مؤلف مقاتل الطالبین سے یہ دو حدیثیں سنئے۔ ایک میں کہا گیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا گذر جب مقام فخ پر ہوا (یعنی ان باغیوں کے مارے جانے سے ایک سو ساٹھ برس پہلے) آپ سواری سے اترے ایک رکعت نماز ادا کی جب دوسری پڑھنی شروع کی تو رونے لگے آپ کو روتا دیکھ کر آپ کے ساتھی صحابہ بھی رونے لگے نماز سے فارغ ہو کر آپ نے لوگوں سے سبب رونے کا دریافت کیا لوگوں نے عرض کیا "یا رسول اللہ! آپ کو جب روتے دیکھا ہم بھی رونے لگے آپ نے اس پر فرمایا جب میں پہلی رکعت پڑھ رہا تھا جبریل نازل ہوئے اور کہا "اے محمد! تمہاری اولاد میں سے یہاں ایک شخص قتل ہوگا جسے کئی شہیدوں کا ثواب ملے گا (ص۴۳۶) اس لغو اور مہمل روایت سے کہیں زیادہ لغو اور مہمل روایت زید بن علی (زین العابدین) کی سند سے یوں بیان کی گئی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مع اپنے صحابہ کے مقام فخ پر نماز جنازہ پڑھی پھر فرمایا اس جگہ میرے اہل بیت میں سے مع جماعت مومنین یہاں قتل ہوں گے ان کے لئے کفن اور خوشبوئیں جنت سے نازل ہوں گی اور ان کے جسم ان کی روحوں سے پہلے ہی جنت میں پہنچ جائیں گے (ص۴۳۶ ایضاً) یہ ہے ادنیٰ نمونہ اُن خرافات کا جو حکومتِ وقت کے خلاف بغاوتوں میں مقتول ہونے والوں کی تقدیس میں وضع ہوتی رہیں اور سیاسی اقتدار کے حصول

(بقایا نوٹ صفحہ ۱۹۳ کا) ایک کنیز کے بطن سے ایک بیٹا ہوا تھا جس کا نام اپنے والد کے نام پر محمد رکھا تھا علاوہ کابل میں پیدا ہونے کی بنا پر یہ محمد الکابلی کہلائے۔ ہمعصر مؤلف کتاب نسب قریش ان کے متعلق لکھتے ہیں وُلد بکابل وقدم بہ ویامہ بعد موت ابیہ وھی ام ولد (ص۵۸) یعنی یہ محمد (فرزند عبد اللہ الاشتر) کابل میں پیدا ہوا اور اپنی ماں کے ساتھ جو کنیز تھی یہاں لایا گیا خلیفہ وقت امیر المومنین ابو جعفر المنصورؒ نے اس بچے کی پرورش کے لئے وظیفہ مقرر کر کے اہل خاندان کے پاس بھیج دیا یہ محمد بن عبد اللہ الاشتر بن محمد الارقط الملقب بہ المہدی صاحب نسل ہوئے ان کے اخلاف میں بعض ذی وجاہت اور ذی علم گھرانے مختلف دیار و امصار میں آباد ہوئے۔ ہندوستان میں بھی جیسا مجملاً ذکر گذشتہ اوراق میں آیا ہے بعض معزز و ذی علم و وجاہت گھرانے اب تک آباد ہیں۔ قبر پرستی کی ستم ظریفی دیکھئے کراچی کے مقام کلفٹن پر کسی نامعلوم قبر کو عبد اللہ الاشتر مقتول بکابل کا مدفن بتانے کی شرمناک حرکت کا ارتکاب کیا جا رہا ہے حالانکہ اوقات کو مستند ترین کتب تاریخ و انساب کی تصریحات کے مطابق معلوم ہونا چاہئے کہ عبد اللہ مذکور اب سے بارہ سو برس پہلے نواح کابل میں حکومت کے باغی کی حیثیت سے قتل ہو گئے تھے پھر ان کے مدفن کے کراچی میں ہونے کی کیا تک ہے۔

کے لئے خروج کرنے والے اپنے کو مہدی کہتے تھے مقتول ہوجانے پر انھیں شہید کہا گیا۔ حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعدد ارشادات میں قایم حکومتوں کے خلاف خروج کرنے کی سخت ممانعت ہے منجملہ دیگر متعدد ارشادات کے زبان مبارک سے ہے من خرج من الطاعة وفارق الجماعة فمات مات میتة جاھلیة (یعنی جس شخص نے جماعت کا ساتھ چھوڑ دیا اور خلیفہ کی اطاعت سے باہر ہوگیا اور اسی حالت میں (بغیر توبہ کئے) مرگیا تو اس کی موت جاہلیت کی موت ہوگی۔ بہرحال وضاعین باغی مقتولین کی ہلاکت کو شہادت کہکر اس قسم کی مہمل اور لغو روایتیں وضع کرتے رہے جن کا نمونہ سطور بالا میں پیش کیا گیا ہے۔

دوسری تیسری صدی ہجری میں سیاسی اقتدار حاصل کرنے کے لئے نسبی ونسلی تعلیموں کے مسلسل پروپگنڈے نے جو فضا پیدا کررکھی تھی بیسیوں حدیثیں اور روائتیں اس مقصد سے کوفہ اور بصرے وغیرہ کی ٹکسالوں میں وضع ہوتی رہیں کہ ملت اسلامیہ کی سربراہی وسیادت کا استحقاق فلاں گھرانے کے اشخاص کو حاصل ہے اور اسی گھرانے میں وہ ہستی بھی یعنی مہدی علیہ السلام وجود میں آئیگی جو ظلم ۔۔۔ سے بھری ہوئی اس دنیا کو عدل وانصاف سے بھردے گی زمین اپنے خزانے اگلے گی اور امت مسلمہ نعمتوں سے مالامال ہوجائیگی اور مہدی تمام اسلامی ممالک کو اپنے زیر اقتدار لے آئیں گے وغیرہ وغیرہ۔

امام بخاری متوفی ۲۵۶ھ وامام مسلم متوفی ۲۶۱ھ نے مہدی کے بارے میں کوئی ایک حدیث بھی صحیحین میں درج نہیں کی یا تو ان ائمہ حدیث کو ایسی کوئی حدیث نہ مل سکی یا وضعی جانکر چھوڑ دیا سنن نسائی میں بھی آمد مہدی کی کوئی حدیث نہیں حالانکہ حافظ ابو عبدالرحمن احمد نسائی کی وفات ۳۰۳ھ میں ہوئی تھی اور اس زمانہ میں طلب خلافت کے سلسلے میں مہدیت کا چرچا جو اصل وجہ ایسی حدیثوں کے گھڑنے کی ہے شباب پر تھا۔ ابن ماجہ قزوینی متوفی ۲۷۳ھ وابو داؤد سجستانی متوفی ۲۷۵ھ اور ابوعیسیٰ محمد ترمذی متوفی ۲۷۹ھ البتہ آمد مہدی کی حدیثیں اپنی کتابوں میں درج کی ہیں بایں تفصیل ابن ماجہ کی سات، ابو داؤد کی دس اور ترمذی کی چار۔ میزان کل ۲۱۔ کتب حدیث کے علاوہ دیگر کتب الصواعق وغیرہ میں بھی اس مبحث پر متعدد روائتیں اور حدیثیں ملتی ہیں۔ علامہ ابن خلدون نے شہرۂ آفاق "مقدمہ" میں ایک خاص باب آمد مہدی کا قائم کرکے کوئی تیس حدیثوں پر اسنادی تفصیلی گفتگو کی ہے جو ان کی کتاب (عربی اڈیشن) کے ۲۰ صفحات پر مشتمل ہے۔

کتب اسماء الرجال وائمۂ فن کے اقوال سے بتایا ہے کہ راویوں میں کون کون شیعہ ومتشیع ہیں کون مشہور بالتشیع ہے کون منکر الحدیث ہے کون مدلس وضعیف ہے اور کون ناقابل اعتبار لیس بشیئ ومجہول ہے چنانچہ صاف کہا ہے کہ آمد مہدی کی ان حدیثوں میں شاید ہی کوئی حدیث ایسی ہے جو سقم سے خالی ہو۔[1]

مفہوم ومضمون کے اعتبار سے ہر حدیث کا جدا اسلوب اور نیا روپ ہے۔ مختلف اور متضاد الفاظ مہدی وآمد مہدی کے متعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کئے گئے ہیں۔ بعض حدیثوں میں کہا گیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مہدی میرے اہل بیت میں سے ہوگا۔ من اھل بیتی بعض میں ہے کہ قریش میں کا کوئی شخص ہوگا۔ رجلٌ من قریش، بعض میں ہے کہ میری امت میں سے کوئی شخص ہوگا رجل من امتی کسی میں کہلوایا ہے کہ مدینہ کے لوگوں میں سے ایک شخص ہوگا رجلٌ من اھل المدینۃ بعض حدیثوں میں ہے کہ مہدی اولاد فاطمہؓ یا بنی فاطمہ سے ہوگا المھدی من ولد فاطمۃ اومن بنی فاطمۃ اور بعض میں کہا گیا ہے کہ میرے چچا عباسؓ کی اولاد میں سے مہدی ہوگا۔ المھدی من ولد العباس عمی (الصواعق المحرقۃ ص۱۴) چنانچہ مزید تصریح میں یہ الفاظ منسوب کئے گئے ہیں:۔

العباس عمی ابوالخلفاء وان من ولدہ السفاح والمنصور والمھدی یاعم بی فتح اللہ ھذا الامر ویختمہ برجل من ولدک (ایضاً ص۱۴)	عباس میرے چچا جد الخلفاء ہیں ان کی اولاد میں السفاح والمنصور والمہدی ہوں گے۔ اے چچا اس امر کا آغاز مجھ سے ہوا اور اختتام تمہاری اولاد میں سے ایک شخص کے ذریعہ ہوگا۔

تقریباً اسی مضمون کی ایک وضعی حدیث مستدرک للحاکم میں مجاہد کی روایت سے ہے جس میں السفاح والمنصور والمہدی کے علاوہ ایک نام المنذر کا بھی شامل ہے یعنی مجاہد کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے فرمایا منّا اھل البیت اربعۃ منّا السفّاح ومنّا المنذر

---

[1] برادر محترم علامہ تمنا عمادی دام فیوضہ نے "خروج مہدی" نام ایک کتابچہ نہایت تحقیق سے تالیف کیا ہے ابن ماجہ وابوداؤد وترمذی میں جو اکیس حدیثیں مہدی کے بارے میں ہیں ان سب کے اسناد پر بحث کی ہے اور ثابت کیا ہے کہ یہ سب وضعی اور لوگوں کی من گھڑت ہیں امید ہے کہ یہ کتابچہ عنقریب ہوکر شائقین کے مطبوعہ [illegible] ہو۔

ومنّا المنصور ومنّا المہدی (چار شخص ہم اہلِ بیت میں سے ہوں گے السفاح ہم میں سے والمنذر ہم سے اور المنصور ہم سے اور المہدی ہم میں سے ہوں گے) مجاہد کے پوچھنے پر ہر ایک کی صفت بیان کرتے ہوئے مہدی کے بارے میں کہا " اور مہدی دنیا کو انصاف اور عدل سے بھر دیں گے جس طرح وہ ان سے پہلے ظلم و ستم سے بھری ہوگی۔ چوپائے درندوں سے بے خوف ہو کر رہیں گے۔ زمیں اپنے جگر پارے (یعنی سونے چاندی کی سلیں) اگل دے گی" وضاعین نے تین چار حدیثیں اس مضمون کی بھی گھڑی ہیں کہ جب مشرق سے یا خراسان سے (جیسا ایک حدیث میں نام کی تصریح بھی ہے) کالے پرچم لئے لوگ نکلیں اور اس طرح قتال کریں جو کسی قوم نے بھی نہ کیا ہو تو تم بیعت کرو اس کے ہاتھ پر خواہ وہ سب گھٹنے کے بل چلیں برف پر کیوں کہ ان میں اللہ کا خلیفہ مہدی ہے۔ ان میں سے ایک حدیث حضرت ثوبانؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کے آزاد کردہ غلام سے منسوب کی گئی ہے جن کی وفات ۵۴ھ ہوئی تھی اس وضعی حدیث کے ابتدائی جملے یہ ہیں یعنی حضرت ثوبان سے یہ کہلوایا ہے کہ :-

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقتل عند کنزکم[۱] ثلاثۃ کلّھم ابن خلیفۃ ثم لا یصیر الی واحد منھم ثم تطلع الرایات السّود من قبل المشرق (الی آخرہ)

یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قتل کئے جائیں گے تمہارے خزانے کے پاس تین شخص ہر ایک کسی خلیفہ کا بیٹا ہوگا پھر وہ خزانہ ان میں سے کسی ایک کو بھی نہ ملے گا پھر نمایاں ہوں گے کالے پرچم مشرق کی طرف سے ......

ابن ماجہ نے جن اسناد سے یہ حدیث درج کی ہے اس کے راویوں میں عبد الرزاق بن ہمام الصنعانی کا شمول ہے یہ کٹر شیعہ بھی تھے اور بقول زید بن المبارک اور عباس العنبری کذاب بھی سیدنا امیر کے شدید مخالف تھے انہی نے یہ جھوٹی حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کی تھی کہ معاویہؓ کو میرے منبر پر جب پاؤ قتل کر دو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ان کاتب وحی اور صحابی کا ذکر ان کے سامنے ہوتا تو منع کرتے اور کہتے کہ ان کے ذکر سے مجلس خراب مت کرو

---

[۱] یہ لفظ کنز عربی میں متعدد معنی میں مستعمل ہے۔ بڑھاپے کے معنی میں نیز عظمت و شان جاہ و جلال، نجابت و شرافت، بیش بہا گرانقدر وغیرہ کے مفہوم میں استعمال ہوتا ہے یہاں خزانہ کے مفہوم میں ہے مقدمہ ابن خلدون مطبوعہ کارخانہ تجارت کتب آرام باغ کے مترجم نے اس فقرہ کا یہ کیسا غلط ترجمہ لکھا ہے۔ "تمہارے بڑھاپے کے وقت تین آدمی خلفا کی اولاد میں سے قتل ہوں گے"

(میزان الاعتدال ج ۲ ص۱۲۱ وتہذیب التہذیب) ان کا زمانہ خلیفہ مامون الرشیدؒ کا عہد خلافت تھا۔ صاف ظاہر ہے کہ بنی امیہ کے آخر دور خلافت کے واقعات کو سامنے رکھکر جو امیرالمومنین ہشام بن عبدالملکؒ کی وفات کے بعد ۱۲۵ھ سے پنجسال کے قلیل عرصہ میں الولید بن یزید بن عبدالملک ویزید الولید بن عبدالملک اور مروان بن محمد بن مروانؒ کے ہلاک ہوجانے اموی خلافت کے خاتمے اور عباسی خلافت کے قایم ہونے سے پیش آئے تھے اس وضاع نے یہ حدیث گھڑلی اور حضرت ثوبان متوفی ۵۴ھ سے منسوب کردی۔ برخلاف اس کے دو غالی شیعہ راویوں عبداللہ بن عمر بن ابان الکوفی وعبداللہ بن لہیعہ کی روایت سے ایک اور وضعی حدیث طبرانی نے درج کی ہے جس میں بیان ہوا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جماعت انصار کے سامنے حضرت عباسؓ اور حضرت علیؓ دونوں کے ہاتھ پکڑ کر فرمایا کہ عنقریب ان (عباسؓ) کی پشت سے ایک شخص پیدا ہوگا جو دنیا کو ظلم اور جور سے بھر دے گا اور ان (علیؓ) کی پشت سے عنقریب ایسا شخص پیدا ہوگا جو دنیا کو عدل وانصاف سے بھر دے گا تم تمیمی نوجوان کا ساتھ دینا جو مشرق کی طرف سے نکلے گا اور مہدی کا پرچم اٹھائے ہوگا۔ اس حدیث نے اولاد عباسؓ سے آمد مہدی کا گویا خاتمہ ہی کردیا اور اولاد علیؓ کے لئے آمد مہدی کی خوش خبری سنادی اب ایک اور حدیث سنئے جو مہدی کے ذکر میں ہے مگر عبدالمطلب کی حقیقی اولاد میں حضرت عباسؓ اور حضرت عقیلؓ کو شامل نہیں کیا گیا وہ حدیث یہ ہے:-

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نحن ولد عبدالمطلب سادۃ اھل الجنۃ انا وحمزۃ وعلی وجعفر والحسن والحسین والمھدی۔	فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ہم اولاد عبدالمطلب اہل جنت کے سردار ہیں میں اور حمزہ وعلی وحسن وحسین اور مہدی۔

(ابن ماجہ، الصواعق المحرقۃ ودیگر کتب)

حضرت علیؓ کے سگے بڑے بھائی حضرت عقیلؓ بیچارے کا نام راوی نے شاید اس بنا پر اپنی مرتبہ فہرست میں شامل نہ کیا ہو کہ جنگ صفین کے موقع پر وہ اپنے برادر حقیقی کے خلاف حضرت معاویہؓ کے ساتھ تھے اور حضرت عباسؓ تو عباسی خلفاء کے جن سے شیعہ راویوں کو خاص بیر ہے۔ مورث اعلیٰ ہی تھے۔ اس وضعی حدیث کے راویوں میں منکرالحدیث ومتشیع لوگوں کے علاوہ عکرمہ بن عمار الیمامی بھی شامل ہے جس کی بیان کردہ ایک حدیث کے بارے

ابن قیمؒ زاد المعاد میں فرماتے ہیں موضوع بلاشک کذب بہ عکرمہ بن عمار (ج ۲ ص ۳۶۷) یعنی یہ حدیث بے شک موضوع ہے عکرمہ بن عمار نے اسے جھوٹ بیان کیا۔ ایسے جھوٹے راوی کے قول پر وثوق ہی کیا۔

ان چند ہی مثالوں سے یہ بات عیاں ہوجاتی ہے کہ آمد و خروج مہدی کی حدیثیں مختلف اشخاص اور خاندانوں کے سیاسی اغراض کی خاطر وقتاً فوقتاً وضع ہوئیں بیشتر ان میں سے حضرت فاطمہؓ کی نسل کے کسی شخص کے بارے میں ہیں۔ جن میں کہا گیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادی کو بشارت دی تھی کہ مہدی آخر الزمان تمہاری اولاد میں سے ہوگا۔ نورالدین الہیثمی نے مجمع الزوائد میں جو طویل حدیث نقل کی ہے اس میں یہ کلمات جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کئے ہیں جو بقول راوی آپ نے اپنی ان صاحبزادی سے فرمائے تھے :-

یا فاطمۃ نحن اھل بیت قد اعطانا اللّٰہ سبع خصال لم تعط لاحد قبلنا ولا تعطی احداً بعدنا۔ . . . . . ومنا سبطا ھذہ الامۃ وھما ابناک الحسن والحسین۔ یا فاطمۃ والذی بعثنی بالحق ان منھما مھدی ھذہ الامۃ اذا صارت الدنیا ھرجاً مرجاً (الاسلام الصحیح ص ۱۵۳)	اے فاطمہ ہم اہل بیت کو اللہ تعالیٰ نے سات ایسی فضیلتیں عطا کی ہیں جو ہم سے پہلے کسی ایک کو بھی عطا نہیں ہوئیں اور نہ ہمارے بعد کسی کو عطا ہوں . . . . . . اور ہم ہی ہیں اس امت کے دو نواسے ہیں اور وہ دونوں تمہارے فرزند حسن و حسین ہیں اور اے فاطمہ قسم اس ذات کی جس نے حق کے ساتھ مجھے مبعوث کیا ہے ان (کی اولاد) میں سے اس امت کے مہدی (کا اس وقت ظہور) ہوگا جب دنیا میں فتنہ و فساد پھیل جائے گا۔

فاطمی مہدی کے حلیئے اور شکل و شباہت کے بارے میں طبرانی اور دیگر کتب میں یہ الفاظ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کئے گئے ہیں :-

المھدی من ولدی وجھہ کالکوکب الدری اللون لون عربی والجسم جسم اسرائیلی یملأ الارض عدلاً	المہدی میری اولاد میں ہوگا، چہرہ اس کا روشن ستارے جیسا درخشاں، رنگ اس کا رنگ عربی، جسم اس کا جسم اسرائیلی۔ دنیا کو عدل

کما ملئت جوراً یرضی بخلافتہ اھل السماء واھل الارض والطیر الجو یملک عشرین سنۃ۔ (ایضاً)	وانصاف سے بھر دے گا جیسے وہ ظلم وجور سے بھری ہوگی۔ اس کی خلافت سے اہل آسمان واہل زمین اور پرندِ ایں کرۂ ہوا، راضی ہوں گے وہ بیس برس تک حکومت کرینگے

اِس وضعی حدیث کے ان الفاظ سے کہ مہدی بیس برس تک حکومت کریں گے، ان کی خلافت سے اہل آسمان وزمین وپرند این ہوا سب راضی خوش رہیں گے صاف ظاہر ہے کہ سیاسی قسمت آزماؤں کے پروپگنڈے کے سلسلے میں وضع ہوئی تھی "تحقیق مزید" میں بیج النسب فاطمی دعویداروں کے ساتھ سے زیادہ خروجوں اور بغاوتوں کے حالات پیش کیے گئے جن کے مطالعے سے یہ حقیقت بھی عیاں ہو جائیگی کہ بعض موقع شناس ایرانی نژاد کس کس طرح مہدی کے روپ میں ظاہر ہو کر اسلامی سیاسی نظام میں اختلال وانتشار پیدا کرنے کا موجب ہوئے تھے اور ایسی وضعی احادیث سے حصول مقصد میں کیا کچھ کام لیا تھا۔ اسماعیلی مولف نے عبیداللہ بن میمون القداح مدعی مہدویت کی علامتوں اور حلیہ کے بارے میں کہہ دیا ہے کہ "مہدی کا اسرائیلی قدوقامت، عربی روپ، چوڑی پیشانی اور اونچی ناک ہوگی (ص ۱۷۲) حکومت بھی عبیداللہ مذکور کو نصیب ہوئی اور تقریباً ۲۶ برس حکمراں رہا مگر ساری دنیا پر تو نہیں مختصر سے خطۂ ملک پر ہی حکمرانی کی آسمان کے رہنے والوں اور ہوا کے پرندوں کا حال تو معلوم نہیں ان پر کیا گذری زمین کے رہنے والوں میں سے مغربی افریقہ کے باشندوں پر اپنی حکومت قائم کرنے اور اس کے استحکام اور توسیع میں جو جو ظلم وستم ڈھائے اشارۃً ذکر ان کا آچکا ہے۔ اس کی نسل کے بعض حکمراں انتظامی امور میں اچھے اچھے کام کرگئے مگر آخر میں ابتری پھیلی بقول اسماعیلی مؤلف "آخری حکمراں الحافظ الدین اللہ کے عہد میں ایسی خانہ جنگیاں اور فوج کی مختلف پارٹیوں میں ایسی لڑائیاں ہوئیں کہ خدا کی پناہ دوسرے نائبوں کے عہد میں ملک کی حالت اور بھی بدتر ہوگئی خصوصاً ظافر کی حکومت میں ایسے ہولناک واقعات پیش آئے جن کی سیاہی کو زمانے کا زبردست ہاتھ بھی کبھی نہیں مٹا سکتا بایں ظاہر کا ان سب بدنظمیوں کو فاطمی حکومت سے منسوب کرنا ایسا واقعہ ہے کہ جس کا جواب بن نہیں پڑتا (ص ۲۶۳) اس حادثہ کے بعد تو حکومت عبیدیہ فاطمیہ کا خاتمہ ہی ہوگیا۔ اسماعیلی مؤلف فرماتے ہیں کہ ان کے امام آمر کے انتقال کے وقت ان کا فرزند طیب چھ ماہ کا تھا وہی جانشین ہوا" امامت کی وراثت

اسے گہوارے ہی میں دیدی تھی (صفحہ ۲۶۹) مگر ۵۲۴ھ میں ستنش ماہ امام کے نانا اسے لیکر مصر سے غائب ہو گئے اس وقت سے پھر دور ستر (روپوشی) شروع ہوا چنانچہ فرماتے ہیں:-

" اب قیامت تک کسی امام کا ظہور نہ ہوگا اور ہم اس نعمت عظمیٰ سے
تقریباً بارہ سو سال تک محروم رہیں گے۔ یہ طولانی مدت ایسی تاریک
گذرے گی جس میں ہمیں امام کا روئے انور نظر نہیں آئیگا۔۔۔۔۔۔۔
دوسرے ستر میں جملہ اماموں کی تعداد دس ہو گی مولانا قایم القیامتہ
(یعنی مہدی) جو ظاہر ہوں گے دسویں امام ہوں گے (صفحہ ۲۹۰) ؁ لہ

لہ اسماعیلی مولف کے قول کے مطابق ان کے امام مستنصر کے متعدد بیٹے تھے، بڑے بیٹے کا نام نزار تھا اور تیسرے کو مستعلی لقب دیا تھا اسی کو اپنا جانشین کیا مولف مذکور کہتے ہیں" جب نزار اور عبداللہ (منجھلے بیٹے) کو بیعت کے لئے طلب کیا تو انھوں نے مخالفت کی اور فاطمی حکومت سے لڑے مولانا مستعلی کو کامیابی ہوئی اور نزار کو قید کرکے بعد میں دیوار میں چنوا دیا گیا اس لڑائی میں دشمن کے دس ہزار آدمی قتل ہوئے یہاں سے فرقہ نزاریہ شروع ہوتا ہے جو ابھی باقی ہے (صفحہ ۲۷۶) نزاریہ فرقہ کے اڑتالیسویں امام ہز ہائی نیس سر سلطان محمد آنجہانی تھے۔ بعض مورخین کا قول ہے کہ نزار کی اولاد میں سے اس لڑائی میں جو حکومت سے ہوئی تھی کوئی نہ بچا تھا اسی کے ساتھ یہ روایت بھی ہے کہ اسماعیلی امام مستنصر کے انتقال کے بعد اس کے مقربین میں سے ایک شخص ابوالحسن صعیدی مصر سے حسن بن صباح کے پاس الاموت آیا حسن مذکور نزار کی موافقت میں تھا چنانچہ صعیدی نے نزار کے ایک کم سن بچے کو اس غرض سے اس کے سپرد کر دیا کہ اس کی پرورش اور کفالت کی جائے حسن نے اس بچے کی نزاریہ امام مستور کی حیثیت سے پرورش کی اور اپنی وفات سے قبل اپنے دست راست بزرگ اُمید کو جو کہ خالص ایرانی نسل سے تھا اپنا جانشین مقرر کرکے فرزند نزار کو جو ابھی کم عمر لڑکا تھا اس کی کفالت میں دے دیا۔ بزرگ امید کے مرنے پر اس کا بیٹا کیا محمد اس کا جانشین ہوا اس زمانہ میں یہ فرزند نزار جوان ہو گیا تھا کہتے ہیں کہ اس نزاریہ امام مستور کا ناجائز تعلق کیا محمد کی زوجہ سے ہو گیا جس سے ایک بچہ ہوا جو بعد میں حسنؒ علی ذکرہ السلام کہلایا۔ ایک روایت میں کہا گیا ہے کہ جس دن کیا محمد کی بیوی کے بچہ ہوا اسی دن نزاریہ امام کے یہاں بھی بچہ ہوا اور ایک عورت اس بچے کو گود میں چھپا کر لائی اور کیا محمد کے بچے کے بجائے نزاری بچے کو لٹا دیا اور کیا محمد کے بچے کو لے گئی۔ نزاریہ بچہ کیا محمد کا بیٹا اور حسن بن کیا محمد کہلایا۔ کیا محمد کے مرنے پر اس کا جانشین ہوا ۱۷ رمضان ۵۵۹ھ کو اس حسن بن کیا محمد نے ایک عظیم الشان دربار منعقد کرکے نزاریوں کے اجتماع عظیم کے سامنے اپنے کو نزار کی اولاد میں اور امام کی حیثیت سے ظاہر کیا اس کے نام کے ساتھ "علی ذکرہ السلام" الفاظ اضافہ ہوئے۔ پھر اس نے اعلان کر دیا کہ اب قیامت برپا ہو گئی تمام احکام اور تکالیف شرعی ساقط ہو گئیں اس کے بعد مجلس عیش و طرب منعقد ہوئی اسی کی

(بقایا صفحہ ۱۰۲ پر)

یہ کیفیت تو عبیدی فاطمیوں کے مورث اور خود ساختہ مہدی کے ظہور کی تھی جو پچھلے اوراق میں مجملاً بیان ہوئی اور آپ نے ملاحظہ کی یعنی پہلے تو خفیہ تحریک چلائی سیاسی اقتدار کے حصول کے لئے مختلف قماش کے لوگوں کو اپنی خفیہ انجمن میں شامل کیا۔ قرامطہ نے جن کے وحشیانہ لوٹ مار کے حالات سے اوراق تاریخ مملو ہیں اسی کے ایجنٹ کی حیثیت سے کام شروع کیا تھا پھر اس کے ایک یمنی ایجنٹ نے مغربی افریقہ پہنچ کر وہاں کے نیم وحشی و توہم پرست بربری قبیلے کی کثیر تعداد کو آمد مہدی کے سبز باغ دکھا کر گرویدہ کیا' فوجی جمعیت اکٹھی کی اور ان ہی کے بل بوتے پر حکومت قایم کی کوئی ساٹھ سال بعد اس کے جانشین نے موقع پا کر اپنے سپہ سالار جوہر کے ذریعہ مصر پر تسلط کر لیا۔ دو صدیوں تک ان کے اخلاف نے مصر پر شان و شوکت سے حکمرانی کی اور اس دوران حجاز و شام اور دیگر حصص اسلامی مملکت پر چھاپے مارے بالآخر جیسا خود اسماعیلی مولف کے مندرجہ بالا اقتباس میں بیان ہوا ہے باہمی خانہ جنگیوں سے ملک کی حالت ابتر ہو گئی۔ ان کے امام کا شش ماہہ فرزند طیب نام مصر سے غائب ہو کر عالم ستر (روپوشی) میں چلا گیا۔ اس ستر پوشی کی مدت بارہ سو برس قرار دی گئی ہے جس میں تنیا روپوش امام ہوں گے۔ پھر سویں امام بحیثیت قایم القیامہ (مہدی موعود) ظہور کریں گے گویا موجودہ زمانہ سے تقریباً چھ سو برس بعد۔

مہدی المنتظر اسماعیلی مہدی کے ظہور اور ستر کی مندرجہ بالا کیفیت کے بعد اب فرقہ امامیہ کے صاحب العصر و مہدی المنتظر کی ولادت اور غائب ہونے کی داستان

(بقایا نوٹ صفحہ ۲۰۱ کا) یادگار میں عید منائی جاتی ہے اور اسی دن سے نزاریہ امام تمام اخلاقی اور شرعی قیود سے آزاد سمجھا جاتا ہے۔ حسنؒ علی ذکرہ السلام کے بعد اس کی نسل کے چار شخص کے بعد دیگرے فرمانروائے الاموت رہے پھر الاموت کی تباہی کے بعد اس خاندان کے لوگ ایران کے مختلف مقامات پر منتشر ہو گئے بہرحال انہیں کے دادا محمد حسن سے جو آغاخان اول کہلائے فتح علی شاہ' قاچار شاہ ایران نے اپنی بیٹی کی شادی کر دی تھی اور بلا رقم و محلات کا گورنر مقرر کر دیا تھا۔ ان اطراف میں نزاریہ فرقے کے لوگوں کی کثرت تھی ۱۸۳۸ء میں جب محمد علی شاہ قاچار نے حکومت کی باگ سنبھالی محمد حسن مذکور نے حکومت کے خلاف بعض وجوہ سے بغاوت کر دی مگر شکست کھا کر سندھ چلے آئے یہاں ۱۸۴۳ء کی جنگ میں حکومت برطانیہ کی مدد کی پھر کئی سال بعد بمبئی جا کر مقیم ہوئے نزاریہ فرقہ کے لوگ جہاں کہیں ہیں اس خاندان کے معتقد ہیں اور سربراہ خاندان کے امام حاضر ہونے کا اعتقاد رکھتے تھے۔

بھی مجملاً ملاحظہ ہو یعنی اسماعیلی شست ماہیہ امام کی روپوشی سے تقریباً ڈھائی سو سال پہلے ۲۶۱ ھ یا بقول دیگر اس کے کچھ عرصہ بعد امامیہ کے گیارہویں امام حسن عسکری کے مفروضہ فرزند محمد نام کم سنی میں دشمنوں کے خوف سے بغداد کی نواحی بستی سرمن رائے کے غار یا سرداب میں ایسے غائب ہوئے کہ بارہ سو سال کی طویل مدت گذرنے کے بعد اب تک مستور ہیں۔ ان کے بارے میں باور کیا جاتا ہے کہ اپنے وقت پر ظہور فرمائیں گے۔ جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب متعدد وضعی حدیثوں میں بیان ہوا ہے کہ میرے اہل بیت میں سے ایک شخص جس کا نام میرے نام پر اور جس کے باپ کا نام میرے والد کے نام پر ہوگا۔ آخر زمانے میں ظہور کرکے ظلم و جور سے بھری دنیا کو عدل و انصاف سے بھر دے گا چاہے دنیا کے خاتمہ کا ایک ہی دن باقی رہ جائے مگر اللہ تعالےٰ اس کو اتنا لمبا کر دیں گے کہ یہ مہدی ظہور کر سکے مگر امامیہ کے مہدی المنتظر اور اسماعیلیہ کے مہدی دونوں کی ولدیت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے والد ماجد کے اسم گرامی کی طرح عبداللہ نہ تھی۔ امامیہ کے مہدی کی ولدیت حسن تھی اور اسماعیلیہ کے مہدی کی اسماعیل۔ قطع نظر اس کے مہدی المنتظر کی ولادت کے بارے میں کتب تاریخ و انساب کی روشنی میں فرقہ امامیہ کے مصنفین و مجتہدین کی بیان کردہ روایتوں پر ایک نظر ڈالنا ضروری ہے۔

فرقہ امامیہ کے دسویں امام علی بن محمد (الجواد) کے دو فرزند تھے حسن اور جعفر۔ حسن بڑے تھے انھیں امامیہ اپنا گیارہواں امام مانتے ہیں۔ یہ حسن بن علی بن محمد (الجواد) جنھیں امامیہ امام حسن العسکری کہتے ہیں سنہ ۲۶۰ھ میں لاولد فوت ہو گئے تھے کہا جاتا ہے کہ ان کے مرنے پر ایک جماعت تو انھیں زندہ اور قائم تصور کرنے لگی اور دوبارہ ظہور کی منتظر رہی دوسری جماعت نے یہ عقیدہ قائم کیا کہ امام کے مرنے سے امامت منقطع نہیں ہوئی ان کا فرزند و جانشین موجود ہے اگرچہ ہماری نظروں سے مستور ہے۔ تیسری جماعت نے حسن کے بھائی جعفر کو اپنی توجہات کا مرکز بنا لیا اس زمانہ میں حسن و جعفر کی والدہ بھی حیات تھیں حسن کی میراث ان دونوں کو پہنچی۔ جعفر کثیر الاولاد تھے۔ مولف عمدۃ الطالب کے بیان کے مطابق ایکسو بیس اولادیں تھیں ابو کرین یا ابو البنین کہلاتے تھے ان کے اخلاف اپنے جد گرامی علی الرضا کی نسبت سے رضوی کہلائے۔ علامہ ابن حزم حسن عسکری کے لاولد فوت ہو جانے کے بارے میں ان کے والد علی بن محمد (الجواد) کی اولاد کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں :-

وُلِدَ لعلی بن محمد صھر المامون الحسن وجعفر فاما الحسن فھو آخر ائمة الرافضة ولم یعقب وادعی الرافضة ان جاریة لہ اسمھا صقیل ولدت منہ بعد موتہ وھذا کذب وجرت وفی ذلک خطوب طوال (جمھرۃ الانساب صفحہ)

(خلیفہ) مامون (الرشید) کے داماد علی بن محمد (الجواد) کے حسن اور جعفر دو بیٹے تھے۔ یہ حسن رافضیوں کے آخری امام ہوئے ان کے کوئی اولاد نہ تھی۔ رافضیوں نے یہ ادعا کیا کہ ان کے مرجانے بعد ان کی ایک لونڈی سے جس کا نام صقیل تھا بیٹا ہوا تھا۔ مگر یہ تو جھوٹ ہے اس سلسلے میں طویل جھگڑے بھی رہے تھے۔

اپنی دوسری کتاب ملل والنحل میں علامہ موصوف نے قدرے تفصیل سے لکھا ہے کہ:۔

"حسن (عسکری) بغیر کوئی عقب چھوڑے مرگئے تو رافضیوں کے چند فرقے ہوگئے ان کے جمہور اس بات پر قایم ہیں کہ حسن بن علی (بن محمد الجواد) کے یہاں ایک لڑکا ہوا مگر انھوں نے اسے پوشیدہ رکھا۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ حسن کی وفات کے بعد ان کے یہاں ان کی کنیز سے جس کا نام صقیل تھا ایک لڑکا پیدا ہوا اور یہ بہت مشہور رہے بعض روافض نے کہا ہے کہ صقیل سے نہیں بلکہ ان کی ایک اور کنیز سے پیدا ہوا جس کا نام سوسن تھا۔ زیادہ ظاہر یہی ہے کہ اس کنیز کا نام صقیل تھا کیونکہ اسی صقیل نے اپنے آقا حسن بن علی (بن محمد الجواد) کی وفات کے بعد حمل کا دعویٰ کیا تھا اسی وجہ سے سات برس تک حسن کی میراث کو روکا گیا تھا اور اس معاملہ میں اس کنیز سے حسن کے بھائی جعفر بن علی نے جھگڑا کیا تھا اور ارباب دولت کی ایک جماعت اس کنیز کی مددگار تھی اور دوسرے لوگ جعفر کے مددگار تھے اس کے بعد وہ حمل پھک گیا اور جھوٹا ہوگیا اور حسن کے بھائی جعفر نے میراث لے لی"۔ (الملل والنحل ابن حزم)

داستان ولادت

تاریخی واقعات کی روشنی میں حقیقت بھی یہی معلوم ہوتی ہے کہ جناب حسن عسکری کے یہ صاحبزادے جنھیں مہدی المنتظر و حجت خدا وغیرہ کہا جاتا ہے سیاسی ضرورت سے فرض کر لئے گئے ہیں ورنہ ان کی شخصیت

فی الواقع اگر ہوتی تو جیسا روایتوں میں بیان کیا گیا ہے ان کے والد لوگوں سے ان کو اسقدر پوشیدہ کیوں رکھتے۔ اصول کافی کا پورا باب "مولد صاحب الزمان" جو کتاب کے تقریباً دس صفحات پر محیط ہے ان کا وجود ثابت کرنے کی روایتوں سے بھرا ہوا ہے جو لا یعنی کراموں وخلاف عقل و درایت باتوں سے مملو ہیں یا حاتم ہندی وغیرہ کی فرضی داستانیں ہیں۔ یہی کیفیت ملا باقر مجلسی کی ضخیم تالیف بحار الانوار کی تیرھویں جلد کی ہے جو بہا رہم ا روایتوں کی ہے پہلے تو اسی بات میں سخت اختلاف ہے کہ یہ مہدی المنتظر اپنے والد کی کس کنیز کے بطن سے اور کب پیدا ہوئے تھے کسی راوی نے ان کی ماں کا نام نرجس بتایا ہے کسی نے سوسن کسی نے صقیل کسی نے مریم اور حکیمہ۔ کتاب جنات الخلود کے مصنف فرماتے ہیں کہ مہدی آخرزماں کی والدہ ملیکہ تو بروایت اصح قیصر روم کی پوتی حضرت عیسٰی کے حواری شمعون کی نسل سے تھیں قیصر اپنے بھتیجے سے ان کی شادی کرنا چاہتا تھا مجلس نکاح منعقد ہونے والی تھی کہ "در شب رسول خدا وفاطمہ زہرا بخواب ملیکہ آمدہ اور امسلمان کردہ وبا امام حسن عسکری عقد بستند (صنگ) یعنی رات کے وقت رسول خدا اور فاطمہ زہراؓ خواب میں ملیکہ پاس آئے اسے مسلمان کیا اور امام حسن عسکری کے ساتھ اس کا نکاح کردیا" اس کے بعد وہ بے ہمل حکایت لکھی ہے کہ کس طرح بردہ فروشوں کے قافلے میں قیصر روم کی یہ پوتی کنیزوں کی طرح بغداد آئی اور حسن عسکری نے ۲۲۰ اشرفی میں خرید کر اپنے تصرف میں کیا نام نرجس رکھا۔ ولادت کے بارے میں بھی اختلاف بیانی ہے تاریخ ولادت ۱۳ ربیع یا ۱۳ رماہ اہ بتائی گئی ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ شب جمعہ رمضان ۲۵۸ھ میں ولادت ہوئی اور کسی کا بیان ہے کہ ۱۵ ر شعبان ۲۵۵ھ تاریخ ولادت ہے پھر یہ قول بھی ہے کہ اپنے مفروضہ والد کی وفات کے بعد ۲۶۰ھ میں پیدا ہوئے۔ ولادت کی کیفیت بھی عجیب وغریب دیومالائی حکایتوں سے بیان ہوئی ہے۔ دیگر روایتوں کے علاوہ جناب حسن عسکری کی پھوپی جناب حکیمہ[1] کی زبانی بیان ہوا ہے کہ میرے بھتیجے نے مجھے یہ پیغام بھیجا کہ آج نصف شعبان ہے آج کی رات کو خدا بہت جلد اپنی حجت کو ظاہر کرے گا جب میں پہنچی میں نے پوچھا تو فرمایا نرجس کے بطن سے وہ پیدا ہوگا مگر نرجس میں آثار حمل کے میں نے مطلق نہیں پائے چنانچہ نرجس اور میں دونوں سوگئے آخر شب میں نرجس تڑپ کر اٹھی اور کہا وہ بات ظاہر

---

[1] جناب محمد الجواد کی کسی بیٹی کا نام حکیمہ مستند کتب انساب سے ثابت نہیں ان کی ایک کنیز کے بطن سے دو بیٹیاں فاطمہ و امامہ تھیں۔

ہوگئی جس کی خبر امام نے آپ کو دی تھی پھر میرے بھتیجے نے بلند آواز میں کہا کہ انا انزلناہ
پڑھو میں پڑھنے لگی دفعۃً میں نے سنا کہ بچہ بھی شکم مادر میں وہی آیتیں پڑھ رہا ہے پھر نرجس
میری آنکھوں سے غائب ہوگئیں میں اپنے بھتیجے امام کے پاس دوڑ گئی فرمایا کہ جاؤ نرجس کو
وہیں پاؤگی اس جگہ واپس آئی تو کیا دیکھتی ہوں کہ نرجس موجود تھی اور نور سے ایسی منور کہ میری
آنکھیں خیرہ ہوگئیں دفعۃً میں نے اپنے برابر ایک لڑکا دیکھا جو زانو کے بل سجدہ کر رہا تھا اور
انگشت شہادت آسمان کی طرف بلند کرکے اشھد ان لا الٰہ الا و ان جدی
رسول اللہ ابی امیر المومنین کہتا جاتا تھا اس کے بعد اس نے
تمام ائمہ کے یکے بعد دیگرے نام لئے یہاں تک کہ اپنا نام لیا توریت و انجیل و زبور و قرآن
بھی پڑھ ڈالا پھر کہا اللّٰھمّ انجزنی وعدك واتمم لی امری وثبت ولایتی واملاء
الارض بی عدلاً وقسطاً (یاالٰہی میرے لئے اپنا وعدہ پورا کیجئے میری خلافت مکمل کیجیو
اور میری حکومت قائم کیجیو اور میرے ذریعہ دنیا کو عدل و انصاف سے بھر دیجیو) میں اس مولود
کو امام کے پاس لے گئی فوراً ہی چند مرغ ان کے سر پر اڑتے ہوئے نظر آئے امام نے ایک مرغ کو
پکار کر اس سے کہا اس بچہ کو لے جا اور حفاظت کر چالیس دن بعد میرے پاس لانا مرغ نے
بچہ کو اٹھالیا آسمان کی طرف لے اڑا اور تمام مرغ اس کے پیچھے پیچھے اڑ گئے۔ امام نے فرمایا
میں تیرے سپرد کرتا ہوں وہ چیز جو مادر موسیٰؑ نے تیرے سپرد کی تھی۔ نرجس رونے لگی امام
نے فرمایا تمہارے پاس جلد واپس آئیگا تمہارے سوائے دوسرے کا دودھ پینا اسے حرام ہے
جس طرح موسیٰؑ اپنی ماں کے پاس واپس آگئے تھے فرددناہ الی امہ کے تقر عینھا ولا
تحزن۔ جب پوچھا یہ مرغ کون ہیں فرمایا روح القدس تھا جو ائمہ پر موکل ہے اور ان کی
تربیت کرتا ہے حکیمہ سے یہ بھی کہلوا دیا کہ چالیس دن بعد گئی تو اس بچے کو دیکھا چل پھر رہا ہے
میں نے امام سے عرض کیا کہ یہ تو دو سالہ معلوم ہوتا ہے فرمایا کہ انبیاء و اوصیاء کی اولاد
جو امام ہوتی ہے ان کی نشوونما اور لوگوں کے خلاف ہوتی ہے۔ ہمارا ایک ماہ کا بچہ دوسروں
کے ایک سال کے بچے کے برابر ہوتا ہے ہمارا بچہ شکم مادر میں کلام کرتا ہے قرآن پڑھتا ہے
عبادت کرتا ہے شیر خوارگی کے وقت اس پر ملائکہ نازل ہوتے ہیں اور اس کی اطاعت کرتے
ہیں حکیمہ کے منہ ہی سے یہ بھی کہلوا دیا ہے کہ حسن عسکری کی وفات سے چند روز پہلے وہ بچہ
پورے انسان کی قد و قامت کے برابر ہوگیا تھا میں نے اسے نہ پہچانا تو امام نے کہا یہ وہی

نرجس کا بیٹا ہے میرے بعد خلیفہ ہے میری وفات اب جلد ہوگی چنانچہ چند دن بعد ان کی وفات ہوگئی اور وہ فرزند لوگوں کی نظروں سے روپوش ہوگئے"

جنت الخلود کے مصنف فرماتے ہیں کہ "از ترس اعادی" یعنی دشمنوں کے خوف سے غائب ہوگئے اور مصنف مذکور کے زمانہ ۱۲۶۱ھ تک آٹھ سو سترسال ان کو چھپے ہوئے ہوچکے تھے" ازواجہ واولادہ" کے عنوان سے لکھتے ہیں کہ ایک زوجہ امام مہدی کی اولاد ابولہب سے تھیں مگر نام ان کا معلوم نہیں اور نہ یہ معلوم کہ ان کے بطن سے کیا اولاد تھی پھر فرماتے ہیں کہ

ومحتمل است کہ اولاد بسیار از دو راطراف عالم منتشر شدہ باشد چہ آنحضرت ہمہ ارباع واقطاع ربع مسکون را سیاحت و در اکثر امکنہ تاہل نمودہ فرزندان ہم رسانیدہ باشند بدلیل آنکہ دریں شریعت ترک اہل جائز نیست (صـ۴۱)

ممکن ہے کہ ان کی بہت سی اولاد اطراف عالم میں پھیلی ہوئی ہو کیونکہ وہ حضرت ربع مسکون کے مقامات اور اقطاع میں سیاحت فرماتے اور اکثر مقامات میں قیام فرما کر اولاد ضرور پیدا کی ہوگی اس دلیل سے کہ شریعت میں تاہل اختیار کرنا جائز ہے۔

پھر فرماتے ہیں کہ آخر زمانہ میں جب خروج فرمائیں گے باوجود طول عمر کے اس وقت چہل سالہ جوان کی طرح ہوں گے تمام دنیا کو فتح کر ڈالیں گے دین محمدی کی ترویج کریں گے اور تمام پیغمبر عیسیٰ اور خضر و ادریس واصحاب کہف ان کے اقتدا میں نماز ادا کریں گے. (صـ۳) پھر مدینہ آکر" سہ ہزار قریش را بشش مرتبہ گردن بزند" یعنی تین ہزار قریشیوں کی چھ مرتبہ گردن ماریں گے"

دیومالا کی طرز کی یہ طویل حکایت یہاں اس غرض سے نقل کی گئی کہ ثبوت میں تو ہے امام مہدی کی ولادت کے مگر نتیجہ اس کے برعکس برآمد ہوتا ہے' مہدی کا وجود ہی عنقا ہو جاتا ہے غورطلب سوال قدرتاً یہ پیدا ہوتا ہے کہ آخر کس وجہ سے گیارھویں لاولد امام کے انتقال کے بعد بارھویں امام قرار دینا ضروری سمجھا گیا اور اس کا وجود ثابت کرنے کے لئے ایسی خلاف عقل وقیاس حکایتیں وضع ہوئیں جن کا نمونہ سطور بالا میں آپ نے ملاحظہ کیا۔

بعض محققین نے پہلی وجہ تو یہ بتائی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک پیشین گوئی فرمائی تھی جسے ابو داؤد اور دیگر کتب حدیث میں حضرت جابر بن سمرہؓ صحابی کی روایت سے بیان کیا گیا ہے کہ انھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ

دین قوت سے قایم رہے گا یہاں تک کہ تم میں بارہ خلفاء ہوں ان سب پر امت مجتمع رہیگی نیز یہ کہ وہ سب قریش سے ہوں گے۔ علماء شیعہ فرماتے ہیں کہ بارہ خلفاء سے مراد ہمارے بارہ امام ہیں چنانچہ اسی ضرورت سے گیارہویں امام کی وفات کے بعد بارہواں امام قرار دیا گیا چونکہ حضرت حسینؓ کے بعد سے باپ کے بعد بیٹے کا امام ہونا لازم ہوگیا تھا سوائے اسماعیل کے جو اپنے والد جناب موسیٰ کی حیات میں مرگئے تھے اس لئے گیارہویں امام ہی کی اولاد میں اس مفروضہ فرزند محمد کو قرار دے دیا گیا۔ دوسری وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ حضرت علیؓ کے سوائے جو خلفائے راشدین میں شامل تھے اور باوجود معزولی وقت وفات تک ذی اقتدار بھی رہے تھے شیعوں کے بقیہ دس ائمہ میں سے کسی کو بھی اس کا موقع نہ مل سکا تھا کہ قوت و تمکین اور سیاسی اقتدار حاصل کرکے ملت اسلامیہ کی کوئی نمایاں تعمیری خدمت انجام دے سکتے یا بزعم امامیہ دین کو شیعہ مذہب کے مطابق اسلامی ممالک کے کسی خطے میں علانیہ تبلیغ کرکے پھیلا سکتے حالانکہ اللہ عزوجل کا صریح وعدہ مومنین صالحین کے بارے میں استخلاف فی الارض کا ہے۔ ارشاد باریتعالیٰ ہے:۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْئًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝

(النور)

(اے لوگو) اللہ نے تم میں سے ان لوگوں سے جو ایمان کے ساتھ نیک عمل میں مصروف رہے یہ وعدہ کیا ہے کہ ہم انھیں زمین میں خلیفہ بنا دیں گے جس طرح ان سے اگلوں کو اپنا خلیفہ بنایا تھا اور ان کے لئے اس دین کو جس کو ان کے لئے پسند کیا ہے مستحکم بنا دیں گے اور (دشمنوں اور مخالفوں سے) ان کے خوف کے بعد (اس خوف کو) امن سے بدل دیں گے کہ (اطمینان کے ساتھ) میری بندگی میں مصروف رہیں اور (کسی بات میں بھی) کسی چیز کو میرا شریک نہ بنائیں اور (اس خلافت ربانی کے قیام) کے بعد جو لوگ کفر کریں تو پھر وہی لوگ بدکار ہیں

واقعات تاریخ شاہد ہیں کہ امامیہ کے ان دسؔ اماموں پر جنھیں وہ ائمہ معصومین کہتے

ہیں اور ان کی امامت کو من جانب اللہ تصور کرتے ہیں استخلاف فی الارض کا یہ وعدہ ربانی کسی طرح بھی منطبق نہیں ہوا بقول شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ۔

"ان ائمہ کو جب یہ قدرت و اختیار ہی نہ تھا کہ جمعہ وجماعات کی نمازوں کی امامت کرتے، جہادوں میں قائد و امام ہوتے یا حج کے موسم میں امیر حج ہوتے یا شرعی حدود قایم کرسکتے یا نزاعی معاملات کا تصفیہ اور مقدمات کا فیصلہ کرسکتے یا کسی شخص کا حق دلواسکتے خواہ وہ حق لوگوں کے ذمہ ہوتا یا بیت المال میں ہوتا اور نہ وہ مسافروں کے لئے راستوں کو محفوظ و مامون کرسکتے تھے کیونکہ یہ سب امور تو محتاج ہیں قدرت واختیار کے اور یہ قدرت واختیار بغیر اعوان اور مددگاروں کے میسر نہیں ہوسکتا۔ ان ائمہ کو نہ اس کا اختیار تھا اور نہ قدرت بلکہ یہ قدرت اور اختیار تو ان کے علاوہ دوسروں کو حاصل تھا پس جو شخص ایسے عاجز اماموں سے ان باتوں کی توقع کرے وہ جاہل و نادان ہے۔" (منہاج السنة ج ۲ ص ۱۲۶)

اور بقول علامہ ابن حزم امامیہ کے وہ تمام ائمہ جو علی و حسینؓ کے بعد ہوئے ہیں انھوں نے بجز اپنے سکونتی مکان کے اور کہیں کبھی حکم نہیں دیا اور نہ کبھی ایک گاؤں یا اس سے بھی کم پر حکومت کی تو پھر ان لوگوں کی کیا حاجت ہے خاص کر ایک سو اسی برس سے تو یہ لوگ ایسے کھوئے ہوئے امام کا دعوی کرتے ہیں جو عنقائے مغرب کی طرح پیدا نہیں ہوا۔ (ملل والنحل ابن حزم)

پس ان حالات میں جب کمزور اور بے اختیار ائمہ کو تعمیر ملت کے کاموں میں کوئی حصہ نہ مل سکا تھا اس قسم کی وضعی روایتوں اور حدیثوں سے ایک ایسی ہی کا وجود ثابت کرنے کی کوشش کی گئی جو آیندہ کسی زمانے میں بارھویں امام کی حیثیت سے صاحب سیف و با اختیار ہوکر تمام دنیا کو فتح کر ڈالیں گے شیعہ مذہب کو ساری دنیا میں پھیلائیں گے اور خدا جانے کیا کیا کریں گے اسی گروہ میں یہ بات بھی مشہور کر رکھی ہے کہ غاصبان خلافت کو زندہ کرکے کئی مرتبہ پھانسی کی سزا دیں گے وغیرہ ذالک من الھفوات۔

ہمیں امامیہ کے عقیدے مہدی منتظر کی تردید و تکذیب سے تو یہاں بحث نہیں اور نہ عوام میں جو یہ بات مشہور کر رکھی ہے کہ قرب قیامت میں حضرت عیسیٰ آسمان سے اتریں گے۔ مہدی کی

معیت میں دجال کو قتل کریں گے یہ باتیں بھی ہمارے موضوع سے خارج ہیں۔ قرآن شریف میں نہ مہدی کا ذکر ہے اور نہ نزول عیسیٰؑ کا۔ علامہ ابن خلدون نے اپنے مقدمہ میں جس راوی کا یہ قول نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے آمد مہدی کی تکذیب کی اور دجال کو نہ مانا وہ کافر ہے یہ راوی الاسکافی بقول علامہ موصوف محدثین کے نزدیک متہم اور وضاع تھا یعنی حدیثیں گھڑا کرتا تھا۔ دیگر تصریحات سے بھی ثابت ہے کہ مسلکاً رافضی وغیرہ ثقہ تھا۔

بہر حال یہاں تو تاریخی واقعات کی روشنی میں دیکھنا یہ ہے کہ مہدی کے بھیس میں سیاسی قسمت آزماؤں نے حصول اقتدار کی جو مسلسل جد و جہد کئی صدیوں تک کی اور طرح طرح کی وضعی روایتوں اور حدیثوں سے اس بات کی عوام میں تشہیر کی گئی کہ امت کی دینی و دنیوی امامت و قیادت، سرداری و سروری فلاں خاندان کے افراد کا حق ہے، نسباً وہی سب سے برتر ہیں، دنیا کے علاوہ جنت میں بھی وہی سید و سردار ہوں گے صدیوں کے اس پروپگنڈے نے جسے مذہبی رنگ دیا گیا تھا غیر طبقاتی امتِ مسلمہ کو بالآخر کس طرح شریف وغیر شریف، سید وغیر سید طبقوں میں منقسم کر دیا۔ اور کب سے سید و شریف لقب اظہار نسب میں مستعمل ہونے شروع ہوئے۔

اس سلسلہ میں یہ بات بھی دلچسپی سے خالی نہیں کہ وضاعین نے مہدی کی شخصیت کو صرف ہاشمی خاندان سے مخصوص کیا ہے، کسی دوسرے قریشی وغیر قریشی خاندان کو یہ اعزاز نہیں بخشا گیا کہ کوئی مہدی کبھی ان میں سے بھی ہو۔ پھر ہاشمیوں میں سے بھی صرف ان ہی دو گھرانوں کی تخصیص ہے جنھوں نے اسلامی سیاسیات میں عملاً حصہ لیا تھا یعنی عباسی اور علوی گھرانوں کی۔ دوسرے ہاشمیوں عقیلیوں، جعفریوں، حارثیوں وغیرہ کا کوئی ذکر نہیں کیونکہ انھوں نے حصول خلافت میں کوئی جد و جہد نہیں کی تھی۔ وضعی حدیثوں میں بھی چند ہی عباسی مہدی سے متعلق ہیں بیشتر حسینی مہدی کی آمد کے سلسلے میں ہیں دو ایک البتہ حسنی نسب مہدی کے بارے میں ہیں۔ حسنی نسب مہدی کی آمد کا راز بھی سنن ابو داؤد کی ایک روایت میں یہ بتایا گیا ہے کہ حضرت حسنؓ نے چونکہ امت پر شفقت و رحم کے اس خیال سے کہ خلافت کی خانہ جنگی سے مسلمانوں کی جانیں ضائع نہ ہوں خلافت ہی چھوڑ دی تھی۔ اس لئے اللہ تعالیٰ ان کی نسل سے اس زمانے میں جب حالات اس کے متقاضی ہوں گے اور شدید حاجت اس کی پیش آئے گی ایک قائم بالحق خلیفہ کا ظہور کرا دیں گے جو دنیا کو عدل و انصاف سے بھر دیگا۔

(الصواعق المحرقہ صفحہ) مگر آپ نے دیکھا کہ ۱۴۵ھ میں ان ہی حضرت حسنؓ کے ایک پوتے محمد الارقط بن عبداللہ المحض نے نسبی تعلیوں سے مہدی ہونے کا ادعار کر کے قائم خلافت کے خلاف خروج کیا تھا جو نتیجۃً ناکام رہا دنیا کو عدل انصاف سے بھرنے کی نوبت ہی نہ آسکی تھی ان کے بعد اس نسل کے متعدد اشخاص نے خروج کئے بعض نے چھوٹی چھوٹی حکومتیں بھی قائم کرلیں لیکن مہدویت کی دعویدار نہ ہوئے البتہ ۵۰۰ھ میں ابن تومرت نے مغربی افریقہ میں حسنی نسب کے دعوے اور مہدی کی حیثیت سے خروج کیا تھا حکومت بھی حاصل کرلی تھی۔ خطبات میں اپنے کو "الامام المعصوم المہدی المعلوم" وغیرہ کہا اور کہلوایا کرتے تھے مگر ان کے حسنی نسب کو اہل خاندان واہل معرفت نے کبھی تسلیم نہیں کیا۔ صحیح النسب حسینی دعویداران خلافت کے بیسوں خروج وقتاً فوقتاً ہوئے ان کا شعار بالعموم "الرضا من آل محمد" تھا۔ مہدی کے ادعار سے صحیح النسب حسینیوں کے بجائے قرامطہ اور عبیداللہ دعویداران فاطمیت نے متعدد خروج کئے مگر ان کے نسبی ادعار کو جیسا بالوضاحت بیان ہوچکا عام طور سے تسلیم نہیں کیا گیا فاطمیین مصر کی حکومت کے خاتمہ کے ساتھ ہی یمن میں جو پہلے ہی سے اس خفیہ سیاسی دعوت کا مرکز تھا اسماعیلی دعوت کے مبلغین مجتمع ہوگئے سیاسیات سے کنارہ کش ہوکر اپنے مسلک ومعتقدات کی تبلیغ کے لئے مختلف ممالک میں بیشتر تاجروں اور صوفیوں کے بھیس میں مبلغ بھیجتے رہے اس موقع پر متاخرین متصوفہ کا قدرے ذکر بھی ضروری ہے جن کے ذریعہ باطنی نظریات نیز فاطمیت اور سیادت نسبی کے پروپگنڈے کو بڑی تقویت حاصل ہوئی۔

اسماعیلیہ ومتصوفہ

اسماعیلیہ اور متاخرین متصوفہ کا چھٹی صدی ہجری اور اس کے بعد سے دیگر بدعات کے علاوہ مغالاۃ فی البشر اور فاطمیت ونسبی سیادت تعظیم وتوقیر اولاد حسنینؓ کے پروپگنڈے میں کیا حصہ رہا اور کیسے کیسے مہمل اور لغو قصے گھڑ گھڑ کے عوام میں پھیلائے گئے اس گفتگو میں متقدمین صوفیہ سے یا علم تصوف کی حقیقت سے جسے بقول شاہ ولی اللہ محدث دہلوی شریعت میں احسان کہتے ہیں کوئی تعلق نہیں ہے اللہ تعالےٰ کے کلام میں ان محسنین کی جانب اشارہ ہے جو راتوں میں عبادت الٰہی کے لئے کم سوتے صبح کو استغفار کرتے اور سائلوں اور محروموں کو اپنے مال سے حصہ دیتے۔

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ۝ كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ۝	وہ تھے اس سے قبل نیکی والے اور رات کو تھوڑا سوتے تھے اور صبح کے وقتوں

وبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ○ وَفِیْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ○

استغفار کرتے (معافی اللہ سے مانگتے) اور ان کے مال میں مانگنے والوں اور بارے ہوئے کا حق تھا۔

اسی احسان کے بارے میں جو عرف شرع میں تصوف کہلاتا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی نے دریافت کیا آپ نے فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ کی بندگی اس طرح کرو گویا اللہ تعالیٰ کے حضور میں ہو کانک تراہ اور یہ نہ کرسکو تو جانو کہ اللہ تعالیٰ تمہیں دیکھ رہا ہے فانہ یراک۔ اسی خشوع وحضور قلب سے متقدمین صوفیہ کے نفوس میں وہ پاکیزگی زہد وقناعت رجا، وخوف توکل ورضا صبر وشکر فقر ومحبت کی کیفیت اور صدق نیت پیدا ہوئی جس سے مخلوق کی رہنمائی اور رشد وہدایت کے کامیاب نتائج برآمد ہوئے ان بزرگوں کے حالات وواقعات سے یہاں کوئی بحث نہیں ہے بلکہ تاریخی واقعات کے سلسلے میں یہ بیان اس موقع پر ضروری ہوا کہ چھٹی ساتویں صدی ہجری سے ایران وغیرہ میں متاخرین صوفیہ کے جو پر اسرار حلقے اور سلسلے قائم ہوئے ان کی تعلیم میں باطنیہ اسماعیلیہ تحریکات کا کہاں تک اثر کارفرما ہوا تھا۔ متاخرین متصوفہ کا بیشتر طبقہ شیخ محی الدین ابن عربی متوفی ۶۳۸ھ مصنف فصوص الحکم وفتوحات مکیہ کے خیالات ونظریات کا اثر قبول کرچکا تھا۔ ابن عربی کی ان کتابوں کے مطالعہ کرنے والے کو شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کی اس رائے سے اختلاف نہ ہوسکے گا جو انھوں نے ابن عربی وابن سبعین مؤلف کتاب البدو ابن برجان موکفین الیقین کے بارے میں اپنے فتوے میں دی ہے کہ یہ لوگ قرامطہ باطنیہ اسماعیلیہ کی قماش کے تھے" فانہم من جنس القرامطۃ الباطنیۃ الاسماعیلیۃ الذین کانوا اکفر من الیہود والنصاریٰ (فتویٰ ابن تیمیہؒ) ابن عربی کے خیالات کا تھوڑا سا نمونہ آگے آتا ہے۔ خود متصوفہ کے یہاں جو اصطلاح رجال الغیب کی ہے ان کے بارے میں سمجھا جاتا ہے کہ وہ کائنات کے روحانی انتظامات کے ذمہ دار ہیں یہ بظاہر اسماعیلیہ تنظیم کا اتباع ہے کیونکہ رجال الغیب کے تعداد اور مدارج کے اعتبار سے جو القاب مقرر کیے گئے ہیں یعنی ابدال ونجیب ونقیب، اوتاد، عمود، قطب اور غوث (۲) دوسرے ناموں سے اسماعیلیہ تنظیم میں ہیں یعنی ناطق واساس وحجت، وداعی وماذون ولاحق ومومن اس سلسلے میں اگر روسی مستشرق کے اس قول کو نہ مانا جائے کہ الاموت کی بربادی کے بعد نزاری اسماعیلیہ کی جو کانفرنس بحر خزر کے ساحلی مقام پر منعقد ہوئی تھی اس میں قرار دیا گیا تھا کہ اپنا دوسرا سیاسی مرکز قائم کرنے کے بجائے ہمیں صوفیوں کے بھیس میں کام کرنا چاہیے پھر بھی اس حقیقت سے تو انکار نہیں ہوسکتا کہ نعمت الٰہی زردشتیہ [illegible]

وشمالی ایران اور خراسان میں، اناطولیہ والبانیا کے بکتاشی کشمیر کے نوربخشی وغیرہ جو متصوفہ طریقت کے مدعی تھے درحقیقت باطنی شیعہ ہی تھے۔ اسماعیلیہ وباطنیہ کے یہاں ظاہر وباطن کی جو تفریق ہے اسی طرح متصوفہ کے یہاں شریعت وحقیقت کی ہے اور متصوفہ کے علی اللہی گروہ میں ترک شریعت واباحی اخلاقیات کے علاوہ اسماعیلیہ باطنیہ کے اپنے سرگروہ کی کورانہ اطاعت ہے متصوفہ کے دوسرے حلقوں میں بھی فنا فی الشیخ کے درجہ اور اپنے مشائخ کی کرامتوں اور محیر العقول داستانوں میں اسماعیلیہ ہی کے اماموں کی پرستاری وبندگی کی جھلک آتی ہے۔ علامہ ابن خلدون نے متاخرین متصوفہ کے بارے میں صراحت سے لکھا ہے:-

"اسماعیلیہ کی طرح متاخرین متصوفہ حلول کے قائل ہوگئے گویا امامیہ اور روافض کے ہمخیال ہوئے کیونکہ وہ بھی تو الوہیت ائمہ وحلول الہ کے قائل ہیں انھوں نے اماموں اور نقیبوں کے بجائے قطب وابدال مقرر کیے اور مذہب شیعہ کو اپنے دل میں اس قدر جگہ دی اور اقوال شیعہ سے اس درجہ متاثر ہوئے اور ان کے مذاہب کی دیانت میں ایسا غلو کیا کہ خرقہ کے بارے میں ان کے طریقہ کو مستند بیان کرنے لگے کہ حضرت علیؓ نے حسن بصریؒ کو پہنایا تھا اور طریقے کے التزام پر ان سے بیعت لی تھی پھر وہ سلسلہ بیعت ان کے شیوخ سے جنیدؒ تک جا پہنچا لیکن اس کا ثبوت حضرت علیؓ سے بطریق صحیح موجود نہیں[1] اس کے علاوہ یہ طریقہ حضرت علیؓ ہی

---

[1] شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے صراحتاً لکھا ہے کہ حسن بصریؒ کو نہ جدم سنی نہ کبھی حضرت علیؓ سے استفادہ کرنے کا موقع ملا تھا اور نہ کبھی ان کی باہم ملاقات ہی ہوئی تھی وہ لکھتے ہیں۔

ان الحسن (البصری) صحب علیاً وهذا باطل باتفاق اهل المعرفة فانهم متفقون علی ان الحسن لم یجتمع بعلی ...... والحسن ولد لسنتین بقیتا من خلافة عمر وقتل عثمان و هو بالمدینة کانت امه امة لام

اور حسن بصریؒ کا حضرت علیؓ سے صحبت پانا باتفاق اہل معرفت غلط اور باطل ہے کیونکہ ان کا اس بات پر اتفاق ہے کہ حسن بصری اور حضرت علیؓ کی باہم ملاقات ہی نہیں ہوئی ...... خلافت عمرؓ کے دو سال باقی تھے جب حسن بصری پیدا ہوئے قتل عثمانؓ کے زمانے میں وہ مدینہ میں تھے کیونکہ

(بقایا صفحہ ۲۱۴ پر)

سے کیوں مخصوص کیا جائے جبکہ تمام صحابہ ہدایت و رشد کے اسوۂ و نمونہ ہیں حضرت علیؓ سے بمقابلہ صحابہ اس کی تخصیص میں تو شیعت کا رنگ جھلکتا ہے اس سے اور دوسری باتوں۔ ... طور سے سمجھا جاتا ہے کہ یہ لوگ تشیع میں داخل ہو کر ان کے مسلک پر گام زن ہو چکے تھے۔ چنانچہ قطب کے بارے میں اسی طرح ان کے کلام کا اظہار ہوتا تھا پھر ان ہی رافضی اسماعیلیوں اور متاخرین متصوفہ کی کتابوں میں اس فاطمی المنتظر کی روایتوں کی بھرمار ہو گئی ان میں سے بعض کا مضمون بعض سے مطابق ہوا اور بعض نے بعض سے اخذ کیا مگر ان سب نظریات کی بنیاد اصول واہیہ پر مبنی ہے۔ (مقدمہ ابن خلدون)

غرضیکہ متاخر متصوفہ کے ذریعہ جن میں اسماعیلی مبلغین بھی شامل ہو کر کام کر رہے تھے فاطمیت و سیادت کے سلسلے میں صدہا حکایتیں اور قصے نہ صرف عوام میں مشہور ہوئے بلکہ معتمد کتب کے صفحات پر ان کو جگہ دی گئی۔ یہاں تک کہا گیا کہ ایک شریف یعنی سید کی تعظیم و توقیر ہر حالت میں لازم ہے خواہ وہ کیسا ہی قبیح الاعمال ہو۔ شریف سے مراد فاطمی حسینی لی گئی۔ متصوفہ کے شیخ الطائفہ ابن عربی کا یہ قول مولف نور الابصار فی مناقب آل البیت النبی المختار نے نقل کیا ہے:۔

(بقایا نوٹ صفحہ ۲۱۳ کا)

سلمة فلما قتل عثمان حمل الی البصرة وکان علی بالکوفة والحسن فی وقته صبی من الصبیان لا یعرف ولا له ذکر (منهاج السنة)	ان کی ماں حضرت ام سلمہؓ کی لونڈی تھیں قتل عثمانؓ کے بعد وہ بصرے لائے گئے تھے اور حضرت علیؓ اس وقت کوفے میں تھے۔ پھر یہ حسن بصری اس زمانے میں عام لڑکوں میں کے ایسے لڑکے تھے جنہیں نہ کوئی جانتا تھا اور نہ ان کا کوئی ذکر ہی تھا۔

صوفیوں کا یہ سلسلہ یعنی جنیدؒ مرید سری سقطیؒ مرید معروف کرخیؒ مرید داؤد طائیؒ مرید حبیب عجمیؒ مرید حسن بصری مرید حضرت علیؓ منقطع ہے جیسا سطور بالا میں ذکر ہے حسن بصریؒ کی حضرت علیؓ سے ملاقات ہی ثابت نہیں پھر داؤد طائی اور حبیب عجمی کا باہم ملاقی ہونا بھی نہایت مشتبہ ہے سری سقطی تو معتبر روایت کی بنا پر معروف کرخی کے نہیں بکر بن خنیس کے مرید تھے۔ واللہ اعلم۔

تعظیم الشریف مطلوب بما لا اثم علیہ ولو زنی وعمل عمل قوم لوط وشرب الخمر وسحر واکل الربا و سرق وکذب واکل اموال الیتامی وقذف المحصنات وآذی المومنین والمومنات بغیر ما اکتسبوا۔

صحیح الاسلام ص۱۵۱)

شریف (سید) کی تعظیم ہر حالت میں واجب ہے خواہ وہ زنا کرے، قوم لوط کا فعل بد کرے، شراب پیے، دھوکہ و فریب دے، سود کھائے، چوری کرے، جھوٹ بولے، یتیموں کا مال کھائے، پاکدامن عورتوں پر اتہام لگائے اور مومن مرد مومن عورتوں کو بلا سبب ایذا دے اس پر کوئی گناہ نہیں۔

یہ لغو قول تو متاخرین متصوفہ کے شیخ الطائفہ ابن عربی کا تھا اب یوسف النبہانی کا ارشاد سنئے وہ اپنی تالیف میں جس کا نام "الشریف المؤبد لآل محمد (یعنی شرف ابدی آل محمد کا) رکھا ہے لکھتے ہیں کہ آل البیت کے فاسق و فاجر شخص کی بھی عزت و توقیر کرنا اور یہ اعتقاد رکھنا لازم ہے کہ گناہ اس کے سب معاف ہیں اور اللہ تعالیٰ اس کی بدکاریوں سے بفحوائے آیت تطہیر درگذر فرمائیگا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث اس بات پر دلالت کرتی ہیں پھر ایک جعلی حدیث جو البزار والطبرانی و فوائد ابی تمام میں بھی ہے درج کرتے ہوئے لکھتے ہیں :۔

(وقال صلی اللہ علیہ وسلم: ان فاطمۃ احصنت فرجہا فحرمہا اللہ وذریتہا علی النار وغیرہ من الاحادیث الدالۃ علی القطع لہم بالجنۃ من غیر سابقۃ عذاب و انما طلب اکرام فاسقہم لان اکرامہ لیس لفسقہ وانما ہو لعنصرہ الطاہر ونسبہ الطاہر و ہذا موجود فی طالحہم کوجودہ فی صالحہم۔

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ فاطمہ نے اپنی شرمگاہ کی حفاظت کی ہے پس اللہ نے اس پر اس کی ذریت پر نار دوزخ حرام کردی۔ یہ اور دوسری حدیثیں دلالت کرتی ہیں کہ جنت ان کے (فاطمہ و اولاد فاطمہ) کے لئے بغیر سابقہ عذاب کے مقرر کردی گئی ہے اور بیشک ان کے فاسق کا اکرام ضروری ہے کیونکہ اکرام اس کے فسق کے لئے نہیں بلکہ اس لئے ہے کہ وہ پاک عنصر سے اور اعلیٰ نسب سے ہے اور یہ چیز ان کے بدکاروں میں بھی اسی طرح موجود ہے جس طرح ان کے

نیکو کاروں میں موجود ہے۔

اس قسم کے مہمل اقوال کو جو صریحاً نصوص قرآنیہ و تعلیمات اسلامیہ کے سراسر خلاف ہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کرنا ابن عربی اور اس کے ہم مشربوں کی بڑی جسارت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تو اپنے چچا عباس رض، اپنی پھوپی صفیہ رض اور اپنی بیٹی فاطمہ رض ان تینوں کو مخاطب کرکے ارشاد فرمایا تھا۔

یا عباس! عم محمد! یا صفیة عمة محمد یا فاطمة بنت محمد! اعملوا اعملوا فلن اغنی عنکم من اللہ شیئا

اے عباس محمد کے چچا! اے صفیہ محمد کی پھوپی اور اے فاطمہ محمد کی بیٹی! عمل کرو عمل۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے میں تمھارے کچھ کام نہیں آسکتا۔

ابن عربی کی کتاب الفتوحات المکیہ وغیرہ کی خرافات سے متاخرین صوفیہ اس درجہ متاثر ہے کہ بیشتر اسی شیخ طریقت کی جانب لپکتے جو حسنی و حسینی نسب کا ہوتا یا اس نسب شریف کا ادعا کرتا کیونکہ ان کا شیخ اطائف طرح طرح سے یہ سبق پڑھا گیا تھا کہ سب فاطمی نسب طاہر و مطہر اور گناہوں کی آلودگی سے پاک و منزہ ہوتے ہیں اور ابدال و قطب بھی ان ہی میں سے ہوتے ہیں۔ اپنی کتاب الفتوحات المکیہ میں (الجزء الاول باب ۲۹) میں سورۃ الفتح کی اس آیت کی تفسیر کی ہے کہ:-

إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا ۝ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا۔

یقیناً ہم نے دی ہے تجھ کو فتح مبین تاکہ اللہ درست کرے تیرے واسطے خطائیں جو آگے منسوب کی گئی ہیں تجھ سے اور جو پیچھے رہیں اور تجھ پر پورا کرے اپنا احسان اور چلائے تجھکو سیدھی راہ۔

چنانچہ ابن عربی ان الفاظ میں اولاد فاطمہ رض کو اس آیت کی تفسیر میں شامل کرتے ہیں:-

فدخل الشرفاء اولاد فاطمه کلهم ومن هو من اهل البیت الی یوم القیامة فی حکم هذه الآیة من الغفران فهم المطهرون اختصاصاً من اللہ وعنایة بهم ولا

اس آیت کے حکم مغفرت میں اولاد فاطمہ میں سے سب کے سب اشراف اور جو کوئی بھی اہل بیت سے ہو یوم قیامت تک داخل ہیں کیونکہ یہ سب پاک مطہر ہیں اللہ تعالیٰ کے لطف، عنایت اور خصوصیت سے جو

يظهر حكم هذا الشرف لاهل البيت الّا في الآخرة فانهم يحشرون مغفوراً لهم۔	ان کے ساتھ ہے اہل بیت کے لئے اِس شرف کے حکم کا ظہور دار آخرت میں ہی ہوگا۔ کیونکہ یہ سب مغفرت یافتہ محشور رہوں گے۔

اسی مضمون ومفہوم کی بیسیوں روایتیں اور حدیثیں گھڑی گئیں روافض وغیرہ کی کتابوں کے علاوہ عام مسلمان علماء ومصنفین نے بھی درج کر ڈالی ہیں۔ مولف الصواعق المحرقہ کی زبانی نمونے کے طور سے ایک آپ بھی سنئے:۔

انه صلى الله عليه وسلم قال لعلى ان اول اربعة يدخلون الجنة انا وانت والحسن والحسين و ذرارينا خلف ظهورنا وازواجنا خلف ذرارينا وشيعتنا عن ايماننا وشمائلنا (ص۱۱۱)	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ سے فرمایا اوّل جو چار جنت میں داخل ہوں گے وہ میں اور تم اور حسن وحسین ہوں گے ہماری پشت کے پیچھے پیچھے ہماری اولاد ہوگی اور ہماری اولاد کے پیچھے پیچھے ہماری بیبیاں ہونگی اور ہمارے دائیں بائیں ہمارے شیعہ ہوں گے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بھی "شیعہ" بتانا کیا کچھ کم لغو بیانی ہے۔

دوسری حدیث جو حضرت عباسؓ اور ان کی اولاد کی مغفرت کے بارے میں ہے اِن الفاظ میں اختراع کی گئی ہے:۔

انه صلى الله عليه وسلم قال للعباسؓ يا عباس ان الله غير معذبك ولا احد من اولادك (وفى رواية يا عم سترك الله وذريتك من النار (ايضاً)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباسؓ سے فرمایا اے عباس! اللہ تعالیٰ تمہیں اور نہ تمہاری اولاد میں سے ایک کو بھی عذاب نہ دیگا اور روایت میں ہے کہ اے چچا اللہ آپ کو اور آپ کی اولاد کو نار دوزخ سے محفوظ رکھےگا۔

واضح رہے کہ اس قسم کی حدیثیں جن کے نمونے سطور بالا میں درج ہوئے ہاشمی خاندان کے ان ہی دو گھرانوں کے اشخاص کے بارے میں ہیں جنھوں نے سیاسیات میں عملی حصہ لیا تھا یعنی اولاد عباسؓ وعلیؓ نے گھرانے ہی کے دوسرے عزیزوں یعنی اولاد جعفرؓ وعقیلؓ برادران علیؓ اور دوسرے ہاشمیوں آل حارث وغیرہم کے بارے میں جن پر لقب الشریف کا اطلاق

ہوتا تھا کوئی روایت نہیں اسی سے ظاہر ہے کہ سیاسی ضرورت سے ایسی حدیثیں وضع کی گئیں جو مؤلف کی روایت پرستانہ ذہنیت سے اس کتاب میں بھی درج ہیں جس کے نام کے ساتھ ہی یہ الفاظ لکھے گئے ہیں کہ یہ کتاب بدعت و زندقیت کے زد میں ہے۔

امام مہدی اور صوفیہ کے قطب

متاخرین صوفیہ نے امامیہ کے ان بارہ اماموں کو جن میں سے دو اپنے پیشرؤں کی وفات کے وقت سات آٹھ برس کے بچے اپنے روحانی پیشواؤں میں شامل کر رکھا ہے۔ اور گیارہویں امام حسن عسکری کے مفروضہ فرزند محمد کو ابدال اور قطب کے مرتبہ پر فائز کر دیا ہے۔ کتب صوفیہ میں ان کا نام "رضی اللہ عنہ" یا "علیہ السّلام" الفاظ کے ساتھ درج ہے۔ صاحب انوار العارفین شیخ علاؤ الدولہ احمد بن محمد سمنانی کا قول در بارہ ابدال و اقطاب درج کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

بتحقیق رسید بمرتبہ قطبیت محمد بن حسن عسکری رضی اللہ عنہ و عن ابائہ الکرام ائمہ اہلبیت الطہارۃ و وے در وقتے کہ مخفی شد داخل زمرۂ ابدال بود پس ترقی کرد درجہ درجہ طبقہ طبقہ تا آنکہ سید افراد گشت۔ (ص ۱۴۲)	محمد بن حسن عسکری (خدا ان سے اور ان کے آبائے کرام ائمہ اہل بیت طہارت سے راضی ہو) بتحقیق مرتبہ قطب پر پہنچے اور جس وقت وہ روپوش ہوئے زمرۂ ابدال میں داخل تھے پھر درجہ بدرجہ اور طبقہ بطبقہ ترقی کی۔ یہاں تک کہ سید افراد ہو گئے۔

پھر لکھا ہے کہ محمد بن حسن عسکری کے زمانہ میں کوئی علی بن حسین بغدادی قطب تھے۔ ان کے مرنے پر یہی ان کے جانشین ہوئے اور انھوں نے ہی ان کے جنازہ کی نماز پڑھائی اور ۱۹ سال تک مرتبہ قطبیت پر فائز رہ کر وفات پائی:۔

پس حق تعالیٰ او را به روح و ریحان ازیں عالم درگذرانید و عثمان بن یعقوب جوینی خراسانی را دراں مقام برپا کرد و نماز کرد وے و جمیع اصحاب وے بر محمد بن حسن عسکری و دفن کردند او را در مدینہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ (ایضاً)	پس اللہ تعالیٰ نے ان کو روح و ریحان کے ساتھ اس دنیا سے گذار دیا اور ان کے بجائے عثمان بن یعقوب جوینی خراسانی کو قائم کیا انھوں نے اور ان کے سب ساتھیوں نے محمد بن حسن عسکری کے جنازے کی نماز پڑھ کر انھیں مدینہ رسول اللہ صلی اللہ

وسلم میں دفن کر دیا۔

اس کے بعد حضرت حسینؓ سے یہ منسوبہ قول نقل کیا ہے کہ:۔

ازسید الشہدا حسین بن علیؓ می آرند کہ گفت از ما دو از دہ تن مہدی باشند اوّل علی بن ابی طالب وآخر ایشاں مہدی قایم بحق زندہ میگرداند حق سبحانہ بوئے زمین را بعد از موتش وظاہر میگرداند بوئے دین حق رابر ہمہ دینہا اگرچہ ناخوش آید مشرکان را۔ (ایضاً)	سیّد الشہدا حسین بن علیؓ سے روایت ہے انھوں نے فرمایا کہ ہم میں بارہ شخص مہدی ہیں اوّل علی بن ابی طالب ہیں اور آخری ان میں کے مہدی قایم بحق ہیں۔ حق سبحانہٗ ان کے ذریعہ غلبہ دیں گے دین حق کو تمام ادیان پر اگرچہ مشرک اس سے ناخوش رہیں۔

امامیہ تو جس طرح اپنے امام الزماں وصاحب العصر کی خدمت میں حاجت روائی کے لئے عریضے ارسال کیا کرتے ہیں بعض صوفیہ سلسلوں کے لوگ بھی مہدی سے روحانی تصرف کا اعتقاد رکھتے ہیں اور اہل بیت یعنی اولاد حسنینؓ کی روحانی پیشوائی کو دوسروں کے مقابلہ میں ترجیح دیتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ قطب زماں ان ہی میں ہوتے ہیں جیسا آلوسی الکبیر کا قول ہے کہ:۔

ذھب قوم الیٰ ان القطب فی کل عصر لایکون الا منھم ــــ من آل البیت۔	ایک جماعت (صوفیہ کی) اس بات کی طرف گئی ہے کہ ہر زمانہ کا قطب سوائے ان کے یعنی آل البیت اور کسی میں نہیں ہوتا۔

یہی قول فتوحات مکیہ میں ابن عربی کا بھی ہے کہ قطب الاولیا اسی پاک ومطہر خاندان کا ہوتا ہے مگر جو لوگ اس طرف گئے ہیں کہ دوسروں میں بھی قطب الاولیا ہو سکتا ہے وہ بھی اس کے معترف ہیں کہ قطب الاقطاب تو آل البیت ہی کے لئے مخصوص ہے۔ قطب الاولیاء اور قطب الاقطاب کے قصوں اور حکایتوں کے علاوہ متاخرین صوفیہ کے حلقوں میں ایسے بے شمار قصّے اور حکایتیں وضع ہو کر مشتہر ہوئیں۔ جن میں سے چند بعض علمائے اہل سنت کی کتب میں بھی درج ہیں کہ اولاد فاطمہؓ میں جس کسی شخص کو باظہار نسب سید وشریف کہا گیا ہے اگر کسی نے اذیت دی یا اذیت دینے کا قصد کیا یا برا برتاؤ کیا دفعتہً خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا حضرت علیؓ وفاطمہؓ کو دیکھا کہ یہ بزرگ اس سے اظہار ناراضی

فرمارہے ہیں وہ اپنے فعل سے تائب ہوجاتا ہے یا اگر وہ ظالم و گنہگار ہے مگر سید و شریف سے کوئی حسن سلوک اس نے کبھی کیا ہے یہی فعل اس کی بخشش کا سبب بن جاتا ہے۔ علامہ ابن حجر سنی محدث و فقیہ سے ایک دو قصے اس کے بھی سنئے:-

(۱) اخبر الجمال الرشدی والشہاب الکورانی ان بعض ابناء تمرلنگ اخبرانہ لما مرض تمرلنگ مرض الموت اضطرب فی بعض الایام اضطرابا شدیدا فاسود وجھہ وتغیر لونہ ثم افاق فذکروا لہ ذلک فقال ان ملائکۃ العذاب اتونی فجاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال لھم اذھبوا عنہ فانہ کان یحب ذریتی و یحسن الیھم فذھبوا۔	جمال الرشدی اور شہاب الکورانی نے بتایا کہ تیمور لنگ کی اولاد کے بعض لوگوں نے ہمیں یہ بتایا کہ جب تیمور لنگ مرض موت میں مبتلا ہوا تو بعض دنوں میں تو اس پر ایسی شدید بےچینی طاری ہوتی کہ اس کا چہرہ سیاہ پڑ گیا اور رنگ متغیر ہو گیا مگر پھر اچھا ہو گیا یہ بات جب اسے یاد دلائی گئی تو اس نے کہا کہ عذاب دینے والے فرشتے میرے پاس آپہنچے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی تشریف لے آئے پس آپ نے فرشتوں سے فرمایا اس کے پاس سے دور ہو جاؤ کیونکہ یہ تو میری ذریت سے محبت کرتا ہے اور حسن سلوک سے پیش آتا ہے پس وہ (فرشتے عذاب کے) چلے گئے۔
(۲) حکی التقی بن فھد الحافظ قال جاء نی الشریف عقیل بن ھمیل وھو من الامراء الھواشم فسالنی عشاء فاعتذرت الیہ ولم افعل فرایت النبی فی تلک اللیۃ او فی غیرھا فاعرض فقلت کیف تعرض عنی یا رسول اللہ وانا خادم حدیثہ فقال کیف لا اعرض عنک ویاتیک	تقی بن فہد نے جو حافظ حدیث تھے حکایت کی ہے کہ شریف عقیل بن ہمیل جو امرائے ہواشم کے خاندان کے تھے میرے پاس آئے اور طعام شب طلب کیا میں نے ان سے معذرت چاہی اور کھانا نہ کھلا سکا اسی رات میں یا دوسری شب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا آپ نے مجھ سے منہ پھیر لیا میں نے عرض کیا کہ میں تو آپ کی حدیث

ولد من اولادی یطلب العشاء فلم تعشہ قال فلما اصبحت جئت الشریف فاعتذرت الیہ واحسنت الیہ بما تیسر (ص۱۱۵)	کی خدمت کرتا ہوں مجھ سے کیوں بیرخی زمانے ہیں فرمایا تجھ سے کیوں نہ بیرخی کریں ہماری اولاد میں سے ایک تیرے پاس آیا طعام شب طلب کیا اور تو نے کھانا نہ کھلایا تقی بن فہد کہتے ہیں کہ صبح ہوتے ہی میں شریف کے پاس دوڑا گیا ان سے معذرت کی اور جو کچھ میسر تھا سلوک کیا۔

شہاب الدین احمد بن حجر الہیتمی نے اپنی یہ کتاب الصواعق المحرقہ جس سے مندرجہ بالا حکایتیں نقل ہوئیں ۹۵۰ھ میں تالیف کی تھی نسل علی و فاطمہؓ کے اعزاز و اکرام کے ایسی مہمل قصوں سے کئی صفحے بھر ڈالے ہیں ایک قصے میں بیان ہوا ہے کہ حاکم "الشریف ابی نمی محمد بن ابی سعد حسن بن علی بن قتادہ الحسنی" بڑے ظالم شخص تھے۔ شیخ عفیف الدین الدلاصی پیش نماز نے ان کے جنازے کی نماز نہیں پڑھائی رات کو خواب میں حضرت فاطمہؓ کو مسجد الحرام میں دیکھا لوگ سلام کر رہے ہیں وہ جواب دے رہی ہیں پیش نماز نے تین مرتبہ سلام کیا انھوں نے منہ پھیر لیا خفگی کا سبب معلوم کیا تو فرمایا "یموت ولدی ولا تصلی علیہ" میرے بیٹے کی وفات ہوئی ہے تو اس کے جنازے کی نماز نہیں پڑھتا اس قسم کی دوسری حکایتوں کے بیان کے بعد کہا گیا ہے شریف و سید اولاد فاطمہؓ کا اکرام و توقیر ہر حالت میں واجب ہے خواہ صالح و نیکوکار ہوں یا فاجر و بدکار۔ ان حکایتوں اور قصوں کی تصنیف کا سراغ چھٹی صدی ہجری اور اس کے بعد سے چلتا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ پہلی صدی ہجری سے پانچویں صدی ہجری تک ایرانی نژاد مدعیان فاطمیت و مہدویت کے علاوہ خود صحیح النسب فاطمیوں علویوں کے بیشتر خروج حصول خلافت کی غرض سے مختلف مقامات میں اکثر و بیشتر ناکام ہو چکے تھے۔ اب جبکہ عبیدیہ فاطمیہ حکومت کا بھی خاتمہ ہو چکا تھا خروجوں کے مواقع حسب سابق حاصل نہ تھے ادھر غالی شیعہ و روافض باطنیہ اسماعیلیہ و متاخرین متصوفہ کی بدولت مغالاۃ فی البشر کی روایتوں کے ساتھ ساتھ یہ مہمل حکایتیں بھی عوام میں پھیلائی گئیں جو روایت پرستی کی وجہ سے بعض کتب میں بھی درج ہو گئیں حالانکہ اسلامی تعلیمات کی رو سے دنیا کے یہ رشتے ناتے خواہ نبی سے ہوں یا ولی سے دنیا ہی تک کے لئے ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

لَنْ تَنْفَعَكُمْ أَرْحَامُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ (پ ۲۸)

فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ فَلَا أَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَلَا يَتَسَاءَلُونَ ○ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ فَأُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ○ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ فَأُولٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ فِي جَهَنَّمَ خَالِدُونَ ○ (۱۰۵/۲۲)

تمہارے رشتے اور تمہاری اولاد قیامت کے دن ہرگز تم کو نفع نہیں پہنچائیں گے وہ (اللہ) فیصلہ کریگا تمہارے درمیان اور اللہ دیکھتا ہے جو تم کرتے ہو۔

پھر جب صور پھونکا جائیگا تو ان کے درمیان کوئی رشتہ نہیں رہے گا اور نہ وہ ایک دوسرے کی بات پوچھیں گے جن کا (نیکی کا پلہ) بھاری ہوگا وہ کامیاب ہوں گے اور جن کا پلہ ہلکا ہوگا وہ وہی ہیں جنھوں نے اپنے کو برباد کیا وہ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے۔

علامہ ابن حزم نے الملل والنحل میں آیت شریفہ واخشوا یوما لا یجزی والد عن ولدہ ولا مولود عن والدہ شیئاً (اور اس دن سے ڈرو جس میں نہ باپ اپنی اولاد کے کچھ کام آسکے گا اور نہ بیٹا اپنے والد کے) لکھا ہے کہ :-

فصح ضرورة أنه لا ينتفع بعد بقرابته من رسول الله ولا من نبي من الأنبياء والرسل ولو أن النبي ابنه أو أبوه وأمه نبيته وقد نص الله في ابن نوحؑ ووالد ابراہیمؑ وعم محمد ما فيه الكفاية وقد نص الله على أن من أنفق من قبل الفتح وقاتل أعظم درجة من الذين أنفقوا من بعد وقاتلوا۔

فصح ضرورة أن بلالا وصهيبا والمقداد وعمارا وسالما وسلمان أفضل من العباس وبنيه عبد الله والفضل وقثم ومعبد وعبيد الله

پس ثابت ہوگیا کہ کوئی شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور دوسرے انبیاء و مرسلین کی قرابت کی وجہ سے نفع نہ اٹھاسکے گا اگرچہ اس کا بیٹا یا باپ یا ماں نبی کیوں نہ ہو اللہ تعالیٰ نے فرزند نوحؑ و والد ابراہیمؑ و عم محمدؐ کے بارے میں جو تصریح کی ہے وہی کافی ہے پھر اللہ تعالیٰ نے تصریح فرمائی ہے کہ جن لوگوں نے قبل فتح مکہ خرچ کیا جہاد کیا وہ ان لوگوں سے بہت بڑے درجے والے ہیں جنھوں نے بعد فتح مکہ خرچ کیا اور جہاد کیا لہذا بداہۃً ثابت ہوگیا کہ بلالؓ و صہیبؓ و مقدادؓ و عمارؓ و سالمؓ و سلمانؓ عباسؓ

ومن عقیل بن ابی طالب والحسن والحسین بشهادة الله فان هذا لاشك فیه ولاجزاء الا علی عمل ولاینتفع عند الله بالارحام ولا بالولادات ولیست الدنیا دار جزاء فلا فرق بین هاشمی وقرشی و عربی وعجمی وحبشی وابن زنجیة والکرم والفوز لمن اتقی الله۔

(ملل والنحل ابن حزم)

و فرزندان عباسؓ عبداللہ وفضل وقثم و معبد وعبیداللہؓ نیز عقیلؓ بن ابی طالب اور حسنؓ وحسینؓ سے اللہ تعالیٰ کی شہادت کے مطابق افضل ہیں چونکہ اس میں کوئی شک نہیں کہ آخرت میں صرف عمل ہی پر جزا ملے گی۔ اللہ تعالیٰ کے یہاں قرابتوں اور پدری ولپسری تعلق سے کوئی نفع نہ ہوگا اور دنیا مقام جزا نہیں ہے تو پھر ہاشمی وقرشی وعربی و عجمی وحبشی اور کسی حبشن کے بیٹے میں باہم کوئی فرق نہیں بزرگی اور کامیابی اسی کی ہے جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک زیادہ متقی ہے

اور خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صراحتاً ارشاد فرمایا کہ متقی مسلمان ہی میرے دوست (ولی) ہیں نہ کہ آل ابی طالب شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں:—

واما الاتقیاء من أمته فهم اولیاؤه کما ثبت فی الصحیح۔ ان آل ابی فلان یعنی آل ابی طالب۔ لیسوالی باولیاء وانما ولی الله وصالح المومنین فبیّن اولیاءه صالح المومنین و کذلك فی حدیث آخر۔ ان اولیائی المتقون کانوا واین کانوا۔

(منهاج السنة)

آپ کی (رسول اللہؐ) کی امت کے متقی ہی آپ کے دوست ہیں جیسا کہ اس حدیث سے جو صحاح میں ہے ثابت ہے [illegible] نے فرمایا۔ آل ابی فلان یعنی آل ابی طالب میرے لئے اولیا اور دوست نہیں ہیں بلکہ ولی اللہ اور مومنین صالح بلاشبہ میرے ولی اور دوست ہیں اس حدیث سے واضح ہے کہ آپ کے دوست صالح مومنین ہیں اسی طرح دوسری حدیث میں ہے کہ میرے اولیاء تو متقی لوگ ہیں وہ کوئی بھی ہوں اور کہیں ہوں۔

فیصلہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول برحق صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات میں صاف [illegible] کہ آخرت کے [illegible] نسبی [illegible] کچھ کام نہ آسکے گا جن کے

اعمال نیک کا پلہ بھاری ہوگا وہی کامیاب رہیں گے (ھُمُ المفلحُون)۔ حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا نسباً آپ سے قریب تر تھے آپ ہی کے ارشاد کے مطابق آپ کے والد کے مثل تھے (صنو ابی) مسند احمد میں ان کے فرزند عبداللہ بن عباسؓ ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جب انھوں نے درخواست کی کہ کوئی چیز ایسی بتلادیں جو آخرت میں نفع بخش ہو آپ نے فرمایا تھا:۔

یا عباس! انت عمی ولا اغنی عنك من الله شیئاً ولکن سل ربك العفو والعافیة فی الدنیا والاخرة	اے عباس! چچا تم میرے ہو مگر اللہ کے یہاں میں تمہارے کچھ کام نہیں آسکتا لیکن تم التجا کرتے رہو اپنے رب سے دنیا اور آخرت میں بھلائی اور عافیت کی۔

اپنی پھوپی صفیہؓ اور اپنی بیٹی فاطمہؓ سے بھی جیسا ذکر کرچکا آپ نے یہی فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں میں تم لوگوں کے کچھ کام نہیں آسکتا عمل کرو عمل۔ سورۂ النجم کی آیت مبارکہ کا یہی مضمون ہے فرمایا گیا ہے۔

اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی۝ وَاَنْ لَّیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی۝ وَاَنَّ سَعْیَهٗ سَوْفَ یُرٰی۝ ثُمَّ یُجْزٰهُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰی۝	کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھاتا اور یہ کہ آدمی کو وہی کچھ ملتا ہے جو وہ کماتا ہے اور یہ کہ کمائی اس کی جلد ہی اس کو دکھا دی جائے گی پھر اس کو پورا پورا بدلا دے دیا جائیگا۔

نسبی شخصی برتری کی چند وضعی حدیثیں

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ دار اسلامی مساوات و اخوت کی نصوص قرآنیہ سے کسی طرح مستثنیٰ نہیں اور نہ سزا وجزا سے بالا ہیں لیکن یہ چند وضعی احادیث جن کا ذکر پہلے بھی آچکا ہے ملاحظہ ہوں مختلف کتب الصواعق المحرقہ، الھیتمی واللآلی المصنوعہ سیوطی ومجمع الزوائد ومنبع الفوائد الھیثمی ونور الابصار وغیرہ وغیرہ درج ہیں۔

(۱) حضرت عباس کے بارے میں رسول اللہ — اے عباس! اللہ تعالیٰ تمھیں اور تمہاری

صلی اللہ وسلم سے یہ قول منسوب کیا گیا ہے۔	اولاد میں سے کسی کو بھی عذاب نہ دے گا۔
۲- اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہ کے لئے بھی یہی الفاظ کہلوائے گئے ہیں۔	اے فاطمہ! تمہیں اور تمہاری اولاد کو اللہ تعالیٰ عذاب سے کوئی نہ دے گا۔
۳- حضرت فاطمہؓ کی وجہ تسمیہ کے بارے میں رسول اللہ سے یہ قول منسوب کیا ہے	اللہ تعالیٰ نے فاطمہ اور اس کی ذریت کو نار دوزخ سے جدا کر رکھا ہے (فطم) اس لئے نام رکھا گیا۔

حضرت علیؓ کے بارے میں یہ حدیث وضع ہوئی جسے ابن حجر الہیتمی نے ان الفاظ میں درج کیا ہے یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :-

۴- یا علی! إن الله قد غفر لك ولذريتك وولدك ولأهلك ولشيعتك ولمحبي شيعتك فأبشر فإنك الأنزع البطين	اے علی! اللہ تعالیٰ نے تمہاری تمہاری ذریت کی، تمہاری اولاد کی، تمہاری اہل بیوی کی تمہارے شیعوں کی اور تمہارے شیعوں سے محبت رکھنے والوں سب کی مغفرت کردی کیونکہ تم عظیم البطن ہو۔

پھر اپنے اہل خاندان کو نار دوزخ سے محفوظ رکھنے کے بارے میں یہ قول بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کیا گیا۔

۵- سألت ربي ألا يدخل أحدا من أهل بيتي النار فأعطاني ذلك۔	میں نے اپنے رب سے درخواست کی کہ میرے اہل بیت میں سے کوئی بھی نار دوزخ میں نہ جانے پائے پس اللہ تعالیٰ نے یہ درخواست میری قبول فرمالی۔

حسنینؓ اور ان کے والدین کے بارے میں مشہور حدیث کسا محض وضعی ہے
اسی طرح حضرت عباسؓ اور ان کی اولاد کے بارے میں بھی وضعی حدیث ہے کہ :-

۶- إنه صلی الله علیه وسلم اشتمل على العباس وبنيه بملاءة ثم قال يا رب هذا عمي وصنو أبي وهؤلاء أهل بيتي	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عباسؓ اور اُن کے بیٹوں کو چادر سے ڈھانپ لیا اور فرمایا۔ اے پروردگار یہ میرے چچا ہیں۔ میرے باپ کے مثل ہیں اور

فاسترهم من النار کستری ایاهم بملاءتی هذه فامنت اسکفة الباب وحوائط البیت فقال آمین	اہل ہیں ان کو نار (دوزخ) سے اسی طرح بچا جیسے میں نے اپنی چادر سے ڈھانپا ہے پس دروازے کی چوکھٹ اور گھر کی دیواروں سے آمین کی آوازیں آئیں پھر آپ نے بھی آمین کہی۔
۷۔ عن النبی بحرمت الجنة علی من ظلم اهل بیتی وآذانی فی عترتی ومن ضع صنیعة الی احد من ولد عبد المطلب ولم یجازه علیها فانا اجازیه علیها غداً اذا لقینی یوم القیامة (کتاب نورالابصار)	نبی صلعم نے فرمایا! حرام ہے جنت اس شخص پر جس نے میرے اہل بیت پر ظلم کیا اور میری عترت کو ایذا دی اور جس نے عبدالمطلب کی اولاد میں سے کسی کے ساتھ بھی کوئی سلوک کیا ہو اور اس کا بدلہ نہ پایا تو بدلا میں دونگا جب کل قیامت کے دن مجھ سے ملاقی ہوگا۔

روافض ومتصوفہ کے وضعی اقوال کو کذابین نے حدیث کہکر مشہور کیا ہے اس کے نمونے ملاحظہ ہوں:۔

۸۔ عن ابن مسعود: حب آل محمد یوماً خیر من عبادة سنة (الشرف المؤبد)	ابن مسعود سے یہ حدیث مروی ہے کہ آل محمد سے ایک دن محبت کرنا ایک سال کی عبادت سے بڑھ کر ہے۔

مجمع الزوائد میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

نظر الی علی عبادة	علی پر ایک نظر ڈال لینا عبادت ہے۔

۹۔ صواعق المحرقہ میں ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی کہ

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أُولَٰئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ

(جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کئے وہ ہی سب خلق سے بہتر ہیں (تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے علیؓ سے فرمایا هو انت وشیعتک تاتی انت وشیعتک یوم القیامة راضین مرضیین ویاتی عدوک غضابا مقمحین (یعنی یہ لوگ جن کا اس آیت میں ذکر ہے) تم اور تمہارے شیعہ ہیں قیامت کے دن تم اور تمہارے

شیعہ راضی خوشی آئیں گے اور تمہارے دشمن رنجیدہ و پژمردہ آئیں گے۔

۱۱۔ اسی الصواعق میں الثعلبی نے سورۃ الاعراف کی اس آیت کی تفسیر میں (وَعَلَى الْأَعْرَافِ رِجَالٌ يَعْرِفُونَ كُلًّا بِسِيمَاهُمْ) اور اعراف کے اوپر مرد ہوں گے کہ پہچان لیں گے ہر ایک کو اس کی پیشانی سے) حضرت ابن عباسؓ سے یہ قول منسوب کیا ہے۔

الاعراف موضع عال من الصراط عليه العباس وحمزة وعلى بن ابى طالب وجعفر ذو الجناحين يعرفون محبيهم ببياض الوجوه ومبغضيهم بسواد الوجوه۔	الاعراف پل صراط کا بلند مقام ہے اس پر عباس اور حمزہ و علی بن ابی طالب اور جعفر ذوالجناحین ہوں گے اور اپنے محبت کرنے والوں کو ان کے سفید چہروں سے پہچان لیںگے اور اپنے سے بغض رکھنے والوں کو بھی ان کے سیاہ چہروں سے۔

روایت کے وضع کرنے والے نے نہ معلوم کس وجہ سے حضرت عقیل بن ابی طالب وحضرت ابوسفیان ہاشمی کو جن کے بارے میں ارشاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مشہور ہے کہ سید فتیان اہل الجنۃ ابوسفیان یعنی جوانانِ اہل جنت کے سردار ابوسفیان ہیں نیز دوسرے ہاشمیوں کو شامل نہیں کیا۔

۱۲۔ من کنت مولاہ فعلی مولاہ (یعنی جس کا مولیٰ میں ہوں علی بھی اس کے مولیٰ ہیں) یہ قول بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب ہے اور متصوفہ کے حلقوں میں خاص کر مشہور ہے شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے منہاج السنۃ میں اس کو جھوٹ اور راوی کا من گھڑت بتایا ہے و لکھتے ہیں:۔

ان هذا الحديث من الكذب الموضوع باتفاق اهل المعرفة بالموضوعات۔	یہ حدیث جھوٹی اور موضوع ہے ان سب کے نزدیک جن کو موضوعات (من گھڑت حدیثوں کے) جانچنے پرکھنے کی معرفت حاصل ہے

۱۳۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث بھی منسوب ہے۔ انا مدینۃ العلم وعلیٌّ بابھا یا دوسری روایت میں ہے انا دار الحکمۃ وعلیٌّ بابھا یعنی میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کے دروازے ہیں یا بروایت دیگر میں حکمت کا گھر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔ امام بخاری نے فرمایا یہ حدیث منکر ہے اس کی صحت کی کوئی وجہ نہیں

ترمذی نے منکر و غریب ابن جوزی نے موضوع یحییٰ بن معین نووی و ذہبی و شمس الدین جزری سب ہی نے موضوع بتایا ہے شیعہ و متصوفہ نے اس کو بہت کچھ اچھالا ہے۔ دیلمی نے کتاب فردوس میں اسے ان الفاظ میں لکھا ہے۔

انا مدینة العلم و ابوبکر اساسها و عمر جدارها و عثمان سقفها و علی بابها۔	میں علم کا شہر ہوں ابوبکر اس کی بنیاد ہیں۔ عمر اس کی دیوار ہیں عثمان اس کی چھت ہیں اور علی اس کا دروازہ ہیں۔

مولف الشرف المؤبد نے حضرت علیؓ کے وسعت علم کے ثبوت میں حضرت ابن عباسؓ کی جو ترجمان القرآن کہلاتے ہیں یہ روایت پیش کی ہے۔

عن ابن عباس قال: قال لی علی: یا ابن عباس اذا صلیت العشاء الآخرة فالحق الی الجبانة قال فصلیت والحقته وکانت لیلة مقمرة فقال لی ما تفسیر الالف من الحمد قلت لا اعلم فتکلم فیها ساعة تامة ثم قال لی ما تفسیر الحاء من الحمد قلت لا اعلم فتکلم فیها ساعة تامة ثم قال لی ما تفسیر المیم من الحمد قلت لا اعلم فتکلم فی تفسیرها ساعة تامة قال فما تفسیر الدال من الحمد قلت لا ادری فتکلم فیها الی ان برغ عمود الفجر	حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ مجھ سے حضرت علیؓ نے فرمایا اے ابن عباسؓ جب تم عشاء کی آخری نماز پڑھ چکو باہر میدان میں پہنچ جانا کہتے ہیں کہ نماز پڑھ کے میں ان کے پاس پہنچ گیا چاندنی رات تھی مجھ سے پوچھنے لگے کہ الحمد میں جو الف ہے اس کی کیا تفسیر ہے میں نے کہا میں نہیں جانتا اس پر ایک گھنٹہ کامل حرف الف کی تفسیر بیان کی پھر پوچھا الحمد کے لام کی کیا تفسیر ہے میں نے کہا مجھے معلوم نہیں پھر حرف لام کی ایک گھنٹہ کامل تفسیر بیان کی پھر پوچھا الحمد کے حرف ح کی کیا تفسیر ہے میں نے کہا میں نہیں جانتا اس پر پورے ایک گھنٹے تک حرف ح کی تفسیر بیان کی پھر سوال کیا کہ الحمد کے میم کی کیا تفسیر ہے میں نے کہا مجھے معلوم نہیں تو اس پر حرف میم کی ایک گھنٹہ کامل تفسیر [illegible] پھر پوچھا الحمد کے حرف دال کی کیا

تفسیر ہے میں نے کہا مجھے معلوم نہیں تو اس پر حرف دال کی تفسیر اس وقت تک بیان کرتے رہے کہ فجر کی پو پھٹنے لگی۔

اس کے بعد ابن عباسؓ سے فرمایا کہ نماز فجر کے لئے اٹھ کھڑے ہو وہ کہتے ہیں کہ جو کچھ علی نے بیان کیا تھا میں نے حفظ کر لیا۔

ثم تفکرت فاذا اعلمی بالقرآن فی علم علی کالقرارۃ فی المتعنجر۔ | پھر میں نے غور کیا تو سمجھا کہ میرا علم قرآن علیؓ کے علم کے مقابلہ میں ایسا ہی ہے جیسے ایک تالاب گہرے سمندر کے مقابلے میں ہو۔

راوی نے ترجمان القرآن ہی کے منہ سے ان کے عجز کا اعتراف کرا دیا اور حضرت علیؓ نے بھی اپنے چچیرے بھائی ہی کو الحمد کے حرفوں کی تفسیر سکھائی اور وہ بھی رات کی تنہائی میں اور میدان صحرائی میں۔ یا دن میں اگر مسجد نبوی میں صحابہ کرام و تابعین عظام کے مجمع میں حروف ابجد ہی سے الحمد کے پانچ حروف کی تفسیر پورے پانچ گھنٹے بیان کرتے لوگ حفظ کر لیتے اور آنے والی نسلوں کے لئے چھوڑ جاتے تو عجائب روزگار میں سے ہوتی۔ مگر یہ حروف کی تفسیریں تو اسماعیلیہ ان کے ہم مشرب ابن عربی اور ان اخوان الصوفیہ کی ہیں جو کہتے ہیں کہ قرآن کی ہر آیت کا ظاہر و باطن ہے اسی طرح حروف کا ولکل حرف حد ولکل حد مطلع (مقدمہ تفسیر ابن عربی) حضرت علیؓ کو جو فضیلت علمیہ حاصل تھی اس میں ایسی مہمل روایتوں سے کیا اضافہ ہو سکتا ہے۔ اسی طرح چوتھی صدی ہجری میں خطبے وضع کر کے اور ایک دیوان شعر تصنیف کر کے ان سے منسوب کر دیئے ہیں۔

(۱۳) ذرا دیکھیے یہ کیسا غلط قول وضاعین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کیا ہے کہ ہر نبی کی اولاد اللہ تعالیٰ نے اسی کے صلب میں رکھی مگر میری ذریت علی بن ابی طالب کے صلب میں رکھدی آپ کے صلب مطہر سے تو بروایت اصح آٹھ اولادیں تھیں چار بیٹے اور چار ہی بیٹیاں چاروں صاحبزادوں کو مشیت ایزدی نے بچپن ہی میں اٹھا لیا چنانچہ فرما دیا وَمَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَٰكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ (اور محمدؐ تم میں سے کسی ایک آدمی کے باپ نہیں ہیں لیکن وہ اللہ کے رسول اور نبیوں کے خاتم ہیں) گویا آپ کی عظیم دعوت کو جس کے بعد کوئی دعوت آنے والی

نہ کہ نسبی و خاندانی و نسلی امتیازات کی بندشوں سے قطعاً آزاد رکھنا مطلوب تھا اس لئے فرما دیا گیا کہ یہ نبی تو خاتم النبیین ہیں اور آخری نبی کی حیثیت سے تمام امتوں کے روحانی باپ ہیں اولاد نرینہ سے ان کی نہ کوئی نسل ہو ۔۔۔ بیت صلبی۔ آپ کی روحانی اولاد البتہ فرزندان اسلام ہوں گے اس لئے قربت روحانی وجہ امتیاز قرار دی گئی نہ کہ قرابت لحمی۔ چاروں صاحبزادیاں جوان ہو ہو کر بیاہی گئیں تین کے اپنے شوہروں سے اولادیں بھی ہوئیں۔ سب سے بڑی سیدہ زینبؓ زوجہ حضرت ابوالعاصؓ بن الربیع سے ایک فرزند علی بن ابوالعاصؓ اور ایک ہی دختر امامہ بنت ابوالعاصؓ ہوئیں منجھلی صاحبزادی سیدہ رقیہؓ زوجہ حضرت عثمانؓ سے ایک فرزند عبداللہ بن عثمانؓ تھے۔ سنجھلی صاحبزادی سیدہ فاطمہؓ زوجہ علیؓ بن ابی طالب سے دو صاحبزادے حسن و حسینؓ فرزندان علیؓ بن ابی طالب اور دو ہی صاحبزادیاں زینب و ام کلثوم تھیں سب سے چھوٹی صاحبزادی سیدہ ام کلثوم بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بہن سیدہ رقیہ کے انتقال کے بعد اپنے بہنوئی حضرت عثمانؓ کے عقد میں آئیں ان کے کوئی اولاد نہ تھی۔ غرضیکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تین صاحبزادیوں سے آپ کے چار نواسے اور تین نواسیاں ہوئیں۔ ان سات نواسے نواسیوں میں سے تین تو اموی نسب تھے اور چار ہاشمی نسب یعنی علی بن ابوالعاصؓ و عبداللہ بن عثمانؓ و امامہ بنت ابوالعاصؓ یہ تینوں اموی گھرانے کے تھے اور حسن و حسینؓ و زینب و ام کلثوم بنات علیؓ بن ابی طالب ہاشمی خاندان کے تھے۔ یہ سب نواسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سبط کہلاتے تھے نہ ابن اور یہی حکم الٰہی ہے۔ فرمایا گیا اُدْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِندَ اللَّهِ (یعنی لوگوں کو ان کے باپوں ہی کی طرف نسبت کر کے پکارو کہ یہی پورا پورا انصاف ہے اللہ کے یہاں) اور یہی عام دستور اور رواج ہمیشہ سے خصوصاً اہل عرب کے یہاں لفظ ابن کا اطلاق اپنے صلبی بیٹے پر ہی ہوتا ہے نواسہ سبط کہلاتا ہے کیونکہ وہ اپنے صلب سے نہیں دوسرے شخص کے صلب سے ہوتا ہے چنانچہ عرب شاعر کہتا ہے ؎

بنونا بنو ابنائنا و بناتنا	بنوهن ابناء الرجال الاباعد
ہماری اولاد و ذریت تو ہمارے اپنے ہی بیٹوں کی اولاد ہوتی ہے۔	رہی ہماری بیٹیوں کی اولاد تو وہ غیر لوگوں کی اولاد ہوتی ہے۔

چنانچہ حضرت حسن حسن بن علی بن ابی طالب کہلاتے تھے اسی طرح اس کے چھوٹے بھائی حسین ابن علی بن ابی طالب ان حضرات نے نہ کبھی اپنے کو حسن بن محمدؐ بن عبداللہ بن عبدالمطلب کہا نہ اُن کے پدر بزرگوار نے کبھی ایسا کہا اور نہ کسی اور نے اب ذرا ایک اکذب حدیث مولف الشرف المؤبد سے فضیلت علیؓ کی سنئے لکھتے ہیں :-

ان رسول اللہ قال لعلی: والذی نفسی بیدہ لولا ان یقول فیک طوائف من اُمتی بما قالت النصاریٰ فی عیسیٰ بن مریم لقلت فیک الیوم مقالا لا تمر باحد من المسلمین الا اخذ من اثر قدمیک یطلب بہ البرکۃ	رسول اللہ (صلعم) نے فرمایا علی سے کہ اُس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے اگر میری امت کے لوگ تمہارے بارے میں وہ ہی کچھ نہ کہنے لگتے جو نصاریٰ عیسیٰ بن مریم کے متعلق کہتے ہیں تو میں آج تمہارے بارے میں وہ بات بیان کر دیتا کہ پھر کوئی ایک مسلمان بھی حصول برکت کے لئے تمہارے قدموں کے نشان کی خاک حاصل کئے بغیر نہ رہتا۔

شارح نہج البلاغت ابن ابی الحدید نے اس غایت درجہ لغو اور اکذب حدیث کو بھی فضائل علیؓ کے سلسلے میں درج کر ڈالا ہے۔ یہ ہے ایک لغو نمونہ تاریخی شخصیتوں کے ذاتی و نسبی مفروضہ برتری اور تفوق کے اظہار کا۔ اب حصول برکت اور دفع بلیات کی دوسری بات بھی سنئے۔

غالی طبقے کے کسی شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس لقب المصطفےٰ کے ساتھ حضرت علیؓ کا لقب المرتضیٰ ملا کر اور حسنین کو ان کے "ابناھما" یعنی اِن دونوں کے دو بیٹے کہکر گویا ابن حقیقی و ابن مجازی کو ایک ہی ضمیر میں جمع کر کے اور ان کی والدہ معظمہ کا نام آخر میں لا کر یہ شعر کہہ ڈالا۔

لی خمسۃ اُطفی بھا حرّ الوباء الحاطمہ	المصطفےٰ والمرتضیٰ وابناھما والفاطمۃ
ہمارے لئے تو پانچ ہیں (جن کے ناموں کی برکت سے ہی) کمر توڑ یعنی شدید وباء کی شدت بجھ جاتی ہے۔	المصطفےٰ والمرتضیٰ اور اِن دونوں کے دو بیٹے اور الفاطمہ۔

فاطمہ پر ال داخل کرنا اور حرّ، وباکی جو مذکر ہیں صفت حاطمہ لانا جو مونث ہے

کہنے والی کی نااہلیت کی دلیل تو ہے ہی مگر اس کی یہ ذہنیت ملاحظہ ہو کہ غیر اللہ کے ناموں کی برکت سے استعانت طلب کرنے پر نادا قفوں کو یوں ابھارتا ہے جو صریحاً شرک ہے لیکن بعض تفضیلیہ وجاہل متصوفہ نے اپنے مریدوں کے دروازوں پر اس شعر کو دفع بلیّات کے لئے آویزاں کرادیا پھر کیا تھا عام مسلمانوں نے بھی تقلید کر ڈالی حالانکہ یہی لوگ پنج وقتہ نمازوں میں کتنی مرتبہ اللہ تعالےٰ کے حضور میں یہ الفاظ کہتے ہیں۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ہ (ہم تیری ہی تو عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے تو مدد مانگتے ہیں) مگر مشرکانہ افعال سے پھر بھی باز نہیں آتے۔

پنج تن پاک غالیہ یوں تو اپنے ائمہ میں حلول الٰہ کے قائل ہیں لیکن تیسری چوتھی صدی ہجری سے سیاسی پارٹی سے شکست خوردہ غالی عنصر نے "خمسۃ اشخاص" کی اصطلاح گھڑ ڈالی پھر ان پانچ کے پانچ ہی ضد قرار دیئے گئے۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ غالیوں کے ذکر میں فرماتے ہیں:۔

ومنھم یزعمون ان اللہ فی خمسۃ اشخاص فی النبی وعلی والحسن والحسین وفاطمۃ ولھم خمسۃ اضداد: ابوبکر وعمر وعثمان ومعاویۃ وابن العاص ثم منھم من قال ان ھذہ الاضداد محمودۃ لانہ لا یعرف فضل الاشخاص الا باضدادھا فھی محمودۃ من ھذا الوجہ۔ (منہاج السنۃ ج ۲ ص ۲۳۹)	ان میں وہ بھی ہیں جو اس خیال کے ہیں کہ ان پانچ اشخاص میں اللہ حلول کئے ہے یعنی نبی صلعم اور علی وحسن وحسین اور فاطمہ میں پھر ان پانچ کے پانچ اضداد ابوبکر و عمر و عثمان ومعاویہ و عمرو بن العاص ہیں ان لوگوں میں وہ بھی ہیں جو کہتے ہیں کہ یہ اضداد لائق توصیف ہیں کیونکہ پانچ اشخاص کی فضیلت ان کے اضداد ہی سے پہچانی جاتی ہے سو یہ اضداد محمود ہیں۔

اضداد خمسہ میں حضرات خلفائے ثلاثہؓ کے علاوہ حضرت امیر معاویہؓ وحضرت عمرو بن العاصؓ کے نام شامل کرنے سے اس امر کی مزید وضاحت ہو جاتی ہے کہ سیاسی مقاصد سے یہ اصطلاح گھڑ ڈالی گئی تھی کیونکہ حضرت علیؓ کی سیاسی ناکامی کا باعث ان ہی دو حضرات کو قرار دیا گیا تھا۔ اب ذرا یہ بھی دیکھئے کہ **اشخاص خمسہ** کے بجائے **پنج تن** کی اصطلاح کب اور کہاں اختراع ہوئی، ایران میں یا ہندوستان میں اس کا سراغ باطنیہ

و متصوفہ مبلغین کے پروپگنڈے کے سلسلہ میں چلتا ہے جو آٹھویں صدی ہجری سے گجرات وغیرہ کے علاقے میں ہوتا رہا۔

آٹھویں صدی ہجری سے پہلے ہندوستان میں روافض کا نام و نشان بھی نہ تھا۔ امیر خسروؒ نے اپنی مشہور مثنوی عشقیہ میں سلطان علاء الدین خلجی کے عہد حکومت (۶۹۵-۷۱۰ھ) کے حالات و واقعات کے ضمن میں بیان کیا ہے کہ مسلمانان ہند من حیث الجماعت سب ہی ایک مسلک و مشرب کے متبع تھے اور مسلک و مشرب اہل سنت والجماعت کا تھا رافضی و معتزلی و خارجی کا اس ملک و دیار میں کوئی وجود نہ تھا۔ یہ چند شعر ان کے سنئے:۔

خوشا ہندوستان و رونق دین شریعت را کمالِ عز و تمکین
ز علم با عمل دہلی بخارا ز شاہاں گشتہ اسلام آشکارا
سر ہند و جہ فرمان را مطیع است ز آب تیغ خونش را شفیع است
ز غزنیں تا لب دریا دریں باب ہمہ اسلام بینی بر یکے آب
مسلمانان نعمانی روش خاص ز دل ہر چار آئیں را باخلاص
نہ کیں با شافعی نے مہر با زید جماعت را و سنت را بجان صید
نہ زاہل اعتزالی کز فن شوم ز دیدار خدا گردند محروم
نہ رفضی تا رسد زاں مذہب بد جفائے بر وفاداران احمد
ز ہے خاک مسلماں خیزد ایں جوئے کہ ماہی نیز سنی خیزد از جوئے

سلطان علاء الدین خلجی کی وفات کے تھوڑی ہی مدت بعد خلجی حکومت کا خاتمہ ہوگیا اور تغلق خاندان کی سلطنت قایم ہوئی جو تقریباً نوتے برس رہی۔ سلطان محمد شاہ تغلق متوفی ۷۵۲ھ ان میں بڑا راسخ العقیدہ اور عالم و فاضل بادشاہ تھا۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کے شاگرد عبد العزیز اردبیلی سے جو اس کے عہد میں دہلی میں تھے بڑی عقیدت رکھتا تھا۔ سیاح عالم ابن بطوطہ اسی بادشاہ کے عہد میں ہندوستان آئے تھے انھوں نے اپنے سفر نامے میں روافض کے اس ملک میں موجود ہونے کا کوئی ذکر نہیں کیا حالانکہ دوران سفر جہاں جہاں روافض کو پایا برابر ان کا ذکر کرتے ہیں سلطان محمد شاہ تغلق کو خلفائے آل عباسؓ سے حد درجہ عقیدت تھی۔ عباسی خلیفہ سے جو اس زمانے میں مصر میں تھے بیعت کئے اور اجازت حکومت

حاصل کئے بغیر اپنے کو جائز حکمراں نہیں سمجھتا تھا[1]۔ ایسے بادشاہ کے عہد میں روافض کا یہاں موجود ہونا جو خلفائے ثلاثہ کے علاوہ خلفائے بنی امیہ و بنی عباس سب ہی پر سب و شتم کرتے ہیں کیسے ممکن ہو سکتا تھا۔ محمد شاہ تغلق کے بعد اس کا چچا زاد بھائی فیروز شاہ تغلق سریر آرائے سلطنت ہوا وہ بھی اپنے پیشرو کی طرح متبع شریعت بادشاہ تھا ۷۹۰ھ میں فوت ہوا اس کے عہد حکومت میں اس ملک میں چند روافض علماء موجود پائے گئے اور بزرگان دین کی اساءت ادب کرنے کی پاداش میں کیفر کردار کو پہنچے تھے۔ سلطنت تغلقیہ کے خاتمہ کے بعد جنوبی پنجاب اور جنوب مغرب ساحل کے بعض علاقہ جات کاٹھیاوار و گجرات وغیرہ میں ایران و یمن سے باطنی و غالی فرقوں کے مبلغین کی آمد شروع ہوئی جو بیشتر توہم پرست ہندوؤں اور جاہل باشندوں میں کام کرتے تھے کہتے ہیں اسی زمانہ میں یا اس سے کچھ پہلے ایک ایرانی باطنی مبلغ جس کا اصل نام سید سعادت بتایا گیا ہے ان اطراف میں وارد ہوا اس نے پھر مصلحتاً نام بالقب نور الدین اختیار کیا اور ہندوؤں کی تالیف قلوب کے

---

[1] ابن بطوطہ نے اس بادشاہ کے بہت سے چشم دید حالات لکھے ہیں اور بتایا ہے کہ خلفائے آل عباسؓ سے بیحد عقیدت رکھتا تھا ایک معاصر مورخ ضیاء برنی نے تاریخ فیروز شاہی میں محمد شاہ تغلق کی عقیدت کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے "در خاطر افتاد کہ سلطنت و امارت سلاطین بے امر دادن خلیفہ کہ آل عباس بود درست نیست و ہر بادشاہے کہ بے منشور خلفائے عباسی بادشاہی کردہ است یا بادشاہی کند متغلب بودہ است و متغلب بود" اس زمانے کے سلاطین اور بادشاہ مرکزیت اور مستقر خلافت سے وابستہ رہنا لازم جانتے تھے شہاب الدین غوری سے لیکر دکن کے سلاطین بہمنیہ تک نے خلیفہ عباسی سے منشور اور خلعت حاصل کئے اور سکوں کے ایک طرف خلیفۂ وقت کا نام و لقب یا مولیٰ امیر المومنین و ناصر المومنین وغیرہ الفاظ نقش کرائے۔ دربار تغلق کے شاعر بدر چاچ کے دیوان میں امام عصر و خلیفہ زماں کی ستائش اور خلعت و منشور کی آمد کی خوشی میں بیسیوں قصیدے موجود ہیں۔ ایک قصیدے کے یہ شعر سُنئے جو خلیفہ عباسی سے خلعت کی آمد میں کہا تھا ؎

جبرئیل از طاق گردوں البشیر و اگویان رسید ... کز خلیفہ سوئے سلطان خلعت و فرمان رسید
شاہ را بر کل عالم حکم مطلق داد امام ... ایں خبر در ہفت کشور بر ہمہ شاہان رسید
ملک را بازو قوی شد دین سرفرازی نمود ... شرع را حرمت فزوں شد رونق ایمان رسید
راست عید مومناں آمد کہ در سالے دو مہ ... از امیر المومنین خلعت بسوئے سلطان رسید

لئے "نورست ساگر" کہلواتا تھا۔ ہندؤں کے تجارت پیشہ متعدد فرقے اس کے معتقد ہوئے کاٹھیاوار و گجرات کے ست پنتھی ان ہی میں بتائے جاتے ہیں کہتے ہیں اسی "نورست ساگر" نے ہندؤں کے پنجنا (پنج جنا) کے بجائے پنج تن اصطلاح قایم کی یعنی

پنج جنا		پنج تن	
(۱) رام چندر	ہندؤں کی اصطلاح پنجنا	(۱) جناب رسالت مآب صلعم	شیعوں کی اصطلاح اشخاص خمسہ
(۲) لچھمن		(۲) حضرت علیؓ	
(۳) بھرت		(۳) حضرت حسنؓ	
(۴) ستردھن		(۴) حضرت حسینؓ	
(۵) سیتا		(۵) حضرت فاطمہؓ	

کتاب الازہار مولفہ حسن بن نوح بھروچی (نسخہ مخطوطہ) میں اس اصطلاح کو اگرچہ ہندو باطنی میل ملاپ کا نتیجہ ہی بتایا ہے مگر زمانہ کا تعین ایک صدی پہلے کا کیا ہے بہر حال ہندی فارسی الفاظ کی یہ اصطلاح ہندوستان ہی میں اختراع ہوئی تھی بمرور زمانہ تفضیلیہ متصوفہ کے علاوہ اہل سنّت کے بعض علماء نے بھی اپنا لیا۔ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کی مشہور تالیف تحفہ اثنا عشریہ ردّ شیعت میں ہے اس کا اردو ترجمہ جو کراچی کے ایک تاجر کتب نے طبع کرایا ہے اس کے پہلے ہی صفحے پر کسی سبائیت زدہ مولوی کا قطعہ اشعار درج ہے "پنج تن" کی پھر یوں تشریح کی گئی ہے:۔

بنائے اسلام کی پنجتن   حسینؓ و حسنؓ اور علیؓ ولی
چہارم بتول اور پنجم رسول   محمدؐ کہ جن سے ہدایت چلی

باوجود اس اقرار کے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہادی برحق تھے "ان سے ہدایت چلی" دوسرے چار فانی انسانوں کو اسلام کے پانچ اصول کی "بنا" قرار دینا کیا انتہائی لغو بیانی بلکہ صریح کفر نہیں۔ یہ ایک ادنیٰ مثال ہے غلو بغیر حق اور اندھی عقیدت کی جو شیعی پروپگنڈے کی وضعی حدیثوں اور روایتوں کے غیر شعوری اثرات سے پیدا ہو کر غیر طبقاتی ملت میں طبقات قایم کرنے اور سید و شریف باظہار نسب کہلوانے کا موجب ہوئی ہر مسلم و مومن کے ایمان کی "بنا" تو یہ ہے:۔

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلَائِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ

مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ۔

اسلام وایمان کی اِن بناؤں میں رسول اور نبی کے رشتہ داروں کا کیا واسطہ۔

"پنجتن" تو شیعوں کی خاص اصطلاح ہے۔ شیعہ مؤلف مصباح الظلم فرماتے ہیں۔

"جاننا چاہیے کہ پنجتن پاک شیعوں کا عقیدۂ خاص ہے۔ اس عقیدے سے اہل سنت حس برابر بھی تعلق نہیں رکھ سکتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرات علمائے اہل سنت۔

"آیت تطہیر کو رسول خدا، علیؓ، فاطمہؓ، حسنؓ حسینؓ کے ساتھ کسی طرح پر مخصوص نہیں جانتے ہیں نہ آیۂ مباہلہ کو علیؓ و فاطمہؓ و حسن و حسینؓ سے بالتخصیص متعلق سمجھتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ بعض حضرات اہل سنت جو عقیدۂ پنجتن پاک کے پابند نظر آتے ہیں وہ یقیناً بے قاعدہ اور بے اصول سُنّی ہیں جو چیز ان کے مذہب میں نہیں ہے اس کی پابندی ان کی لاعلمی کا نتیجہ معلوم ہوتی ہے ایسے سنیوں کو شیعہ ہو جانے کے لئے کس نے منع کیا ہے۔ سنی ہو کر شیعہ کا عقیدہ رکھنا چہ معنی دارد (ص۵۸)

نادعلی "پنج تن" کی اصطلاح کے علاوہ اسی غالی فرقے نے "نادعلی" کے بھی دو شعر گھڑ کے جاہل تفضیلیہ صوفیوں کے ذریعہ عام مسلمانوں میں پھیلا دیئے[1] غیر اللہ کو

---

[1] متاخر متصوفہ میں حیدری وجلالی یہ دو فرقے تھے جو گجرات و پنجاب میں شعبدے دکھاتے جلتی آگ میں کود جاتے بقول مؤلف دبستان مذاہب جلالی شیخین رضی اللہ عنہم کی دشنام دہی کا ارتکاب کرتے سانپ کو "ماہی علی" کہتے اور بچھوؤں کو "جھینگہ علی"۔ "نادعلی" کا تعویذ بازوؤں پر باندھتے۔ ان کے ایک مقتدی شیخ علی حیدری کو سلطان محمد تغلق شاہ نے قاضی جلال افغانی کے ساتھ بغاوت کی سازش کے جرم میں قتل کرا دیا تھا۔ باطنیہ وغیرہ کے مبلغ اس زمانے سے تقریباً ایک صدی بعد گجرات و کاٹھیاوار کے علاقے میں وقتاً فوقتاً وارد ہوئے۔ سیدپور، احمد آباد، سورت، جام نگر وغیرہ ان کے ہیڈ کوارٹر رہے۔ متعدد توہم پرست ہندو قبیلوں کو اپنی دعوت میں شامل کر لیا تھا مگر بقول اسماعیلی مولف ایک شخص جعفر نام جو ہندوستان سے یمن جا کر اور ان میں شامل ہو کر ان کے حالات سے کماحقہ واقفیت حاصل کر چکا تھا جب کئی سال بعد لوٹ کر گجرات آیا۔ اس نے "سنی بن کر دعوت کی لوگوں کو سُنّی بنانے کی کوشش کی اس کے الگ ہو جانے سے دعوت کا بڑا نقصان ہوا۔ کہا جاتا ہے کہ تقریباً ۵۰ فیصدی اسماعیلیوں نے اہل سنت کا مذہب اختیار کیا اس کا مستقر پاٹن تھا

(بقایا صفحہ ۲۳۷ پر)

مدد اور استعانت کے لئے اس حالت میں پکارنا کہ مرے ہوئے بھی اسے تیرہ سو برس سے زائد مدت گذر چکی ہو شرک اور کفر ہے اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ ادعونی استجب لکم (پ۲۴) مجھ ہی کو بلاؤ (پکارو) میں تمہاری التجا قبول کرونگا۔ غالیہ نے عوام کالانعام کو "نادعلی" کے ذریعہ یہ سبق پڑھایا کہ اپنے مصائب میں علیؓ کو پکارو۔ وہ دو شعر ملاحظہ ہوں:۔

نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ	تَجِدْهُ عَوْنًا لَکَ فِی النَّوَائِبِ
علی کو پکارو جو عجائبات ظاہر کیا کرتے تھے	تم اُن کو اپنے مصائب میں مددگار پاؤ گے
کُلُّ هَمٍّ وَ غَمٍّ سَیَنْجَلِی	بِنُبُوَّتِکَ یَا مُحَمَّدُ وَبِوِلَایَتِکَ یَا عَلِی
کل درد و غم جلدی دور ہو جاویں گے	اے محمدؐ آپ کی نبوت اور اے علیؓ آپکی ولایت کی بدولت

آخری مصرعہ میں ولایت سے مراد "علیؓ ولی اللہ" سے لی گئی ہے اور تفضیلیہ متصوفہ اپنے سلسلہ کے مرشد اعلیٰ سے لیتے ہیں مگر اس "ولایت" کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی "نبوت" کے مساوی قرار دے کر ناواقفوں کو فریب دیا ہے اور تفضیلیہ متصوفہ کے توسط سے "نادعلی" کو ناواقف عقیدتمند سُنیوں کے گلوں میں تعویذ بنوا بنوا کر ڈلوا دیا اور اتنا غلو کیا کہ مرتے وقت تک بھی ساتھ نہ چھوڑا قبروں تک پر کندہ کرا دیا۔ پھر بمرور ایام بعض صوفی مشرب سبائیت زدہ لوگوں نے "نادعلی" کے الفاظ مظہر العجائب وحلال المشکلات والنوائب کو خطبات جمعہ وعیدین تک میں جن کا ذکر آگے آتا ہے شامل کرلیا "پنج تن" اور "نادعلی" کے پروپگنڈے ہی کا نتیجہ ہے کہ تفضیلیہ ومتصوفہ کے حلقوں میں اٹھتے بیٹھتے

(بقایا نوٹ صفحہ ۱۳۶ کا) جو احمد آباد کے پاس اب تک موجود ہے" (صـ۲۹۳)
یہ زمانہ لودھی خاندان کی حکومت کا تھا اس سے تقریباً نصف صدی بعد سے جب ہمایوں بادشاہ شیر شاہ سوری سے شکست کھا کر شاہ طہماسپ بادشاہ ایران سے جو کٹر شیعہ تھا امداد کا طالب ہوا جو دس ہزار کے جرار لشکر سے مدد دی گئی۔ مورخ ونسنٹ اسمتھ کا قول ہے کہ ہمایوں کے شیعہ ہو جانے سے بادشاہ ایران نے فوجی مدد دی تھی لیکن تاریخی حالات اس کے مؤید نہیں البتہ اس ایرانی فوج کے بہت سے افسر شیعہ تھے اور اسی وقت سے شیعہ علماء وفضلاء بکثرت ہندوستان آئے مناصب وجاگیر سے نوازے گئے مختلف صوبوں میں جاگیریں اور املاک ملیں اس وقت سے "پنج تن" اور سید شریف کی اصطلاحیں شیعہ جاگیرداروں کے اثر سے عام طور سے رائج ہونے لگیں۔ شیعیت کے علاوہ تفضیلیت نے بھی فروغ پایا جو شیعیت کی غیر تبرائی شاخ ہی سمجھئے۔

"یا علی" کی آوازیں بلند ہوتی ہیں حالانکہ اللہ عزّوجل کا ارشاد ہے:۔

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ؕ اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّهُمْ یَرْشُدُوْنَ ○ (البقرہ)

(اور اے رسول) جب ہمارے بندے تم سے ہماری بابت پوچھیں (تو ان سے کہدو) کہ ہم ان کے پاس (ہر وقت) موجود ہیں۔ ہم پکارنے والے کی پکار سنتے اور اسے جواب بھی دیتے ہیں پس ان کو چاہئے کہ حکم مانیں ہمارا اور یقین لائیں ہم پر تاکہ نیک راہ پر آئیں [۱]

"نادِ علی" و "نادِ مہدی" دونوں کی پکار میں محض شخصیتوں کا فرق ہے ورنہ ایک میں ذاتی شخصی درد و غم دور کرنے کی دعائی کی جاتی ہے اور دوسری میں دنیا سے ظلم و فساد مٹانے کی۔ سیاحِ عالم ابن بطوطہ نے عراق کے مقام الحلہ کا یہ چشم دید واقعہ بیان کیا ہے کہ وہاں کی ایک مسجد اس وجہ سے مشہد صاحب الزماں کہلاتی ہے کہ روافض کے خیال میں محمد بن حسن العسکری وہیں سے غائب ہو گئے تھے۔ چنانچہ یہ لوگ بعد عصر ایک گھوڑے کو آراستہ کرکے اس پر

۱؎ "نادِ علی" کے مشرکانہ پروپگنڈے کے اثرات بد سے بچانے کیلئے ایک عالم نے پانچ شعر موزوں کئے ہیں:۔

نَادُوا الْعَلِیَّ الْکَبِیْرَ الرَّبَّ خَالِقَکُمْ
اس بزرگ و برتر کو پکارو جو تمہارا خالق ہے

وَلَا تُنَادُوْا عَلِیًّا اِنَّهٗ بَشَرٌ
دیکھو علی کو نہ پکارنا وہ تو ایک بشر ہی تھے تم ہی جیسے

سِوَاهُ لَنْ تَجِدُوْا عَوْنًا بِنَائِبَةٍ
اللہ کے سوا کسی کو بھی تم کبھی مصیبت میں ہرگز مددگار نہ پاسکو گے

وَیَعْجَزُ الْغَیْرُ لَا یُغْرِرْکُمُ الْغَرَرُ
ہر غیر اللہ مدد سے عاجز ہے اس بارے میں فریب کی باتیں تمہیں دھوکا نہ دینے لگ جائیں

تَوَسَّلُوْا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ وَالْعَمَلِ
وسیلہ پکڑو تو رسول اللہ کا اور اپنے عمل کا

فَیَنْجَلِیْ کُلُّ هَمٍّ سَاقَهُ الْقَدَرُ
پس ہر درد و غم جو تقدیر سے تم پر آ بھی چکا ہو دور ہو جائیگا

لَا تَتْرُکُوْا اَبَدًا مِنْ قَوْلِ کُلِّ غَوٍ
دیکھو کسی گمراہ غالی کے کہنے سے ترک نہ کرنے لگنا

وَاَخْلِصُوْا دِیْنَکُمْ لِلّٰهِ وَائْتَمِرُوْا
اپنا دین اللہ کی رضا کیلئے خالص رکھو اور تعمیل احکام کرو

اَللّٰهَ فَادْعُوْا وَنَادُوْا وَاعْبُدُوْا
دیکھو بس اللہ ہی کو پکارو اسی کو آواز دو اسی کی عبادت کرو اسی سے مانگو

بِهٖ اسْتَعِیْنُوْا حَنِیْفًا مَا سِوَاهُ ذَرُوْا
اسی سے مدد طلب کرو یکسو ہو کر اور اس کے ہر ماسوا کو نظر انداز کر دو امداد طلب کرتے ہیں۔

زین کس کے ڈھول تاشے بجاتے مسجد کے دروازے تک اس طرح لے جاتے ہیں کہ کچھ لوگ گھوڑے کے آگے چلتے ہیں اور کچھ پیچھے کچھ دائیں کچھ بائیں پھر باب مسجد پر پہنچ کر خروج مہدی کے لئے اس طرح آوازیں بلند کرتے ہیں :۔

بسم اللہ یا صاحب الزمان بسم اللہ اخرج قد ظهر الفساد وكثر الظلم وهذا آوان خروجك فيفرق الله بك بين الحق والباطل۔

(رحلہ ابن بطوطہ صفحہ ۱۳۹)

بسم اللہ کیجئے اے صاحب الزمان بسم اللہ تشریف لے آیئے کیونکہ دنیا میں اب فساد پھیل گیا اور کثرت ظلم کی ہو گئی اب یہ وقت آپ کے خروج کا ہے تاکہ اللہ آپ کے ذریعہ حق و باطل میں امتیاز کرا دے۔

ابن بطوطہ نے یہ واقعہ چھ سو برس پہلے کا بیان کیا ہے ان چھ صدیوں کے دوران مسلمانان عالم پر مصائب و آلام کے کیسے کیسے پہاڑ ٹوٹے، دشمنان اسلام نے مسلمانوں کے نظام مرکزیت یعنی خلافت اسلامیہ کا خاتمہ ہی اسی خاندان کے ایک شخص شریف حسین کی غداری سے کرا دیا جس میں سے مہدی کے خروج کا انتظار صدیوں سے کیا جا رہا ہے مگر خروج اب تک بھی نہ ہوا۔ خروج مہدی و ادعای دو نسبتی اصطلاحیں نسبی برتری کے مسلک ہیں۔

سادات اهل الجنّة
جنّتیوں کے سردار

پچھلے اوراق میں بنی ہاشم میں سے بعض افراد کے سادات اهل الجنّة (جنّتیوں کے سردار) ہونے کے بارے میں چند وضعی حدیثیں نقل ہوئی ہیں ان کے علاوہ ایک اور ہاشمی کے جوانان جنت کے سردار ہونے کی حدیث الاستیعاب اور دیگر کتب میں پائی جاتی ہے وہ بھی سن لیجئے۔

عن هشام بن عروة عن ابيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ابو سفيان بن الحارث من شباب اهل الجنة او فتيان اهل الجنة۔

ہشام بن عروہ اپنے والد کی روایت سے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابو سفیان بن الحارث (بن عبد المطلب) جوانان جنت کے سرداروں یا بہادران جنتی میں سے ہے۔

یہ ابوسفیانؓ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چچیرے بھائی الحارث بن عبدالمطلب کے فرزند بھی تھے نیز آپ کے دودھ شریک بھائی اور ہم شبیہ بھی تھے[1] نام مغیرہ اور کنیت ابوسفیان تھی، ابوطالب کے داماد تھے یعنی حضرت علیؓ کی سگی بہن جمانہ کے شوہر تھے۔ باوجود اس کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ابتدا سے سخت مخالف رہے، ہجویہ اشعار کہا کرتے تھے فتح مکہ کے زمانے میں اسلام لائے اور غزوہ حنین میں ثابت قدم رہ کر دادِ شجاعت دی۔ مرتے دم تک اپنی اس حرکت پر سخت ندامت رہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ابتدا میں مخالفت کی تھی بعد میں بہت سے نعتیہ اشعار کہے اور آپ کی وفات پر پُر درد مرثیے بھی لکھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بارے میں "خیر اھلی" کے الفاظ بھی فرمائے تھے یعنی میرے گھرانے والوں میں اچھا۔ بنی ہاشم کے علاوہ دوسرے قریشی گھرانوں میں سے دو حضرات یعنی حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ کے سن رسیدہ جنتیوں کے سردار ہونے کے بارے میں حدیثیں ہیں ان میں سے حسب ذیل حدیث ملاحظہ ہو:۔

عن جابرؓ و عن ابی سعید ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ھذا ن سید اکھول اھل الجنۃ من الاولین والآخرین الا النبیین والمرسلین یعنی ابوبکر و عمر۔ (الصواعق المحرقۃ و دیگر کتب)	جابر و ابوسعید سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ دونوں یعنی ابوبکرؓ و عمرؓ جنت میں سن رسیدہ لوگوں کے سردار ہوں گے چاہے پہلے کی امتوں میں کے وہ ہوں یا بعد کی امتوں کے مگر نبیوں اور رسولوں کے سوا۔

مندرجہ بالا حدیثوں اور ان حدیثوں کی رو سے جو پہلے نقل کی گئیں جنتیوں کے سرداروں کی حسب ذیل فہرست مرتب ہوتی ہے:۔

---

[1] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ پانچ حضرات ہم شبیہ بیان کئے گئے ہیں۔ (۱) جعفر بن ابی طالب (۲) ابوسفیان بن الحارث بن عبدالمطلب (۳) قثم بن العباس بن عبدالمطلب (۴) حسن بن علی بن ابی طالب (۵) السائب بن عبد یزید بن ہاشم بن عبدالمطلب بن عبد مناف (الاستیعاب)

۱۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	۷۔ حسین بن علی بن ابی طالب ہاشمی
۲۔ حمزہ بن عبد المطلب ہاشمی	۸۔ مہدی آخر الزمان "
۳۔ ابوسفیان بن الحارث ہاشمی	۹۔ ابوبکر بن ابو قحافہ تیمی
۴۔ جعفر بن ابی طالب "	۱۰۔ عمر بن الخطاب عدوی
۵۔ علی بن ابی طالب "	۱۱۔ فاطمہؓ خاتونان جنت کی سردار
۶۔ حسن بن علی بن ابی طالب "	بنت رسول اللہ صلعم۔

سرداران جنت کی مندرجہ بالا فہرست میں بجز گیارہ اشخاص کے نو تو ایک ہی گھرانے بنی ہاشم کے ہیں شاید بعد میں بقول ابن ابی الحدید شیعوں کی دیکھا دیکھی طرفداران شیخین میں سے کسی نے ان دو حضرات ابوبکرؓ و عمرؓ کے اسماء ایک حدیث کے ذریعہ اضافہ کردئے ہوں ورنہ سادات اہل جنت کا منصب بنی ہاشم ہی کے لئے وضاعین نے مخصوص کیا ہے۔ جیسا کہ ایک حدیث کے ان الفاظ سے واضح ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کئے گئے ہیں کہ نحن بنو عبد المطلب سادات اھل الجنۃ (ہم اولاد عبد المطلب (بن ہاشم) اہل جنت کے سردار ہیں) بعض جگہ تو صرف اسی قدر الفاظ ہیں مگر دیلمی وغیرہ نے ان الفاظ کے بعد ناموں کی صراحت میں یہ الفاظ اور بھی آپ سے منسوب کئے ہیں گویا آپ نے فرمایا کہ سادات اہل جنت "میں اور حمزہ و علی و جعفر و حسن و حسین اور مہدی ہیں (انا و حمزۃ و علی و جعفر و الحسن والحسین والمھدی) حدیث وضع کرنے والے کی ذہنیت کا اندازہ اسی ایک بات سے بخوبی ہو سکتا ہے کہ اہل جنت کی فہرست سرداری میں اشرف الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس کا اسم گرامی بھی لکھ دیا ہے اور آپ کے ہمدوش و مساوی آپ کے چند نسبی رشتہ دار امتیوں کو بھی سردار جنت قرار دے ڈالا ہے اور آپ کے دوسرے ایسے رشتہ داروں یعنی حضرت عباس بن عبد المطلب عم النبی اور حضرت عقیلؓ برادر علیؓ کہ جنھوں نے صفین میں اپنے بھائی کے خلاف حضرت امیر معاویہؓ کا ساتھ دیا تھا شامل نہیں کیا۔ اسی طرح آپ کے دوہرے داماد حضرت عثمان ذی النورین کا نام بھی شامل نہیں کیا شاید اس لئے نسباً اموی تھے۔ آپ کے منجھلے اور چھوٹے نواسوں حسنؓ و حسینؓ کو تو جوانان جنت کا سردار بنا دیا ہے مگر آپ کے سب سے بڑے نواسے یعنی آپ کی سب سے بڑی بیٹی سیدہ زینب کے فرزند علی بن ابو العاص بن الربیعؓ کو شامل نہیں کیا جنھوں نے اس زمانے سے جب حسنؓ و حسینؓ کی ولادت بھی نہیں تھی آپ کے آغوش محبت میں اور آپ ہی کے

بیت اقدس میں پرورش پائی تھی۔ آپ کے وقت رحلت سن بلوغ کو پہنچ گئے تھے کیا اس وجہ سے کہ آپ کے یہ بڑے نواسے بھی نسباً بنی اُمیہ کے گھرانے سے تھے معلوم ہوتا ہے کہ اصل مقصد تو وضاعین کا حضرت علیؓ اور ان کے ان دو صاحبزادوں کی سرداری کے اظہار سے تھا حمزہؓ و جعفرؓ کے نام برائے بیت سمجھئے بہرحال وضعی احادیث کی رو سے اہل جنت کی سرداری کے حسب ذیل چار اقسام قرار دی گئی ہیں :-

(۱) کل اہل جنت کے سردار

(۱) رسول اللہ صلعم (۲) حمزہؓ (۳) جعفرؓ (۴) علیؓ (۵) حسنؓ (۶) حسینؓ (۷) مہدی

(۲) سن رسیدہ جنتیوں کے سردار

(۱) ابو بکرؓ (۲) عمرؓ

(۳) جوانان جنت کے سردار

(۱) حسنؓ (۲) حسینؓ (۳) ابوسفیان ہاشمی

(۴) خاتونان جنت کی سردار

(۱) حضرت فاطمہؓ والدہ معظمہ حسنین

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو بلاشبہ سید اولاد آدم ہیں اور سب ہی جنتیوں کے سردار مگر آپ کے ان سات نسبی رشتہ داروں کو جن میں سے ایک کا تو وجود ہی عنقا ہے یعنی المہدی کا اہل جنت کی سرداری کے منصب میں سوائے حضرت فاطمہؓ کے ایک دوسرے کا شریک بتایا ہے یعنی ایک قسم میں سات شریک ہیں۔ تیسری میں تین پھر غضب یہ ہے کہ رسول اللہ صلعم کا اسم گرامی چند امتیوں کی سرداری کے ساتھ مشترک رکھا ہے وضاعین نے کسی حدیث میں یہ تصریح نہیں کی کہ یہ سب بیک وقت سردار ہوں گے یا یکے بعد دیگرے ہوں گے لیکن جنت میں کسی زمانے اور مدت کا تعین تو ممکن ہی نہیں وہاں کا قیام تو لامحدود لامتناہی ہے خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا ہی تو جنتیوں کے قیام کے لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام میں بار بار فرمایا ہے وضاعین نے ناموں کا اندراج کرتے وقت اس قباحت کا لحاظ نہ کیا اور نہ یہ سوچا کہ جنت میں جب کوئی پیر ناتواں کمر خمیدہ یا اندھا، لنگڑا، لولا اپاہج وغیرہ تو ہوگا ہی نہیں سب ہی جنتی صحیح الاعضاء اور جوان ہوں گے تو پھر کہول اھل الجنۃ یا شباب اھل الجنۃ کی یہ تقسیم کیسی اور اگر کہا جائے جیسا لوگ تاویل کرتے ہیں کہ مراد اُن لوگوں سے ہے جو بڑھاپے یا جوانی میں مرے ہوں تو وضاعین نے ان بے شمار معصوم بچوں کی سرداری کے بارے میں صراحت نہیں کی جو بچپن میں مر گئے تھے اور بوجہ معصوم کے یقیناً جنتی تھے خصوصاً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرزند ابراہیم کے بارے

بیٹا جن کی ولادت سے آنحضورؐ کو بڑی خوشی اور ان کی موت سے اس درجہ رنج تھا کہ جاں کنی کی حالت دیکھ کر آنکھوں سے آنسوؤں کا تار بندھ گیا تھا زبانِ مبارک سے فرماتے جاتے تھے:۔

تدمع العین ویحزن القلب ولا نقول الا ما یرضی الرب وانا یا ابراہیم علیک لمحزونون۔

چشم اشکبار ہے اور قلب مبتلائے غم زبان سے کوئی ایسا کلمہ نہ کہیں گے جس سے پروردگار ناخوش ہو مگر اے ابراہیم تیری موت سے ہم بہت مغموم ہیں۔

تو کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ پیارے فرزند ابراہیم بھی جنت میں بچے ہی رہیں گے جوان نہ ہوں گے کیا اپنے ان ہی دونوں بھانجوں حسنؓ وحسینؓ کی مشترکہ سرداری میں رہیں گے یا اگر بڑے یا چھوٹے بھانجے کی سرداری میں ہوں گے تو مدت سرداری کا تعین کیسے ہوگا جبکہ ہر جنتی کا جنت میں رہنا ہمیشہ ہمیشہ ابدالاباد تک ہوگا اور کیا اس دنیا کی طرح جنت میں بھی سرداری و سروری اور ماتحتی و بندگی جاری رہے گی جنتیوں کو تو اللہ نے یہ بشارت دی ہے کہ وہاں ہر شخص اپنی مرضی کا مالک ہوگا کسی کا ماتحت و متبع نہ ہوگا۔ جو خواہش ہوگی بلا کسی کی سفارش اور اجازت کے از خود پوری ہوگی نہ کوئی جنتی دوسرے جنتی کا دستِ نگر ہوگا نہ محکوم۔ سب خود مختار ہوں گے اور نہ کسی کے درپئے آزار ؎

بہشت آنجا کہ آزارے نہ باشد ۔۔۔ کسے را با کسے کارے نہ باشد

جوانانِ جنت اور خاتونانِ جنت کی سرداری

چند وضعی حدیثیں

آیئے اب ذرا ان حدیثوں کا بھی جائزہ لیجئے جن میں حضرات حسنینؓ کو سید شباب اہل الجنۃ (جوانانِ جنت کے دونوں سردار) اور ان کی والدہ معظمہ حضرت فاطمہؓ کو سیدۃ النساء اہل الجنۃ (جنتی عورتوں کی سردار) قرار دیئے جانے کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کیا گیا ہے۔

احادیث کی سب سے پہلی کتاب الموطا امام مالک متوفی ۱۷۹ھ میں نہ مناقب کی حدیثیں ہیں اور نہ جنت کی سرداری کی۔ امام بخاری متوفی ۲۵۶ھ اور امام مسلم متوفی ۲۶۱ھ نے صحیحین میں جوانان جنت کی سرداری کی کوئی حدیث نہیں ۔۔۔

آئمہ حدیث نے تقریباً نو لاکھ حدیثوں کے انبار میں سے جو ان حضرات نے جمع کیا تھا صرف چھ ہزار سات سو اکسٹھ حدیثیں اپنے اصول پر منتخب کیں باقی آٹھ لاکھ ترانوے ہزار دو سو اکتیس وضعی و جعلی اور مہمل قرار دے کر رد کر دیں سید اشباب اھل الجنۃ کی حدیثیں بھی امام بخاریؒ و امام مسلمؒ نے یقیناً زمرہ موضوعات میں قرار دے کر صحیحین میں درج نہیں کیں اور نہ بعد میں کسی دزاق کو اندراج کا موقع ملا۔ امام بخاریؒ کی وفات سے تقریباً ۲۴ برس بعد محدث ابو عیسیٰ محمد ترمذی متوفی ۲۷۹ھ نے یہ وضعی حدیثیں اپنی کتاب میں البتہ درج کر دیں لیکن ان کے راویوں میں ضعیف و منکر الحدیث ولا یحتج بہ (یعنی وہ جنکی مروی حدیث لائق حجت و سند نہیں) کے علاوہ کٹر و بدگو شیعہ بھی موجود ہیں بلکہ یہ سب ان ہی شیعہ راویوں کی من گھڑت ہیں جیسا کہ سلسلہ رواۃ پر ایک نظر ڈالنے سے واضح ہو گا۔

پہلی حدیث۔ محدث ترمذی کہتے ہیں کہ:

حدثنا محمود بن غیلان حدثنا ابو داؤد الحضرمی عن سفیان عن یزید بن ابی زیاد عن ابی نعم عن ابو سعید (الخدری) قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الحسن والحسین سید اشباب اھل الجنۃ۔	ہم سے بیان کیا محمود بن غیلان اور ابو داؤد الحضرمی نے ان سے سفیان نے ان سے یزید بن ابی زیاد نے ان سے ابی نعم نے ان سے ابو سعید الخدری نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ وسلم نے کہ حسن اور حسین جوانانِ جنت کے سردار ہیں۔

جامع ترمذی ج۲ طبع کانپور

دوسری حدیث:۔ باعتبار مضمون پہلی ہی حدیث ہے سلسلہ رواۃ میں قدرے فرق ہے یعنی حدثنا جریر و ابن فضیل عن یزید بن ابی زیاد" گویا اصل راوی وہی یزید ابن ابی زیاد ہے جو پہلی حدیث کا ہے۔

تیسری حدیث۔ اس میں جوانانِ جنت کے ان دو سرداروں (حسنؓ و حسینؓ) کے علاوہ ان کی والدہ معظمہ حضرت فاطمہؓ کے خاتونانِ جنت کے سردار ہونے کا بھی بیان

---

[1] امام بخاریؒ کی اصل احادیث کی تعداد ۲۷۶۱ ہے اور مکررات کے اعتبار سے ۷۲۷۵ ہے ہم نے شمار اصل احادیث کا کیا ہے۔

ہے یہ حدیث حضرت حذیفہ بن الیمانؓ متوفی ۳۶ھ سے اس قصّہ کے ساتھ منسوب کی گئی ہے کہ اپنی ماں سے جو انصاریہ تھیں بات چیت کے بعد یہ کہکر کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کے ساتھ نماز مغرب جاکر پڑھوں اور درخواست کروں کہ میرے اور تمہارے واسطے مغفرت کی دعا، فرمائیں حذیفہ آنحضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے کہتے ہیں کہ مغرب کی نماز آپ کے ساتھ پڑھی پھر نفل پڑھے اس کے بعد نماز عشا پڑھی نماز سے فارغ ہوکر جب رسول اللہ مسجد سے چلے میں بھی پیچھے پیچھے چلا میرے قدموں کی آہٹ پاکر پوچھا کون! کیا حذیفہ ہے؟ میں نے عرض کیا جی ہاں آپ نے فرمایا کیوں کیا کام ہے خدا تجھکو اور تیری ماں کو بخشے پھر فرمایا:-

هٰذا ملك لم ينزل الارض قبل هٰذه الليلة استاذن ربه ان يسلم علي ويبشرني بان فاطمة سيدة نساء اهل الجنة وان الحسن والحسين سيدا شباب اهل الجنة۔ (ترمذی (ایضاً))	دیکھ یہ ایک فرشتہ ہے جو اس رات سے پہلے کبھی زمین پر نہیں اترا۔ اس فرشتے نے اپنے پروردگار سے میرے پاس حاضر ہونے اور سلام کرنے کی اجازت چاہی تھی چنانچہ اجازت مل گئی اس فرشتے نے مجھے بشارت دی ہے کہ فاطمہؓ جنّت کی عورتوں کی سردار ہیں اور حسنؓ وحسینؓ جوانانِ جنّت کے سردار ہیں۔

اس حدیث کے پہلے تین راویوں کا سلسلہ ترمذی میں یوں ہے عن المنهال بن عمرو عن زر بن حبيش عن حذيفة۔

اب دیکھئے ترمذی کی پہلی اور دوسری حدیثوں کے سلسلہ رواۃ میں ایک بڑے بھاری بھرکم شیعہ یزید بن ابی زیاد الکوفی تشریف فرما ہیں یہ بنی ہاشم کے غلام تھے کنیت ابو عبد اللہ تھی ۱۳۶ھ میں یعنی عباسی خلافت قایم ہونے کے چار سال بعد فوت ہوئے تھے۔ امام ذہبی نے یہ کہکر کہ حافظہ ان کا خراب تھا لکھا ہے کہ یحییٰ بن معین نے کہا ہے لیس بالقوی ضعیف ان کی مروی حدیثیں بے حقیقت ہیں جن کی مثالیں بھی دی ہیں پھر لکھا ہے "كان يزيد بن ابی زياد من ائمة الشيعة الكبار" (میزان الاعتدال ج ۳ ص ۳۱۳) یعنی یزید بن ابی زیاد شیعوں کے بلند پایہ آئمہ حدیث میں سے تھے تہذیب التہذیب وغیرہ میں اس شیعہ راوی کے اور بھی نقائص بیان کئے گئے ہیں۔

ابو زرعہ نے کہا لا یحتج بہ کہا ہے امام احمد و ابو حاتم و جوزجانی وغیرہ نے ان کو ضعیف و ناقابلِ اعتماد راوی کہا ہے۔ اب ذرا ان حدیثوں کے دو نمونے بھی ملاحظہ ہوں جو ذہبی نے ان کی مرویات سے میزان الاعتدال میں نقل کی ہیں جن سے اس شیعہ راوی کی کذب بیانی کا اندازہ ہو سکے گا چنانچہ ایک جگہ حضرت ابو برزہ صحابیؓ سے اور دوسری جگہ حضرت ابی بردہؓ صحابی سے یہ قول منسوب کیا ہے کہ ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے کہ ہم نے گانے بجانے کی آوازیں سنیں اٹھکر دیکھا تو معاویہ اور عمرو بن العاص تھے جو مصروف غنا تھے اس کے بعد یہ قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کیا ہے کہ آپ نے یہ حال سنکر ان دونوں صحابیوں کو جن میں سے ایک کاتبِ وحی بھی تھے نار دوزخ میں جلنے کی بددعا دی! معاذ اللہ!!

اللھم ارکسھما فی الفتنۃ رکسا ودعھما الی النار دعاء (میزان الاعتدال ج۳ ص۱۱۳)	یا اللہ ان دونوں کو فتنہ کے اندر دھکیل دیجیو (کہ چھٹکارہ نہ ہو) پھر ان دونوں کے جہنمی ہونے کی بددعا دی۔

ذرا خیال تو فرمایئے کس قماش کا شیعہ راوی ہے حضرت علیؓ کے سیاسی حریفوں کی جو جلیل القدر صحابی ہیں ایک طرف تو یہ درگت بنا رہا ہے اور دوسری جانب حضرت علیؓ کے دونوں صاحبزادوں اور اُن کی والدہ ماجدہ کے مناقب میں جنتیوں کی سرداری کی حدیثیں وضع کر رہا ہے۔

اب اسی بدگو شیعہ راوی کی من گھڑت حدیث الرایات سنیئے جسے حضرت عبداللہ بن مسعود صحابیؓ سے منسوب کیا ہے ترمذی کے علاوہ ابن ماجہ اور ابن الہیثمی وغیرہ نے بھی اپنی کتابوں میں درج کر دیا ہے۔ ذہبی نے البتہ ائمہ حدیث کا یہ قول نقل کرتے ہوئے کہ حدیث الرایات محض بے اصل اور وضعی ہے اسے بطور نمونہ ان الفاظ میں درج کیا ہے:-

"عبداللہ بن مسعود نے کہا کہ ہم لوگ رسول صلعم کے حضور میں حاضر تھے کہ اسی درمیان بنی ہاشم کے کچھ نوجوان آگئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ان ہاشمی نوجوانوں کو دیکھا تو آپ کا رنگ متغیر ہو گیا ہم لوگوں نے عرض کیا کہ حضور کے چہرے میں ہم ایسی بات دیکھتے ہیں جسے ہم پسند نہیں کرتے آنحضرت نے فرمایا کہ ہم لوگ ایسے گھرانے والے ہیں کہ اللہ

نے ہم لوگوں کے لئے دنیا کے مقابلے میں آخرت کو پسند کیا ہے اور میرے
اہل بیت میرے بعد جلد ہی بلائیں جھیلیں گے اور دربدر مارے پھریں گے
اور ہر جگہ سے دُر دُر کیا جانا ان کی قسمت میں ہوگا۔ یہاں تک ایک قوم
مشرق کی طرف سے آئے گی جن کے پاس سیاہ جھنڈے ہوں گے (گویا
عباسی خلافت کے داعیوں کے کالے جھنڈے۔م) تو وہ بھلائی کا سوال
لوگوں سے کریں گے دو تین مرتبہ سوال کرنے پر لوگ ان کا سوال پورا
نہ کریں گے پھر وہ لوگوں سے جنگ کریں گے تو جو وہ مانگ رہے تھے
لوگ ان کو دیں گے مگر وہ نہیں قبول کریں گے اس کو یہاں تک کہ لوگ
اس کو دے جائیں گے۔ میرے اہل بیت میں سے ایک شخص کے پاس تو
بھر دیں گے اس کو (شاید دنیا کو) انصاف سے جس طرح کہ بھر دیا
گیا تھا اس کو ظلم اور جور سے پس تم میں سے جو شخص پائے اس زمانے
کو تو چاہیئے کہ ان کے پاس آئے اگرچہ وہ چل پڑیں برف پر"

اس طویل وضعی حدیث کا ترجمہ یہاں اس غرض سے نقل ہوا کہ اس وضاع راوی کی ذہنیت کا صحیح اندازہ ہوسکے کہ عباسی خلافت کے قائم ہونے کے سلسلے میں جو اس کے مرنے سے صرف چار سال پہلے قائم ہوئی تھی ایک صحابی کا نام لیکر یہ کیسے کلمات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کر رہا ہے۔ صرف ان ہی دو وضعی حدیثوں کے مضمون سے اس بخاری بھر کم شیعہ راوی کی ذہنیت کا بخوبی اندازہ ہوسکتا ہے۔ مندرجہ بالا حالات کے پیش نظر اسی یزید بن ابی زیاد الکوفی مولیٰ بنی ہاشم کی بیان کردہ ان دو حدیثوں کے بارے میں جو جوانانِ جنت کی سرداری کی ترمذی سے اوپر نقل ہوئیں کیا شبہ باقی رہ سکتا ہے کہ وہ اسی کی وضع کردہ ہیں ان حدیثوں کو شیعہ راوی یزید بن ابی زیاد کے علاوہ بھی ترمذی کے ان دونوں سلسلۂ اسنادیں اور بھی شیعہ راوی موجود ہیں یعنی پہلے سلسلے میں ابوداؤد الحضرمی کا نام ہے یہ حضرت کوفی بھی تھے اور شیعہ بھی۔ ابونعیم فضل بن دکین الکوفی الشیعی ان کا بہت احترام کرتے تھے۔ ذہبی ابونعیم کے بارے میں کہتے ہیں انہ یتشیع من غیر غلو ولا سب (میزان الاعتدال ج ۲ ص ۲۳۹) یعنی ابونعیم فضل بن دکین میں تشیع تو تھا مگر غلو نہ تھا۔ گالیاں نہیں دیتے تھے گویا تقیہ کرتے تھے۔

برملا بُرا نہیں کہتے تھے یحییٰ بن معین کا قول ہے کہ ابو نعیم اگر کسی کی تعریف و توصیف کریں تو سمجھ لو وہ شخص شیعہ ہے۔ کان ابو نعیم اذا اثنیا فقال هو جيدٌ واثنی علیه فهو شیعی۔ یہاں تو تعریف ہی نہیں ابو داؤد کا تو وہ بہت احترام کرتے تھے ظاہر ہے بوجہ ان کے شیعہ ہونے ہی کے کرتے تھے۔

دوسرے سلسلہ اسناد میں ابن فضیل کٹر شیعہ موجود ہیں نام و نسب ان کا محمد بن فضیل بن غزوان تھا۔ یہ بھی کوفی تھے اور قبیلہ ضبہ کے موالی میں سے تھے ۱۹۵ھ میں فوت ہوئے ذہبی نے ان کے بارے میں لکھا ہے کان شیعاً محترق (ج ۳ ص ۱۲۲) یعنی یہ ابن فضیل کٹر شیعہ تھے بعض نے ان کو ثقہ و صدوق لکھا ہے مگر ایک شیعہ ہزار ثقہ و صدوق ہو حضرت علی و حسنینؓ وغیرہم ائمہ شیعہ کے مناقب کے بارے میں اس کا قول لائق وثوق نہیں ہو سکتا۔ الحاصل ترمذی کی حدیثیں "سید اشباب اهل الجنة الحسن والحسینؓ" اسی شیعہ راوی کی ساختہ اور من گھڑت ہیں۔

اب لیجئے تیسری حدیث اس کا طرز بیان ہی صاف بتا رہا ہے کہ کوفی وضاعین کی من گھڑت ہے اس کے ذمہ دار المنہال بن عمرو الکوفی الشیعی ہیں۔ جوزجانی نے انھیں ضعفاء میں شمار کیا ہے اور کہا ہے یہ شخص بد مذہب تھا۔ یہی قول ابن حزم کا بھی ہے شعبہ نے تو ان سے روایت کرانا ہی اس وجہ سے ترک کر دیا تھا کہ ان کے گھر گانا بجانا ہوتا تھا (میزان الاعتدال ج ۳ ص ۲۰۱) اور ترمذی نے خود ہی اس حدیث کو غریب بتایا ہے۔ علامہ ابن کثیر نے ایسی حدیثوں کے بارے میں صاف کہا ہے کہ فی اسانیدہ کلها ضعف (البدایہ ج ۶)

صحیح بخاری (ج مطبوعہ اصح المطابع دہلی) میں مناقب فاطمہؓ کے عنوان سے دو حدیثیں ہیں پہلی میں ارشاد ہے کہ فاطمہ میرا پارۂ گوشت ہے جس نے اسے رنجیدہ کیا اس نے مجھے رنجیدہ کیا اور دوسری میں جو عروہ بن الزبیرؓ نے حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت کی ہے بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی فاطمہؓ کو اپنے اس مرض میں جس میں آپ نے وفات پائی بلوایا اور کوئی بات ان سے آہستہ سے کہی تو وہ رونے لگیں پھر کوئی بات فرمائی تو ہنسنے لگیں حضرت عائشہؓ کہتی ہیں۔ کہ فاطمہؓ سے میں نے اس کا سبب پوچھا تو بتایا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب یہ فرمایا تھا کہ اس مرض میں وہ وفات پا جائیں گے تو میں رونے لگی پھر آپ نے مجھ سے آہستہ سے کہا کہ ان کے اہل بیت میں سب سے پہلے میں ہی ان سے ملوں گی تو میں ہنسنے لگی۔ اس باب میں تو

صرف یہی دو حدیثیں ہیں خاتونانِ جنت کی سرداری کی کوئی حدیث اس عنوان کے تحت اسناد کے ساتھ درج نہیں ہے۔ ابواب کی فہرست میں بھی صرف یہ الفاظ ہیں "باب مناقب فاطمۃ" مگر مطبوعہ نسخے میں اس عنوان کے ساتھ "وقال النبی صلعم فاطمۃ سیدۃ نساء اھل الجنۃ" بغیر اسناد کے لکھا ہے حالانکہ امام بخاریؒ ہر حدیث کے اسناد درج کرتے ہیں شاید اس نسخے کے کاتب کا یہ اضافہ ہو۔ البتہ صحیح بخاری کی اسی جلد میں علامات النبوۃ فی الاسلام (اسلام میں نبوت کی علامتوں) کا جو باب ہے (ص۱۲۱) اس میں ایک حدیث تو وہی پہلی حدیث درج ہے جو سطور بالا میں عروہ بن الزبیرؓ کی روایت سے بیان ہوئی اس میں خاتونانِ جنت کی سرداری کا مطلق ذکر نہیں لیکن یہاں ایک اور حدیث جس کے سب راوی کوفی ہی کوفی ہیں حضرت عائشہؓ ہی سے منسوب ہے حالانکہ پہلی حدیث میں تو حضرت عائشہؓ نے صراحتاً فرمایا ہے کہ جس مرض میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی تھی اور فاطمہؓ آپ کی وفات کی خبر آپ سے ہی سنکر رونے لگی تھیں پھر جب آپ نے فرمایا کہ وہ ہی سب سے پہلے عالم آخرت میں آپ سے ملیں گی تو ہنسنے لگیں اب اس دوسری حدیث میں آپ کے مرض کا تو کچھ ذکر نہیں گویا علالت سے پہلے کا یہ واقعہ بیان ہوا ہے کہ جبریل نے اپنے سالانہ معمول کے خلاف اس سال دو مرتبہ قرآن کا دور کرایا اس لئے آپ نے فرمایا کہ میں اس کا مطلب یہ سمجھتا ہوں کہ میری موت قریب آگئی ہے اور تم (یعنی فاطمہؓ) میرے گھر والوں میں سب سے پہلے مجھ سے ملو گی' پھر حدیث بیان کرنے والے نے حضرت فاطمہؓ کے منہ سے کہلوایا ہے "میں روئی تو آپ نے فرمایا کیا تم اس بات سے خوش نہیں ہو کہ تم تمام جنت والی عورتوں کی یا یہ فرمایا کہ تمام مسلمان عورتوں کی سردار ہو گی پس اس وجہ سے میں ہنسی" پہلی میں ہنسنے کا سبب یہ بتایا ہے کہ آپ کے قرابتداروں میں سے پہلے وہی عالم ارواح میں آپ سے ملیں گی اور دوسری میں سبب ہنسنے کا خاتونانِ جنت کی سرداری کی بشارت بتایا گیا ہے۔ راوی نے کسی حدیث میں یہ نہیں بتایا کہ حضرت فاطمہؓ کی جو تین سگی بہنیں ان سے پہلے عالم ارواح میں پہنچ چکی تھیں وہ ان سے پہلے اپنے والد ماجد سے کیوں نہ ملیں گی!

اس حدیث کو ابونعیم فضل بن دکین الکوفی الشیعی متوفی ۲۱۹ھ ,زکریا بن ابی زائد خالد ابن میمون بن فیروز الکوفی متوفی ۱۴۷ھ سے جو ہمدانیوں کے آزاد کردہ غلام تھے وہ

فراس بن یحییٰ الہمدانی الکوفی سے وہ عامر شعبی الکوفی سے وہ مسروق الہمدانی الکوفی سے اور وہ حضرت عائشہ صدیقہ سے روایت کرتے ہیں یعنی یہ روایت سلسلہ وار کوفیوں ہی سے ہے اور ان میں بھی غالب اکثریت ہمدانیوں کی ہے جو بیشتر کھلے ہوئے یا چھپے ہوئے شیعہ تھے کیونکہ کوفے میں ہمدانیوں کا محلہ شیعوں کا گڑھ تھا۔ پھر اس حدیث کے ذمہ دار ابو نعیم الکوفی ہیں جن کے متعلق امام ذہبی تشیع کی شہادت دے رہے ہیں۔ ایک شیعہ کیسا ہی ثقہ ہو مگر حضرت علیؓ اور ان کے اہل بیت کے فضائل ومناقب کی روایت میں وہ کبھی ثقہ وقابل اعتماد نہیں ہوسکتا۔

۱۔ صحیح البخاری کے بعض شارحین کو بھی یہ بات کھٹکی تھی کہ جنت کی عورتوں میں جب امہات المومنین اور خود حضرت فاطمہ کی والدہ ماجدہ حضرت خدیجہؓ بھی ہوں گی تو کیا ایک بیٹی اپنی حقیقی والدہ کی اور سوتیلی ماؤں کی بھی سردار ہوں گی مگر امہات المومنین کا مرتبہ سب ہی عورتوں سے بلند ہے۔ اللہ تعالےٰ کا ارشاد ہے۔ یٰنِسَآءَ النَّبِیِّ لَسْتُنَّ کَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ (اے نبی کی بیویو! تم تمام عورتوں کی مثل نہیں ہو یعنی بوجہ مسلمانوں کی مائیں ہونیکے تمہارا درجہ اور رتبہ سب عورتوں سے بلند ہے) اسی آیت سے ازواج مطہرات کی فضیلت دختران نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ثابت ہے اس کے علاوہ اللہ تعالےٰ کا یہ ارشاد بھی ہے جو ان ہی ازواج نبی کو مخاطب کرکے فرمایا گیا ہے:۔

وَمَنْ یَّقْنُتْ مِنْکُنَّ لِلّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِہَآ اَجْرَہَا مَرَّتَیْنِ (الاحزاب)	اور تم میں سے جو بیوی اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کریں اور نیکی کے کام کریں گی ان کو ہم دوہرا اجر دیں گے۔

یہ ارشاد قطعی اور حتمی ثبوت ہے اس امر کا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات آپ کی بیٹیوں اور تمام صحابہ وصحابیات سے افضل ہیں۔ علامہ ابن حزم نے اسی بحث پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ:۔

> "یہ فضیلت ظاہر اور بیان روشن ہے کہ ازواج مطہراتؓ تمام صحابہؓ سے افضل ہیں اس آیت سے (جو سطور بالا میں نقل ہوئی) یقینی ثبوت ہے جس میں کوئی مسلمان شک نہیں کرسکتا۔ ابوبکرؓ وعمرؓ وعثمانؓ وعلیؓ وفاطمہؓ اور تمام صحابہ میں سے جب کوئی ایک عمل کرے تو وہ اس پر ایک خاص مقدار اجر کا مستحق ہوگا اور رسول صلی اللہ علیہ

وسلم کی ازواج میں سے کوئی بیوی اگر بعینہ ویسا ہی عمل کریں تو ان
کے لئے اس مقدار اجر سے دوچند اجر ہوگا جب صحابہ اور فاطمہؓ کا
نصف حصّان کے بعد والے سے کوہ احد کے برابر سونے سے زیادہ
پورا کریگا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک زوجہ کے لئے کوہ احد
جیسے دو پہاڑ بھرے زیادہ ان کے نصف حصّے میں ہوگا۔ یہ وہ فضیلت
ہے جو انبیاء علیہم السلام کے بعد بجز ازواج نبیؐ کے اور کسی کے لئے
نہیں۔ (الملل والنحل ابن حزم ۱)

آنحضور کی یہ سب ازواج مطہرات یعنی حضرت فاطمہؓ کی والدہ ماجدہ ام المومنین حضرت خدیجہؓ سب ہی جنت میں موجود ہوں گی نیز ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ جن کے متعلق آپؐ کا یہ ارشاد بسند صحیح منقول ہے کہ عائشہؓ کی فضیلت تمام عورتوں پر ایسی ہی ہے جیسے ثرید کی تمام کھانوں پر وہ بھی جنّت میں ہوں گی تو جب حضرت فاطمہؓ کی یہ سگی اور سوتیلی مائیں جو سب امتیوں کی بھی مائیں ہیں خاتونانِ جنّت میں بدرجہ اولیٰ شامل ہوں گی تو فردوس بریں کے اندر پھر کیا صورت حال پیش آئے گی۔ آیا ایک صاحبزادی اپنی سگی سوتیلی سب ماؤں کی سردار ہوں گی اور مائیں بھی وہ خصوصاً حضرت خدیجہؓ اور حضرت عائشہؓ جنکی کیسی کیسی قیمتی خدمات اللہ کے رسول کی اور اللہ کے دین کی ہیں حضرت عائشہؓ سے دو ہزار دو سو دس حدیثوں کی روایت ہے اور حضرت عائشہؓ کے فتادے کی تعداد ہر صحابی کے فتوؤں سے خواہ حضرت عمرؓ ہوں یا حضرت علیؓ یا اور کوئی جلیل القدر صحابی سب سے زیادہ ہے حضرت فاطمہؓ کا تو اس میں کوئی حصّہ ہی نہیں تو کیا یہ مائیں بیٹی کی سرداری میں ہوں گی ؟ حضرت علیؓ اور ان کے متعلقین کو یوں فضیلت دینا تو شیعہ مسلک ہے ۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اہلبیت قرآنی یعنی آپ کی ازواج مطہرات ہوں یا اہل بیت حدیثی یعنی آپ کے چچا حمزہؓ و عباسؓ ہوں یا آپ کے ایک داماد علیؓ اور ان کے یہ دو صاحبزادے حسنؓ و حسینؓ ہوں یا آپ کی بنات طاہرات فاطمہؓ و زینبؓ و رقیہؓ و ام کلثومؓ ہوں ۔ ہمیں سب سے محبّت ہے اور سب ہی کا احترام کرتے ہیں لیکن ترجیح بلا مرجح تو شیعہ تصوّر ہے اور ان ہی کی یہ من گھڑت حدیثیں ہیں جو امہات المومنین اور جملہ صحابہ و صحابیات پر حضرت فاطمہؓ اور اپنے ائمہ کی فضیلت ثابت کرنے کے لئے وضع کی گئیں ۔ بیٹی کو ماں پر ترجیح دینے کے لئے ایک شیعہ نے دگرا اور جگر کا

یہ شاعرانہ نکتہ پیدا کیا ہے فرماتے ہیں :۔

دے بہ من گفت کسی کہ عائشہؓ را — فضل بر بنت سید البشر است

در جوابش بگفتم ایں مصرعہ — رشتہ دیگر رگِ جگر دگر است

گویا تعلق نسبی و قرابتِ لحمی کو قربت روحانی و فضائل ذاتی و کسبی پر ترجیح ہے ان کے نزدیک یہی سیادت نسبی ہے یعنی جنت کے سید (سردار) سے تعلق نسبی کی بنا پر اپنے کو سید قرار دیتے ہیں چنانچہ مؤلف مصباح الظلم فرماتے ہیں۔

"واضح ہو کہ خلعت سیادت دربار خداوندی سے پنجتن پاک کو مرحمت ہوا ہے حضرت سیدہ سید زادی ہونے کے سبب سے ہی سیدہ نہیں ہیں بلکہ اپنے حق کی رو سے بھی سیدہ ہیں اسی طرح حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین علیہما السلام اپنے اپنے حق کی رو سے سید ہیں"

وہ حق بھی اہلِ جنت کی سرداری کا ہے۔

حضرت علی کی سیادت کے بارے میں ارشاد ہوتا ہے کہ :۔

"آپ اپنے حق کی رو سے ویسے ہی سید ہیں جیسے جناب پیغمبر خدا سید ہیں اس لئے آپ کی اولاد جو بطن حضرت سیدہ علیہا السلام سے نہیں ہے وہ بھی سید کہلاتی ہے وہ سادات جو غیر بنی فاطمہ ہیں انھیں سادات علوی کہتے ہیں"

ہمیں یہاں اس بات سے تو کوئی بحث نہیں کہ ایک امتی کو سرداری میں نبی اکرم کے مساوی بتایا ہے کہنا یہ ہے کہ مصباح الظلم کے مؤلف نواب امداد امام صاحب نے سیدا شباب اھل الجنۃ اور سیدۃ النساء اھل الجنۃ کی وضعی حدیثوں ہی کی بنا پر "خلعت سیادت" کا دربار خداوندی سے مرحمت ہونا بیان کیا ہے اور مزید لکھا ہے کہ :۔

"جاننا چاہیئے کہ سیادت بڑی نعمت ہے اس سے بڑھ کر کوئی نعمت دوسری نہیں ہے۔ حضرات سادات جو اس زمانہ میں موجود ہیں ان پر فرض ہے کہ اس نعمت کی قدر کریں اور اپنے آبائی طریقہ کے پابند رہیں اپنے اجداد کرام یعنی ائمہ معصومین علیہم السلام کے

پورے پیرو رہیں اپنے نسب ناموں کو ضائع ہونے سے بچائیں
طمع دنیاوی میں مبتلا ہوکر اپنی نسل پاک کو خراب نہ کر ڈالیں (ص۵۵)

مگر سادات اھل الجنۃ کی حدیثوں میں تو حضرت جعفرؓ بن ابی طالب وحضرت ابوسفیان ہاشمیؓ وحضرت ابوبکرؓ وعمرؓ بھی شامل ہیں اس لئے یہ خلعت سیادت (سرداری) نسلاً بعد نسل وبطناً بعد بطن ان سب ہی سرداران اہلِ جنت کی اولاد کو مؤلف مذکور ہی کی دلیل کی رو سے وراثۃً پہنچ گیا علوی وفاطمی کی پھر کیا تخصیص رہی ہر صدیقی اور فاروقی وحارثی وجعفری اس "دینی نعمت" سے متمتع ہونے کا حق رکھتا ہے خصوصاً صدیقی وفاروقی کیونکہ ان کے جد اعلیٰ دنیا میں بھی سردار (سید) تھے اور آخرت میں بھی سادات اھل الجنۃ ہیں دوسروں کو دنیا میں سرداری کا ویسا اعزاز نہ ملا۔ خیال تو فرمائیے وضاعین کی ان من گھڑت حدیثوں نے تفاخر بالآباء کے اس جذبے کو ابھارنے میں جسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی تعلیمات اور اسوۂ حسنہ سے مٹا ڈالا تھا اور دنیائے انسانیت پر احسان عظیم کیا تھا کیا کیا گل کھلائے ہیں۔ شیعوں کا تو کچھ کہنا ہی نہیں "پنجتن پاک" ان کا عقیدہ خاص ہے مگر اکثر غیر شیعہ خطیب وپیش نماز جمعہ وعیدین کے خطبات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض ایسے قرابتداروں کے نام مبالغہ آمیز توصیفی الفاظ والقاب کے ساتھ لیتے ہیں جن کو شیعہ بھی مانتے ہیں اور ان کی مدح وتوصیف میں تو تقریباً وہی الفاظ دوہراتے ہیں جو شیعہ کہتے ہیں مگر آپ کے دوسرے ایسے ہی قرابتداروں اور آپ کی تین صاحبزادیوں کا کوئی ذکر نہیں کرتے شاید خطبے تصنیف کرنے والوں کے نزدیک "خلعت سیادت" دربار خداوندی سے "پنج تن" پاک کے ان ہی چار اشخاص کو عطا ہوا ہوا تھا جو شیعوں کے مقدس اشخاص ہیں مگر مقصد اور غرض وغایت خطبہ کی محض وعظ وتذکیر ہے ان محترم اشخاص کا ذکر ان میں کب سے اور کیوں شروع ہوا اس پر گفتگو آگے آرہی ہے۔ موضوع کتاب سے یہ بحث جیسا آپ کو انشاء اللہ واضح ہوگا غیر متعلق نہیں ہے۔ کیونکہ قرابت رسول کے شرف ونسلی امتیاز وسیادت کا چرچا علی الاعلان ہوتا ہے۔

خطبات جمعہ وعیدین

ایسے نصف صدی پیشتر یعنی ۱۳۳۱ھ ۱۹۱۳ء میں راقم الحروف نے ایک کتابچہ اس بحث

پر شائع کیا تھا کہ خطبات جمعہ و عیدین اُسی زبان میں ہونا لازم ہیں جسے سننے والے سمجھ سکیں۔ کیونکہ اصل غرض ان خطبات کی وعظ و تذکیر ہے، اور یہ غرض پوری نہیں ہو سکتی جب تک وعظ سننے والے واعظ و خطیب کی بات اچھی طرح ذہن نشین نہ کر سکیں۔ قدامت پرستوں کی جانب سے تردیدیں شائع ہوئیں مولانا ابوالکلام آزاد مرحوم نے اپنے ہفت روزہ "الہلال" میں راقم الحروف کی تائید میں مضمون لکھا تھا اس کے چند فقرات جو پچاس برس گذر جانے کے بعد آج بھی لائق توجہ ہیں ذیل میں درج کرتا ہوں[۱]۔ مولانا آزاد مرحوم نے لکھا تھا۔

"جمعہ کا اجتماع اور حکم خطبہ مسلمانوں کے لئے فلاح دارین کا وسیلۂ عظمیٰ تھا اس سے مقصود یہ تھا کہ ہفتہ میں ایک بار لوگوں کو ان کی حالت اور ضرورت کے مطابق ہدایات و ارشادات کی دعوت دی جائے اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا ایک دائمی ذریعہ ہو۔"

خطبہ دراصل ایک وعظ تھا جیسا کہ وعظ ہوتا ہے۔ آنحضرت صلعم کے بعد خلفائے راشدین اور صحابہ کا بھی یہی حال رہا اور تمام عربی حکومتیں جو اس کے بعد قائم ہوئیں ان میں بھی خلفاء و سلاطین کو مساجد کے ممبروں پر وعظ کرتے ہوئے تاریخ میں دیکھا جاسکتا ہے .... لیکن ہماری اصلی مصیبت ہمارے حالات میں نہیں ہے کہ وہ نتائج ہیں اس کا اصلی منبع ہمارے اعمال کی تحریف و نسخ میں ہے کہ وہی علل و اسباب ہیں .... جہل و غفلت کے استیلاء نے ہر اسلامی عمل کو ایک لباس ظاہر دیکر اس کی روح حقیقت سلب کر لی ہے خطبہ جمعہ و عیدین کا بھی یہی حال ہے۔

اب خطبہ کے معنی یہ رہ گئے ہیں کہ عربی زبان میں ایک چھپی ہوئی کتاب جو بازار سے

---

[۱] اپنے دوسرے رسالے "تذکرۃ الاریب فی ہدایت الخطیب" مطبوعہ ۱۹۱۴ء سے جس میں مولانا آزاد مرحوم کے مضمون کے فقرات درج تھے نقل کر رہا ہوں حسن اتفاق سے رسالہ کا ایک نسخہ باوجود انقلاب زمانہ و انخلاء وطن اب تک محفوظ رہا مولانا مرحوم سے پہلی ملاقات مسلم ایجوکیشنل کانفرنس اور مسلم لیگ کے جلسوں کے موقع پر دسمبر ۱۹۰۶ء میں ڈھاکہ میں ہوئی تھی اور ایک دلچسپ واقعہ کی بنا پر پہلی ہی ملاقات میں خاصی بے تکلفی بھی ہو گئی تھی پھر خط و کتابت کا سلسلہ کچھ عرصہ تک رہا "الہلال" میں مضمون بھی لکھے اس مسئلہ پر جب بحث چھڑی مولانا مرحوم نے یہ تائیدی مضمون لکھا جس کے فقرات رسالہ مذکورہ بالا میں درج کئے گئے تھے۔

خرید لی جائے اور الف لیلہ کی طرح اس میں سے ایک خطبہ غلط سلط پڑھ کر سنا دیا جائے آواز بشدت گریہ ہو اور لب و لہجہ میں عربیت پیدا کرنے کے لئے ہر جگہ تفخیم و ثقالت سے کام لیا جائے۔ بعض لوگ قرآن شر ۔ کی حاصل کردہ قرأت کو اس میں بھی صرف کرتے ہیں او . پھر جو شخص ہر لفظ کے آخری حرف ۔ پوری سانس میں کھینچکر پڑھ دے وہ سب سے بڑا قاری و خطیب ہے!!

بسا اوقات غریب پڑھنے والا بھی نہیں جانتا کہ میں کیا پڑھ رہا ہوں، الف لیلہ کی ایک رات کا افسانہ ہے قیلوبی کی کوئی حکایت ہے یا ارشاد و ہدایت اُمت کا وہ عظیم و جلیل عمل اقدس جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر پر کھڑے ہو کر مجھکو انجام دینا ہے! پھر سننے والوں کی مصیبت کا کیا پوچھنا! کوئی اونگتا ہے کوئی اپنے ساتھیوں سے صبح کے بازار کا بھاؤ پوچھتا ہے۔

یہ تمسخر انگیز تذلیل و تحقیر ہے اس مذہب عظیم کے اعمال دینیہ کی جس کے داعی اوّل نے اپنے خطبات و مواعظ سے ایک بادیہ نشیں قوم کو روم و ایران کے تمدن کا مالک بنا دیا تھا! فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ !!

یقین کرو کہ جب حضرت مسیح نے بنی اسرائیل کی ذلت و ہلاکت پر ماتم کیا تو شریعت موسوی کے احکام و اعمال کا بعینہٖ یہی حال تھا جو آج تم نے خدا کی شریعت کا بنا رکھا ہے مسیح اگر ان فروسیوں اور صدقیوں پر روتا تھا جو گو بڑی بڑی آستینوں کے جبے پہنتے، ہر وقت دعائیں مانگتے اور بڑی بڑی جیب تسبیحیں اپنے ہاتھوں میں رکھتے تھے پھر شریعت کے حکموں کو انھوں نے مسخ اور اعمال صالحہ کو بے اثر کر دیا تھا کہ تو ہمیں بھی اپنے مولویوں اور صوفیوں پر ماتم کرنا چاہیئے جو ان کی طرح یہ سب کچھ کرتے ہیں پھر ان ہی کی طرح حقیقت سے بھی خالی ہیں!!

میں سرے سے اس امر کا اشد عدو و دشمن ہوں کہ خطبے لکھے ہوئے پڑھے جائیں۔ یہ ایک بدعت ہے جس کا نہ تو قرون مشہود لہا بالخیر میں ثبوت ملتا ہے اور نہ علت حکم اس کا موید۔ خطبہ ایک وعظ ہے پس مسجدوں میں ایسے خطیب ہونا چاہئیں جن کو یہ قابلیت حاصل ہو کہ جمعہ کے خطبہ کے لئے تیار ہو کر آئیں اور زبانی مثل عام مواعظ کے وعظ کہیں۔ ضرور ہے کہ قوم کی موجودہ حالت ان کے پیش نظر ہو جو بیماریاں آج ہمیں لاحق ہیں ان ہی کا علاج بتلائیں نہ کہ ان کا جواب سے پانچسو برس پہلے تھیں!

جو خطبات عربیہ آج کل رائج ہیں میں نے سب کو پڑھا ہے وہ تو اس وقت کیلئے بھی موزوں نہ تھے جس وقت کے لئے لکھے گئے تھے پھر آج کی حالت کا کیا ذکر!

خطبہ کا یہ مطلب کس نے بتلایا ہے کہ صرف جمعہ وعیدین کے چند مسائل بیان کردئے جائیں اور کہدیا جائے کہ ایک دن مرنا ہے بس ڈرو اور موت کو یاد کرو بیشک موت کو یاد کرنے سے بڑھکر انسان کے لئے دنیا میں کوئی نصیحت نہیں ہوسکتی کفا ک بالموت واعظاً یا عمر! لیکن یہ کہدینا لوگوں کو ڈرانے کے لئے کافی نہیں ہے موت کی یاد کے ساتھ ان کو اس زندگی کا طریقہ بھی بتلانا چاہیئے جو تذکرۂ آخرت کے ساتھ مل کر انسانوں کو دونوں جہانوں میں نجات دلا سکتی ہے۔

بڑا مسئلہ زبان کا ہے اور ضرور ہے کہ ایک مختصر سے خطبہ ماثورہ عربیہ کے بعد وعظ اسی زبان میں ہو جو سامعین کی زبان ہے ورنہ سمجھ میں نہیں آتا کہ اس سے حاصل کیا! شریعت نے کیسی عمدہ مصلحت اس میں رکھی ہے کہ جمعہ کے خطبہ کو نماز فرض کا قائم مقام قرار دیا اور اس کی سماعت کو فرض بتلایا اس سے مقصود یہی تھا کہ لوگ عمل عبادت کی طرح نصائح وہدایت کو بھی سنیں پھر ان نصائح کو ایسا اہم ہونا چاہیئے کہ مصروفیت نماز سے بھی اقدام واقع ہوں۔ کیا یہ خطبات جو آج کل دیکھتے ہیں بلکہ اٹک اٹک کر پڑھے جاتے ہیں اور لوگ بیٹھے ہوئے اونگھتے ہیں یہی مواعظ ہیں جن کی سماعت فرض اور ان کی موجودگی میں نماز تک ممنوع ہے! فاین تذھبون؟

عقل اور شریعت کے لئے ماتم ہے کہ موجودہ علماء خود اس طریق کے عامل اور اس پر پوری طرح قانع ہیں۔ فَمَالِ هٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا!

بڑی مصیبت یہ ہے کہ مسجد کی امامت عموماً جہلا کے ہاتھوں میں ہے اور یہ کام ایک ذریعہ معاش بن گیا ہے وہ بیچارے کہاں سے ایسی قابلیت لائیں کہ برجستہ خطبہ دیں اور اس کے تمام شرائط پورا کریں۔

خطبہ کے معنی تو یہ ہیں کہ نہ صرف عام حالت کی اس میں رعایت کی جائے بلکہ گذشتہ جمعہ کے بعد جو نئے حالات وحوادث دنیا میں گذرے ہیں اور ان کی بنا پر مسلمانوں کو جو کچھ تعلیم کرنا ضروری ہے اس کی بھی رعایت اس میں ملحوظ رہے . . . مسلمانوں کی تعلیم، انکی سیاسی حالت، ان کے اخلاق واعمال ان کی ضروریات حالیہ اگر مساجد کی تعلیم سے درست نہ ہونگی

توکیا وائی۔ایم۔سی کے پریچنگ والوں (عیسائی انجمنوں کے مواعظ کے کمروں) میں ان کو ڈھونڈھنا چاہیئے۔

خطبہ کی عبارت و تقریر نہایت موثر ہونی چاہیئے تاکہ سننے والوں کے دلوں کو کھینچ لے اور سامع کو اس کا ذوق دوسری طرف متوجہ نہ ہونے دے"

امام ابن قیمؒ زاد المعاد میں لکھتے ہیں:۔

وکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخطب فی کل وقت بما یقتضیہ حاجۃ المخاطبین ومصلحتھم	اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ جب خطبہ دیتے تو مخاطبین کی ضرورت اور ان کی مصلحت کے لحاظ سے دیا کرتے تھے۔

نیز فرماتے ہیں کہ دوران خطبہ اگر کوئی ضرورت پیش آجاتی تو آپ غیر متعلق گفتگو بھی کر لیتے بار ہا ایسا ہوا ہے کہ اثنائے خطبہ میں کوئی آیا ہے تو آؤ بیٹھو اور سنو اور اس طرح کے مختصر جملے کہہ دیئے ہیں۔ایک مرتبہ آپ خطبہ دے رہے تھے ایک شخص نے دین کے بارے میں پوچھا آپ نے پہلے اس کے سوال کا جواب دیا اور اسے بتایا دین کیا ہے اس کے بعد خطبہ دینا شروع کیا۔

آپ کے خلفاء کا بھی اسی پر عمل رہا۔ازالۃ الخلفاء میں محدث دہلویؒ نے حضرت عمرؓ کا واقعہ بیان کیا ہے کہ جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے ایک صحابی مسجد میں داخل ہوئے حضرت عمرؓ نے خطبہ روک کر ان سے کہا یہ کیا وقت ہے آنے کا؟ عرض کیا بازار سے پلٹ کر آیا اذان کی آواز سنی وضو کر کے حاضر ہوا ہوں امیر المومنین نے فرمایا الوضوء ایضاً قد علمت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یامر بالغسل (ج ۲ ص ۸۶) تم نے وضو ہی پر کفایت کی جانتے ہو کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے تو (یوم جمعہ کو) غسل کا حکم فرمایا ہے۔اس گفتگو کے بعد خطبہ پھر دینے لگے۔خطبہ چونکہ عبادت نہیں اس میں غیر متعلق گفتگو بھی حسب ضرورت ہو سکتی ہے مقصد وعظ و تذکیر ہے خواہ بیٹھ کر خطبہ دیا جائے یا بے وضو دیا جائے جائز ہے۔

اگر نشستہ خطبہ خواند یا بے وضو خواند روا است از جہت حصول مقصود کہ آن وعظ و تذکیر است (شرح وقایہ)	اگر بیٹھ کر خطبہ دے یا بے وضو خطبہ دے جائز ہے بغرض حصول مقصود کہ وہ وعظ و نصیحت ہے۔

صدر اوّل میں سوائے مسجد نبوی کے منبر نہ تھے حضرت عمرو بن العاصؓ فاتح مصر نے

وہاں مسجد تعمیر کرائی منبر بھی بنوایا حضرت عمرؓ کو خبر ہوئی انھیں تنبیہ کی اور کہا:۔

اما بعد۔ فقد بلغني انك اتخذت منبرا ترقى به على رقاب المسلمين او ما يكفيك ان تكون قائما والمسلمون تحت عقبك فعزمت عليك الا ما كسرته (مقدمہ ابن خلدون)	اما بعد۔ مجھے اطلاع ملی ہے کہ تم نے (مسجد میں) منبر بنوایا ہے جس سے تم مسلمانوں کی گردنوں پر سوار ہو جاتے ہو۔ کیا تمہارے لئے یہ کافی نہ تھا کہ خطبہ دیتے وقت تم کھڑے رہتے اور مسلمان تمہارے قدموں میں بیٹھے (سنتے) رہتے۔ میں تم کو قسم دلاتا ہوں (کہ توڑ ڈالو) شاید نہ توڑ دوگے۔

اس واقعہ سے جہاں یہ سبق ملتا ہے کہ صحبت یافتگان نبی صلی اللہ علیہ وسلم اسلامی مساوات پر کس شدت سے عمل پیرا تھے وہاں یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ منبر پر سے خطبہ دینا لازمی نہیں جس طرح چاہے حاضرین سے خطاب کرے اور جس زبان میں چاہے وعظ و نصیحت کرے بشرطیکہ سننے والے سمجھ سکیں اور وعظ و پند سے فائدہ حاصل کر سکیں ایسی زبان میں وعظ و نصیحت کرنا جسے سامعین نہ سمجھیں مقصد خطبہ کا فوت کر دیتا ہے۔

خطبہ جمعہ اور مدح اشخاص

جمعہ کے خطبوں کے آخری حصے میں جو خطبہ ثانیہ کہلاتا ہے خلفائے اربعہ ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ و علیؓ اور خاص طور سے ہاشمی خاندان کے اشخاص خمسہ "پنج تن" یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں مومن چچا حمزہؓ عباسؓ آپ کی صرف ایک صاحبزادی فاطمہؓ اور ان کے دونوں صاحبزادوں حسنؓ و حسینؓ کا ذکر جن الفاظ میں اور جس لہجے سے کیا جاتا ہے وہ کس زمانے میں اور کن حالات میں شروع ہوا اس کا تاریخی جائزہ لینے سے قبل ضروری ہے کہ رسالتماب علیہ الصلوٰۃ والسلام اور آپ کے خلفائے کرام کے خطبات کی مثالیں بھی پیش نظر رہیں۔

اللہ جل شانہ نے سورۂ بقرہ، سورۂ نساء اور سورۂ جمعہ میں سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے مبعوث کئے جانے کے بارے میں جو ارشاد فرمایا ہے وہ سورۂ جمعہ کی دوسری آیت کے الفاظ میں یوں ہے:۔

بعث في الاميين رسولا	(اللہ) وہی تو (خدا) ہے جس نے (عرب کے)

مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَ يُزَكِّيْهِمْ وَ يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۞	اَن پڑھ (اور اُجڈ) لوگوں میں (ان کی ہدایت کے لئے) اُن ہی میں کا (ایک اُمّی اور پہلے آسمانی صحیفوں سے ناآشنا) رسول بھیجا جو اُس کی آیتیں (خدا کے عالم آرا احکام) اُن کو پڑھ کر سناتا ہے اور ان کو سنوارتا ہے عصیاں اور جمود سے ان کے دلوں کو پاک کرتا ہے) اور ان کو کتاب (یعنی احکام قرآن اور خدائے حکیم کی) حکمت سکھاتا ہے اور اس سے پہلے یہ لوگ صریح گمراہی میں تھے۔

ان نصوص قرآنیہ سے ہی واضح ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہؓ کس کس طرح تعلیم دیتے، موعظت و تذکیر کرتے اور یہ بھی سب جانتے ہیں کہ نماز جمعہ و عیدین اور پنجوقتہ نمازوں کی بنفس نفیس امامت کرتے، خطبے ارشاد فرماتے۔ متعدد کتب میں آپ کے بعض خطبے نقل ہیں خطبہ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا سے شروع کرتے اور "علیکم السلام و رحمۃ اللہ و برکاتہ" کہکر ختم فرماتے۔ اسی اسوۂ حسنہ نبوی کے اتباع میں خلفائے کرام بھی اپنے خطبوں میں بیشتر وعظ و تذکیر کرتے۔

در عصر اول موعظت و تذکیر ضمیمہ خلافت بود۔ (ازالۃ الخفا ج ۱ ص ۳)	اول زمانۂ اسلام میں وعظ و تذکیر خلافت ہی کا ایک ضمیمہ تھا۔

چنانچہ خلیفہ وقت اپنے مرکز اور مستقر خلافت میں نمازوں کی بذات خود امامت کرتے اور فی البدیہہ خطبے دیتے۔ اسی طرح صوبوں میں ان کے نائب اور گورنر یہ فرائض انجام دیتے۔ حمد باری تعالیٰ کے بعد نعتیہ کلمات میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور نذر عقیدت پیش کرتے ہوئے اقامت دین کے اس عظیم کارنامے کو بیان کرتے کہ جان بلب انسانیت کو آپ نے کس طرح حیات نو بخشی اور گم کردہ راہ انسان کو جادہ حق سے کس طرح روشناس کرایا پھر مضمون خطبہ ادا کر کے محسن انسانیت علیہ الصلوٰۃ والسلام پر کیف دل سے درود کے الفاظ میں تحسین و آفریں کے ساتھ دعائے تضعیف ثواب و رحمت کرتے جنھوں نے ۲۳ سال عہد رسالت میں طرح طرح کی مخالفوں اور دشمنوں پر غالب آکر نوع انسانی کو توحید خالص وحدت انسانیت اور روحانیات و اخلاقیات کے درس لو دیئے تھے اور چھوٹے خداؤں کے اور قوم و ملک قبیلہ و خاندان اور رنگ و نسل کے خود ساختہ

بت ایک کرکے پاش پاش کردے تھے۔ اَللّٰھُمَّ صلِّ علی النبیّ اکرم۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت فرمائی کے بعد صحابہ میں بزرگ ترین ہستی علم وعمل اور عظیم دینی وملی خدمات کے اعتبار سے حضرت ابوبکر الصدیقؓ ہی کی تھی وہ ہی آپ کے خلیفہ بلافصل ہوئے مختلف کتب تاریخ و تذکرہ میں ان کے بعض خطبات اور خطبوں کے فقرات نقل ہیں۔ مبداء فیاض سے حضرت موصوف کو خطابت کا ملکہ خداداد عطا ہوا تھا۔ چھوٹے چھوٹے فقرے بے تکلف وسادہ الفاظ جملے بیشتر قرآنی الفاظ وآیات سے آراستہ وپند وموعظت سے مملو، انداز کلام حکیمانہ وفصیح، اسلوب بیان ایسا موثر اور دلنشین کہ سامعین کے دلوں میں گھر کرتا چلا جائے۔ بقول کسے ؎

دیکھنا تقریر کی لذّت کہ جو اُس نے کہا
میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے

ان کے خطبوں میں حمدالٰہی ونعتِ رسول کے سوائے نہ کسی دوسرے شخص کا خواہ ہاشمی ہو یا غیر ہاشمی کوئی ذکر ہوتا تھا نہ مدح اور نہ خطبوں کی غرض وغایت کے اعتبار سے ہوسکتا تھا۔ اب ان کے ایک خطبے کے فقرات سنئے۔

خطبہ صدیق اکبرؓ | خطبہ حمد باریتعالےٰ سے شروع کرتے ہیں اور اس حمدالٰہی کے کلمات کو آیات قرآنی کے الفاظ سے یوں آراستہ کرتے ہیں، ملاحظہ ہو:۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ۔ اَحْمَدُہٗ وَاَسْتَعِیْنُہٗ وَاَسْتَغْفِرُہٗ وَاٰمِنُ بِہٖ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْہِ وَاَسْتَہْدِی اللّٰہَ بِالْھُدٰی وَاَعُوْذُ بِہٖ مِنَ الضَّلَالِ وَالرَّدٰی وَمِنَ الشَّکِّ وَالْعَمٰی مَنْ یَّھْدِ اللّٰہُ فَھُوَ الْمُھْتَدِیْ وَمَنْ یُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَہٗ وَلِیًّا مُّرْشِدًا وَاَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ یُعِزُّ مَنْ یَّشَآءُ وَیُذِلُّ مَنْ یَّشَآءُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۝

نعت وثنا رسول اکرمؐ | ثنائے رسول کو بھی دیکھئے آیات قرآنی سے کس خوبی سے آراستہ کیا ہے، فرماتے ہیں:۔

وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ اَرْسَلَہٗ بِالْھُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْھِرَہٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُشْرِکُوْنَ۝	اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں جنھیں اسی (خدا) نے (عظیم الشان) ہدایت اور سچا دین دے کر بھی

اِلی الناس کافۃ رحمۃ لھم وحجۃ
عَلَیھم والناس حینئذٍ علی شر
حال فی ظلمات الجاھلیۃ دینھم
بدعۃ ودعوتھم فریۃ فاعز
اللہ الدین بمحمد صلی اللہ علیہ وسلم
وَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ أَيُّهَا المومنون!
فَأَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا وَ
كُنْتُمْ عَلَى شَفَا حُفْرَةٍ مِنَ النَّارِ
فَأَنْقَذَكُمْ مِنْهَا كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ
اللَّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ
فَأَطِيعُوا اللہ وَرَسُولہ فانہ
قال عزوجل مَنْ يُطِعِ الرَّسُولَ
فَقَدْ أَطَاعَ اللَّهَ وَمَنْ تَوَلَّى فَمَا
أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا ۝

تاکہ اس کے زور اثر سے یہ دین سب
دینوں پر غالب آجائے اگرچہ مشرکوں کو برا ہی
لگے ۔انھیں تمام انسانوں کے لئے رحمت
اور ان پر حجت بنا کر اس زمانے میں بھیجا
جب انسان بدترین حال میں مبتلائے جاہلیت
کی تاریکیوں میں پڑے تھے دین ان کے
بدعت اور دعوت ان کی جھوٹی پرفریب
تھی پس اللہ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات
سے دین (اسلام) کو سربلند کیا اور اے
مومنو! تمھارے دلوں میں الفت ومحبت
رکھدی کہ اس کے فضل سے تم بھائی بھائی
ہوگئے (اور دیکھو) تم (فتنہ وفساد کی)
آگ کے گہرے گڑھے کے کنارے پر (کھڑے)
تھے تو اس میں (گرنے) سے تم کو بچا لیا اسی
طرح واضح کرتا ہے اللہ تم پر اپنی نشانیاں
تاکہ تم راہ ہدایت پاؤ۔ پس اے لوگو اطاعت
کرو اللہ اور اس کے رسول کی کیونکہ اللہ
عزوجل فرماتا ہے " اور جس نے حکم مانا
رسول کا اس نے حکم مانا اللہ کا اور جو الٹا
پھرا تو ہم نے تجھ کو (اے رسول) ان پر
نہیں بھیجا نگہبان "

نعت رسول میں آیات قرآنی سے اجتماع وائتلاف امت کی نعمت کو بیان کرنے اور اس کے رسول کے احکامات کے اتباع پر حاضرین کو متوجہ کرنے کے بعد خطبہ کا مضمون یوں ادا کیا:-

مضمون خطبہ ۔ انی اوصیکم

میں وصیت کرتا ہوں تمھیں اس بات کی

بتقوى الله العظيم في كل حال ولزوم الحق
فيما احببتم وكرهتم فانه ليس
دون الصدق من الحديث خير۔ من
يكذب يفجر ومن يفجر يهلك وايا كم
والفخر من خلق من تراب والى التراب
يعود هو اليوم حي وغدا ميت فاعملوا
وعدوا انفسكم في الموتى وما
اشكل عليكم فردوا علمه الى الله
وقدموا لانفسكم خيرا تجدوه
محضرا فانه قال عز وجل۔ يَوْمَ
تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا
وَّمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْءٍ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَهَا
وَبَيْنَهٗٓ اَمَدًاۢ بَعِيْدًا ؕ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ
نَفْسَهٗ ؕ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ۝
فاتقوا الله عباد الله وراقبوا واعتبروا
بمن مضى قبلكم واعلموا انه
لابد من لقاء ربكم والجزاء
باعمالكم صغيرها وكبيرها
الا ما غفر الله انه غفور رحيم
فانفسكم انفسكم والمستعان
الله ولا حول ولا قوة الا بالله۔

کہ ہر کام اور ہر حال میں اللہ بزرگ و برتر کا
خوف تمہارے پیش نظر رہے اور اپنی پسند اور
ناپسندیدگی کے بارے میں حق کا التزام رہے
سچی بات کے سوائے اور بات میں اچھائی نہیں
جو دروغ گوئی کرتا ہے وہ حق سے منحرف ہو جاتا
ہے اور جو حق سے منحرف ہو جاتا ہے وہ (آخر الامر)
ہلاک ہو جاتا ہے۔ دیکھو خبردار اپنی (یا اپنے
آباء کی) بڑائی اور فخر مت کرنا۔ جو خاک (خمیر)
سے پیدا ہوا اور پھر خاک ہی میں مل جائے گا
اور جو آج زندہ ہے اور کل مر جائیگا (اُسے
فخر اور بڑائی کب زیب دیتی ہے) پس عمل
(خیر) کئے جاؤ اور اپنا شمار مرنے والوں میں
کرتے رہو جو بات تمہاری سمجھ میں نہ آئے اُسے
اللہ کے حوالے کر دو۔ اپنی ذات کے لئے اچھے
اعمال پہلے سے کر رکھو۔ یہی ذخیرہ توکل تمہارے
پاس ہوگا۔ خدائے بزرگ و برتر فرماتا ہے۔
"جس دن موجود پائیگا اپنے سامنے ہر شخص جو
کچھ نیکی اس نے کی ہے اور جو کچھ برائی اس نے
کی ہے تو آرزو کرے گا کہ مجھ میں اور اس
(برائی) میں دُور کا فرق پڑ جائے اور اللہ
خبردار کرتا ہے تم کو اپنے (مکافات) سے اور
اللہ بہت مہربان ہے بندوں پر" پس اے
اللہ کے بندو! ڈرو اللہ سے اور عبرت پکڑو
اس سے جو پہلے تم سے گذر چکا ہے اور عمل
(نیک) کرو پھر تم کو لازماً اپنے رب کے حضور

جاتا ہے اور اپنے چھوٹے بڑے سب اعمال کا
بدلہ پاتا ہے سوائے اس کے کہ اللہ معفرت کرے
وہ بڑا معفرت کرنے والا رحیم ہے پس اپنی اپنی
جانوں کی خیر مناؤ اور اللہ ہی سے مدد چاہو اللہ
کے سوا کسی میں کوئی قدرت وطاقت نہیں۔

دیگر پند ونصائح کے علاوہ سامعین کی نفسیات کے اعتبار سے ذاتی ونسبی فخر سے بچنے کے لئے جس میں اہل عرب سب سے زیادہ مبتلا تھے کس مؤثر پیرایہ میں نصیحت کی ہے کہ جس کا خمیر خاک سے ہے اور خاک میں ہی جاملے گا۔ آج زندہ ہے کل مرجائیگا اس کو فخر وبڑائی کب زیبا ہے۔

صلوٰت وسلام

مضمون خطبہ ختم کرنے کے بعد سورۃ الاحزاب کے ساتویں رکوع کی تیسری آیت تلاوت کی اور ان الفاظ میں نبی کریم پر صلوۃ وسلام بھیجا:۔

اللّٰھُمَّ صَلِّ علیٰ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ افضل ما صلیت علیٰ احدٍ مِن خلقك۔	یا اللہ اپنے بندے اور اپنے رسول محمد پر (ان کے بے مثال کارنامے تبلیغ ورسالت کے لئے) ایسا بیش بہا تحفہ اجر وثواب ورحمت عطا کیجیو جو اپنی مخلوق میں سے کسی ایک کو بھی نہ عطا کیا ہو۔

پھر یہ دعا مانگ کر خطبہ ختم کیا' یا اللہ ان ہی کے گروہ میں ہمارا حشر کیجیو۔ ان سے ملائیو۔ ان کے حوض پر پہنچائیو۔ اپنی اطاعت پر ہمارا ہی دستگیری کیجیو اور دشمنوں پر ہماری مدد فرمائیو:۔

لہ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں لم یامر اللہ بالصلاۃ علی معین غیر النبی (یعنی نبی صلعم کے سوائے معین طور سے اور کسی پر صلوٰت بھیجنے کا اللہ نے حکم نہیں دیا) حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں لا تنبغی الصلاۃ الا علی النبی ولکن یدعی للمسلمین والمسلمات بالاستغفار (لوائح الانوار البھیۃ) سوائے نبی صلعم کے اور کسی پر صلوٰۃ نہیں بھیجنی چاہیے البتہ مسلمان مرد وعورت کے لئے دعائے معفرت کی جائے۔ علامہ ابن اثیر لکھتے ہیں اللّٰھُمَّ صلی علی محمد فمعناہ عظمہ فی الدنیا باعلاء ذکرہ واظہار دعوتہ وابقاء شریعتہ وفی الآخرۃ تبضعیف اجرہ ومثوبتہ (النہایۃ)
(بقیا صفحہ ۲۶۴ پر)

حضرت ابوبکر صدیقؓ کے اِس خطبے میں یا دوسرے خطبات میں جو مختلف کتب میں نقل ہیں اللہ اور اس کے رسول کی حمد و نعت کے سوائے کسی دوسرے شخص کا خواہ آپ کے چچا ہوں یا داماد و بیٹی اور نواسے اشارتاً بھی کوئی ذکر نہیں۔ اسی طرح دوسرے خلفائے راشدین حضرت عمرؓ و عثمانؓ و علیؓ کے خطبوں میں جمعہ و عیدین کے ہوں یا دیگر مواقع کے اللہ و رسول کے سوائے مضمون خطبہ میں نہ کسی اور کا ذکر ہوتا تھا اور نہ صلوٰۃ و سلام میں کسی کا نام لیا جاتا تھا اور نہ اللہ جل شانہٗ کے حکم صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا کے فرمان کی تعمیل میں سوائے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کسی دوسرے کا نام اس میں شامل کیا جاتا تھا۔

خطبہ میں دُعائے خیر کی ابتدا

مورخ ابن خلدون کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ پہلے شخص ہیں جنھوں نے خلیفۂ وقت حضرت علیؓ کے لئے بر سر منبر دعائے خیر کی تھی اس کے بعد سے یہ رواج چل پڑا کہ خطبوں میں خلیفۂ وقت کے لئے دعا کی جاتی تھی۔ ابن خلدون کی عبارت یہ ہے کہ:۔

وَاَوَّلُ مَنْ دَعَا لِلْخَلِیْفَۃِ عَلَی الْمِنْبَرِ	اور پہلے شخص خلیفہ کے لئے بر سر منبر دعا کرنیوالے

نوٹ بقایا صفحہ ۲۶۳ کا) فی غریب الحدیث والاثر) یعنی نبی صلعم پر صلوات بھیجنے سے مراد ہے کہ اس دنیا میں ان کے ذکر کی برتری ان کی دعوت کے اظہار اور بقائے شریعت کے ہونے سے ان کی عظمت اور آخرت میں ان کے اجر و ثواب کی تضعیف۔ ابن ہمام نے فتح القدیر میں، سرخسی نے المبسوط میں ابن نجیم نے البحر الرائق میں کہا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ و سلام بھیجنا تکرار کا مقتضی نہیں۔ دوسرے علمائے حق کا قول ہے کہ اظہار شہادتین کی طرح ایک مرتبہ بھی صلوات بھیجی جائے کافی ہے اور موجب ثواب ہے۔ والآیۃ تدل علی ان الصلاۃ واجبۃ علیہ فی العمر مرۃ فان مطلق الامر لا یقتضی التکرار (المبسوط سرخسی) نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر کیف دل سے درود بھیجنے سے مراد آپ کے انقلاب انگیز کارناموں اور آپ کی تعلیمات کی عظمت کا اس طرح دل پر چھا جانا کہ آپ کی پیروی اور آپ کے نقش قدم پر چلنے کی امنگ و آرزو پیدا ہو۔ نبی پر مومنوں کی صلوٰۃ کا مطلب یہ ہے کہ ان کے لائے ہوئے قانون کو تسلیم کر کے اس پر عمل پیرا ہوں کیف دل سے صلوا علیہ وسلموا تسلیما کی تعمیل کریں تسلیما سے مراد ہے نبی کے لائے ہوئے ضابطۂ حیات کو عملاً تسلیم کرنا۔

اِبْنَ عَبَّاسٍ دَعَا لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا فِي خُطْبَتِهِ وَهُوَ بِالْبَصْرَةِ عَامِلٌ لَهُ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ انْصُرْ عَلِيًّا عَلَى الْحَقِّ وَ اتَّصَلَ الْعَمَلُ عَلٰى ذٰلِكَ فِيْمَا بَعْدُ (مقدمہ ابن خلدون)	ابن عباسؓ ہیں جنھوں نے علیؓ کے لئے اس زمانے میں جب وہ ان کی جانب سے بصرے کے عامل تھے اپنے خطبہ میں دعاء کی تھی اور کہا تھا یا اللہ علی کی امرِ حق پر مدد کیجیو اس کے بعد سے یہ رواج چل پڑا (کہ خلیفہ وقت کے لئے خطبوں میں دعا کی جاتی تھی)

حضرت ابن عباسؓ علوی پارٹی کے ممتاز رکن بھی تھے اور حضرت علیؓ کے قریبی عزیز بھی ان کا اس زمانے میں جب علوی پارٹی اندوہناک خانہ جنگیوں میں مبتلا تھی اپنے قائد اور چچیرے بھائی کے لئے دعائے خیر کرنا قدرتی بات تھی کوئی امر شرعی نہ تھا کیونکہ اس وقت کے سب جھگڑے سیاسی اقتدار کے سلسلے کے تھے بقول محدث دہلوی "مقاتلات وے (علی) رضی اللہ عنہ برائے طلب خلافت بود نہ بجہت اسلام (ازالۃ الخفاء ص ۲۰۰) یعنی حضرت علیؓ کے یہ سارے جدال و قتال طلب خلافت کے لئے تھے نہ برائے اسلام چنانچہ ان کے زمانہ تک بھی جمعہ کے خطبوں میں حمد و نعت و ثنائے رسول اکرم کے سوائے کسی دوسرے کا ذکر یا مدح و ثنا نہ ہوتی تھی حضرت ابن عباسؓ نے بھی امرِ حق پر مدد کی دعا مانگی تھی مدح و ثنا نہیں کی تھی۔ حضرت عمر فاروقؓ کے عہد خلافت میں جب حضرت ابوموسیٰ الاشعری نے کہ بصرے کے عامل تھے خلیفہ وقت کے لئے دعائے خیر اور ثنا کی تھی ضبہ بن محصن العنزی تابعی نے فوراً ٹوک دیا تھا[1]

[1] ان تابعی کا احتجاج یہ تھا کہ حضرت عمرؓ ہی کے ساتھی کا جو ان سے افضل تھے کیوں ذکر نہیں کیا جب کئی مرتبہ احتجاج ہوا حضرت ابوموسیٰؓ نے امیر المومنین کو ان کی شکایت لکھ بھیجی وہاں سے طلبی ہوئی ضبہ بن محصن عنزی نے اصل واقعہ بیان کرتے ہوئے جب حضرت ابوبکرؓ کا نام لیا نام سنتے ہی حضرت عمرؓ پر رقت طاری ہو گئی (فانتفع عمرؓ باکیا) ضبہ سے فرمانے لگے مجھے معاف کردو اللہ تمہاری مغفرت کرے۔ واللہ للیلۃ من ابی بکر و یوم خیر من عمر و آل عمر (قسم بخدا ابوبکر کی ایک رات اور ایک دن عمر اور اس کے سارے کنبے کی زندگی سے بڑھ کر تھا) پھر بیان کیا کہ رات تو وہ تھی جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم مشرکین قریش سے بچ کر تشریف لے جا رہے تھے ابوبکرؓ ساتھ تھے کبھی آپ کے آگے چلتے تھے کبھی پیچھے کبھی دائیں کبھی بائیں آپ نے پوچھا ما ھذا یا ابابکر ما اعرف ھذا من فعلک (اے ابوبکر یہ کیا! میں تمہارے اس (بقایا نوٹ ۲ صفحہ)

غرضیکہ خلفائے اربعہ ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ و علیؓ کے زمانہ تک حمد و نعت کے سوا خطبوں میں نہ کسی کا نام لیا جاتا تھا اور نہ مدح و ثنا کی جاتی تھی۔ حضرت ابن عباسؓ نے بر سرِ منبر حضرت علیؓ کی مشکلات کے دور ہونے کی جو دعا کی تھی اس کا حال آپ سن چکے۔

ذکر و ثنائے خلفائے اربعہ کی ابتداء

علوی خلافت کے زمانے میں جو افسوسناک مناقشات باہمی ہوئے ان کے نتیجے میں روافض اور خوارج دو سیاسی پارٹیاں بن گئی تھیں جنھیں بعد میں مذہبی رنگ دے دیا گیا۔ روافض حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ تینوں بزرگوں کی بدگوئی کرتے تھے اور خوارج حضرت عثمانؓ و علیؓ و معاویہؓ و عمرو بن العاصؓ کی۔ ان جلیل القدر صحابہ کی بدگوئی کرنا۔ جنھوں نے

(بقایا نوٹ صفحہ ۲۶۵ کا) فعل کا مقصد نہیں سمجھا) عرض کیا کہ آگے اس غرض سے چلتا ہوں کہ کوئی گھات میں ہو تو پہلے میں ہی اس سے نمٹ لوں اور پیچھے اس لئے کہ تعاقب کرنے والے کے مقابل آؤں اور اسی غرض سے دائیں بائیں چلتا ہوں کہ ان اطراف سے حملہ ہو تو میں ہی سامنا کروں یہ سنکر آپ پنجوں کے بل چلنے لگے کہ نشان قدم کی شناخت نہ ہو سکے اس سے قدم مبارک کی انگلیاں چھل گئیں (حتی حفیت) یہ حال دیکھکر ابوبکرؓ نے اپنے کندھوں پر آپ کو سوار کیا اور غار کے منہ تک لے گئے (حملہ علی عاتقہ اتی بہ فم الغار) وہاں پہنچکر اتارا پہلے خود داخل ہوئے اور جگہ صاف کی اپنا لباس پھاڑ کر سانپوں کے بل اور سوراخ بند کئے ایک باقی رہ گیا تھا اس میں اپنی ایڑی لگا دی آنحضورؐ نے ان کے زانو پر سر مبارک رکھکر استراحت فرمائی۔ سانپ نے ابوبکرؓ کی ایڑی ڈس لی اذیت سے آنسو رخسار پر بہنے لگے۔ آپ بیدار ہوئے اپنے فدائی ساتھی کو اس حال میں دیکھکر رب العالمین سے التجا کی کہ ابوبکرؓ کو جنت میں میرے ہی ساتھ رکھیو وحی آئی آیت نازل ہوئی اور اللہ نے ابوبکرؓ پر طمانیت و سکینہ نازل فرمایا (فانزل اللہ سکینۃ و طمانیۃ علیٰ ابی بکر) یہ ماجرا تو رات کا تھا اور دن وہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد عرب میں ارتداد شروع ہوا کچھ لوگ کہتے تھے نماز پڑھ لیں گے زکوٰۃ نہیں دیں گے ابوبکرؓ نے تادیبی کارروائی کا عزم کر لیا ہم لوگ نرمی کے برتاؤ کا مشورہ دیتے تھے فرمایا وحی کا سلسلہ منقطع ہو گیا واللہ اگر اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی بھی نہ دیں گے تو جہاد کروں گا اور ان کی استقامت نے سب حالات درست کر دیئے یہ تھا ان کا ایک دن

اقامت دین کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں مخلصانہ وسرفروشانہ خدمات جلیلہ انجام دیں اور احکام وشرائع کا معتد بہ حصہ ان ہی کے ذریعہ اُمت کو پہنچا دیں وشریعت میں موجب فساد کا تھا اس لئے جمعہ کے خطبوں میں ان کا نام بنام ذکر اوران کے لئے رضائے الٰہی کی دعا کرنا سب وشتم کے سدباب کی غرض سے ہی اختیار کیا گیا ورنہ بقول شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ اہل سنت کے نزدیک خطبوں میں ان بزرگوں کا ذکر فرض نہیں ہے ان اهل السنة لایقولون ان ذکر الخلفاء فی الخطبة فرض (منہاج السنۃ ج ۲ ص ۱۲۵) بلکہ اسی مصلحت دینی وملی کے اعتبار سے مستحب قرار دیا گیا جس کا اظہار شیخ الاسلام موصوف نے ان الفاظ میں کیا ہے :-

ان الذین اختاروا ذکر الخلفاء الراشدین علی المنبر یوم الجمعة انما فعلوه تعویضا عن سب من یسبهم ویقدح فیهم وکان ذلك من الفساد فی الاسلام مایخفی فاعلنوا بذکرهم والثناء علیهم والدعاء لهم لیکون ذلك حفظا للاسلام باظهار موالاتهم والثناء علیهم ومنعهم ممن یرید عورتهم وطعن علیهم قد صح عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم انه قال علیکم بسنتی وسنة الخلفاء الراشدین المهدیین من بعدی تمسکوا بها وعضوا علیها بالنواجذ وایاکم ومحدثات الامور فان کل بدعة ضلالة۔
(ایضاً ص ۱۲۹)

جمعہ کے روز جن لوگوں نے خلفائے راشدین کا ذکر برسر منبر کرنا اختیار کیا تھا انھوں نے ان اشخاص کی بدگوئی کے بدلہ اور توڑ کے لئے یقیناً اختیار کیا تھا جو ان بزرگوں پر سب وشتم اوران کی قدح کرتے اور یہ فعل ان کا ظاہر ہے کہ اسلام میں موجب فساد کا تھا اس لئے بالاعلان ان بزرگوں کا ذکر کیا گیا ان کی مدح وثناء اور ان پر دعائے رحمت کی گئی ان سے اظہار محبت ان کی تعریف وتوصیف اوران کے طعن ومنقصت کے درپے ہونے والوں کا روکنا اور باز رکھنا یہ سب تحفظ اسلام کی خاطر کیا گیا کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ (اے لوگو) اپنے اوپر میری سنت اور میرے بعد ان خلفاء کی سنت کی پابندی لازم سمجھو جو راشد (ہدایت یافتہ) اور مہدی (ہدایت بخش) ہوں گے تم اسی سے وابستہ رہنا اور اسے خوب مضبوطی سے (اپنے دانتوں سے) پکڑے

رہنا۔ خبردار (دین میں نئی باتیں نہ پیدا کرنا کیونکہ ہر بدعت گمراہی ہے۔

کہا گیا ہے کہ خطبوں میں نام لینے کی ابتداء اموی خلافت کے زمانے سے اس طرح ہوئی کہ تینوں صحابی خلفاء حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ کے ساتھ چوتھے صحابی خلیفہ حضرت معاویہؓ کا ذکر خطبوں میں ہوتا تھا مگر حضرت علیؓ کا نام شامل نہیں کیا جاتا تھا کیونکہ ان لوگوں کے نزدیک حضرت موصوف کی خلافت نہ مکمل ہوئی تھی اور نہ مقصد ہی اس کا حاصل ہوا تھا (لم تتم ولم تحصل مقصودها) شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے ان لوگوں کی دلیل وحجت کو ایک رافضی مصنف کا جواب دیتے ہوئے ان الفاظ میں بیان کیا ہے:۔

وهذا حجة من كان يربع بذكر معاوية رضی الله عنه كما كان يفعل ذلك من كان يفعله بالاندلس وغيرها وقالوا ان معاوية رضی الله عنه اتفق المسلمون عليه بخلاف علی رضی الله عنه۔ (ایضاً ص ۱۲۹)	ان لوگوں کی حجت جو حضرت معاویہؓ کا ذکر چوتھے خلیفہ کی حیثیت سے کرتے تھے حضرت علیؓ کا ذکر نہیں کرتے تھے اور اسی طرح اندلس وغیرہ میں لوگ ایسا ہی کرتے تھے یہ تھی اور وہ یہ کہتے تھے کہ حضرت معاویہؓ (کی خلافت) پر مسلمان متفق ومتحد رہے تھے بخلاف حضرت علیؓ کے (کہ ان پر مسلمان متفق نہ ہوئے تھے)۔

یہی صورت حال بلاشبہ خلفائے ثلاثہ حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ کی خلافتوں کی بھی تھی کہ مسلمان سب متفق تھے بخلاف حضرت علیؓ کے زمانے کے کتاب منہاج الکرامہ فی معرفۃ الامامہ کے رافضی مولف کے جواب میں شیخ الاسلام موصوف نے لکھا ہے کہ:۔

ومن المعلوم ان الخلفاء الثلاثة اتفق عليهم المسلمون وكان السيف فی زمانهم مسلولا على الكفار مكفوفاً عن اهل الاسلام واما علی فلم يتفق المسلمون على مبايعته بل وقعت الفتنة تلك المدة وكان السيف فی تلك المدة مكفوفاً عن الكفار	سب کو معلوم ہے کہ تینوں خلفاء ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ کی خلافتوں) پر مسلمان متفق ومتحد تھے اور ان کے زمانوں میں تلوار کفار کے مقابلے میں کھنچی ہوئی اور مسلمانوں کے خلاف نیام میں رہی بخلاف علیؓ کے کہ مسلمان ان کی بیعت پر متفق نہ ہوئے بلکہ ان کی کل مدت میں فتنہ برپا رہا اور تلوار اس مدت میں کفار کے مقابلے میں

مسلولاً علی اهل الاسلام۔ (ایضاً ص۱۴۵)	تو نیام میں رہی اور مسلمانوں کے خلاف کھنچی رہی۔

چنانچہ اسی بنا پر کہ حضرت علیؓ کی بیعت تام نہیں ہوئی تھی بلکہ ان کے زمانے میں فتنہ وفساد برابر قایم رہا جس سے مقصد خلافت حاصل نہ ہوا۔ اموی عہد میں ان کا نام خطبوں میں نہیں لیا جاتا تھا۔ ممالک اسلامیہ کے تمام صوبجات حتیٰ کہ اموی خلافت کے خاتمہ کے بعد بھی اندلس اور ملک مغرب میں بھی عرصہ تک یہی دستور رہا۔

کثیر من خطباء السنة بالمغرب وغیرها یذکرون ابابکر وعمر وعثمان ویربعون بذکر معاویة ولا یذکرون علیاً قالوا هؤلاء اتفق المسلمون علیٰ امامتهم دون علیؓ	مغربی ممالک وغیرہ میں اہل سنت کے بہت سے خطیب (خطبات جمعہ میں) حضرت ابوبکرؓ وعمرؓ وعثمانؓ کا ذکر کرتے اور حضرت معاویہؓ کا ذکر چوتھے خلیفہ کے طور سے کرتے حضرت علیؓ کا ذکر نہیں کرتے تھے ان لوگوں کا (خطبا راہل سنت کا) قول تھا کہ سوائے حضرت علیؓ کے اور سب خلفاء کی امامت (خلافت) پر مسلمان متفق تھے۔

حضرت علیؓ کا نام خطبوں میں شامل نہ کرنے کے علاوہ ان کی بدگوئی بھی کی جانے لگی تھی اور اکثر بنی امیہ حضرت عثمانؓ کے معاملہ میں انھیں متہم بھی کرتے تھے۔ علامہ ابن کثیر نے حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے ابتدائی زمانہ کا جب وہ مدینہ میں تحصیل علم کرتے تھے یہ واقعہ بیان کیا ہے کہ جناب عبداللہ بن عتبہؒ کو جو فقہائے مدینہ میں سے تھے اور عمر بن عبدالعزیز ان سے استفادہ کرتے تھے یہ معلوم ہوا کہ ان کے یہ شاگرد بھی حضرت علیؓ کی تنقیص کرتے ہیں انھوں نے ان سے ترش روئی سے پوچھا تمھیں کب سے یہ پتہ لگا کہ اللہ تعالیٰ بدری صحابہ سے ناراض ہے حالانکہ اپنے کلام میں ان سے اپنی رضا اور خوشنودی کا اظہار کر چکا ہے عمر بن عبدالعزیز فوراً بات کی تہہ کو پہنچ گئے اور تائب ہوئے[۱] چنانچہ اس کے بعد سے حضرت علیؓ کا ذکر ہمیشہ اچھائی سے کرتے فما سمع بعد ذلک یذکر علیاً الا بخیر (البدایہ ج۹ ص۱۹۳)

---

[۱] اس کے بعد حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کسی صحابی کی تنقیص برداشت نہ کرتے تھے ایک شخص کو جس نے حضرت معاویہؓ کی بدگوئی کی تھی کوڑے لگوانے کی سزا دی تھی۔

ان کے زمانے تک بنی امیہ کے بعض اشخاص حضرت علیؓ کی بدگوئی یہ کہہ کر کیا کرتے تھے کہ وہ تو خلفائے راشدین میں سے تھے ہی نہیں۔

کان فی بنی امیۃ من یسب علیا رضی اللہ عنہ ویقول لیس ھو من الخلفاء الراشدین۔ (ایضاً ص۱۴۲)	بنی امیہ میں ایسے لوگ تھے جو علی رضی اللہ عنہ کی بدگوئی کرتے تھے اور کہتے تھے کہ وہ تو خلفائے راشدین میں سے تھے ہی نہیں۔

ان ہی امیر المومنین عمر بن عبد العزیز اموی نبیرہ حضرت مروانؓ نے اس رسم بد کا اپنے زمانہ خلافت میں خاتمہ کر دیا تھا مگر ان کا زمانہ خلافت ہی بہت مختصر رہا صرف دو برس پانچ جہینے اور چار دن یعنی صفر ۹۹ھ سے رجب ۱۰۱ھ تک کہتے ہیں کہ انھوں نے دیگر خلفائے راشدین کے ساتھ حضرت علیؓ کا بر سر منبر ذکر کیا اور ان کی ثنا و صفت کی بایں ہمہ اموی عہد میں حضرت معاویہؓ کا ذکر خطبوں سے ترک نہیں ہوا اور نہ ہو سکتا تھا۔ حضرت عمر بن عبد العزیزؒ کے تیس اکتیس برس بعد ہی اموی خلافت کا خاتمہ ہو کر جب عباسی خلافت قائم ہوئی حضرت علیؓ کا ذکر خلفائے راشدین کے زمرے میں ہونے لگا کیونکہ اپنے ذاتی اوصاف کے اعتبار سے وہ یقیناً خلیفہ راشد ہی تھے اور خلفائے عباسی کے گھرانے بنو عبد المطلب کے ممتاز فرد بھی تھے حضرت معاویہؓ کا نام خطبوں میں جو اموی عہد سے کیا جاتا تھا وہ ترک کر کے حضرت علیؓ کا نام شامل کیا گیا۔

خطبہ عباسیہ منہاج الکرامہ فی معرفۃ الامامہ کے رافضی مولف[۱] نے خطبوں میں خلفاء کے ذکر کو بدعت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ دوسرے

---

[۱] یہ کتاب جس کے مندرجات کے مسکت جوابات شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے منہاج السنۃ میں دیئے ہیں ساتویں صدی ہجری کے اواخر کی تالیف ہے۔ ہلاکو خان تاتاری کی اولاد میں بیدو خاں نے رافضی فقیہ جمال الدین مطہر کی صحبت میں اسلام قبول کیا اور رافضی مسلک کا پیرو ہو گیا۔ اس کی سرپرستی میں نہ صرف یہ کتاب تالیف ہوئی بلکہ اس وقت جب ایران و عراق پر وہ حکمران تھا اپنی مسلمان رعایا کو بھی رافضی مسلک کا متبع کرنا چاہا اور خطبوں میں سے یہ صحابہ و خلفائے ثلٰثہ کے اسماء خارج کر کے حضرت علی اور ان کے مخلصین عمار بن یاسر اور ائمہ شیعہ کے نام شامل کرنے کا حکم دیا جمہور مسلمین نے مخالفت کی خطیبوں نے تعمیل حکم سے گریز کیا ابن بطوطہ نے شیراز کے قاضی مجد الدین کا جن سے ان کی ملاقات بھی ہوئی تھی یہ واقعہ تفصیلاً بیان کیا ہے کہ بیدو خان نے جس کا اسلامی نام سلطان محمد خدابندہ تھا۔ جب ان کو طلب کیا ان کی ملاقات اور کرامت سے اس درجہ متاثر ہوا کہ مذہب رفض ترک کر کے مذہب حقہ اختیار کر لیا اور خطبوں میں صحابہ و خلفائے راشدین کے نام بدستور لئے جاتے رہے۔

عباسی خلیفہ ابوجعفر المنصورؒ نے اپنی سیاسی مصلحت سے خلفاء کا ذکر خطبوں میں شروع کیا تھا۔ ورنہ ان سے پہلے کسی زمانے میں ان کا ذکر نہیں ہوتا تھا وہ فرماتے ہیں :-

ذکر الخلفاء فی خطبهم مع انه بالاجماع لم یکن فی زمن النبی صلی الله تعالی علیه وسلم ولا فی زمن احد من الصحابة ولا التابعین ولا فی زمن بنی امیه ولا صدر ولاية العباسيين بل شئ احدثه المنصور لما وقع بينه وبين العلويين خلاف فقال والله لارغمن انفی وانوفهم وارفع عليهم بنی تيم و عدی و ذكر الصحابة فی خطبته واستمرت هذه البدعة الی هذا الزمان۔

سب ہی کا اس بات پر اتفاق ہے کہ خطبوں میں خلفا کا ذکر نہ نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے وقت میں کیا گیا نہ صحابہ اور تابعین میں سے کسی کے زمانے میں اور نہ بنی امیہ اور بنی عباس کی خلافت کے شروع میں بلکہ یہ نئی بات تو (خلیفہ ابوجعفر) المنصور نے اس وقت پیدا کی جب ان کے اور علویوں کے درمیان اختلاف واقع ہوا تو انھوں نے کہا کہ واللہ میں اپنی اور ان کی (علویوں کی) ناک خاک آلود کردونگا اور بنی تیم (یعنی ابوبکرؓ) اور بنی عدی (یعنی عمرؓ) کو ان پر فوقیت دوں گا چنانچہ اپنے خطبہ میں انھوں نے صحابہ کا ذکر شروع کیا اس وقت سے یہ بدعت اب تک جاری ہے۔

مولف مذکور کے اس غلط قول کی تردید تو اسی بات سے ہو جاتی ہے کہ اپنی اور علویوں کی ناک خاک آلود کرنے کے بجائے امیر المومنین ابوجعفر المنصورؒ نے علویوں کے جد امجد حضرت علیؓ کا نہ صرف ذکر ہی خلفائے راشدین کے زمرے میں کیا بلکہ فضائل بھی ان کے بیان کیے جیسا انھوں نے محمد الارقط بن عبداللہ الحسنی کے خط کے جواب میں لکھا تھا۔

وابتلی ابوك بالقتال والحرب وكانت بنو امية تلعنه الكفر فی الصلوة المكتوبة فاحتججنا له وذكرناهم فضله

اور تمہارے جد (علیؓ) تو لڑائیوں اور جنگوں میں مبتلا ہوئے اور بنو امیہ ان پر نمازوں میں اسی طرح لعنت کرتے تھے جیسے کافروں پر کرتے ہیں پھر ہم نے ہی ان کے فضائل ان پر بیان کیے اور دلائل پیش کیے۔

اسی طرح حضرت عثمانؓ کا ذکر بھی جن کی بدگوئی خارجی کرتے تھے خلفائے راشدین کے

زمرے میں حضرت علیؓ و شیخین السیدین رضی اللہ عنہم کے ساتھ قائم رکھکر خلفائے اربعہ کی اسی عہد سے وہ تخصیص و تعیین کی گئی جو آج تک برقرار ہے اور ان ہی عباسی خلیفہ کے عہد سے ہاشمی خاندان کے دو مومن بزرگوں یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عمین مکرمین حضرت حمزہؓ اور حضرت عباسؓ کا ذکر بھی خطبہ میں خلفاء اربعہ کے ذکر کے ساتھ شروع ہوا۔ سرسید احمد خاں علیہ الرحمۃ نے ایک موقع پر لکھا تھا:۔

"پیغمبر خدا صلعم کے وقت میں اور خلفائے راشدین کے وقت میں کسی کا نام خطبہ میں نہیں پڑھا جاتا تھا مگر جو محاربات کہ صحابہ میں واقع ہوئے تھے اور ان کے سبب سے باہمی نزاع قایم ہوگئی تھی اور خلفائے راشدین کی نسبت سب و شتم کا رواج ہو چلا تھا اس کے مٹانے کو خطبہ میں خلفائے راشدین اور عمین مکرمین (حمزہؓ و عباسؓ) کے نام لئے جانے کا رواج ہوا تاکہ معلوم ہو کہ یہ سب کے سب واجب التعظیم و قابل ادب ہیں" (تہذیب الاخلاق)

حضرت حمزہؓ و حضرت عباسؓ پر تو سب و شتم کا رواج کبھی نہیں ہوا تھا جس کے مٹانے کو بقول سرسید "خلفائے راشدین کے ساتھ ان کا ذکر بھی خطبوں میں کیا جانا ضروری ہوتا بلکہ عباسی خلفاء کے مورث اعلیٰ ہونے کی وجہ سے ان کا اور ان کے مجاہد اور رفیق بھائی حضرت حمزہؓ کا ذکر خطبوں میں شامل کیا گیا۔ عباسی داعیوں نے حصول خلافت کے لئے حضرت عباسؓ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تنہا وارث خلافت کا قرار دے کر جو پروپیگنڈا کیا تھا خلیفہ ابو جعفر المنصورؒ ہی نے محمد الارقط الحسنی کے جواب میں لکھا تھا۔

ولقد علمت انہ لم یبق لاحد من بنی عبد المطلب بعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم غیرہ فکان وارثہ من عمومتہ ثم طلب ھذا الامر غیر واحد من بنی ھاشم فلم ینلہ الا ولدہ	اور یہ تم جانتے ہو کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد عبد المطلب کے بیٹوں میں سے کوئی ایک بھی ان کے (حضرت عباسؓ کے سوا باقی نہیں رہا تھا بس ان کے چچوں میں سے وہ ہی آپ کے وارث ہوئے اگرچہ بنی ہاشم میں سے اوروں نے اس امر (خلافت) کا دعویٰ کیا مگر ان (عباس) کی اولاد کے سوائے یہ خلافت کسی کو بھی نہ ملی۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی میراث اور ترکے کے شرعی وارث تین تھے۔

(۱) ازواج مطہرات (۲) بیٹی اور (۳) چچا۔ ظاہر ہے کہ وراثت صرف اموال متروکہ سے متعلق تھی، خلافت یعنی اسلامی سیاسی نظام کی سربراہی و سیادت سے اس وراثت کا کوئی تعلق نہ تھا اور نہ اصولاً ہو سکتا تھا خلافت و امامت و قیادت امور مسلمین تو کسی فرد و خاندان کی موروثی جاگیر نہ تھی مگر پروپیگنڈا یہی کیا گیا کہ تین ورثا میں دو بوجہ خواتین ہونے کے مستحق خلافت نہیں اس لئے تیسرے یعنی حضرت عباسؓ تنہا وارث خلافت کے ہوئے اور ان کے بعد ان کی اولاد[1] بعض مورخ بیان کرتے ہیں کہ پہلے عباسی خلیفہ نے بیعت خلافت

---

[1] خلفائے عباسیہ کے خلاف اولاد حسینؓ کے مجلہ ۲۴ خروجوں اور بغاوتوں کے جو مختلف مقامات اور مختلف اوقات میں چوتھی صدی ہجری کے وسط تک ہوتی رہیں امیر المومنین جعفر المتوکل علی اللہؒ کے عہد تک ان میں سے ۴۰ بغاوتیں ہو چکی تھیں ان حضرات کا دعویٰ استحقاق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی کی اولاد ہونے ہی کا تھا۔ مروان بن ابی الجنوب بن السمط شاعر نے اپنے ایک قصیدے میں ان ہی باتوں کا ذکر کیا ہے۔ وہ کہتا ہے:-

ملک الخلیفۃ جعفر ‏ ‏ للدین والدنیا سلامہ
خلیفہ جعفر کی حکومت و خلافت ‏ ‏ دین اور دنیا کی سلامتی کے لئے ہے

لکم تراث محمد ‏ ‏ وبعدلکم تنفی الظلامہ
تمہارے ہی لئے محمد صلعم کی میراث ہے ‏ ‏ اور تمہارے انصاف سے ظلم معدوم ہے

یرجوا التراث بنو البنا ‏ ‏ ت وما لھم فیھا قلامہ
بیٹی کی اولاد بھی میراث کی تمنا رکھتی ہے ‏ ‏ مگر اس میں ان کو تو ذرہ بھر بھی حصہ نہیں

فالصھر لیس بوارث ‏ ‏ والبنت لاترث الامامہ
داماد تو شرعی وارث نہیں ہوتا ‏ ‏ اور بیٹی ورثہ میں امامت (خلافت) نہیں پاتی

ما للذین تنحلوا ‏ ‏ میراثکم الا الندامہ
جو لوگ تمہاری میراث کا جھوٹا دعویٰ کرتے ہیں ‏ ‏ ان کو سوائے ندامت اور کچھ ملنے سے رہا

دوسری جانب طرفداران بنی فاطمہ نے جو حدیثیں وضع کیں ان میں ایک حدیث میں یہ الفاظ آنحضرت صلعم سے منسوب کرکے ہم اولاد عبد المطلب جنت کے سردار ہیں پھر جو فہرست اولاد عبد المطلب کے سرداران جنت کی بیان کرائی ہے اس میں حضرت عقیل برادر علیؓ کا نام شاید اس لئے شامل نہیں کہ صفین میں وہ اپنے بھائی کے خلاف حضرت معاویہؓ کے ساتھ تھے اور حضرت عباسؓ کا نام شامل نہ ہونے کے بارے میں سرسیدؒ نے یہ ریمارک دیا ہے "اس حدیث کے بنانے والے نے جو خاص بنی فاطمہ کا طرفدار معلوم ہوتا ہے کس حکمت سے حضرت عباسؓ کا نام اولاد عبد المطلب سے چھوڑ دیا تاکہ بنی عباس کے دعوے خلافت کو تقویت نہ پہنچے حالانکہ طرفداران بنی فاطمہ اور طرفداران بنی عباس دونوں اکثر شیعہ تھے مگر جو جس کا طرفدار تھا اس کے مفید کام کرتا تھا" تہذیب الاخلاق

جو بنی جو خطبہ کوفہ کے منبر سے دیا تھا پھر ان کے چچا داؤد بن علی بن عبداللہ بن عباسؓ نے تقریر کی تھی جن میں آیت تطہیر و آیت مودۃ فی القربی و دیگر اصطلاحات آل محمد وغیرہ کا ذکر کرتے ہوئے خلافت پر اپنا حق و استحقاق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی میراث قرار دیا تھا اور یہاں تک کہا تھا اعلموا ان ھذا الامر فینا لیس بخارج عنا حتیٰ نسلمہ الیٰ عیسیٰ بن مریم (البدایہ ج ۱۰ ص ۴۲) یعنی سامعین سے کہا تھا کہ تم لوگ یہ بات جان رکھو کہ امر (خلافت) ہم ہی میں ہے ہم سے باہر کسی میں نہیں یہاں تک کہ عیسیٰ بن مریم کو اسے ہم سپرد کریں بالفاظ دیگر مسلمانوں کے سیاسی نظام کی سیادت و سربراہی کا حق تاقیام قیامت آل عباس ہی کا تھا گویا دنیا کا کوئی مسلمان خواہ کیسا ہی عالی دماغ، بیدار مغز مدبر متورع اور متقی ہوتا اس کا حق نہ رکھتا تھا۔ اہل کوفہ کے ساتھ سلوک نیک کی ضمانت دیتے ہوئے اللہ و رسول کے ساتھ حضرت عباسؓ عم کا نام لیکر کہا تھا فلکم علینا ذمۃ اللہ ذمۃ رسولہ و ذمۃ العباس۔ غرضیکہ حضرت عباسؓ عم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو وارث خلافت قرار دے کر یہ موروثی خلافت جب قائم کی گئی۔ سیاسی حالات مقتضی اس کے ہوئے کہ ان کا اور ان کے ساتھ ان کے بھائی حمزہؓ کا ذکر خطبات جمعہ میں خلفائے اربعہ کے ذکر کے ساتھ کیا جائے اس وجہ سے نہیں کہ ان بزرگوں پر سب و شتم جیسا سرسید احمد خانؒ نے غلطی سے لکھ دیا ہے مٹانے کے لئے کیونکہ نہ روافض و خوارج نے کبھی عمین مکرمین کی بدگوئی کی تھی اور نہ نواصب وغیرہ نے بلکہ بزرگان خاندان ہونے کی بنا پر ان کا ذکر اور دعائے مغفرت خطبات میں کی جانے لگی۔ حضرت حمزہؓ کو رسول اللہؐ نے خیر الشہداء اور سید الشہداء فرمایا تھا اسد اللہ و اسد رسولہ کہلائے خطبات میں ان ہی القاب سے ان کا نام لیا جاتا تھا اور آج تک بھی لیا جاتا ہے مگر ان سے کوئی نسل نہیں چلی شاید یہی سبب ہو کہ خاص ان کے مناقب کی وضعی حدیثیں اور روایتیں نہیں پائی جاتیں۔ حضرت عباسؓ کے مناقب میں البتہ متعدد روایتیں اور حدیثیں وضع ہوئیں وہ رسول اللہ صلعم کے چچوں میں تنہا چچا تھے جو آپکے وقت وفات موجود تھے۔ اور تیس برس بعد تک زندہ رہے ان کی زوجہ سیدہ ام الفضلؓ دوسری خاتون تھیں جو ام المومنین خدیجہؓ کے بعد اسلام لائیں حضرت عباسؓ نے اپنے اسلام لانے کا اظہار اگرچہ بہت دیر میں کیا مگر شروع ہی سے آنحضرت کے ہمدرد ... در ... آپ کو بھی اپنے چچا کی خیرخواہی اور ہمدردی کا ایسا یقین تھا کہ مدینہ کے انصار

اشخاص نے جب مکہ آکر عقبہ مقام پر رات کے وقت آپ سے بیعت کی اور مدینہ کو ہجرت کی دعوت دی تھی اس موقع پر آپ اپنے ان ہی چچا کو ساتھ لے گئے تھے اور انھوں نے ہی اہل مدینہ سے پختہ عہد وفاداری کا لیا تھا ابن سعد نے اس کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے :-

لیس معہ من الناس غیرہ وکان یثق بہ فی امرہ کلہ (طبقات ابن سعد)	آنحضرتؐ کے ساتھ (خاندان کے) لوگوں میں اُن کے (حضرت عباس کے) سوائے اور کوئی نہ تھا اور آنحضرت صلعم تمام امور میں ان پر بھروسہ رکھتے تھے۔

چنانچہ خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم نے اس کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا تھا۔

ایّدتُ تلک اللیلۃ بعمی العباس وکان یاخذ القوم ویعطیھم۔	میں نے اس رات (عقبہ ثانیہ) میں اپنے چچا عباسؓ سے قوت حاصل کی وہی ان لوگوں سے معاہدہ کرتے اور معاہدہ دیتے۔

اہل یثرب جب بلند آواز سے گفتگو کرنے لگے حضرت عباسؓ ان کو یہ کہکر متنبہ کیا تھا۔ فان علیکم المشرکین عینا کیونکہ تم لوگوں پر مشرکین کے جاسوس لگے ہوئے ہیں۔ یہ الفاظ ایک مشرک کی زبان سے ادا نہیں ہو سکتے واقعات کی مجبوری سے اظہار اسلام کا دیر میں کیا۔

وکان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یکرم العباس بعد اسلامہ و یعظمہ ویجلہ ویقول ھذا عمی وصنوابی۔ (الاستعاب)	آنحضرت صلعم حضرت عباسؓ کا اکرام کرتے اور ان کے اسلام لانے کے بعد ان کی تعظیم وتوقیر کرتے اور فرماتے یہ میرے چچا ہیں اور میرے والد کی مثل ہیں۔

صحابہ کرام بھی نبی صلعم کی پیروی میں حضرت عباسؓ کی تعظیم وتکریم کرتے اور اہم معاملات میں ان سے مشورہ لیتے ان کی رائے پر عمل کرتے۔

وکانت الصحابۃ تکرمہ وتعظمہ وتقدمہ وتشاورہ و تاخذ برائہ (تہذیب الاسماء)	صحابہؓ ان کی (حضرت عباس کی) تکریم وتعظیم کرتے اور سب امور میں ان کو مقدم رکھتے ان سے مشورہ لیتے اور ان کی رائے پر عمل کرتے۔

خود حضرت عمرؓ نے اس وقت کہ نماز استسقاء میں حضرت عباسؓ کے توسل سے دعا مانگی تھی لوگوں سے کہا تھا۔

ایھا الناس! ان رسول صلی اللہ صلی علیہ وسلم کان یری العباس مایری الولد لوالدہ یعظمہ یفخمہ ویبر قسمہ فاقتدوا ایھا الناس الرسول اللہ فی عمہ العباس (کنز العمال)	اے لوگو! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عباسؓ کو اپنے والد کی جگہ جانتے تھے اور اسی طرح ان کی تعظیم اور تکریم کرتے تھے ان کی قسموں کو پورا کرتے تھے لوگو! پیروی کرو رسول اللہ کی ان کے چچا عباسؓ کی تعظیم و تکریم میں۔

طرفداران بنی عباس نے حضرت عباسؓ کے بارے میں مندرجہ بالا صحیح حالات و واقعات کے علاوہ بعض مبالغہ آمیز وضعی روایتیں اور حدیثیں گھڑ ڈالیں مثلاً ایک روایت میں بیان ہوا ہے کہ حضرت عباسؓ نے جب رسول اللہ سے شکایت کی کہ قریش آپس میں بات چیت کرتے ہیں تو خوشی خوشی کرتے ہیں جب ہم سے ملاقات ہوتی ہے تو کبیدگی سے ملتے ہیں روایت میں کہا گیا ہے کہ یہ سنکر آنحضرت کو غصہ آیا۔

فغضب رسول اللہ حتیٰ احمر وجھہ ثم قال والذی نفسی بیدہ لایدخل قلب رجل الایمان حتیٰ یحبکم اللہ ورسولہ ثم قال یاایھا الناس من اذی عمی فقد اذانی فانما عم الرجل صنوابیہ۔ (نسائی نور الابصار ص۱۰۳)	پس رسول اللہ کو ایسا جلال آیا کہ چہرہ مبارک سرخ ہو گیا پھر فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے نہ داخل ہوگا ایمان کسی کے دل میں یہاں تک کہ بواسطہ خدا و رسول خدا تم سے محبت نہ رکھے فرمایا اے لوگو! جس شخص نے میرے چچا کو تکلیف دی تو اس نے مجھے تکلیف دی کیونکہ ہر آدمی کا چچا اس کے باپ کی مثل ہوتا ہے۔

کسی نبی و رسول کے رشتہ دار سے محبت کرنے نہ کرنے کا ایمان وایقان سے کیا واسطہ!

ترمذی وصواعق المحرقہ و دیگر کتب میں حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے حضرت عباسؓ سے فرمایا کہ یکشنبہ کے دن صبح کے وقت اپنی اولاد کو میرے پاس

لاناتاکہ میں تمہارے لئے دعا کردوں جو تم کو اور تمہاری اولاد کو نفع دے پھر اس دن صبح کے وقت ہم سب پہنچے رسول اللہ نے ہم کو اپنی چادر اڑھائی اور پھر یہ دعا مانگی۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِلْعَبَّاسِ وَ وَلَدِہٖ مَغْفِرَۃً ظَاہِرَۃً وَّ بَاطِنَۃً لَّا تُغَادِرُ ذَنْباً اَللّٰھُمَّ احْفَظْ فِیْ وَلَدِہٖ۔	اے اللہ عباس کی مغفرت کر اور ان کی اولاد کی ایسی مغفرت کر کہ ظاہر و باطن کے گناہ صاف ہو جائیں اور کوئی گناہ بخشش سے نہ چھوٹے اے اللہ! عباس کو ان کی اولاد میں قائم رکھ۔

بعض روایتوں میں یہ جملہ بھی ہے کہ واجعل الخلافۃ فیھم (اور خلافت بھی ان میں ہو)

مندرجہ بالا دعائے مغفرت کا آخری جملہ حذف کر کے خطبہ عباسیہ میں یہ دعا پڑھی جاتی تھی اور اسی کے ساتھ خلیفہ وقت کے لئے جس کے ہاتھ میں بقول ابن خلدون اللہ تعالیٰ نے مصالح عامہ کا اختیار دیدیا تھا دعائے خیر کی جاتی تھی کیونکہ بوقت نماز قبولیت دعا کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔ یہ خطبہ عباسیہ جس میں خلفائے راشدین اور عمین مکرمین کا ذکر ہوتا اور ان ہی کے لئے رضائے الہی کی دعا کی جاتی تھی تقریباً سوا پانسو برس خلافت بغداد کے عہد میں اور تین سو برس عباسی خلفائے مصر کی مذہبی پیشوائیت کے زمانے میں گویا سوا آٹھ سو برس تک تمام عالم اسلام میں پڑھا جاتا تھا۔ آخری خلیفہ عباسی (مصر) المتوکل علی اللہ سویم نے ۹۱۲ھ/۱۵۰۶ء میں سلطان سلیم خان اول کو جس نے شام و مصر پر قبضہ کر لیا تھا تمام حقوق و امتیازات خلافت سپرد کر دیئے اس کے بعد بھی مختلف اسلامی ممالک میں خطبہ عباسیہ ہی کا رواج برقرار رہا بقول ابن خلدون اس کو خطبہ عباسیہ اس لئے کہتے تھے کہ اَنَّ الدُّعَاءَ عَلَی الْاِجْمَالِ اِنَّمَا یَتَنَاوَلُ الْعَبَّاسِیَّ تَقْلِیْداً فِیْ ذٰلِکَ لِمَا سَلَفَ مِنَ الْاَمْرِ وَلَا یَحْفِلُوْنَ بِمَا وَرَاءَ ذٰلِکَ مِنْ تَعْیِیْنِہٖ وَالتَّصْرِیْحِ بِاسْمِہٖ (مقدمہ ابن خلدون) یعنی کیونکہ دعا سابق میں بالاجمال خلفائے عباسی ہی کے حق میں کی جاتی تھی اور بلا تخصیص و تعیین نام خطبوں میں انھیں کی خیر طلبی کی جاتی تھی اور یہ سب سلف کی تقلید میں ہوتا تھا۔ خلفائے اربعہ حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ و علیؓ اور حمزہؓ و عباسؓ ان چھ اصحاب کے سوائے نہ کسی اور کا ذکر کیا جاتا تھا اور نہ نام لیا جاتا تھا۔

چوتھی صدی ہجری میں عباسی خلافت کو جب ضعف لاحق ہوا عبیدیوں کے ارمنی قائد جوہر نے مصر کے عباسی عامل کو شکست دیکر اپنا تسلط کر لیا اور خطبہ عباسیہ کے بجائے عبیدیوں کا خطبہ رائج کیا قطع خطبۃ بنی العباس وذکر فی خطبتہ الائمۃ الاثنی عشر (البدایۃ ج۱۱ ص۲۱۳) سلطان صلاح الدین ایوبی کے زمانہ سے پھر خطبہ عباسیہ مصر میں رائج ہوا۔ شیعہ امرالامراء بنی بویہ نے اپنے دست میں کچھ شیعہ خطیب بغداد میں مقرر کئے تھے جو خطبوں میں صرف حضرت علیؓ اور ائمہ شیعہ ہی کا ذکر کرتے اس سے پیشتر ایسا کہیں نہیں ہوتا تھا شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے رافضی مولف کے جواب میں ایک موقع پر لکھا تھا۔

الاقتصار علی علی وحدہ او ذکر الاثنی عشر ہو بدعۃ المنکرۃ التی لم یفعلہا احد لا من الصحابۃ ولا من التابعین ولا من بنی امیہ ولا من بنی العباس۔ (منہاج السنۃ ج۲ ص۱۴۸)	تنہا حضرت علیؓ اور بدوازدہ کے ذکر پر (خطبوں میں) اقتصار کرنا تو مکروہ بدعت ہے جس کا ارتکاب کسی نے بھی نہیں کیا نہ صحابہ میں سے کسی نے نہ تابعین و بنی امیہ و بنی عباس میں سے کسی نے۔

بغداد میں تو اس بدعت کا جلد ہی خاتمہ ہو گیا۔ امیرالمومنین القادر باللہؒ نے جو بڑے عالم اور دیندار خلیفہ تھے علماء و فضلاء و قضاۃ کا اجتماع کیا فضائل شیخین بیان کئے اہل بدعت سے توبہ کرائی، شیعہ خطیبوں کو برطرف کرکے سنی خطیب مقرر کئے۔

وعزل خطباء الشیعۃ وولی خطباء السنۃ (البدایۃ ج۱۲ ص۲۶)	شیعہ خطیبوں کو معزول کر دیا اور سنی خطیبوں کا تقرر کیا۔

معزالدولہ و عضدالدولہ شیعی امیرالامراء نے فروغ شیعت کے جو کام اپنے زمانہ اقتدار میں کئے تھے ان کا ذکر پچھلے اوراق میں آ چکا ہے۔ مصباح الظلم کے مولف نے معزالدولہ کو غلط فہمی سے یا تقیہ کی بناپر عباسی خلیفہ قرار دیکر لکھا ہے کہ ماتم حسینؓ و عید غدیر کی ابتداء اسی نے کرائی تھی اور یہ کہ:۔

مساجد بغداد کے دروں پر معاویہ و غاصب فدک و مانع دفن امام حسنؓ اور خارج کنندہ ابوذر کے ناموں سے سب

ولعن لکھدئے رات کو کسی شخص نے ایسے لکھے ہوئے کو مٹا
دیا خلیفہ وقت معزوالدولہ (؟) نے چاہا کہ پھر ان کلمات کو
لکھوادیں مگر وزیر خلیفہ نے صلاح نہ دی (ص۳۰)

لیکن معز الدولہ تو کسی عباسی کا لقب نہ تھا۔ یہ لقب تو خود عباسی خلیفہ نے احمد بن بویہ کو امیرالامرا مقرر کرتے وقت عطا کیا تھا۔ مولف مذکور نے مزید لکھا ہے کہ:۔

اپنے عہد میں بڑے تزک اور تجمل کے ساتھ معزو باللہ
عباسی (؟) نے خطیب کو حکم دیا کہ خطبوں میں درود حضرت
محمدؐ و علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ اور اس کے آبا پر پڑھیں (ایضاً)

معز باللہ بھی کسی عباسی خلیفہ کا لقب نہ تھا المعتز باللہ عباسیؒ البتہ خلیفہ تھے مگر ان کا زمانہ معز الدولہ کے زمانہ امیرالامرائی سے تقریباً ایک صدی پہلے کا تھا خلیفہ المعتضد باللہؒ کا عہد بھی ۔۔ الدولہ کے وقت سے کوئی ستر برس قبل کا تھا انھوں نے اکابرین بنی امیہ پر سب ولعن کا فرمان جاری کرنے کا ارادہ کیا تھا مگر قاضی یوسف بن یعقوب کے منع کرنے اور سمجھانے سے ترک کردیا تھا مورخ طبری نے اس فرمان کی پوری نقل درج کی ہے اس میں دو جگہ اس بات کا اظہار ہے کہ ہم ہی تو وارث رسول اللہ صلعم کے ہیں نحن ورثۃ رسول اللہ والقائمون بدین اللہ نیز لکھا تھا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا شکر جس نے امیرالمومنین اور ان کے اسلاف کو جو

"ائمۃ الراشدین المھتدین ورثۃ خاتم النبیین و
سید المرسلین والقائمین بالدین والمقومین و
لعبادہ المومنین والمستحفظین ودائع الحکومۃ
مواریث النبوۃ، المستخلفین فی الامۃ"

ہیں فائز المرام کیا حضرت حسینؓ کو جن کی اولاد کے لوگ اس زمانہ میں مسلسل خروج اور بغاوتیں ان کے خلاف کر رہے تھے خطبات کے درود میں کیوں شامل کیا جاتا۔ آل محمدؐ کے الفاظ تو اسی عباسی عہد سے درود میں شامل ہوئے تھے اور آل محمدؐ میں بلا استثنا سب ہی بنی ہاشم داخل ہیں۔ سر سید احمد خانؒ جو نسباً بنی فاطمہ تھے ایک مضمون میں لکھتے ہیں:۔۔۔

جیسا کہ بنی فاطمہ خلافت کا اپنے تئیں مستحق سمجھتے تھے بنی عباس
بھی کچھ کم خواستگار خلافت کے نہ تھے کیونکہ وہ بھی ہاشمی تھے اور تمام
بنی ہاشم اپنے تئیں آل محمدؐ یعنی آنحضرت صلعم کا کنبہ سمجھتے تھے.....
ابومسلم (عباسیوں کے ایجنٹ) نے "نقیب آل محمدؐ" اپنا لقب
اختیار کیا کیونکہ بنی عباس بھی آل محمد کہلاتے تھے (تہذیب الاخلاق)

عربی زبان کا لفظ آل۔ اہل و عیال و کنبہ و رفقا نیز متبعین اور پیروؤں سب ہی معنی میں مستعمل ہے۔ کسی شخص کے خاندانی اور خانگی امور کی جہاں بات ہو آل سے مراد اہل و عیال و کنبہ سے ہوگی اور جہاں دین و مذہب کی گفتگو ہو متبع اور پیرو مراد ہوں گے۔ آل ابراہیم و آل عمران کی تفسیر میں ترجمان القرآن حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے وضاحت سے بتایا ہے کہ مراد ان کے متبعین اور پیروؤں سے ہے جیسے آل محمد سے مراد پیروانِ اُمت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے (جامع البیان والدر المنثور فی تفسیر بالماثور نیز تیسیر الوصول ابن الدبیع) مگر حصول اقتدار کے لئے ہاشمیوں کی ان دونوں شاخوں یعنی بنی عباس اور بنی فاطمہ کے طرفداروں نے اپنے اپنے فریق کی قرابت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اظہار میں آل محمدؐ کی اصطلاح استعمال کی تھی بنی عباس کے یہ سب ایجنٹ جن کی تعداد ستر بیان کی گئی ہے نقیب آل محمد ہی کہلاتے تھے اس لئے عباسی خلافت قایم ہونے کے بعد ہی سے درود خطبات میں آل محمدؐ کا شمول کیا گیا۔ مسلم شریف کی شرح میں النووی نے جو خود شافعی عالم تھے بدری صحابہ حضرت ابومسعود انصاریؓ کی یہ حدیث درج کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جب دریافت کیا تھا کہ صلوٰۃ آپ پر ہم کیسے کہیں آپ نے فرمایا کہو اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ۔ اس میں آل محمد کا شمول نہیں تھا چنانچہ نووی فرماتے ہیں کہ ہمارے اصحاب کے نزدیک درود بس اسی قدر ہے اور آل محمدؐ کا اس میں شمول کوئی چیز نہیں لیس بشیءٍ اور ظاہر ہے کہ فرمان الٰہی صَلُّوا علیہ وسلموا کے اعتبار سے ہی سلام علیہ پر صلوٰۃ والسلام کہتے وقت اور کسی کا نام کیوں لیا جاتا ہے۔ صحابہ کرام کا یہی معمول رہا۔ حضرت ابوبکر الصدیقؓ کے خطبے کے الفاظ صلوٰۃ والسلام میں جو دوسری جگہ درج ہیں آل محمدؐ کا ذکر نہیں اور نہ تشہد (التحیات) کے درود میں صحابہ کرام آل محمدؐ کو شامل کرتے تھے۔ بخاری و مسلم میں حضرت ابن مسعودؓ

کا تشہد درج ہے جسے امام ابو حنیفہؒ نے اختیار کیا اور عام طور سے مروج ہے الموطا امام مالکؒ میں حضرت عمرؓ ابن عمرؓ و ام المومنین عائشہؓ کے تشہد ہیں امام شافعیؒ کی کتاب الام میں حضرت ابن عباسؓ کا نیز کتب حدیث میں دیگر صحابہ ابوہریرہ و ابو موسیٰؓ و ابن زبیرؓ وغیرہم کے تشہد ہیں ابتدائی الفاظ میں قدرے فرق ہے ورنہ سب عبارت یکساں ہے مثلاً حضرت عبداللہ بن عباسؓ یہ تشہد پڑھتے تھے۔

اَلتَّحِيَّاتُ الْمُبَارَكَاتُ الصَّلَوَاتُ لِلّٰهِ سَلَامٌ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ سَلَامٌ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِهِ الصّٰلِحِيْنَ ۝ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۝

حضرت ابن عباسؓ تو اہل البیت و آل محمدی کے ایک ممتاز فرد تھے مگر تشہد کے درود میں آل محمد کو انھوں نے شامل نہیں کیا۔ زمخشری نے الکشاف میں نیز ابن الحدید شارح نہج البلاغہ نے ابراہیم النخعی کی روایت سے بیان کیا ہے کہ صحابہ کرام تشہد کے درود میں اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ہی پڑھنے پر اکتفا کرتے تھے تشہد پڑھنے کے بعد چاہتے تو کوئی دعا پڑھ لیتے مروجہ درود کا جس میں آل محمد کا شمول ہے اس وقت رواج نہ تھا۔ فتح الباری شرح صحیح البخاری باب تشہد فی الآخرہ (ص۲۵۳ مطبوعہ مطبع انصاری) میں ابن حجر نے سلام علی النبی کی روایتیں درج کرنے کے بعد باسناد صحیحہ یہ روایت درج کی ہے کہ۔

اِنَّ الصحابۃ کانوا یقولون والنبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم حیٌّ السلام علیکَ اَیُّھا النبیُّ فلما مات قالوا اَلسَّلَامُ عَلَی النَّبِیِّ [1]	نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب حیات تھے صحابہ (التحیات پڑھتے وقت) السلام علیک ایھا النبی (اے نبی آپ پر سلام ہو) کہتے تھے جب آپ کی وفات ہو گئی تو کہتے تھے السلام علی النبی (نبی پر سلام ہو)

---

[1] سب جانتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی جس دن وفات ہوئی آپ ہی کے رفیق غار و جان نثار حضرت ابوبکر الصدیقؓ نے جنھوں نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا تھا اور جو علم و فضل میں سب ہی صحابہ سے بلند و برتر تھے ہمیشہ زندہ رہنے والے یہ جملے آپ کی وفات کے بارے میں کہے تھے:۔

(بقایا نوٹ صفحہ ۲۸۲ پر دیکھیے

غرضیکہ درود میں خواہ تشہد کا ہو یا عام درود آل محمد کا شمول عہد صحابہ میں ثابت نہیں مزید تفصیل کتاب "اہل بیت و آل محمد" میں ملاحظہ ہو۔ یہاں تو بیان اس بات کا مقصود ہے کہ خطبہ عباسیہ میں آل محمدؐ کے شمول سے یہ درود پڑھا جاتا تھا۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّم

(بقایا نوٹ صفحہ ۲۸۱ کا) "جو شخص محمد کی پوجا کرتا تھا وہ سن لے کہ بے شبہ محمد (صلعم) کی موت واقع ہو گئی مگر ہاں جو شخص اللہ کی بندگی کرتا ہے تو بیشک اللہ زندہ ہے اور اس کے لئے موت نہیں"

یہ کہکر قرآن مجید کی یہ آیات تلاوت کیں۔ (۱) اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ۔ اے محمد تم کو بھی موت آنی ہے اور بیشک وہ بھی مرنے والے ہیں (۲) وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ (الیٰ آخرہ) یعنی اور محمدؐ نہیں ہیں مگر اللہ کے ایک رسول جن سے پہلے بھی اور رسول گذر چکے ہیں پس اگر ان کی موت آجائے یا وہ قتل کر دئے جائیں تو کیا تم ایڑیوں کے بل پیچھے لوٹ جاؤ گے اور جو شخص ایسا کرے گا تو وہ اللہ کو کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتا اور اللہ شکر کرنے والوں کو عنقریب جزا دے گا۔" غرضیکہ صحابہ جو آپ کی وفات کے بعد التحیات پڑھتے وقت اَلسَّلَامُ عَلَى النَّبِيِّ کہتے تھے اور شرک کے ادنیٰ ادنیٰ شائبہ سے بھی اپنے کو بچاتے انھوں نے اپنے کانوں سے خود آپ ہی کا یہ ارشاد سنا تھا جو امام بخاری نے درج کیا ہے آپ نے فرمایا۔

لا تطرونی کما اطرت النصاریٰ عیسیٰ بن مریم فانما انا عبدٌ فقولوا عبداللہ ورسولہٗ	مجھے اس طرح نہ بڑھانا چڑھانا جس طرح عیسیٰ بن مریم کو عیسائیوں نے بڑھایا چڑھایا ہے میں تو صرف ایک بندہ ہوں لہذا مجھے اللہ کا بندہ اور اس کا رسول کہو۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے کتاب الوسیلہ میں لکھا ہے کہ ایک بدو نے جب نبی صلعم سے کہا مَاشَاءَ اللہُ وَشِئْتَ (جو اللہ چاہے اور تم چاہو) آپ نے یہ سنکر فرمایا اَجَعَلْتَنِی لِلّٰہِ نِدًّا؟ بل ماشاء وحدہٗ (کیا تو مجھے اللہ کا برابری بناتا ہے بلکہ یہ کہہ جو تنہا خدا چاہے) یا اللہ کے ساتھ یا محمد کہنا اور طغروں میں لکھنا کھلا ہوا شرک ہے اور شرک وہ گناہ ہے جو کبھی معاف نہ ہوگا اللہ تبارک تعالےٰ فرماتا ہے اِنَّ اللہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ (خدا نہیں معاف کرے گا کہ اس کے ساتھ شرک کیا جائے۔

عَلٰی نبیّنا ومولانا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ پھرال کے ساتھ اصحاب ملاکر آلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ پڑھا جانے لگا اور خطیب خطبہ ختم کرنے سے پہلے خلیفۂ وقت کے لئے دعائے خیر کرتے مدح وثنا کے الفاظ کہتے غرضیکہ خطبہ عباسیہ میں چاروں خلفائے راشدین ابوبکرؓ وعمرؓ وعثمانؓ وعلیؓ دونوں عمین مکرمین حمزہؓ وعباسؓ کا ذکر ہوتا اور حضرت عباسؓ اور ان کی اولاد کی دعائے مغفرت کی جاتی صلوٰۃ علی النبی میں آل محمد واصحاب محمد کے علاوہ کسی کا ذکر نہیں ہوتا تھا نہ حسینؓ کا نہ ان کی والدہ ماجدہ کا۔

تصانیف خطبات

ابتدائی دو ڈھائی صدیوں تک عالم اسلامی میں لکھے ہوئے خطبے پڑھنے کا رواج نہیں ہوا تھا بنی امیہ کی خلافت میں اور بنی عباس کے ابتدائی دور حکمرانی میں خلیفۂ وقت نماز میں خود امامت کرتے برجستہ خطبہ دیتے۔ صاحب العقدالفرید نے خلفائے عباسیؒ کے متعدد خطبات جمعہ درج کئے ہیں بعد میں خلافت کی

سلہ صاحب العقدالفرید نے امیرالمومنین ابوجعفر المنصورؒ کے ایک خطبہ جمعہ کے بارے میں جو مکہ معظمہ میں دیا تھا یہ واقعہ لکھا ہے کہ حمد وثنا کے بعد خطبہ شروع کرتے ہی جب یہ الفاظ بھی کہے اَیُّھَا النَّاس! اتقوا اللہ (اے لوگو! خدا سے ڈرو) سامعین میں سے ایک شخص کھڑا ہوگیا اور کہنے لگا اُذکرک من ذکرتنا بہ یا امیرالمومنین! (اے امیرالمومنین! میں بھی تمہیں خدا کی یاد دلاتا ہوں) خلیفہ ابوجعفر المنصور نے فرمایا۔

سمعا سمعا لمن فھم عن اللہ وذکربہ واعوذ باللہ ان اذکر بہ وانسا ہ فتاخذنی العزۃ بالاثم لقد ضللت اذاً وما انا من المھتدین۔	بہت اچھا ہم سنتے ہیں اس کی بات جو اللہ کی بات سمجھے اور یاد دلائے میں پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ دوسروں کو اللہ کی یاد دلاؤں اور خود بھول جاؤں جو مجھے گناہ پر گھمنڈ لاحق ہو تو گمراہ ہوگیا اور راہِ راست سے بھٹک گیا۔

یہ کہکر اس شخص سے مخاطب ہوئے اور پوچھا تم کون ہو اور کیا کہنا چاہتے ہو جب وہ کچھ نہ کہہ سکا تو فرمایا شاید اس بات سے مقصد تمہارا یہ تھا کہ دنیا میں چرچا ہو کہ فلاں شخص کھڑا ہوا اور ٹوکا اور سزا ملی مگر سزا تو اس بات سے بچ ہے اے لوگو تمہیں اس کی بہن سے (غالباً نصیحت) سے ڈراتا ہوں۔ موعظت ہم پر نازل ہوتی ہم سے جاری ہوتی ہے اس گفتگو کے بعد مضمون خطبہ پھر شروع کیا۔ یہ واقعہ خطبہ جمعہ کا اور دوسری صدی ہجری کے شروع کا تھا اور ایسے خلیفہ کا تھا جن کا مرتبہ بقول ابن خلدون علم میں اور فضیلت میں اپنے زمانے میں سب سے بلند تھا انھوں نے خطبہ روک کر سائل کو جواب دیا پھر خطبہ دیا۔

ہیں بعد میں خلافت کی جانب سے اس منصب پر مستند اور فصیح البیان عالم ہر ہر مقام پر مقرر کئے جاتے تھے جن کو یہ قدرت اور قابلیت حاصل ہوتی کہ فی البدیہہ اور برجستہ خطبہ دے سکیں رفتہ رفتہ لوگ خطبہ کا مضمون تصنیف کرنے لگے قدیم ترین شخص جن کا ذکر خطبات کے مصنف کی حیثیت سے ملتا ہے ابن نباتہ تھے یعنی خطیب ابی یحییٰ عبد الرحیم بن محمد بن اسمٰعیل بن نباتہ القرشی الاموی الفارقی متوفی ۳۷۴ھ[1] یا بنی امیہ سے تھے اور علاقہ حلب کے مقام میا فارقین کے باشندے ہونے کی وجہ سے الفارقی کہلاتے تھے۔ ابتدائی زمانے میں قیام بغداد میں رہا۔ بڑے ادیب تھے فصحاء البلغاء میں ان کا شمار ہے۔ مشہور شیعہ برادران شریف الرضی و شریف المرتضیٰ دونوں اپنے ابتدائے عمر میں ان کے شاگرد تھے۔ آخر میں اپنے وطن میں قیام رہا جہاں بنو حمدان کی حکومت تھی جو بقول علامہ ابن کثیرؒ رافضی تھے کما هو (ع الملوك (بنو حمدان) رفضة (البدایہ ج) ان میں سیف الدولہ بن حمدان بیدار مغز دریا دل حکمران تھا۔ ابن نباتہ اس کے متوسلین میں شامل ہوئے سیف الدولہ کو عیسائی طاقتوں سے برسرپیکار ہونا پڑتا تھا۔ خطیب مذکور نے بہت سے خطبے تحریص و ترغیب جہاد کے لئے تصنیف کئے جو ان کے مجموعہ خطب کا معتد بہ حصہ ہے۔ اس کے علاوہ دوازدہ ماہی خطبے جمعہ بھی تصنیف کئے اور ادبی قابلیت کے جوہر دکھائے سامعین کو مخاطب کرنے کے لئے مَعَاشِرَ الحَاضِرِین (اے جماعت حاضرین) وغیرہ الفاظ درج کئے ہیں خطبہ ثانیہ میں حضرات حسنینؓ اور ان کی والدہ معظمہ کے ذکر میں جس کی ابتدا انھوں نے کی تھی باوجود شیعہ ماحول کے صرف ان الفاظ پر اکتفا کیا ہے:۔

اَلسَّیِّدَینِ اَبِی مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ وَاَبِی عَبْدِ اللّٰہِ الْحُسَیْنِ وَعَلٰی اُمِّھِمَا فَاطِمَۃَ الزَّھْرَآءِ

خطبہ عباسیہ میں حضرت عباسؓ اور ان کی اولاد کی مغفرت کی جو دعا پڑھی جاتی تھی وہ حذف کرکے عمین مکرمین کے ذکر میں یہ الفاظ درج کئے جو شاندار ہی کے خطبہ سے متاخرین نے بھی اخذ کر لئے۔

---

[1] ابن نباتہ کے خطبات کی چھٹی صدی ہجری میں متعدد شرحیں بھی لکھی گئیں ان کے مجموعہ خطب کا ایک پرانا نسخہ محبی علامہ عبد العزیز میمن (کراچی) کے ذاتی وناد رکتب خانہ میں موجود ہے جسے دیکھنے کا راقم الحروف کو علامہ موصوف کی مہربانی سے موقع ملا تھا۔

عَمّيۃِ المُعَظّمِینَ عِندَ اللّٰہِ والنَّاسِ المُطَهَّرِینَ مِنَ الدَّنسِ وَالاَرجَاسِ ابی عُمَارَۃَ الحَمزَۃَ وَابی الفَضلِ العَبَّاسِ

خلافت عباسیہ کے دم توڑنے کے زمانہ ہی سے ابن نباتہ کے مصنفہ خطبات ملک شام کے علاوہ حجاز میں بھی مروج ہوئے حجاز میں حسنی شرفا کے مکہ کی حکومت تھی۔ ابن بطوطہ نے سفر مکہ کے حالات کے ضمن میں نماز جمعہ کی کیفیت بیان کی ہے اور لکھا ہے کہ خطیب سیاہ عمامہ اور سیاہ لباس زیب تن کئے اس طرح آتے کہ دو موذن اُن کے ساتھ ہوتے سیاہ جھنڈے لئے ہر دو جانب کھڑے رہتے خطبے میں نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پڑھتے جس میں آل محمد کا شمول ہوتا پھر چاروں خلفا کے اور جملہ صحابہ کے اور رسول اللہ صلعم کے دونوں چچا کے دونوں نواسے اور ایک صاحبزادی فاطمہ اور ان کی والدہ حضرت خدیجہ کے نام لیتے اور رضائے الٰہی کی دعا کرتے ان بزرگوں کے اسماء کے ساتھ مبالغہ آمیز مدح سرائی کا تصور بھی اس زمانے کے لوگوں کو نہ تھا۔

ہندوستان میں بھی اسی کی تقلید کی گئی۔ لکھنؤ (فرنگی محل) کے مولانا عبدالحی کے مجموعہ خطب میں تو ایسے خطبے بھی شامل ہیں جن میں واقعہ کربلا کا مجملاً بیان ہے کربلا نام کو شیعی لٹریچر کے انداز پر "کرب و بلا" لکھکر شیعہ ذاکر کی طرح گویا فرمایا ہے کہ جو روئے یا رولائے یا رونے کی صورت بنائے تو ثواب عظمیٰ پائے چنانچہ لکھا ہے۔ فَمَنْ ذَکَرَ هٰذِہِ المُصِیبَۃَ العُظمٰی واسْتَرجَعَ فَازَ بالمَرتَبَۃِ العُظمٰی وَعُدَّ مِنَ الصَّابِرِینَ۔

مولانا موصوف کے علاوہ اور بہت سے علماء نے خطبے تصنیف کئے جن کے خطبہ ثانیہ میں مناقب کی بیشتر وضعی حدیثوں کے الفاظ بالعموم بیان ہوئے ہیں چنانچہ متاخرین میں مولانا اشرف علی تھانوی علیہ الرحمہ کے دوازدہ ماہی خطبوں میں حضرات حسنینؓ اور ان کی والدہ ماجدہ کی سرداری اہل الجنۃ کی حدیثیں اور حضرت عباسؓ اور اُن کی اولاد کی دعائے مغفرت ترمذی کے حوالے سے نقل کردی گئی ہیں۔ اشخاص بنی ہاشم کے ذکر مدح میں شاید سب سے معتدل یہی خطبات ہیں یہ توقع تو نہیں ہوسکتی تھی کہ مناقب کی حدیثوں پر رد لکھنا ہی نظر ڈال سکیں گے بنی ہاشم کی خاندانی تقدیس و نسبی برتری و سیادت کی روایتیں اور حدیثیں جن سے غیر طبقاتی ملت میں طبقے قائم ہوئے ہاشمیوں کے سیاسی اقتدار شیعیت کے فروغ اور تفضیلیہ کے بعض ہاشمی افراد کی حد درجہ غلو کے ساتھ مدح سرائی کرنے سے اور بھی

نئے القاب وضع ہوتے رہے مثلاً تفضیلیہ کے یہاں ان کے اماموں کے لئے یہ دس بارہ لقب رکیک قافیہ بندی سے خطبوں میں پڑھے جاتے ہیں" الکرامین السعیدین الشہیدین القمرین المنیرین النیرین الزاہرین الطیبین الطاہرین" یہ دونوں حضرات عہد رسالت میں سن شعور کو بھی نہیں پہنچے تھے چہ جائیکہ دین و ملت کی کوئی خدمت کرسکتے خطبہ میں ان مبالغہ آمیز الفاظ سے ان کا ذکر ہونا اور آپ بڑے نواسے حضرت علی بن ابوالعاص رضی کا ذکر نہ ہونا جو عہد رسالت میں سن بلوغ کو پہنچ گئے تھے اور رومی کافروں کے خلاف جہاد میں شہید ہوئے تھے کیا اس بات کا ثبوت نہیں ہے کہ حسنین کا ذکر اور ان کی مدح سرائی ہاشمیت و مفروضہ سیادت نسبی کی بنا پر ہے اور حضرت علی بن ابوالعاص کا ذکر ترک ہونا کیا اس وجہ سے ہے کہ نسباً وہ بنی امیہ کے خاندانی فرد تھے۔ علاوہ بریں ہاشمی بزرگوں میں سے حضرت جعفر طیار، حضرت عقیل، حضرت ابوسفیان ہاشمی وغیرہ قرابتداران رسول خدا کے خاص کر حضرت جعفر طیار کے نام نامی خطبہ میں نہ لینے سے جو اپنے چھوٹے بھائی حضرت علی پر اس اعتبار سے فوقیت رکھتے تھے کہ عہد رسالت میں عرب سے باہر ملک حبش میں دین کی تبلیغ بھی کی تھی صاف ظاہر ہے کہ ان حضرات کی مدح و ثنا کی ابتدا خطبات جمعہ میں کسی اصول کے تحت نہیں کی گئی نہ خاندانی اعتبار سے سب کے نام لئے گئے اور نہ شاندار خدمات کے لحاظ سے غالباً سیاسی مقاصد پیش نظر رہے کیونکہ سیاسی اقتدار کے حصول میں عباسی اور علوی ہی پیش پیش رہے تھے۔ بہرکیف یہ گفتگو خاندانی اور نسلی امتیاز کے سلسلے میں آگئی ورنہ احترام تو سب ہی حضرات کا ملحوظ خاطر ہے اور حضرت عباس رضی کا خون پاک تو خود میرے رگ و پے میں دوڑ رہا ہے صرف حق بیانی کے تقاضے سے ان حقائق تاریخی کا بیان اس سلسلے میں ناگزیر ہوا۔

السید والشریف کا تفصیلی جائزہ تو لیا جا چکا اب بالفاظ مختصر "آل محمد" کی تاویلات کا جائزہ لینا بھی ضرور ہے کہ نسلی امتیاز اور سیاسی مقاصد کے حصول کی غرض سے قرابتداران رسول خدا کے معنی میں استعمال کیا جاتا رہا ہے۔

التحیات اور درود

علامہ المشرقی محمد عنایت اللہ خاں رح نے اپنی مشہور تالیف "تذکرہ" میں ایک موقع پر استہزاءً لکھا ہے:-

" التحیات کے بعد اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ و بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ

کے الفاظ جو پڑھے جاتے ہیں گمان غالب ہے کہ رسول خداؐ اپنے
عین حیات امامت کے وقت خود نہ پڑھے ہوں گے نہ معلوم یہ درود
شریف کب سے پڑھے جانے شروع ہوئے کس کے حکم سے ہوئے
اور خود رسول خدا ان کی جگہ کیا پڑھا کرتے تھے (ص۲۶۷)

علامہ علیہ الرحمۃ کتب احادیث الموطا و بخاری و مسلم ہی میں ابواب التشہد مطالعہ کر لیتے سوال کا جواب بآسانی مل جاتا۔ امام بخاریؒ نے اس باب میں اور کتاب الاستیذان میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے مروی چار حدیثیں ہیں۔ تشہدات (التحیات) کی درج کی ہیں جن میں بتایا ہے کہ نبی صلعم کے ساتھ نماز میں پہلے ہم یہ الفاظ (التحیات کی جگہ) پڑھا کرتے تھے:۔

اَلسَّلَامُ عَلَی اللّٰہِ قَبْلَ عِبَادِہٖ ۔ سلام اللہ پر ہوں اللہ کے بندوں سے
اَلسَّلَامُ عَلٰی جِبْرَائِیْل اَلسَّلَامُ عَلٰی پہلے اور سلام ہو جبرائیل پر سلام ہو میکائیل
مِیْکَائِیْل اَلسَّلَامُ عَلٰی فُلَانٍ وَّفُلَانٍ ۔ پر اور سلام ہوں فلاں اور فلاں پر۔

(صحیح بخاری)

پھر فرماتے ہیں کہ ایک روز نبی صلعم نماز سے فارغ ہو کر ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا اللہ تو خود سلام ہے یعنی سلام اس کا نام ہے اس پر سلام کہنے کے کوئی معنی نہیں لہذا اب سے تم لوگ نماز میں پڑھا کرو۔

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ وَاَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ۔

یہ وہ التحیات (تشہد) ہے جو رسول خدا نے صحابہ کو بعد میں سکھلائی تھی اور صحابہ جو نمازوں میں پڑھتے تھے اسی قدر تھی اس میں مروجہ درود شامل نہ تھا حضرت ابن مسعودؓ نیز فرماتے ہیں کہ التحیات کے بعد جس کو جو دعا پسند ہوتی تھی پڑھ لیتا تھا۔ ثم یتخیر من الدعاء اعجبہ فیدعوا (صحیح البخاری) مثلاً رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وغیرہ۔

تقریباً بارہ اکابر صحابہ کے تشہدات (التحیات) مختلف کتب حدیث میں نقل ہیں جداگانہ

کے ابتدائی الفاظ میں خفیف سا فرق ہے باقی عبارت یکساں ہے ابن مسعودؓ کی مندرجہ بالا التحیات کو امام ابوحنیفہؒ نے اختیار کیا حنفیوں میں اسی کا رواج ہے امام مالکؒ نے حضرت عمرؓ کے تشہد کو اور امام شافعیؒ نے ابن عباسؓ کے تشہد کو جو پہلے نقل ہو چکا اختیار کیا حضرت عمرؓ پہلا جملہ التحیات میں یوں پڑھتے تھے اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ الزَّاکِیَاتُ لِلّٰہِ الطَّیِّبَاتُ الصَّلَوَاتُ لِلّٰہِ (الموطا) السرخسی نے "الناميات الزاكيات المباركات" الفاظ بھی لکھے ہیں باقی سب عبارت ابن مسعودؓ کی عبارت کی طرح پڑھتے تھے۔ اسی طرح دیگر صحابہ ابو ہریرہؓ ابو موسی الاشعریؓ ابن زبیرؓ نیز ام المومنین عائشہؓ کے تشہد لفظ بھی کتب احادیث میں درج ہیں مروجہ درود ان میں سے کسی میں شامل نہیں کیونکہ اصلی درود تو خود التحیات ہی کی عبارت میں شامل ہے زمخشری نے الکشاف میں اور شمس الدین السرخی نے المبسوط میں امام ابو حنیفہؒ کے دادا استاد ابراہیم النخعیؒ متوفی ۹۵ھ کا جو بیک واسطہ حضرت ابن مسعودؓ کے شاگرد تھے یہ قول نقل کیا ہے۔

کانوا یکتفون عن ذلک ـــــ یعنی الصحابۃ ـــــ بالتشہد وھو اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ	تشہد (التحیات) پڑھنے میں صحابہ اسی صلاۃ والسلام (درود) پر اکتفا کرتے تھے یعنی اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

التحیات کا یہ درود صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا کی صحیح صحیح تعمیل ہے صحابہ آپ کی حیات میں یہی پڑھتے تھے جب آپ کی وفات ہوگئی ضمیر خطاب ترک کرکے اَلسَّلَامُ عَلَی النَّبِیِّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ پڑھنے لگے۔ سرخسی کہتے ہیں کہ تشہد کے پہلے یا بعد میں کچھ اضافہ کرنا مکروہ ہے حضرت عائشہؓ کی اس حدیث سے استدلال کرتے ہوئے کہ آنحضرتؐ قعدہ اولیٰ میں اس سرعت سے اٹھ جاتے تھے گویا سنگریزوں پر چل رہے ہوں (کانہ علی الرضف) سرخسی کہتے ہیں یہ اس بات کی دلیل ہے کہ تشہد میں کچھ بڑھایا نہ جاتا تھا

انہ کان لا یزید علی التشہد (المبسوط)

شرح مسلم میں ابو مسعود انصاریؓ کی حدیث میں جو پہلے درج ہو چکی ہے آپ سے جو یہ ارشاد منسوب ہے کہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کہو اس میں اٰلِ مُحَمَّدٍ کا اضافہ ہے اور راوی اس حدیث کا ابو عبداللہ الحکم بن عبداللہ بن سعد الایلی

بو خطاف ہے اس کی دوسری حدیث الہیثمی کے مجمع الزوائد ومنبع الفوائد میں بھی ہے۔ ابو حاتم نے اس راوی کو کذاب کہا ہے امام احمدؒ فرماتے ہیں احادیثہ کلہا موضوعۃ (میزان الاعتدال ج صـ۳۶۵) دیگر ائمہ نے بھی اس کی کذب بیانی کا اظہار کیا ہے زمانہ بھی اس کا عباسی خلافت کا ابتدائی عہد تھا۔

ابن ہمام نے فتح القدیر میں بیہقی کی روایت کا ذکر کرتے ہوئے جو بنی الحارث کے مجہول الاسم راوی سے منسوب ہے کہ ابن مسعودؓ نے فرمایا کہ درود میں وعلیٰ آل محمد پڑھا کرو لکھا ہے نبی صلعم کے سلام وصلاۃ میں غیر نبی کو شریک کرنا مکروہ ہے۔ کیونکہ اللہ تبارک وتعالےٰ کا آیت صلوٰۃ وسلام میں صاف وصریح حکم جب یہ ہے کہ صرف نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام پر سلام وصلوٰۃ کہو یہ تصور کیونکر کیا جاسکتا ہے کہ حکم خدا کے خلاف آپ نے اپنی اُمت کو اس کا مکلف کیا ہو کہ ذات اقدس پر صلاۃ وسلام کہنے میں آپ کے قرابتداروں آل وازواج وعترت وذریت کو بھی شامل کریں۔ آپ سے جو یہ ارشاد منسوب ہے کہ من صلی صلاۃ لم یصل علیّ فیھا وعلیٰ اھل بیتی لم تقبل منہ (نماز پڑھنے میں جس نے میرے اور میرے اہل بیت پر درود نہ کہا نماز اس کی قبول نہ ہوگی) اس کا راوی جابر بن یزید بن الحارث الجعفی الکوفی ہے ذہبی نے میزان الاعتدال (ج صـ۱۷۶) میں بتایا ہے کہ وہ علمائے شیعہ میں سے تھا ابن حبان کہتے ہیں سبائی تھا نہ اندہ نے اسے رافضی اور صحابہ کا بدگو بتایا ہے، دیگر آئمہ حدیث نے بھی دروغ گو لکھا ہے۔

آل محمد آل محمدؐ سے مراد جیسا پہلے ضمناً ذکر ہوا اہل وعیال اور کنبہ والوں سے بھی ہے اور متبعین وپیروؤں سے بھی جہاں خاندانی امور مثلاً تقسیم ترکہ یا حرمت زکاۃ وصدقہ وغیرہ کی بات ہو اہل وعیال اور کنبے والے مراد ہوں گے یعنی آل عباس وآل علی وآل عقیل اور جب دین ومذہب وشریعت کا مسئلہ ہو متبعین وپیرو اور امت کے لوگ مراد ہوں گے رسول خدا کی مشہور حدیث ہے۔

من سلک علیٰ طریقی فھو آلی (جس نے میرے طریقے کی پیروی کی وہ میری آل ہے) نیز

ان آل کل مسلمین التابعین لہ (ص) الیٰ یوم القیامۃ (المجموع شرح المھذب)	نبی کریم کے کل مسلمان متبعین یوم قیامت تک آپ کی آل ہیں۔

آل النبی من جہۃ الدین کل مومن تقی کذا اجاب رسول اللہ حین سئل عن الآل (کلیات ابی البقا)	دینی حیثیت سے کل متقی مسلمان آل نبی ہیں جیسا رسول اللہ نے فرمایا تھا جب آل کے بارے میں آپ سے دریافت کیا گیا تھا۔

آیہ کریمہ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ میں آلِ فرعون سے اس کے پیرو اور متبعین ہی مراد ہیں۔ سورۂ الحجر کی آیت میں آل لوطؑ سے مراد پیروانِ لوطؑ سے ہے اسی طرح قرآن شریف کی دوسری متعدد آیتوں میں آل سے متبعین و پیرو اور اُمت کے لوگ مراد ہیں۔

بنی عباس و بنی فاطمہ کے طرفداروں یعنی نقیب آل محمد نے سیاسی اقتدار کے حصول کی خاطر ملک در ملک جو پروپگنڈا کیا تھا آلِ محمد سے مراد قرابتدارانِ رسول خدا سے لی تھی۔ جمہور علماء و ائمہ کے خلاف امام شافعیؒ[۱] نے اور ان کے اتباع میں امام فخر الدین رازی[۲] نے آل محمد سے مراد قرابتدارانِ رسول سے لی چنانچہ مفاتیح الرازی

---

[۱] امام شافعیؒ نسباً ہاشمی تو نہ تھے آنحضرت صلعم کے جدِ اعلیٰ ہاشم بن عبد مناف کے بھائی المطلب بن عبد مناف کی نسل سے تھے المطلب نے اپنے یتیم بھتیجے اور آنحضرت صلعم کے دادا عبد المطلب کی پرورش کی تھی۔ اپنے مرحوم بھائی کے نام پر المطلب نے اپنے ایک بیٹے کا نام ہاشم رکھا تھا ابن ہاشم بن المطلب کی زوجہ آنحضرتؐ کے دادا عبد المطلب کی سوتیلی بہن الشفا بنت ہاشم بن عبد مناف تھیں جن کے بطن سے عبد یزید بیٹا ہوا پھر اس عبد یزید کی بیوی عبد المطلب کے ایک بھتیجے الارقم بن نضلہ بن ہاشم بن عبد مناف کی دختر تھی جس کا نام بھی الشفا تھا اس سے عبد یزید کا ایک بیٹا السائب تھا جو اسیرانِ بدر میں سے تھا اس السائب کے فرزند شافع کے پروتے ہونے کی بنا پر وہ شافعی کہلائے یعنی ابو عبد اللہ محمد بن ادریس بن عباس بن عثمان بن شافع مذکور۔ عباسی خلافت قایم ہونے کے اٹھارہ برس بعد ۱۵۰ھ میں بزمانہ خلافت امیر المومنین ابو جعفر المنصورؒ پیدا ہوئے اور ۲۰۴ھ میں بزمانہ خلیفہ مامون الرشید انتقال ہوا۔ عصبیت خاندانی کا مادہ طبیعت میں تھا۔ رحمہ اللہ۔

[۲] امام فخر الدین رازی عجمی نژاد شہر رے کے باشندے ہونے کی وجہ سے رازی کہلائے ولادت ۵۴۳ھ میں ہوئی ان کا زمانہ امام شافعیؒ سے تین سو برس بعد کا ہے ساتویں صدی کے ممتاز مصنفین میں سے تھے مختلف علوم میں تصانیف کیں قرآن شریف کی تفسیر بارہ جلدوں میں لکھی ہے۔

میں ہے کہ :-

إن الدعاء للآل منصب عظیم ولذلك جعل هذا الدعاء خاتمة التشهد فی الصلاة وهو قوله اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وارحم محمداً و آل محمدٍ وهذا التعظیم لم یوجد فی حق غیر الآل فكل ذلك یدل علی إن حب آل محمد واجب۔

آل محمدؐ کے واسطے یہ دعاء منصب عظیم ہے اور اسی لئے تشہد (التحیات) کے خاتمہ پر اس دعاء کو (نماز میں) رکھا گیا۔ دعا یہ ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَارْحَمْ مُحَمَّداً وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ ایسی تعظیم آل محمدؐ کے سوائے کسی اور کے حق میں نہیں ہے لہٰذا یہ سب اس بات کی دلیل ہے کہ آل محمدؐ کی محبت واجب ہے۔

جناب رازی نے یہ دو بیتیں بھی لکھی ہیں جو امام شافعیؒ سے منسوب ہیں ان میں رسول اللہ کے اہل بیت (گھر والوں) سے خطاب کرکے کہا گیا ہے کہ تمہاری محبت کا حکم تو اللہ تعالیٰ نے قرآن میں نازل کیا ہے اور تمہاری عظیم قدر و منزلت کے لئے تو یہی بات کافی ہے کہ نماز میں جو کوئی تم پر صلات (درود) نہ کہے اس کی نماز ہی نہ ہوگی۔

یا اهل بیت رسول الله حبكم فرض من الله فی القرآن انزله
كفاكم من عظیم القدر انكم من لم یصل علیكم لا صلاة له

مگر قرآن شریف کے کسی پارے کسی رکوع کی کسی آیت میں رسول خدا کے اہل بیت حقیقی یعنی ازواج مطہرات اور اہل بیت حدیثی[1] یعنی آپ کے چچا حضرت عباسؓ اور ان کی اولاد اور آپ کی بیٹی حضرت فاطمہؓ اور ان کی اولاد سے محبت کرنے کا کوئی حکم اشارۃً بھی کہیں نہیں۔ یہ بات اگر سورۂ الشوریٰ کی مندرجہ ذیل آیت کے سلسلہ میں کہی گئی ہے تو محض غلط ہے :-

قُلْ لَّآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰی۔

کہہ دیجئے (اے محمدؐ) میں تم سے (اے مشرکین قریش) اس (تبلیغ) پر کوئی اجر طلب نہیں کرتا مگر یہ کہ اس رشتہ داری کی (جو مجھ میں

[1] وضعی حدیثوں میں حضرت عباسؓ اور حضرت فاطمہؓ کی اولاد کو آیت تطہیر کے سلسلہ میں اہل بیت کہا گیا اس لئے انھیں اہل بیت حدیثی لکھا گیا۔

| اور تم میں ہے) محبت تو بدستور ہے۔

قربیٰ کے معنی رشتہ دار کے نہیں رشتہ داری کے ہیں ذوی القربیٰ ہوتا تو معنی البتہ رشتہ دار کے ہوتے مگر اس سے پھر بھی میرے رشتہ دار کا مفہوم نہ نکلتا آنحضرتؐ کے دادھیالی وننھیالی رشتے قریش کے سب ہی گھرانوں سے تھے۔ ترجمان القرآن حضرت ابن عباسؓ جو اہلبیت حدیثی کے ممتاز عالم تھے اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں:-

نزلت هذه الآية بمكة وكان المشركين يوذون رسول الله فانزل الله تعالیٰ: قل لهم يا محمد لا اسئالكم عليه (اعني ما ادعوكم اليه) اجرا من الدنيا الا المودة في القربیٰ الا الحفظ في قرابتي فيكم۔ (الدرالمنثور في التفسير بالماثور للسیوطی)

یہ آیت مکہ میں (اس زمانہ میں) نازل ہوئی تھی جب مشرکین (قریش) رسول اللہ کو ایذا پہنچاتے تھے اس لئے اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی اے محمد کہہ دیجئے ان سے (مشرکین سے) کہ میں تم سے اس پر (یعنی جس بات کی میں تم کو دعوت دیتا ہوں) کوئی معاوضہ دنیاوی طلب نہیں کرتا سوائے اس کے کہ تم اس رشتہ داری کی محبت و مودت تو قایم رکھو جو میری تم سے ہے

اب دیکھئے ان ہی ابن عباسؓ سے کذابین نے یہ جھوٹی حدیث منسوب کر دی کہ یہ آیت جب نازل ہوئی جس کی تفسیر انھوں نے سطور بالا میں کی ہے لوگوں نے پوچھا یا رسول اللہ وہ کون لوگ ہیں جن کی محبت کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا آپ نے فرمایا فاطمة وولدها یعنی فاطمہؓ اور اس کی اولاد قسطلانی نے ضوء الساری میں بتایا ہے کہ اس وضعی حدیث کا راوی حسین بن حسن الاشقر ہے جسے ابو زرعہ نے منکر الحدیث جوزجانی نے غالی رافضی اور شتام (نہایت بدگو) اور ابو معمر الہذلی نے کذاب کہا ہے (میزان الاعتدال ج ۱ ص ۲۴۹) علاوہ ازیں سورۃ الشوریٰ کی یہ آیت تو مکہ میں اس زمانے میں نازل ہوئی تھی جب حضرت فاطمہؓ کی شادی کو بھی دس گیارہ برس کی طویل مدت باقی تھی چہ جائیکہ ان کے اولاد ہونا۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے اس قسم کے اقوال کے بارے میں یہ صحیح ریمارک کیا ہے:-

فتكون هذه الآية قد نزلت قبل وجود الحسن والحسين بسنين متعددة فكيف يفسر النبي صلى الله عليه وسلم الآية بوجوب مودة قرابة لا تعرف ولم تخلق۔ (منهاج السنة)

پس یہ آیت جب حسن و حسین کے عالم وجود میں آنے سے متعدد سالوں قبل نازل ہوئی تھی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی تفسیر میں کیونکر اس قرابت کی محبت و مودت کو واجب کر سکتے تھے جس کو وہ نہ جانتے پہچانتے تھے اور نہ اس کی تخلیق ہی ہوئی تھی۔

یہ کذاب راوی حسین الاشقر ۲۰۸ھ میں مرگیا تھا اس سے سوا سو برس پہلے جب حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے پروتے امیرالمومنین عبداللہ (السفاح) بن محمد الامامؒ کی ۱۳۲ھ میں بیعت خلافت کوفہ میں ہوئی تھی۔ اس وقت جو خطبہ انھوں نے دیا تھا علامہ ابن کثیرؒ نے چند فقرات اس کے درج کئے ہیں (البدایۃ ج۱۰) راوی نے غلط منسوب نہیں کئے تو ان فقرات میں کہا گیا ہے کہ ان پہلے عباسی خلیفہ نے رسول اللہ صلعم سے اپنی قرابت کے شرف و منزلت کے اظہار میں اسی آیت المودۃ فی القربیٰ کا مصداق اپنے دادا کی تفسیر کے قطعاً خلاف ابن عم رسول اللہ ہونے کی بنا پر اپنے ہی کو بتایا تھا پھر شیعہ راویوں نے اس آیت اور دوسری آیتوں سے حضرت علیؓ و اولاد حسنینؓ کے وصایت و وراثت کی جو تاویلات کیں معلوم و مشہور ہیں۔ نہج البلاغۃ کے مصنف نے بعض خطبات میں یہ الفاظ حضرت علیؓ سے منسوب کئے ہیں کہ آل محمدؐ سے اس اُمت میں کسی کو بھی نسبت نہیں دی جاسکتی آل محمدؐ دین کی بنا دیں ہیں، صدق و یقین کے ستون ہیں وصیت و وراثت انہی کے لئے مخض ہے یہی اسرار پیغمبر کے خزانے اور علم کے دروازے ہیں و نحن الاعلون نسباً والاشدون برسول اللہ نوطاً (اور ہم بلحاظ نسب سے بلند ہیں اور ہمارا رشتہ رسول اللہ سے قوی ہے) خطبہ ۱۴۲ میں یہ الفاظ حضرت علیؓ کے منہ سے کہلوائے ہیں:-

"ان رفعنا اللہ ووضعھم (الی آخرہ) یعنی اللہ نے ہم کو بلند کیا ہے وہ دوسروں کو پست کیا ہے ہم کو قیادت عطا کی ہے ان کو محروم کر دیا ہے ہم ہی وہ ہیں جن سے ہدایت طلب

کی جاتی ہے اور جن سے گمراہی دور کرکے نیکو لوں مانگا جاتا ہے بیشک
ائمہ سب قریش سے ہوں گے اور وہ ہاشمی خاندان میں نصب کر دئیے
گئے ہیں۔ قیادت ہاشمیوں کے علاوہ کسی دوسرے کے لئے درست
نہیں دوسرے حاکم (والی) ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔

(نہج البلاغۃ)

ابن ابی الحدید نے نسبی تعلّی کے ایسے ایک قول کی شرح میں صاف لکھدیا ہے کہ بنی ہاشم تو بندے خدا کے ہیں اور دوسرے لوگ ان (بنی ہاشم) کے بندے ہیں انھم عبید اللہ وان الناس عبید ھم۔

یہ اور اس قسم کے دیگر اقوال اور نسبی تعلیاں آل محمد کے معنی و مطلب کو محدود کرکے محض سیاسی مقاصد سے مشتہر ہوتی رہیں حالانکہ دین و مذہب و شریعت کے معاملات میں جیسا ذکر ہو چکا ہے آل محمد سے مراد کل اُمت محمدیہ ہے۔ نبی آخر الزماں کا لایا ہوا دین تا قیام قیامت قائم رہے گا اللہ تعالیٰ کی وسیع اور غیر محدود رحمت کو ہاشمی خاندان کے افراد سے محدود کر دینے کا اسلام جیسے دین عدل و انصاف و مساوات و اخوت میں کسی کو حق ہی کیا ہے۔

صلوٰۃ علی النبی

درود اور نماز یہ دونوں لفظ تو فارسی زبان کے ہیں جو عجمی اسلام کے طفیل رائج ہوئے قرآن شریف میں فرمایا گیا ہے فَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ ۔ اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتْ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ کِتٰبًا مَّوْقُوْتًا (صلوٰۃ قائم کرو بلاشبہ صلوٰۃ یعنی نماز تمام مومنوں پر مقررہ اوقات میں فرض کی گئی ہے) یہی صلوٰۃِ موقت تو نماز ہے اس صلوٰۃ کے علاوہ اللہ کی جانب سے مومنوں پر صلوٰۃ نزول رحمت خداوندی ہے۔ اَلصَّلٰوۃُ مِنَ اللّٰہِ رَحْمَۃٌ (لسان العرب) چنانچہ فرمایا گیا۔ اُولٰٓئِکَ عَلَیْھِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّھِمْ وَرَحْمَۃٌ مومنوں پر نبی کی صلوٰۃ کا مطلب ہے ان کی تحسین اور حوصلہ افزائی۔ سورہ ۲ البقرۃ میں مومنوں کے مال سے صدقہ وصول کرنے کے سلسلے میں جو ان کے تطہیر و تزکیہ کا موجب ہے رسول خدا سے فرمایا گیا۔ وَصَلِّ عَلَیْھِمْ اِنَّ صَلٰوتَکَ سَکَنٌ لَّھُمْ (ان کو دعائے خیر دو کیونکہ تمہاری تحسین و شاباش ان کے لئے تسکین و اطمینان کا موجب ہے) اسی طرح دیگر آیات میں جو لفظ

صلوٰۃ آیا ہے محل و موقع کے اعتبار سے مفہوم کہیں تحسین و آفریں ہے کہیں نزول رحمت الٰہی ہے کہیں فرض منصبی کی ادائیگی ہے۔ اللہ جل شانہ نے سورۃ البراءتہ میں فرمایا ہے :-

هُوَ الَّذِيْ أَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ۔	وہی اللہ ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تاکہ اس کو ہر دین پر غلبہ دے اگرچہ مشرکوں کو برا ہی لگے۔

تبلیغ دین حق کے ابتدائی ایام میں عرب جاہلیہ جیسی اُجڈ اور جھگڑالو قوم قومًا لَّدًا دشمنی اور ایذا رسانی پر تُل گئی قلیل تعداد قریشیوں نے دینِ حق قبول کیا عزیز دیں و ہم وطنوں کے ظلم و جور سے اُنھیں وطن چھوڑنا پڑا۔ سب سے پہلے مہاجر رسول خدا کے منجھلے داماد حضرت عثمان اموی اور اُن کی زوجہ محترمہ سیدہ رقیہؓ بنت رسول خدا تھیں پھر نبی کریم صلعم نے بھی ہجرت فرمائی اور ہجرت کے چوتھے ہی سال جب دس ہزار مشرکین کے لشکر احزاب نے یہودیانِ مدینہ سے سازباز کرکے شہر پر چڑھائی کی غازیانِ اسلام کی تعداد صرف ایک ہزار تھی دفاع کے لئے خندق کھودی جارہی تھی پتھر کی ایک چٹان ایسی سخت آئی کسی طرح نہ ٹوٹتی تھی آنحضرتؐ نے دست مبارک سے ضرب لگائی پاش پاش ہوگئی ساتھ ہی شعلہ کی چمک میں قدرت خدا سے دین حق کے غلبہ کی نشانی دیکھکر آپ نے پیش گوئی فرمائی کہ اب مسلمانوں کو سب ہی دشمنوں پر فتح ہوگی احزابی لشکر کو ہزیمت اُٹھا کر بھاگنا پڑا پھر کبھی مسلمانوں کے مقابلہ پر آنے کی ہمت نہ ہوئی۔ یہودیوں کو غداری کی سزا ملی کچھ جلا وطن ہوئے اور کچھ جان سے مارے گئے دشمنوں کے دلوں پر مسلمانوں کی دھاک بیٹھ گئی۔ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ -

یہ واقعہ ماہِ شوال ۵ھ کا ہے۔ سورۃ الاحزاب میں جس کا نزول ۵ھ میں ہوا یہ آیتیں نازل ہوئیں۔

هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا۔ (الاحزاب ۴۳)	(اے ایمان والو) وہ اللہ ہی ہے جو اپنے ملائکہ (یعنی ملکاتی قوتوں) سمیت تم پر صلوٰۃ کرتا ہے تاکہ تمھیں (جہالت و غفلت) کی ظلمتوں سے نکال کر (علم و حکمت کی) روشنی کی طرف

	لائے اور وہ اللہ مومنوں پر رحمت کرنے والا ہے۔

پھر ساتویں رکوع میں صلوٰۃ علی النبی کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا (الاحزاب ۵۶)	بلاشبہ اللہ اور اس کے فرشتے (کائناتی قوتیں) نبی پر صلوٰۃ کرتے ہیں۔ اے ایمان والو تم بھی (نبی کے لائے ہوئے قانون الٰہی کو عملاً تسلیم کرتے ہوئے) اس (نبی) پر صلوٰۃ وسلام کرو۔

دونوں آیتوں میں لفظ صلوٰۃ ہے مومنین پر اللہ کی صلوٰۃ نزول رحمت الٰہی ہے اور نبی کریم پر اللہ کی صلوٰۃ تحسین و آفریں ہے لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ کے معجزنما کارنامے پر کہ آپ نے اپنی مقلب القلوب روحانیت حیرت انگیز قوت عمل ولاثانی ثبات واستقلال سے چند ہی سالوں میں عرب جیسے اکھڑ قوم کی کایا پلٹ دی اور قرآنی نظام ربوبیت کی بنیاد ڈالی مومنین صادقین مہاجرین والانصار نے محیرالعقول مصائب برداشت کرکے دین حق کو ادیان باطلہ پر غلبہ دینے میں رسول خدا کا ساتھ دیا اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ جنھوں نے اپنی جانیں قربان کیں انھیں حیات جاودانی ملی[۱] دین حق کو غلبہ ہوا لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ کا مقصد عملاً پورا ہوا قانون مساوات واخوت کی بنا پر حکومت علی منہاج النبوۃ قائم ہوئی۔ اللہ

---

[۱] سورۂ البقرہ کی آیت کے ۱۵۴ میں مسلمانوں کو دین حق کی مدافعت میں جان کی قربانی دینے کے سلسلے میں بتایا گیا ہے کہ جو شخص خدا کی راہ میں فی سبیل اللہ قتل ہو گیا اس کو مردہ نہ کہو وہ تو اپنے کارناموں کی وجہ سے زندہ ہے لیکن تم نہیں سمجھتے کہ وہ کیونکر زندہ ہے وَلَكِن لَّا تَشْعُرُونَ۔ سورۂ آل عمران کی آیت ۱۶۹ میں مزید فرمایا گیا کہ جو لوگ راہ خدا میں قتل ہو گئے ان کو مردہ نہ شمار کرو وہ تو زندہ ہیں اور اپنے خدا کے پاس اس کی نعمتوں ورحمتوں سے مالا مال ہیں بَلْ أَحْيَاءٌ عِندَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ۔ یعنی انھوں نے اپنی جانیں دین کے اعلیٰ مقصد پر قربان کرکے حیات جاودانی پائی اور بہشت میں اللہ کی رحمتوں سے مالا مال ہیں۔ رزق کے معنی محض کھانے پینے کے نہیں نعمتوں اور برکتوں سے متمتع ہونے کے بھی ہیں اور اسی آیت میں يُرْزَقُونَ کا یہی مطلب ہے شہدا جنت کی نعمتوں سے متمتع ہو رہے ہیں۔

تبارک وتعالیٰ نے ملائکہ سمیت اپنے آخری نبی کے جلیل وعظیم کارنامے پر صلوٰۃ وتحسین (آفرین) کی اور مومنوں کو حکم دیا کہ تم بھی نبی پر صلوٰۃ وسلام کرو صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا۔ مومنوں کو صلوٰۃ وسلام کا یہ حکم بقید تَسْلِيمًا ہے[۱] یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے قانون وضابطہ حیات کو عملاً تسلیم کرتے اس پر عمل پیرا ہوتے ہوئے قانون مساوات واخوت لانے والے اور اس کا نفاذ کرنے والے رہنمائے جلیل علیہ الصلوٰۃ والسلام پر صلوٰۃ وسلام کہنا اس سے غرض ومقصد بقول ابن اثیرؒ دنیا میں دعوت اسلامی کی تبلیغ اور اظہار اور بقائے شریعت ہے۔ عظمہ فی الدنیا باعلاء ذکرہ واظہار دعوتہ وابقاء شریعتہ (النہایۃ فی غریب الحدیث والاثر) یہ عملی تسلیم ہے امتیوں کی جو صرف زبانی سلام وصلوٰہ سے یا بعد ادائے نماز حلقہ باندھ کر ترنم کے ساتھ سلام گانے سے پوری نہیں ہوسکتی۔ آپ کے لائے ہوئے دین اور ضابطہ حیات کی قولی وفعلی تبلیغ تو اسلامی قومی زندگی کی روح ہے جسے اکثر ائمہ مساجد صرف اپنے مذہبی ومسلکی رسموں کی ادائیگی کے انہماک میں صدیوں سے ترک کئے ہوئے ہیں بلکہ اس اہم فریضہ کی ادائیگی کا انھیں احساس ہی جاتا رہا ہے بقول علامہ اقبالؒ ؎

قوم کیا چیز ہے قوموں کی امامت کیا ہے
اس کو کیا سمجھیں یہ بیچارے دو رکعت کے امام

نبی کریمؐ کے اس صلوٰۃ وسلام میں جو حکم الٰہی کے بموجب صرف ذات اقدس کے ابدالآباد تک قایم رہنے والے تبلیغ واقامت دین کے عظیم کارنامے کی یاد تازہ کرنے اور مومنوں کو آپکی پیروی کرنے کے لئے ہے قرابتداران رسول اکرم و آل محمد کے شامل کئے جانے کا جواز کیسے ہوسکتا ہے[۲]۔ یوں ہر مسلمان کے لئے رحمت ومغفرت کی دعا ہر وقت کی جاسکتی ہے صلوٰۃ علی النبی

---

[۱] ایک صاحب جن کے نام کے ساتھ "راس المفسرین" تحریر ہے سَلِّمُوا تَسْلِيمًا کا ترجمہ کرتے ہیں "سلام بھیجو سلام کہکے" حالانکہ اسی سورۃ کی دوسری آیت کا جہاں لفظ تَسْلِيمًا آیا ہے ترجمہ اطاعت کرنا ہی کیا ہے۔

[۲] ایک مترجم قرآن کے حاشیہ پر آیت صلوٰۃ وسلام کے بارے میں دیوبندی عالم فرماتے ہیں "اللہ سے رحمت مانگنی اپنے پیغمبر اور ان کے ساتھ ان کے گھرانے پر بڑی قبولیت رکھتی ہے ان پر ان کے لائق رحمت اترتی ہے" مگر قرآن کی اس آیت میں اور نہ کسی دوسری آیت میں پیغمبر صاحب کے گھرانے پر صلوٰۃ وسلام کہنے کا اشارۃً بھی کوئی ذکر نہیں۔

میں جو معنی تعظیم تکریم کے ہے غیرنبی کا شمول بقول الخطابی نہیں ہو سکتا اور صلوٰۃ بمعنی دعائے رحمت وبرکت تو ہر مسلمان کے لئے ہر وقت کی جاسکتی ہے مومنین صادقین پر اللہ تبارک وتعالےٰ نے صلوٰۃ بمعنی رحمت وبرکت فرمائی ہے۔ هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ اور آنحضورؐ نے آل ابی اوفی پر رحمت کی دعا کی اور فرمایا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى آلِ اَبِي اَوْفٰى۔ پھر پنجوقتہ نمازوں کے تشہدات (التحیات) میں تو سب ہی صالح بندوں پر سلام کہا جاتا ہے نمازگذار یہ سمجھتے ہوئے کہ دربار خداوندی میں حاضر ہے ارکان نماز ادا کرتا ہے رکوع اور سجدے سے اپنی عبودیت واطاعت کا اظہار کرتا ہے اور دربار خداوندی سے رخصت ہونے سے قبل التحیات پڑھنے میں پہلے رب ذوالمنن کی نعمتوں کا مقر ہوتا ہے پھر فخر رسل پر اَلسَّلَامُ عَلَى النَّبِيِّ وَرَحْمَةُ وَبَرَكَاتُهٗ کے الفاظ میں درود بھیجتا ہے جو حکم صلوٰۃ وسلام کی صحیح صحیح تعمیل ہے چنانچہ نماز باجماعت ونماز جمعہ میں امتیوں کے صلوٰۃ وسلام کی تعداد تو ہزاروں سے تجاوز ہو جاتی ہے۔ نماز کے بعد پھر تمت صلوٰۃ وسلام کہنا نئی بات ہے۔ درود بھیجنے کے بعد نمازگذار نبی کریمؐ کے امتی اور جماعت کے ایک فرد کی حیثیت سے سب نمازگذاروں اور صالح بندوں پر سلام کہتا ہے آخر میں جب کلمہ طیبہ پڑھکر خدائے ذوالجلال کی وحدانیت اور اس کے رسول کی رسالت کا زبان اور قلب سے اقرار کرتے ہوئے دربار خداوندی سے رخصت ہونے لگتا ہے جہاں کی حاضری میں علائق دنیوی سے چند لمحات کے لئے قطع تعلق کر چکا تھا تو دائیں بائیں پھر اہل دنیا کو اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ کہکر اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔ اہل دنیا میں ہاشمی وغیر ہاشمی سب ہی شامل ہیں صحابہ کرام جو التحیات پڑھتے تھے جن کا ذکر سطور بالا میں تفصیلاً آیا ہے آل محمدؐ پر صلوٰۃ وسلام کا خواہ آپ کے کنبے والوں سے مراد ہو یا اُمت محمدیہ سے کوئی ذکر نہیں " عہد راشدین میں وعہد بنی اُمیہ میں مروجہ درود کا ثبوت نہیں ملتا۔

سورۂ الاحزاب کی اس آیت کریمہ صلوٰۃ وسلام کے دو ٹکڑے ہیں پہلا ٹکڑا اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ (بلاشبہ اللہ اور اس کے ملائکہ نبی پر صلوٰۃ کرتے ہیں) تو خبر ہے اور دوسرے ٹکڑے يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا (اے ایمان والو تم بھی نبی پر اس کے لائے ہوئے قانون کو عملاً تسلیم کرتے ہوئے صلوٰۃ وسلام کرو) میں مومنوں کو صرف نبی پر صلوٰۃ وسلام کا حکم ہے مروجہ درود اَللّٰهُمَّ صَلِّ

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ (اے اللہ تو محمد اور آل محمد پر صلوٰۃ کر اور ان پر برکت وسلامتی کر) صلوٰۃ وسلام نبی کے حکم خداوندی کی آل محمد کے شمول سے سوچیے کیا تعمیل ہوئی اس طرح تو خدا کا حکم اسی کی طرف لوٹا دیا گیا کہ اے اللہ تو ہی محمدؐ اور آل محمدؐ پر درود بھیج۔ مگر نبی صلعم کے ساتھ آل محمد پر صلوٰۃ وسلام کہنے کا ذکر تو اللہ کے حکم میں نہیں ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی حدیث کے علاوہ جو پہلے درج ہوئی فتح الباری شرح صحیح البخاری (باب التشہد فی الآخرہ صفحہ ۲۵۳ مطبوعہ مطبع انصاری دہلی) میں بتایا گیا ہے کہ

ان الصحابۃ کانوا یقولون والنبیؐ حیٌّ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّھَا النَّبِیُّ فلمّا مات قالوا اَلسَّلَامُ عَلَی النَّبِیِّ۔	نبی صلعم جب حیات تھے تو صحابہ (التحیات) میں اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّھَا النَّبِیُّ پڑھتے تھے لیکن آپ کی جب وفات ہوگئی (تو ضمیر خطاب ترک کر کے) اَلسَّلَامُ عَلَی النَّبِیِّ پڑھنے لگے۔

رسول اللہ کے فدائی شاگردوں اور مشکوٰۃ نبوت سے بلا واسطہ نور اخذ کرنے والے صحابہ کا عقیدہ راسخ تھا کہ بعد وفات آپ ہماری آواز و پکار نہیں سنتے سننے والی ذات واحد تو صرف خدائے لایزال ہی کی ہے وَتَوَكَّلْ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ (فرقان) اس زندہ پر بھروسہ کر جو کبھی نہیں مرے گا اس کے سوا کسی بشر کو موت سے مفر نہیں کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَۃُ الْمَوْتِ (آل عمران) بلکہ افضل البشر علیہ الصلوٰۃ کو بھی نہیں اِنَّكَ مَیِّتٌ وَّاِنَّھُمْ مَّیِّتُوْنَ (زمر) بے شک (اے نبی) تجھے بھی مرنا ہے اور وہ بھی مریں گے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول سے فرمایا کہ میرے بندے میرے متعلق تجھ سے پوچھتے ہیں تو میں یقیناً نزدیک

؎ سورہ ہود میں ہے کہ جب حضرت ابراہیمؑ کی زوجہ محترمہ حضرت سارہ کو جو بہت بوڑھی ہو کر اولاد ہونے سے مایوس ہو چکی تھیں بیٹا ہونے کی بشارت ملی انھوں نے تعجب کیا آیت نازل ہوئی اَتَعْجَبِیْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَیْكُمْ اَهْلَ الْبَیْتِ اِنَّهٗ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ مترجم قرآن کے حاشیہ پر مولانا عثمانی مرحوم لکھتے ہیں کہ نمازوں میں جو درود شریف پڑھتے ہیں اس کے الفاظ میں اس آیت سے اقتباس کیا گیا ہے (صفحہ ۲۹۷) یہ اقتباس کس نے کیا اور کب کیا اس کی صراحت نہیں کی صحابہ کے وقت میں تو یہ درود نہیں پڑھا جاتا تھا جیسا تشہدات کے ذکر میں بیان ہو چکا ہے۔ نماز کے علاوہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کہہ کر جتنی مرتبہ درود کیجیے اور نام مبارک زبان سے ادا کرے اور کان سے سنے آپ پر صلوٰۃ کہے موجب سعادت ہے۔

ہوتا ہوں اُجِیبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ (پکارنے والے کی پکار قبول کرتا ہوں جب بھی وہ مجھے پکارے) پکارا تو اسے ہی جاتا ہے جو موجود ہو اور آواز سن سکے خدا ہر وقت ہر جگہ موجود ہے اس کے سوا کوئی اور ہر وقت ہر جگہ موجود نہیں وہ تو رگِ جاں سے بھی زیادہ قریب ہے نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ۔ اور وہ ہی تو ہے جو بندوں کے جی کے اندر والی باتوں کو جانتا ہے ؎

جان نہاں در جسم و او در جاں نہاں
اے نہاں اندر نہاں اے جانِ جاں

اللہ کے سوا کون ہے جو اس مقام تک پہنچ سکے نہ نبی نہ ولی نہ کوئی اور مخلوق پھر ہم کیوں اللہ کے سوا غیر اللہ کو "یا" کہکر پکاریں اور اس طرح مبتلائے شرک ہوں شرک تو وہ گناہ ہے جو کبھی معاف نہ ہوگا۔

اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِکَ لِمَنْ یَّشَآءُ وَمَنْ یُّشْرِکْ بِاللّٰہِ فَقَدِ افْتَرٰی اِثْمًا عَظِیْمًا۔
(النساء)

بے شک اللہ نہیں بخشتا اس کو جو اس کا شریک کرے اور اس سے نیچے کے گناہ کو جسے چاہے بخشتا ہے اور جس نے شریک ٹھیرایا اللہ کا اس نے یقیناً عظیم گناہ کیا۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تو غیر اللہ کی قسم کھانے کو بھی منع کیا ہے مَن حلف بغیر اللّٰہ فقد اشرك (جس نے غیر اللہ کی قسم کھائی اس نے شرک کیا (ترمذی)

سیاسی اغراض و مقاصد سے جب آل محمدؐ کے معنی محدود کر کے قرابت داران نبی اکرم سے مراد لی گئی اور بمرور زمانہ "یا علی" "یا حسین" "یا غوثِ اعظم" کے نعرے لگنے شروع ہوئے، مغالاۃ فی البشر کی صدہا روایتیں اور حدیثیں وضع ہوئیں نسلی امتیاز اور نسبی برتری و ورسیادت کے غیر اسلامی رجحان کو بھی فروغ ہوا۔

خاتمۂ سخن

اسلام جیسے دین عدل و مساوات، اخوت و انصاف کے پیروؤں میں نسلی تفاخر اور خاندانی برتری کا غیر اسلامی رجحان اور سید و غیر سید، شریف و غیر شریف کا فرق و امتیاز کب سے اور کن واقعات و حالات میں شروع ہوا اس کا تفصیلی جائزہ گذشتہ ابواب میں لیا جا چکا ہے قارئین کو قرآن شریف و احادیث و کتب و تاریخ و انساب کی تصریحات

سے بخوبی واضح ہے کہ عربی زبان کے الفاظ سید و سادات، شریف و اشراف نہ کبھی اہل زبان نے نسل و نسب و قومیت کے اظہار میں استعمال کئے نہ آج کرتے ہیں اور نہ لغوی اعتبار سے نسب و قومیت کے اظہار میں یہ الفاظ استعمال کئے جاسکتے ہیں۔

چوتھی صدی ہجری کے اواخر میں شیعہ امیر الامرا ابن بویہ نے علی و محمد فرزندان ابو احمد موسوی کو جو اپنے وقت کے ممتاز ادیب و فاضل تھے اور نسباً جناب موسیٰؒ کے جنھیں امامیہ اپنا ساتواں امام کہتے ہیں پر دتوں میں سے تھے شیعی مسلک کی خدمات اور نہج البلاغۃ کی تصنیف کے صلہ میں ان دونوں بھائیوں کو شریف المرتضیٰ و شریف الرضی کے خطابات دیئے تھے چنانچہ اس کے بعد سے لقب الشریف ان کے اہل خاندان اور سبھی ہاشمی افراد کے لئے بالعموم مستعمل ہونے لگا تھا چنانچہ حضرت حسنؓ کی اولاد میں سے چند صدیوں بعد جو لوگ حرمین شریفین (مکۂ معظمہ و مدینہ منورہ) کے والی ہوئے لقب الشریف سے ملقب رہے ان میں کے آخری شخص شریف حسین تھے جنھوں نے ترکی خلافت سے غداری کی تھی ان لوگوں نے اپنے کو نہ سید کہا اور نہ کبھی سید کہلائے حالانکہ یہ سب صحیح النسب حسنی تھے۔ خود شریف المرتضیٰ و شریف الرضی یا ان کے اہل خاندان نے باوجود غالی شیعہ ہونے کے نہ اپنے کو کبھی سید کہا اور نہ اس لفظ سے نسب کا اظہار کیا بلکہ نہج البلاغہ کے مشمولہ بعض خطبہ میں لفظ سید تو آقا، مالک و سرداری کے معنی میں استعمال کیا ہے مثلاً خطبہ ۱۰۱ میں حضرت علیؓ کی زبانی یہ الفاظ درج کئے ہیں کنُصْرَۃِ العَبۡدِ مِنْ سَیِّدِہٖ (جیسی غلام کی نصرت اس کے آقا کی جانب سے ہو) اسی طرح حضرت علیؓ کے والد ماجد ابو طالب نے جنھیں شعر گوئی میں اچھا ملکہ تھا اپنے کلام منظوم میں لفظ سید و سادات سرداری کے معنی میں استعمال کئے ہیں ان کے سگے بڑے بھائی زبیر بن عبد المطلب[۱] اپنے زمانہ میں بنی ہاشم

---

[۱] زبیر بن عبد المطلب اپنے والد کے مرنے پر ان کے جانشین ہوئے تقریباً چودہ پندرہ برس ہاشمی خاندان کے سربراہ رہے انھوں نے ہی آنحضرت صلعم کی بڑی محبت سے پرورش کی تھی نہ کہ ابو طالب نے جو محض غلط مشہور ہے۔ زبیر کی وفات کے وقت آنحضور کا سن شریف تقریباً اکیس بائیس برس کا تھا شفیق تایا کی وفات کے بعد متاہل زندگی شروع کرنے کے خیال سے اپنے دوسرے چچا ابو طالب کی بیٹی کو جو بعد میں ام ہانی کی کنیت سے مشہور ہوئیں نکاح کا پیام دیا تھا ابو طالب نے کسی مصلحت سے قبول نہ کیا اور مخزومی خاندان کے ہبیرہ سے جو شاعر اور شہسوار تھا بیٹی کی

(بقایا نوٹ صفحہ ۳۲۵ پر)

سردار تھے اور قبیلہ قریش کی ممتاز شخصیت تھے، ابن ابی الحدید شارح نہج البلاغۃ نے ان کے ذکر میں لکھا ہے کہ :-

کان الزبیر عبد المطلب شجاعاً ابیاً	زبیر بن عبد المطلب بہادر و نڈر تھے ۔
وجمیلاً بھیاً وکان خطیباً شاعراً	حسین وجمیل تھے، شاعر و خطیب تھے ۔
وسیداً وجواداً (ج ۳ صفحہ ۴۵۵)	سردار و سخی تھے ۔

اپنے ان عالی منزلت بڑے بھائی کی وفات پر ابو طالب نے جو مرثیہ کہا تھا اس کی ابتدائی چند بیتیں سنئے کہتے ہیں :-

اسبلت عبرۃ علی الوجنات — قد مرتہا عظیمۃ الحسرات
ٹپک آتے ہیں آنسو رخساروں پر — کھینچ لائے ہیں بڑی بڑی حسرتیں

لِاخ سید نجیب یقوم — سید فی الذری من السادات
اس بھائی کے مرنے پر جو سردار شریف تھا عالی منزلت تھا — جو اونچے خاندان کے سرداروں کا سردار تھا ۔

سید وابن سادۃ احرزوا المجد — قدیماً وشیدوا المکرمات
سردار اور سرداروں کی اولاد جنھوں نے سمیٹ لیا تھا قدیم بزرگی — اور مکرمات کی بنیادیں مضبوط کر دی تھیں

ابو طالب نے ان تین بیتوں میں پانچ جگہ سید وسادات سردار و سربراہی کے معنوں میں استعمال کئے ہیں اور اپنے جن بزرگوں کی سرداری کا ذکر کیا ہے وہ بلاشبہ اپنے معاصرین میں باعزت وذی وجاہت تھے تولیت کعبہ کی وجہ سے صاحب اثر و رسوخ بھی تھے لیکن دوسرے خاندانوں کے سردار جو ہاشمیوں ہی کے ہمعصر تھے بعض خصوصیات

(بقایا نوٹ صفحہ ۳۲۴ کا) شادی کر دی ۔ آپ نے چاہا سے اس کی شکایت بھی کی تھی (الاصابہ وطبقات ابن سعد وکتاب المحبر وطبری وغیرہ) یہ شخص عہد نبوت میں اسلام کا شدید دشمن ہو گیا ہر غزوہ میں مقابل آیا فتح مکہ کے وقت جان بچانے کو وطن چھوڑ نجران بھاگ گیا وہیں ہلاک ہوا ہجویہ اشعار بھی کہا کرتا تھا جس کا جواب حضرت حسان بن ثابت انصاری دیتے تھے جو ان کے دیوان میں اس صراحت سے درج ہیں کہ یہ ہبیرہ کے جواب میں کہے گئے تھے (مزید تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو کتاب اہل بیت وآل محمد)

میں ان سے بھی فائق تھے عبد المطلب ہی کے حقیقی چچیرے بھائی امیہ اور ان کے بیٹے پوتے حرب بن امیہ ابوسفیانؓ بن حرب اپنے خاندان کے علاوہ کل قبائل کے قریش کے سردار سید السادات تھے اور جیسا ابتدائی صفحات میں ... ان ہوا باعتبار نسل ونسب یہ سب قریشی خاندان یکساں حیثیت رکھتے تھے مصاہرت ومناکحت کے بیشتر رشتے قریشی خاندانوں میں آپس ہی میں ہوتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قریشی خاندانوں سے رشتہ داری کے بارے میں حضرت عبد اللہ بن عباسؓ نے فرمایا تھا کہ آپؐ واسط النسب تھے یعنی آپ کی دادی پردادی اور نانی پرنانی پھران خواتین کی مائیں اور دادی اور نانی پرنانی جن کے نام ونسب بعض نسابین درج کئے ہیں ان ہی سب قبیلوں سے تھیں غرضیکہ نسل ونسب کے اعتبار سے بنی ہاشم بنی امیہ اور دوسرے قریشی قبیلے کوئی فرق وامتیاز باہمی نہیں رکھتے تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت سے بنی ہاشم ہی کو نہیں۔ سب قریشی خاندانوں کل عرب بلکہ کل نوع بشر کو عزوشرف حاصل ہوا بقول کسیکہ ؎

کمَا عَلا برسُولِ اللہِ عدنَانُ	وَکَمْ اَبٍ قَدْ عَلَا بِابنٍ ذُرَی شَرَفٍ
جس طرح رسول اللہ کی وجہ سے عدنان	بہت سے باپ تو بیٹے کی وجہ سے عزت و
مرتبہ علیہ کو پہنچے۔	بزرگی کے اونچے درجہ کو پہنچ جاتے ہیں

یہ عدنان بن اُدد جن کا ذکر مندرجہ بالا شعر میں ہے حضرت اسماعیلؑ کی نسل سے تھے۔
عدنان سے آٹھویں پشت میں کنانہ اور کنانہ کی چوتھی پشت میں فہر ملقب بہ قریش ہوئے۔
قریش سے دسویں پشت میں آنحضرت صلعم کے والد ماجد عبد اللہ بن عبد المطلب تھے۔ بنی ہاشم کے نسلی امتیاز کے بارے میں رسول خدا سے جو یہ قول منسوب ہے کہ اللہ تعالےٰ نے اولاد اسمٰعیلؑ میں سے کنانہ کو کنانہ میں سے قریش کو قریش میں سے بنی ہاشم کو اور بنی ہاشم میں سے مجھکو منتخب کیا تو صاف مطلب اس کا یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو بنی ہاشم پیدا کیا جیسا حضرت موسیٰؑ کو بنی لاوی میں پیدا کیا اور بنی لاوی کو بنی اسحٰقؑ میں پیدا کیا یعنی ہر نبی کا اسی خاندان میں پیدا ہونا پسند کیا جس میں وہ پیدا ہوا اس کے سوا کچھ نہیں ابن حزم کہتے ہیں جو کوئی اس قول کو دوسرے معنی پر محمول کرے وہ بتلائے کہ بنی ہاشم میں بھی جب کافر اور مشرک اشخاص تھے جو دوزخ میں ہوں گے تو ان میں اور دوسرے قریشی غیر قریشی خاندانوں میں پھر کیا فرق وامتیاز باقی رہا۔ اللہ تعالیٰ کا یہ قول تو سب سے

واضح ہے کہ اے انسانو! ہم نے تمھیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور مختلف شاخوں اور قبیلوں میں کر دیا کہ آپس میں ایک دوسرے کو پہچانو بیشک اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ مکرم وہ ہی ہے جو تم میں سب سے زیادہ متقی ہے پھر اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ تمھاری قرابتیں اور تمھاری اولاد قیامت کے دن ہرگز تمھیں کوئی نفع نہ دیں گی نیز فرمایا اس دن سے ڈرو جس میں نہ باپ اولاد کے کام آسکے گا نہ کوئی بیٹا باپ کے گویا مدار فضیلت کا شرف نسب نہیں حسن عمل و کردار ہے۔ ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد۔ قریشی خاندانوں میں بنی امیہ رسول خدا کے کنبہ دار آپ کے دادا کے حقیقی چچیرے بھائی امیہؓ بن عبد شمس کی اولاد سے تھے صدر اوّل میں ملتِ اسلامیہ کی تعمیری خدمات ہاشمیوں کی بہ نسبت اموئیوں نے بدرجہا زیادہ انجام دیں۔ رسول خدا کے عمال میں غالب اکثریت ان ہی امویوں کی تھی حضرت ابو سفیانؓ کو نجران جیسے اہم سرحدی صوبہ کا عامل مقرر فرمایا تھا خلافتِ راشدہ میں حضرت ابو سفیانؓ کے دونوں فرزندوں حضرت یزیدؓ اور حضرت معاویہؓ نے فتوحات و انتظامات ملک شام میں جو خدماتِ جلیلہ انجام دیں صفحات دہر پر منقوش ہیں۔ حضرت معاویہؓ کے پیشرو حضرت علیؓ کے مختصر سے ایام میں اسلامی بیڑا اندوہناک خانہ جنگیوں اور خوفناک خوں ریزیوں کے بھنور میں جا پھنسا تھا قریب تھا کہ قبائلی دشمنیوں کے تھپیڑوں سے پاش پاش ہو جائے حضرت معاویہؓ نے بے نظیر تدبرؒ حلم و کرم جود و سخا اور غیر معمولی فراست و انتظامی قابلیت سے سلامتی کے کنارے لگا دیا حضرت عبداللہ بن عمرؓ وغیرہ صحابہ کا یہ قول مشہور ہے کہ رسول خدا صلعم کے بعد صفت سیادت (سرداری) میں حضرت معاویہؓ کے مساوی کوئی نہ تھا کان ابوبکر و عمر و عثمان خیر منہ وھو اسود (البدایہ ج) یعنی ابو بکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ (دیگر فضائل میں) معاویہؓ سے برتر تھے مگر سرداری میں معاویہؓ بڑھ کر تھے ان کے باپ دادا سب اپنے اپنے وقت میں سادات قوم و قبیلہ رہے اور وہ خود بھی چالیس سال متواتر مسند سیادت و قیادت (سرداری و سربراہی) پر متمکن رہے بیسؔ برس گورنر ملک شام اور بیس برس خلیفہ و امیر المومنین مگر نسبی تعلّی و تفاخر بالآباء کا اظہار کبھی نہ کیا حالانکہ نسباً رسول خدا صلعم کے کنبے کے اور آپ کے ہی کے دادا عبد المطلب کے حقیقی چچیرے بھائی امیہؓ کے پرپوتے تھے۔ طرز معاشرت سادہ بے تکلف تھا انھوں نے یا ان کے اہل خاندان و اموی خلفاء

نے رہنے کو نہ قصر و محلات بنوائے اور نہ مال و دولت اکٹھا کیا ولا اکثروا احتجان الاموال ولا ابتداء القصور (جوامع السیر ابن حزم صـ۳۵۱) دوسروں کو خصوصاً کابر بنی ہاشم ابن عباسؓ و ابنا جعفر و حسنؓ و حسینؓ کو بے تحاشا روپیہ دیتے ابن کثیر و دمیری دیگر مورخین نے وظائف و عطایا کی ان کثیر المقدار رقوم کا ذکر کیا ہے جو حضرت حسنؓ کو دی گئیں جن کی میزان بیس کروڑ کے لگ بھگ ہوتی ہے (مزید تفصیل کتاب اہل بیت و آل محمدؐ میں ملاحظہ ہو) اموی خلفاء میں سے کسی کا بھی کوئی لقب نہ تھا اپنے سادہ ناموں سے آج تک مشہور ہیں۔ سرکاری کاغذات فرامین و مکاتیب میں کوئی تعظیمی لفظ امیرالمومنین کے سوا کبھی نہ لکھا جاتا اور نہ اس طرح سے تخاطب کی اجازت دی جاتی ولا استعملوا مع المسلمین ان یخاطبوھم بالتمویل ولا التسوید (ایضاً) نہ عجمیوں کی طرح ان عرب سادات و خلفاء المسلمین نے جو اسلامی اخوت و مساوات کے متبع تھے نہ کبھی تعظیماً کسی سے زمین بوسی کرائی نہ اپنے ہاتھ پیر چموائے۔ القاب اختیار کرنے کی بدعت تو عباسی خلفاء نے شروع کی ان کی تقلید میں دو صدی بعد امامیہ نے اپنے ائمہ کے القاب تجویز کئے پھر تو یہ دستور چل پڑا۔ عبیدیوں نے خلفائے اندلس حتیٰ کہ قرامطہ جیسے مدعیان فاطمیت نے بھی شاندار القاب اختیار کئے۔ اموی خلفا کا سرکاری شعار (نشان) سفید رنگ تھا اور یہ رنگ رسول خدا صلعم کے ایک سفید عَلَم کی بنا پر اختیار کیا تھا۔ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے دو عَلَم (جھنڈے) تھے۔ ظِل اور سحاب آخر الذکر سفید تھا اور ظِل سیاہ۔ اموی خلفاء نے سفید رنگ بطور شعار اختیار کیا بنی عباس نے ظل کے سیاہ رنگ کو اپنا شعار بنایا۔[1] رسول خدا صلعم

---

[1] علامہ ابن کثیرؒ لکھتے ہیں ولاشک ان بنی العباس کان السواد من شعارھم لخذوا ذلک من دخول رسول اللہ صلعم مکۃ یوم الفتح وعلی راسہ عمامۃ السواد فاخذوا بذلک وجعلوہ شعارھم (البدایہ ج صـ۵) یعنی بلاشبہ بنی عباس کا شعار (سرکاری نشان) سیاہ تھا جو اس بنا پر اختیار کیا کہ فتح مکہ کے دن رسول اللہ صلعم سیاہ عمامہ زیب سر کئے مکہ میں داخل ہوئے تھے چنانچہ عباسیوں نے اسی سے اپنا نشان سیاہ رکھا تھا خلیفہ مامون الرشید نے ولیعہد علی الرضا کے لئے سبز رنگ تجویز کیا تھا جو مجوسیوں کے معبود نوبہار کے پھریرے کا رنگ تھا زمروج الذہب) برمکی خاندان کے مورث اسی معبد کے پجاری تھے۔ قرامطہ وعبیدی فاطمیوں اور شیعوں کے لباس کا رنگ سفید ہوتا تھا۔

اکثر سفید اور سیاہ لباس زیب تن فرماتے تھے کبھی سرخ و سیاہ تاگوں کا بُنا کپڑا بھی استعمال فرمالیتے سبز رنگ کبھی استعمال نہیں کیا عمامہ بھی بیشتر سیاہ پہنتے فتح مکہ کے دن سیاہ عمامہ فرق مبارک پر تھا۔ حضرت عباسؓ ابن عباسؓ اور حضرت علیؓ کا عمامہ بھی اکثر سیاہ ہوتا تھا سردارانِ قبائل کو حکومت نبویہ کی جانب سے سیاہ رنگ جھنڈا عطا ہوا تھا چنانچہ حضرت سعد بن مالک ابوالکنود ازدیؓ کو ایسا ہی جھنڈا عطا ہوا تھا جس میں سفید ہلال بنا ہوا تھا (الاصابہ ج) صحیح النسب علویوں کی جو حکومتیں بعض اقطاع میں قائم ہوئیں کسی نے بھی سبز رنگ اختیار نہیں کیا خلیفہ مامون الرشید کے بعد سے جنہوں نے ولیعہد علی الرضا کے لئے سبز رنگ مقرر کیا تھا۔ مجمی شیعوں نے سبز رنگ کا رواج دیا جو متصوفہ میں بھی رواج پا گیا اور بمرور زمانہ نسبی سیادت و نسلی امتیاز کی عجمی اثرات سے یہ بھی ایک علامت قرار پائی ورنہ شیعوں یا علویوں کے لباس کا نہ کوئی مخصوص رنگ تھا اور نہ ولیعہدی جناب علی الرضا سے قبل سبز رنگ کا ان کے لباس میں شمول تھا وَلَمْ تکن الخضرة قبل المامون من لباس العلويين والمتشيعين بل كانت شعار عبدة النار (الاسلام الصحیح) نیز مورخ المسعودی کا بھی قول ہے کہ سبز رنگ تو آتش پرستوں کی نشانی تھا۔ ولیعہدی کی مدت تو چند سال رہی مگر بقول ابن حجر الہیتمی کچھ عرصہ بعد تک علویوں کے عماموں پر سبز پٹی باندھنے کا رواج رہا پھر رواج متروک ہو گیا لیکن ۷۷۳ھ میں ممالیک خاندان کے سلطان الاشرف شعبان کے حکم سے پھر رواج ہوا ابن جابر شاعر کہتا ہے کہ "ابناء الرسول" کی یہ خاص علامت ہے کہ ان کے چہروں کی چمک دمک "نور نبوت" سے ہوتی ہے اور سبز لباس تو "التشریف" کی نشانی ہے (طرفة الاصحاب)

نور النبوة فی وسیم وجوههم يغني الشريف عن الطراز الاخضر

اب دیکھئے سبز رنگ کے مقابلہ میں عباسیوں کے سرکاری سیاہ رنگ کو جو اس بنا پر جیسا ابھی ذکر ہوا بطور شعار اختیار کیا گیا تھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے دن سیاہ عمامہ زیب سر کئے شہر میں داخل ہوئے تھے نیز اس علم نبویہ یعنی ظلؐ کا رنگ جو غازیان اسلام فتح مکہ میں اٹھائے ہوئے تھے سیاہ تھا اور حضرت عباسؓ و ابن عباسؓ اور حضرت علیؓ بھی اکثر سیاہ عمامہ پہنتے تھے مگر شیعہ راویوں نے اپنے ایک امام کی زبانی سیاہ رنگ کے استعمال کو معاذ اللہ کس درجہ قبیح بتلایا ہے اور کہا ہے کہ:-

"جناب صادق سے کسی نے پوچھا سیاہ کلاہ پہن کر نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں۔ فرمایا سیاہ کلاہ پہن کر نماز نہ پڑھو فانہا لباس اھل النار کیونکہ یہ تو دوزخیوں کا لباس ہے نیز امیر المومنین (علیؓ) نے اپنے اصحاب سے کہہ دیا تھا لایلبسوا السواد فانہ لباس فرعون۔ سیاہ لباس مت پہنو کیونکہ یہ فرعون کا لباس تھا۔

(کتاب من لا یحضرہ الفقیہ ص۸۱)

وہ جھنڈے و پھریرے ہوں یا درباری و سرکاری لباس کے رنگ و تراش یہ سب تو لوازمات حکومت ہوتے ہیں غیر حکمران خاندان کا مخصوص رنگ خاندانی و نسلی امتیاز ہی کی خاطر ہو سکتا ہے اس کے علاوہ اولاد حسینؓ کی نسبی برتری اور ایرانی و علوی اتحاد کی خاطر آخری شہنشاہ ایران یزدگرد کے شہربانو نام ایک بیٹی قرار دے کر اسے حضرت حسینؓ کی زوجہ اور ان کے فرزند جناب علی بن الحسین (زین العابدینؒ) کی والدہ ماجدہ بتانے کے لئے ایک حکایت وضع کی جس کی پوری تکذیب تاریخ و انساب کے حوالہ جات سے "تحقیق مزید" میں کی گئی ہے اور خود شیعہ مورخ و نساب مؤلف عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب نے صاف کہہ دیا کہ اللہ تعالیٰ نے جناب علی بن حسینؒ کو جو فرزند و اسہ رسول خدا ہونے کا امتیاز رکھتے تھے "یزدجرد شہریار المجوسی" جیسے شخص کی اولاد دختری میں شامل ہونے کی برائی سے محفوظ رکھا جو بے نکاحی عورت کے بطن سے تھا۔ بہرحال سبائی راویوں نے اولاد حسینؓ کے مادری نسب کو ساسانی قرار دیکر سیاسی مقاصد سے خلافت و حکومت کا انھیں جائز وارث اور حقدار ٹھیرایا چنانچہ مولف تجلّیات روح ایران فرماتے ہیں "بدیں سبب تنہا ایں خاندان می توانست بطور شرع صاحب تخت و تاج کیانی بشود" "تخت و تاج کیانی" تو کیا اسلامی حکومت اور خلافت کے لئے اولاد حسینؓ میں سے چوتھی صدی ہجری تک کوئی ۶۵ خروج بیشتر ایرانیوں کی مدد سے مختلف اوقات میں ہوئے چند تو اموی خلفاء کے مقابلے میں تھے باقی سب اپنے ہی ہاشمی گھرانے کے خلفائے بنو العباس کے خلاف ہوئے جو اکثر ناکام رہے۔ ناکامیوں کا سارا الزام مفروضہ غاصبین پر عائد کیا گیا حالانکہ یہ تو اللہ تعالیٰ ہی کی مشیت سے ہے جسے چاہے ملک و حکومت و تمکین فی الارض عطا فرمائے۔ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے ایک رافضی مؤلف کے ایسے ہی استحقاق اولاد علیؓ کے سلسلہ میں لکھا ہے کہ:۔

در عنایت اولٰی مقرر بود کہ ہیچ گاہ حضرت مرتضیٰ و اولاد او تا دامانِ قیامت منصور نہ شوند و ہیچ گاہ خلافت ایشان علی وجہہا صورت نہ گیرد بلکہ از میان ایشان ہر کہ دعوت بخود کند و سر بقتال بر آرد مخذول بلکہ مقتول گردد۔ (ازالۃ الخفاء ج ۲ صـ۲۸۲)	یہ امر تو مشیت الٰہی میں مقرر تھا کہ حضرت مرتضیٰ اور ان کی اولاد قیامت کے وقت تک کسی طرح بھی کامیاب نہ ہوں اور کسی طرح سے بھی ان کی خلافت کی شکل جیسی کہ چاہیئے نہ بن سکے۔ بلکہ جو کوئی ان میں سے اپنے لئے دعوت اس کی (خلافت کی) دے اور آمادہ جدال وقتال ہو ناکام رہے بلکہ مقتول ہو۔

حضرت علیؓ نے اپنے ساتھیوں کی نافرمانی اور اپنی بے بسی کا اپنی تقریروں میں بار بار جو اظہار کیا ہے وہ آپ پڑھ چکے ہیں ان کی ذات میں بقول پروفیسر نکلسن ایک حکمران ہونے کے علاوہ بہت سی عمدہ صفات موجود تھیں مگر اپنے زمانہ کی اندوہناک خانہ جنگیوں اور خونریزیوں کے نہ روک سکنے کی وجہ سے ان کی پوزیشن ایسا خراب ہو گیا کہ تقریباً ایک صدی تک خلفائے ثلاثہ حضرت ابوبکرؓ وعمرؓ وعثمانؓ کے ساتھ حضرت معاویہؓ کا ذکر تو خطبات میں کیا جاتا تھا ان کا نام نہیں لیا جاتا تھا۔ پھر ان کے ساتھ ان کے خاندان بنی ہاشم کو بھی حضرت عثمانؓ کے معاملہ میں غلط طور سے مطعون ومتہم کیا جانے لگا تھا ایک اموی شاعر ولید بن عقبہ نے کہا تھا ؎

بنی ھاشم اِنّا وَمَا کَانَ بینَنا	کصَدعِ الصّفا یُرابُ الدّھر شَلعُبُہ
اے بنی ہاشم! ہم لوگ اور وہ جھگڑے جو ہم لوگوں کے درمیان ہیں۔	چٹان کی دراڑ کی طرح ہیں جن کو جوڑنے والا جوڑ نہیں سکتا۔
بنی ھَاشم کَیفَ التعَدُّرُ عِندَنا	وَبِہَا ابنِ اَروی فِیکُم وَحَرائبُہ
اے بنی ہاشم! یہ عذر ومعذرت ہمارے ساتھ کیسی؟	جبکہ ابن اروی (عثمانؓ) کے چھینے اتارے ہوئے کپڑے اور سامان تمہارے پاس ہیں۔
بنی ھاشم رُدُّوا سِلاحَ ابن اُختِکُم	وَلا تَنھَبُوہُ لا تَحِلُّ مَنَاھِبُہ
اے بنی ہاشم! اپنے بھانجے (عثمانؓ) کے اسلحہ دیدو	اور ان کے اسلحہ نہ لوٹو یہ لوٹ حلال نہیں

فَاِلَّا تَرُدُّوْهُ اِلَیْنَا فَاِنَّہٗ	سَوَاءٌ عَلَیْنَا قَاتِلُہٗ وَسَالِبُہٗ
اگر تم ان کے اسلحے وغیرہ کو ہمارے پاس	تو پھر ہمارے نزدیک ان کے قاتل اور ان
واپس نہیں کرتے	کے مال کو ہتھیانے والے دونوں برابر ہیں۔

مگر بنی ہاشم کا نہ قتل کی سازش سے تعلق تھا اور نہ اسلحہ اور مال ہتھیانے سے یہ بدگمانی خانہ جنگیوں کے ان حالات نے پیدا کی جن میں حضرت علیؓ قصاص خون عثمانؓ نہ لے سکے تھے جس کی وجہ سے ان کا پوزیشن خراب ہوتا گیا تھا ان ہی کے ایک فرد خاندان امیرالمومنین ابوجعفر المنصورؒ ہی نے جنھوں نے حضرت موصوف کا نام خطبوں میں شامل کرنے اور ان کے فضائل بیان کرنے کی ابتدا کی تھی اپنی ایک تقریر میں بتایا تھا کہ سیاست وقتی پر قابو نہ پاسکنے کی وجہ سے ان کے وقار کو صدمہ پہنچا بالآخر جنھوں نے متفقہ فیصلہ صادر کرکے منصب خلافت سے معزول کردیا اور اُمت اسلامیہ نے ان کا ساتھ چھوڑ دیا (طبری) شاہ ولی اللہؒ نے ان کے مناقب کی بہتات کی وجہ بتاتے ہوئے فرمایا کہ ان کے ایام میں چونکہ اختلاف پیدا ہوگیا تھا اور معصروں کے دل ان کی جانب سے برگشتہ ہوگئے تھے بقیہ صحابہ نے اس فتنہ کے دفعیہ کی غرض سے اپنے ترکش کا ہر تیر پھینکا پھر فتنہ تشیع نے سر اٹھایا اور حدیثیں وضع کیں (ج ۲ صفحہ ۲۹۰) شاہ صاحب نے موضوع احادیث سے اظہار بیزاری کے باوجود بعض حد درجہ مہمل حدیثیں بھی مناقب کی درج کردی ہیں مثلاً آفتاب غروب ہوجانے سے نماز عصر ان کی قضا ہوگئی تھی مگر آفتاب عالمتاب غروب ہوجانے کے بعد پھر لوٹ آیا دھوپ سارے میں پھیل گئی انھوں نے اپنی نماز عصر پڑھ لی بیسیوں ایسی ہی واہی حکائتیں گھڑی گئیں پھر ان کے فرزند حضرت حسینؓ کے قائم حکومت کے خلاف خروج کی اندوہناک ناکامی کے بعد سے ان کی مظلومیت کی مبالغہ آمیز داستانیں وضع کرنے کے ساتھ خلیفہ وقت اور برسراقتدار خاندان کو مطعون کرنے کی غرض سے طرح طرح کے بہتان تراشے گئے' ہاشمیوں اور امویوں کے حسب ونسب میں بھی جو دو حقیقی بھائیوں کی اولاد ہیں فرق وامتیاز پیدا کرنے کی ذلیل کوشش کی گئی نہج البلاغہ کے مصنف نے تو یہ الفاظ بھی حضرت علیؓ سے منسوب کئے ہیں جو کہا جاتا ہے انھوں نے اپنے دادا عبدالمطلب کے حقیقی چچا کے بیٹے امیہ کے پوتے حضرت معاویہؓ کو ایک مکتوب میں لکھے تھے کہ تم لوگوں کو تو ہم نے مناکحت کے رشتوں سے اپنے میں ملالیا تھا ورنہ تم ہمارے ہم کفو نہیں ہو ان خلطنا کم بانفسنا فنکحنا وانکحنا فعل

الاکفاء ولستم هناك - محال ہے کہ حضرت علیؓ اپنے ہم جد وہم نسب پر ایسا طعن کرسکتے ہم کفو ہونے کے علاوہ دنیاوی شرف وسیادت میں اموی گھرانا اپنے بنو اعمام ہاشمی گھرانے سے بیشتر تھا باوجود سیاسی اختلاف کے صلہ رحمی کا جو سلوک اپنے عہد حکومت میں امویوں نے اپنے ہاشمی عزیزوں سے کیا اس کا مختصر حال بیان ہوچکا ہے۔ امیرالمومنین ہشام بن عبدالملکؒ کی خلافت کا آغاز ۱۰۵ھ سے ہوا اس زمانہ میں ہاشمی خاندان کے سربراہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے نامور فرزند جناب علی السجادؒ تھے انھوں نے ہی چند سال پیشتر یعنی ۱۰۰ھ سے عباسی خلافت کی تحریک چلائی تھی اس کے کچھ عرصہ بعد جب وہ امیرالمومنین موصوف کے پاس گئے ان کے یہ دونوں بیٹے جو بعد میں خلیفہ عبداللہ السفاحؒ و ابوجعفر المنصورؒ کہلائے ساتھ تھے حسب روایت علامہ ابن کثیرؒ امیرالمومنین نے ان کا اکرام کیا اور تیرہ لاکھ روپیہ کا عطیہ مرحمت کیا اثنائے گفتگو میں جناب علی السجاد عباسیؒ نے اموی خلیفہ سے برملا کہہ دیا کہ میرے یہ دونوں بیٹے خلافت پر فائز ہوں گے۔ انہما سیلیان الامر (البدایہ) امیرالمومنین کو یہ بات سنکر استعجاب تو ہوا مگر عزیزانہ برتاؤ میں کمی نہ کی۔ انقلاب حکومت کے نصف صدی بعد امیرالمومنین ہارون الرشیدؒ کے عہد خلافت میں جب تقسیم وظائف خاندانی امور کی نگرانی کی غرض سے نقابت بنی ہاشم کا ادارہ قایم ہوا جس کا تفصیلی ذکر پچھلے ابواب میں آیا ہے ایک اموی نے خلیفہ کو یاد دلایا تھا کہ ہاشم اور عبد شمس ایک ماں باپ کے بیٹے برابر کی اولاد تھے صلہ رحمی کا پاس ولحاظ رہے کہ عبد شمس تو عبدالمطلب کے چچا ہی تھے کہا تھا۔

یا امین اللہ انی قائل ۔۔۔ قول ذی فہم وعلم وادب
عبد شمس کان یتلو ہاشماً ۔۔۔ وہما بعد لام ولاب
فاحفظ الارحام فینا انما ۔۔۔ عبد شمس عم عبدالمطلب

ضمناً اس کا بھی ذکر آیا ہے کہ عباسی عہد میں اموی اشخاص عہدہ قضا وغیرہ جیسے اہم مناصب پر برابر فائز رہے۔ سبائی راویوں نے اپنے مقاصد سے تاریخی واقعات کو حد درجہ مسخ کرکے پیش کیا ہے حضرت مروانؓ کے مہتم کرنے میں تو کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی ان ہی [illegible] مروانؓ کو حضرت حسینؓ سے ایسی محبت تھی کہ جب ان کے فرزند جناب علی بن الحسینؒ کے بیاہتا بی بی سے دو تین بچوں کے بعد کوئی اولاد نہیں ہوئی حضرت مروانؓ نے ان کو کنیزیں

رکھنے کیلئے ایک لاکھ کی رقم دی تاکہ اولاد ہو اور نسل حسینی کی افزائش فاقرضہ مائۃ الف فاشتری لہ السراری فولدت لہ وکثر نسلہ (البدایہ ج۹ ص۱۰۴) حضرت مروانؓ کی دی ہوئی رقم سے جو بعد میں وصول نہیں کی کنیزیں حاصل کیں جن کے بطن سے سات آٹھ بیٹے پانچ بیٹیاں ہوئیں ان سے نسل حسینی چلی۔ پھر مروانی گھرانے سے علوی حسینی گھرانے کی متعدد قرابتیں بھی ہوتی رہیں۔ حضرت علیؓ کی ایک دختر تو خود امیر المومنین عبدالملک بن حضرت مروانؓ کے عقد میں تھیں (ایضاً ص۱۰۴) دوسری صاحبزادی رملہ ان کے بھائی معاویہ بن حضرت مروانؓ کے نکاح میں آئیں (کتاب نسب قریش ص۴۵) حضرت علیؓ کے پوتے زید بن حسنؓ کی دختر نفیسہ امیر المومنین الولید بن عبدالملک کو بیاہی گئیں (عمدۃ الطالب ص۴۳) حضرت حسنؓ کی دوسری پوتی زینب بنت حسن مثنیٰ بھی امیر المومنین الولید بن عبدالملکؒ کی زوجہ تھیں (کتاب نسب قریش ص۵۲) حضرت حسینؓ کی مشہور صاحبزادی سکینہ بنت حسینؓ کی بیٹی ربیحہ جو ان کے ایک شوہر عبداللہ بن عثمانؓ کے صلب سے تھیں امیر المومنین الولید بن عبدالملک کے فرزند عباس کی زوجہ تھیں (ایضاً ص۵۹) حسن مثنیٰ بن حضرت حسنؓ کی ایک پوتی فاطمہ بنت محمد بن حسن مثنیٰ بھی مروانی گھرانے میں ابوبکر بن عبدالملک بن حضرت مروان کو بیاہی گئیں (ایضاً ص۵۳) حضرت حسنؓ کی ایک پوتی حمادہ بنت حسن مثنیٰ امیر المومنین مروانؓ کے بھتیجے کے فرزند اسماعیل بن عبدالملک بن الحارث بن الحکم کو بیاہی گئیں جن کے بطن سے حضرت حسنؓ کے تین اموی نواسے ہوئے۔ (جمہرۃ الانساب) اور ایک اور پوتی جناب حسنؓ کی خدیجہ بھی اپنی چچیری بہن حمادہ کے نکاح سے پہلے ان ہی اسماعیل اموی کے عقد میں تھیں ان سے حضرت حسن کے چار اموی نواسے ہوئے (ایضاً) پھر حضرت حسن کی ایک اور پوتی بھی معاویہ بن حضرت مروانؓ کے عقد میں آئیں جن سے حضرت حسنؓ کے مروانی نواسہ ولید بن معاویہ تھے (جمہرۃ الانساب ص۸۰ و ص۱۰۱) غرضیکہ علوی حسنی و حسینی گھرانوں کے مناکحت و مصاہرت کے رشتے مروانی گھرانے سے برابر ہوتے رہے جو قطعی ثبوت ہیں ان گھرانوں کے باہمی محبت و مودت کا نہ کہ دشمنی و عناد کا جو کذابین وضعی روایتوں میں بیان کرتے علویوں کی نسبی برتری و سیادت کو جھوٹی حدیثوں سے خوب اچھالتے اور ان ہی کے ہم کفو و ہمسر اموی سادات کو نسباً گھٹیا بتاتے اور اموی خلفاء کی منقصت و تضحیک میں بے بنیاد حکایتیں اور قصے تراشتے رہے ہیں یہاں مثالاً ایک شرمناک اور قطعی جھوٹے قصے کا ذکر کرنا ضروری ہوا۔

جناب علی بن الحسین (زین العابدینؒ) جیسا آپ بھی جانتے ہوں گے ۹۳ھ میں وفات پاگئے تھے ان کی وفات سے تیرہ برس بعد اور خلیفہ ہونے کے دوسرے سال یعنی ۱۰۶ھ میں امیرالمومنین ہشام بن عبدالملکؒ فریضۂ حج کی ادائیگی کے لئے حجاز آئے اس سے پہلے اپنے والد یا اپنے کسی بھائی کے عہد خلافت میں انھوں نے کوئی حج نہیں کیا تھا یہی پہلا اور آخری حج کیا اور امیر حج کی حیثیت سے لوگوں کو حج کرایا وحج بالناس فی هذه السنة امیرالمومنین هشام بن عبدالملک (البدایہ ج ۹ ص ۲۳۴) اب دیکھئے اس اموی خلیفہ کے امیر حج ہونے کی تضحیک وتحقیر اور جناب علی بن الحسین (زین العابدینؒ) کی رفعت مکانی ونسبی علوئے مرتبت کے اظہار میں یہ شرمناک اور قطعی بے بنیاد قصہ اختراع کیا گیا کہ یہ امیرالمومنین جو امیر حج تھے لوگوں کے ہجوم کی وجہ سے حجر اسود کو بوسہ نہ دے سکے تو کرسی بچھا کر بیٹھ گئے اہل شام ان کے گرد کھڑے ہو گئے فام اھل الشام حوله اتنے میں جناب علیؒ زین العابدین آئے لوگوں کی بھیڑ انھیں دیکھتے ہی کائی کی طرح پھٹ گئی حجر اسود کو انھوں نے بآسانی بوسہ دے لیا امیرالمومنین واہل شام دیکھتے کے دیکھتے ہی رہے کسی شامی نے پوچھا کہ یہ کون صاحب ہیں فرزدق شاعر نے جسے وہاں موجود بتایا ہے سوال کے جواب میں اٹھائیس شعر کا قصیدہ جناب علی زین العابدینؒ کی شان میں ارتجالاً کہہ دیا جس کے پہلے شعر میں کہا تھا کہ یہی تو ہیں کہ سرزمین بطحا ان کے قدم پہچانتی ہے، کعبہ انھیں جانتا ہے اور حرم کے حصے بھی" دیکھا آپ نے جن بزرگ کی آمد سے لوگوں کا ہجوم کائی کی طرح پھٹ جائے اور فرزدق شاعر مدحیہ قصیدہ فی البدیہہ کہہ ڈالے وہ بزرگ تو اس دنیا میں اس وقت موجود بھی نہ تھے۔ اس سے تیرہ برس پہلے ہی وفات پاگئے تھے یہ قصیدہ نہ فرزدق نے کبھی کہا نہ اس کے اصل دیوان میں شامل ہے ایک ایڈیشن میں بینسب الی الفرزدق لکھ کر البتہ شامل کر دیا ہے وہ تو اپنے زمانہ میں شاعر بنی امیہ مشہور تھا کسی ہاشمی کی مدح میں ایک شعر بھی اس کے دیوان میں نہیں ہے۔ پھر فرزدق سے اس منسوبہ قصیدہ میں اضافے بھی بہت کچھ کئے گئے ہیں اور دولون حماسہ میں اس کے ابتدائی اشعار کو حزین لیثی شاعر کا کلام بتایا ہے آمدی نے اپنی کتاب "مختلف ومختلف" میں حزین کنانی کا کلام کہا ہے اور بتایا ہے کہ اس نے عبداللہ بن عبدالملک اموی کی مدح میں یہ اشعار کہے تھے جو مصر کے گورنر تھے مرزبانی شیعی جیسے نقاد نے ابتدائی چاروں بیتوں کو کلام عرب کے قدیم نقاد دلیل بن علی مؤلف

طبقات الشعرا کے حوالے سے کثیر بن کثیر سہمی کا کلام بتایا ہے غرضیکہ ماہرین فن میں سے کسی نے بھی فرزدق کا کلام نہیں بتایا۔ امام ابن عبدالبر نے الاستیعاب میں حضرت قُثَم بن عباس بن عبدالمطلبؓ کے تذکرہ کے تحت چھ شعر اسی بحر میں قصیدے کے نقل کئے ہیں اور کہا ہے کہ داؤد بن مسلم شاعر نے ان کی مدح میں کہے تھے۔ یہ قصیدہ حضرت قُثَم کے ایک ہمنام بھتیجے کے فرزند کی مدح میں ہے جن کا ذکر آگے آتا ہے۔ یہاں تو دیکھنا یہ ہے کہ اس جھوٹے قصے کے گھڑنے والے نے اس بات کا بھی خیال نہ کیا کہ مناسک حج سب امیر حج ہی کی قیادت میں ادا کئے جاتے ہیں وہ عہد فوجی نظم کے ساتھ شکوہ دین کا عہد تھا بدنظمی دھکم پیل کا زمانہ نہیں تھا کیسے ممکن تھا کہ امیر المومنین پر جو امیر حج بھی تھے کوئی سبقت کر سکتا۔ مناسک حج میں حجر کا چومنا ضروری نہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں ناقہ پر سوار ہو کر طواف کیا تھا اور چھڑی سے اشارہ کر دیا کرتے تھے کہ لوگ دیکھ لیں۔ فرزدق ہی کے دیوان میں صراحتاً بیان ہے کہ امیر المومنین ہشامؒ کی مصاحبت میں فرزدق مکہ گیا حج کیا اور مدینہ کی واپسی میں ایک بات پر خوش ہو کر پانسو درہم اسے انعام دئے تھے۔

لما حج هشام بن عبدالملک صحبه الفرزدق من المدینة حتی حج ورجع الی المدینة فامر له بخمسمائة درهم۔ اس پر فرزدق نے مداحیہ اشعار کہے اس کے دیوان میں اموی اکابر کی مدح میں آٹھ دس قصیدے اور حضرت مروانؓ کے صاحبزادے بشر اور دوسرے امویوں کے مرثیے بھی ہیں کسی ہاشمی کی تعریف میں کوئی قصیدہ ہے نہ کسی ہاشمی کا کوئی مرثیہ جس کسی نے یہ جھوٹا قصہ گھڑا ہے اُسے نہ اموی عہد کے شعرا کا کچھ حال معلوم تھا نہ اموی خلفا کے آئین خلافت کا علم تھا نہ حسنیہ و حسینیہ علویہ خواتین کے اموی خلفاء اور ان کے بھائیوں بھتیجوں کی زوجیت میں آنے کی کچھ خبر تھی۔ اور نہ آئین و آداب حکومت کی معلومات تھیں مثل مشہور ہے عیب کرنے کو بھی ہنر چاہیے، قصہ گو کا ذرا یہ ایک اور جھوٹ یعنی جھوٹ پہ جھوٹ ملاحظہ ہو کس ڈھٹائی سے کہتا ہے کہ فرزدق کے منہ سے زین حسینؓ کی مدح میں قصیدہ سنتے ہی امیر المومنین ہشام ایسے آگ بگولہ ہوگئے کہ قید خانہ میں ڈلوا دیا اور قید خانہ تجویز کیا تو عسفان مقام کا جو مکہ اور مدینہ کے درمیان واقع ہے۔ پھر کہتا ہے کہ سزائے قید کا حال سنکر جناب علی (زین العابدینؒ) نے بارہ ہزار روپیہ بطور انعام فرزدق کو بھجوایا پہلے تو یہ کہہ کر اس نے روپیہ لینے سے انکار کیا کہ میں نے تو اللہ واسطے نصرت حق اور ذریت رسول اللہ کے حقوق کی پاسداری میں قصیدہ کہا ہے۔ قسم دلائی گئی تو قبول کر لیا ساتھ ہی امیر المومنین ہشامؒ کی ہجو میں بھی کچھ شعر کہہ دئے گویا کذاب راوی کی

مادہ گوئی کے بموجب علی (زین العابدینؒ) متوفی ۹۳ھ نے اپنی وفات سے ٹھیک تیرہ برس بعد ۱۰۶ھ میں شاعر کے منہ سے اپنی تعریف میں یہ قصیدہ عالم روحانیت میں سنا اور سنکر ایسے محظوظ ہوئے کہ صلہ و انعام کی یہ کثیر رقم قصیدہ گو کے لئے خزانہ غیب سے ارسال فرمائی!!

اب دیکھنا یہ ہے کہ امیر المومنین ہشامؒ ہی کو اس تفضیک و تحقیر کے لئے راوی نے کیوں منسوب کیا کسی اور خلیفہ کا نام کیوں نہیں لیا۔ تاریخی واقعات شاہد ہیں کہ امیر المومنین موصوف جیسے حلیم و عفیف خلیفہ کے عہد میں کوفیوں کے ورغلانے سے حضرت حسینؓ کے پوتے زید بن علی بن حسینؓ اور ان کے فرزند یحییٰ نے بغاوت کی تھی اور یہ دونوں اپنے خروجوں اور بغاوتوں میں یکے بعد دیگرے ناکام رہ کر ہلاک ہوگئے تھے۔ سبائی راوی بھلا ایسے خلیفہ کو کیوں بخشتے جس کے عہد میں یہ واقعات ہوئے امری عہد کے بہت بعد اس قسم کے بے بنیاد قصے گھڑ کر مشہور کئے جو روایت پرستی سے غیر شیعہ مؤلفین نے بھی نقل راویہ عقل کے طور سے نقل کردئے ہیں۔ درایتاً نظر ڈالنے اور اور حقائق سے پرکھنے کی کسی کو توفیق نہ ہوئی۔

آئیے ذرا تاریخی حقائق کی روشنی میں مکذوبہ روایت کو پرکھئے۔ کتب انساب و تاریخ کی تصریحات سے ثابت ہے کہ فرزدق[1] و جریر یہ دونوں شاعر جو چالیس دن کے تفاوت سے ۱۱۰ھ میں فوت ہوئے تھے نسباً تمیمی مولداً بصری اموی خلفاء کے درباری شاعر تھے اور شاعر بنی امیہ

---

[1] فرزدق تخلص نام ہمام بن غالب صحیح العقیدہ مسلمان حافظ قرآن تھا جریر بن الخطفی بھی اس کا ہم قبیلہ و ہمعصر تھا۔ یہ دونوں شاعر اموی خلفاء کے متوسل تھے۔ ابو مخنف جیسے شیعہ راویوں نے اس زمانہ سے چھیالیس برس پہلے فرزدق کی موجودگی مکہ معظمہ میں اس وقت بتلائی ہے جب حضرت حسینؓ عراق کو خروج کر رہے تھے لکھا ہے کہ فرزدق نے ان سے گفتگو بھی کی تھی وہ تو عراق چلے گئے تھے اور فرزدق اپنے اہل و عیال کے پاس عسفان مقام پر چلا گیا تھا یعنی اسی مقام پر جہاں چھیالیس برس بعد اس جھوٹے قصے میں اسے قید کیا جانا بتایا ہے۔ مورخ طبری نے ابو مخنف کی روایتیں اس کے منہ سے حضرت معاویہؓ اور حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ جیسے محترم صحابہ کی شان میں قبیح الفاظ میں کہلوائے ہیں (طبری ج ۲ صفحہ ۱۰) فرزدق و جریر کے معاصرین میں الاخطل شاعر بھی تھا جو عیسائی اور بدسیرت تھا ان تینوں میں جریر فن شعر میں فائق تھا خلیفہ عمر بن عبدالعزیز اموی کو شعراء سے دلچسپی نہ تھی سوائے جریر کے اور کسی شاعر کو باریابی کا موقع ان کے یہاں نہ ملا جریر نے خلیفہ موصوف کی مدح میں چند شعر کہے تھے جن میں پہلا شعر جس میں انھیں امام عادل کہا ہے یہ تھا۔

ان الذی بعث النبی محمداً جعل الخلافۃ للامام العادل

کہلاتے تھے۔ جریر اور فرزدق بار بار دمشق جاتے، اموی خلفاء کے یہاں حاضر باش رہتے فرزدق کے ترجمے کے علاوہ ابن کثیر جریر کے تذکرہ میں کہتے ہیں:۔

قدم دمشق مرارا و امتدح یزید بن معاویہ والخلفاء من بعدہ۔ (البدایہ ج۹ صفحہ ۲۶۰)	بار بار دمشق جاتے رہتے اور یزید بن معاویہؓ اور ان کے بعد کے خلفاء کے مدحیہ قصائد کہے۔

خلیفہ عمر بن عبدالعزیزؒ کی طرح امیرالمومنین ہشامؒ کے یہاں بھی جو بڑے کفایت شعار تھے شعرا کو بمشکل باریابی کا موقع ملتا اور ان کے بھائی سلیمان بن عبدالملکؒ نے تخت خلافت پر متمکن ہونے کے دوسرے سال ۹۷ھ میں اور بہ روایت مورخ طبری ۹۹ھ میں جب حج کیا یہ دونوں شاعر فرزدق اور جریر بھی ساتھ تھے ان ہی کی امارت حج میں ان شاعروں نے بھی مناسک حج ادا کئے ودج سلیمان بن عبدالملک و حج الشعراء معہ (طبری ج۸ صفحہ ۱۲۱) حج سے واپسی پر موکب خلافت جب نواحی مدینہ منورہ میں پہنچا اشراف و عیان مدینہ نے حسب دستور استقبال کیا، دربار منعقد ہوا۔ ہاشمی اکابر حاضر دربار تھے۔ حضرت حسنؓ کے پوتے عبداللہ بن حسن مثنیٰ کو جو حضرت حسینؓ کے نواسے بھی تھے بوجہ قرابت خلیفہ نے اپنے قریب بٹھایا عبداللہ مذکور کی بہن زینب بنت حسن مثنیٰ یعنی حضرت حسینؓ کی نواسی اور جناب محمد (الباقرؒ) کی سالی خلیفہ موصوف کی بھاوج تھیں نیز دوسری علویہ خواتین بھی جن کا ذکر اوپر آیا ہے اسی مروانی گھرانے میں بیاہی گئی تھیں۔ اس وقت رومی قیدی جن کی تعداد چار سو کے قریب بتائی گئی ہے صدور حکم کی غرض سے پیش ہوئے سب پہلے عیسائی بطریق پیش کیا گیا امیرالمومنین نے اس کی گردن مارنے کا عبداللہ بن حسن مثنیٰ کو حکم دیا تعمیل حکم میں عبداللہ نے تلوار کا ایسا بھرپور وار کیا کہ قیدی کی گردن کٹ کر سر دور جا پڑا۔ امیرالمومنین نے ان کی تیغ زنی کی تعریف کی پھر اور لوگوں کو حکم ہوتا رہا قیدی قتل ہوتے رہے جریر شاعر نے بھی ایک ہی وار سے ایک قیدی کی گردن اڑا دی، فرزدق کی جب باری آئی اس نے کئی ضربیں لگائیں مگر گردن نہ کٹ سکی سب لوگ ہنس پڑے فرزدق نے عذر و معذرت میں فی البدیہہ شعر کہے۔ دیوان فرزدق میں ہے جیسا دوسری جگہ ذکر آیا ہے کہ امیرالمومنین نے انعام عطا کیا۔

اَیَعْجَبُ النَّاسُ اَنْ اَضْحَکْتُ خَیْرَھُمْ	خلیفۃ اللّٰہ یُسْتَسْقٰی بِہِ الْمَطَرُ
کیا لوگ تعجب کرتے ہیں کہ میں نے اُن کے بہترین کو ہنسا دیا	جو اللہ کے خلیفہ ہیں جن کے وسیلے سے بارش طلب کی جاتی ہے۔

فَاَنَا السیفُ عن جُبن ولا دَهَش | عند الامام ولکن اخر القدر
امام کے حضور تلوار جو بلند ہوئی نہ بزدلی تھی نہ دہشت | لیکن تقدیر نے موت کو ٹال دیا

ولو ضربتُ علی عمرٍ مُقلّدہ | لخرّ جثمانه ما فوقه شعرُ
اگر کسی زندہ شخص کی گردن پر تلوار مارتا | تو اس کا دھڑ اس طرح گرجاتا کہ لانبے بالوں والا سر اس پر رہتا

وما یُعجلُ نفسا قبل میتتها | جمع الیدین ولا الصمصامة الذکر
موت سے پہلے کسی کی جان لینے میں | نہ دوستی کا حملہ کام آیا نہ تیز دھار کی تلوار

جریر نے بھی ایک شعر میں کہا تھا۔

ضربتَ به عند الامام فارعشت | یداک وقالوا مُحدَثٌ غیر صارم
امام کے حضور تم نے تلوار ماری تو تمہارے ہاتھ کانپ گئے | لوگوں نے کہا کہ یہ کوئی نوآموز ہے تلوار کا دھنی نہیں

امیرالمومنین سلیمان کے سفر حج کے اس تاریخی واقعہ سے جو شیعہ مورخ طبری ہی نے اسناد سے بیان کیا ہے قصیدہ گوئی کے جھوٹے قصہ کی تکذیب کے سلسلہ میں چند امور کی وضاحت ہو جاتی ہے ایک یہ کہ فرزدق و جریر اموی خلفاء کے درباری شاعر سفر و حضر کے حاضر باش تھے اموی خلفاء کو جنھیں شاعروں نے اپنے اشعار میں خلیفہ اور اور امام کہا ہے حسب رواج زمانہ وہ اپنا امام ہی مانتے اور کہتے تھے دیوان فرزدق میں جیسا ذکر ہوا کسی ہاشمی کی تعریف و مدح میں ایک شعر بھی نہیں چہ جائیکہ فرزند حسینؓ کی شان میں شاعر بنی امیہ فرزدق کے دیوان میں ایسا قصیدہ شامل ہوتا جس کے بعض اشعار میں شیعیت کے جذبات کا اظہار ہو ممکن نہیں۔ اس زمانہ کا دستور تھا کہ موکب خلافت کی آمد کی اطلاع ملنے پر از خود یا نائب مدینہ و مکہ کے اہتمام سے اہل مکہ و مدینہ شہر سے باہر جاکر امیرالمومنین کا استقبال کرتے دربار منعقد ہوتا اعیان و اشراف ہاشمی و غیر ہاشمی اپنے امام و امیرالمومنین سے ملاقاتیں کرتے اور حسب مراتب و تعلقات قرابت مجالست و مکالمت کرتے جیسا مورخ طبری نے عبداللہ بن حسن مثنیٰ کے متعلق بتایا ہے کہ امیرالمومنین نے حاضرین دربار میں سے انھیں اپنے پہلو میں جگہ دی واقربهم منه مجلساً عبدالله بن حسن (الخیامہ۲۵۶)

یہ مروانی خلفاء اپنے حسنی و حسینی قرابتداروں سے عزیزانہ برتاؤ کرتے حسن سلوک سے پیش آتے امیرالمومنین سلیمان کے بھائی امیرالمومنین الولیدؒ بتعلق قرابت جناب علی بن الحسین (زین العابدینؒ) کے بھتیج داماد تھے ان کی دو بھتیجیاں نفیسہ بنت زید حسنیؒ و زینب بنت حسن مثنیٰ ان کے عقد میں تھیں پھران کی دو پھوپھیاں دختران حضرت علیؓ بن ابی طالب بھی امیرالمومنین

عبدالملکؒ اور ان کے بھائی معاویہ بن مروانؒ کو بیاہی گئی تھیں۔ ہاشمیوں اور امویوں (مروانیوں) میں جو ایک ہی خاندان بنو عبد مناف سے تھے شادی بیاہ ہونا قدرتی بات تھی پھر ایسے گھرانے میں جو دنیاوی اعزاز و منزلت میں تمام قریشی گھرانوں سے بلند تر تھا ہاشمی اکابر کا اپنی بیٹیاں بیاہنا بھی قدرتی بات تھی اس زمانہ میں نہ عقائد کا اختلاف تھا نہ مذہبی فرقے پیدا ہوئے تھے شیعہ و خوارج کی حیثیت تو اس وقت تک محض سیاسی پارٹیوں کی تھی۔ تمام ملت اسلامیہ اپنے ایک ہی قائد کی متبع تھی اسی کا حکم ہر جگہ نافذ تھا ہاشمی و غیر ہاشمی سب اسی کی بیعت میں تھے وہی امام و امیر المومنین تھا۔ کوئی دوسرا نہ امامت کا مدعی تھا اور نہ امام کہلا سکتا تھا اور نہ کسی کو امیر المومنین کی بدگوئی یا تضحیک کی مجال ہو سکتی تھی کوئی اجل رسیدہ ایسی جسارت کرتا قید و بند ہی کی نہیں قتل کی سزا پاتا۔

فرزدق سے جو قصیدہ منسوب ہے اس کے بعض اشعار میں شیعیت کے جن جذبات کا اظہار ہے وہ یقیناً عہد عباسیہ کی پیداوار ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کسی شیعہ ادیب و شاعر کو اس قصیدے کا مطلع پسند آگیا جو عہد عباسیہ کے دریادل گورنر یمامہ جناب قثم بن عباس بن عبید اللہ بن العباسؓ بن عبد المطلب کی مدح میں کسی شاعر نے کہا تھا مطلع پسند آنے پر جولانی طبع دکھائی لسانی اعتبار سے قصیدہ بڑا لذیذ ہے ناممکن ہے ارتجالاً و فی البدیہہ ایسے پر شکوہ الفاظ میں پہلا شعر کا قصیدہ کوئی کہہ سکتا ہے۔ قصیدہ گو کے جذبات نہایت درجہ عقیدتمندانہ اور شیعیت سے بھرپور ہیں مثلاً

عمّ البریّۃ بالاحسان فانقلعت	عنہ الغیابۃ والاملاق والعدم
ان کا احسان مخلوق پر عام ہے اور ان سے	بے زری مفلسی اور ناداری جاتی رہی
من معشرٍ حبّھم دینٌ وبغضھم	کفرٌ وقربھم منجیٌ و معتصم
یہ اس گروہ سے ہیں جن کی محبت دین ہے اور جن سے بغض	کفر ہے جن کی قربت نجات دہندہ اور پناہ ہے
ان عُدّ اھل التقی کانوا ائمتھم	او قیل من خیر اھل الارض قیل ھم
اگر اہل تقویٰ کا شمار کیا جائے تو یہ ان کے امام ثابت ہوں گے۔	اور پوچھا جائے کہ اہل زمین میں سب سے بہتر کون ہیں تو کہا جائیگا یہی ہیں۔
یستدفع السوء والبلوی بحبّھم	ویستزاد بہ الاحسان والنعم
اور آزمائش کی گھڑی ان کی محبت سے ٹالی جاتی	اور احسان و نعمتوں میں اضافہ کیا جا سکتا ہے

شیعیت پرستی کے یہ خیالات اور جذبات صدر اسلام کے اس مبارک عہد میں جب خالص اسلامی عقائد اپنی تابانی سے ضوفشاں تھے نہ تو پیدا ہوئے تھے اور نہ ان کے اظہار کی جسارت کی جا سکتی تھی۔ یہ کلام تو دوسری صدی ہجری کے بعد کے کسی شیعہ ادیب و شاعر کا ہے۔ اب اس قصیدے کے اشعار سنئے جو بروایت ہمعصر مولف کتاب نسب قریش نیز بروایت ابن سید الناس (ملنے) جناب قثم بن عباس بن عبید اللہ بن العباسؓ کی مدح میں ابن المولیٰ نے کہا تھا۔

هٰذا الذی تعرف البطحاء وطأته	والبیت یعرفه والحِلّ والحَرَمُ
یہی تو ہیں کہ سرزمین بطحا ان کے قدم پہچانتی ہے	اور کعبہ انھیں جانتا ہے بیرون حرم اور حرم بھی
کم صارخ بك مکروب وصارخة	یَدعوك یا قثم الخیرات یا قثم
بہت سے آدمی تیرا نام لیکر دہائی دیتے ہیں اور بہت سی عورتیں۔	بھی تجھے پکارتی ہیں کہ اے نیکیاں تقسیم کرنے والے اے قثمؑ!
عَتقتِ من حِلّی ومن رحلتی	یا ناقُ ان اَدنیتِنی من قُثم
میرا کجاوہ اتار دے تو میرے سفروں سے آزاد ہو جائیگی	اے میری اونٹنی تو اگر مجھے قثم تک پہنچا دے
إنك إن اَدنیت منه غداً	حالفنی البؤس ومات العَدَم
تو اگر کل مجھے ان کے (قثم) کے قریب کردے	تو بدحالی مجھ سے دور ہو جائے اور ناداری کا خاتمہ ہو جائے۔
فی کفه بحر و فی وجهه	بدر و فی العرنین منه شمم
ان کے ہاتھ بحر کرم ہیں اور ان کے چہرے میں	چودھویں چاند کی چمک ہے اور ان کی ناک کے بانسے میں بلندی (یعنی بڑے شریف ہیں۔
اصم عن قبل الخنا سمعه	وما عن الخیر به من صمم
بیہودہ باتیں سننے سے ان کے کان بہرے ہیں	مگر اچھی باتیں سننے سے انھیں کوئی گرانی نہیں
لم یدر ما "لا" وبلی قد دری	فعافها واعتاض منها "نعم"
وہ جانتے ہی نہیں کہ "نا" کہنا کیا ہوتا ہے بلی کہنا جانتے ہیں۔	اس لئے "نا" کہنا ناپسند کیا ہے اور اس کے بدلے نعم (ہاں) لے لیا ہے۔

یہ قثم بن عباس قُثَمُ الخیر[۱] مشہور تھے اور جود و سخا میں اپنے دادا حضرت عبید اللہ بن العباسؓ

[۱] ان کے دادا عبید اللہ تھے وہ بھی مکہ اور یمامہ کے والی رہے تھے۔

کی یاد تازہ کرنے والے تھے حاجتمند کوئی بھی خالی ہاتھ نہ جاتا ہمعصر مؤلف کہتے ہیں کہ ایک اعرابی حاضر ہوا قثم الخیر کہکر سوال پورا کرنے کی اپنے طرز پران منظوم الفاظ میں قسم دلائی جو فی الفور پوری کردی گئی۔

یا قثم الخیر جزیت الجنۃ　　اکس بنیاتی و امھنہ

اقسم باللہ لتفعلنہ

مقصود اس طویل گفتگو سے جو سطور بالا میں کی گئی ہرگز دو زینہار یہ نہیں کہ جناب علی بن الحسینؓ (زین العابدین) کی مدح وثنا میں کسی نے قصیدہ کیوں کہا، مدح وثنا میں ان کی تو خود راقم الحروف نے اپنی دوسری تالیف میں ایک موقع پر عرض کیا تھا کہ :-

"حضرت علی بن الحسینؓ (زین العابدین) اپنے جذبات وخیالات اور فرائض ملیہ کی ادائیگی میں اپنے عم بزرگوار حضرت حسنؓ سے مشابہت رکھتے ہیں۔ سیاسی امور میں کبھی مداہنت سے کام نہیں لیا۔ سبائیوں کی بڑی کوشش رہی کہ آپ کو اپنے جال میں پھانس لیں لیکن آپ ان کے دھوکے میں نہیں آئے........ جب واقعات کا تجزیہ کیا جائے تو ہویدا ہو جاتا ہے کہ یہ امت علی (زین العابدینؒ) کے کردار پر جتنا فخر کرے اور آپ کے طریقۂ کار کی پیروی میں جتنی سعادت بہتے درست۔ آپ ہمیشہ جماعت سے وابستہ رہے اور تفرقہ کی کارروائیوں سے بیزار و برکنار"

مگر قصیدہ گو نے خلیفہ وقت کی تذلیل وتحقیر اور اپنے امام کے نسلی امتیاز ونسبی سیادت وشخصی برتری کے اظہار کے لئے جو پہاڑ تراشا اور جھوٹا قصہ گھڑا ہے بطور نمونہ ومثال اُسے یہاں پیش کیا گیا ملت اسلامیہ کی سربراہی سے محرومی کی وجہ سے کہ نظریہ خلافت کے مقابلے میں امامت کا نظریہ قایم کیا گیا آئمہ کو معصوم اور ان کے منجانب اللہ تقرر کو دنیا پر خدا کے لطف ومہربانی کا مظہر بتایا گیا مگر دنیا جانتی ہے کہ ملت اسلامیہ کے فلاح بہبود کے تعمیری کاموں میں یا اعدائے اسلام کے مقابلہ میں نبرد جہاد... اور اعدائے کلمۃ اللہ کے لئے ان آئمہ کا کوئی کارنامہ نہیں بلکہ خود شیعہ مولفین اس امر کا اظہار کرتے ہیں کہ ان کے سارے ائمہ مقہور ومظلوم وعاجز تھے نہ انھیں سیاسی اقتدار اور شوکت ودبدبہ حاصل تھا اور نہ حکومت وسلطنت انھیں مل سکی کہ جس سے وہ مخلوق کو فائدہ پہنچا سکتے۔ یہ سیاسی اقتدار اور قوت وشوکت و

دبدبۂ صدر اسلام میں خلفائے راشدینؓ کے بعد اول اموی خلفا کو حاصل تھا پھر عباسی خلفاء کو دشمن اسلام قوتوں کا خلفاہی کے ہاتھوں استیصال ہوا۔ جناب علی (زین العابدین) ہی کے ایک ہمعصر خلیفہ الولید بن عبد الملکؒ تھے جن کی خلافت مثالی خلافت تھی اور دین و ملت کے لئے موجب فوز و فلاح۔ ان کے عہد خلافت میں نہ صرف اس علاقہ سندھ کے جواب مملکت خداداد پاکستان میں شامل ہے متعدد مقامات فتح ہوئے بلکہ چین و ترکستان و بلاد روم سے لیکر مغربی افریقہ اور اندلس کے علاقہ جات پر مسلمانوں کا تسلط ہوا ان کے زمانہ کے جہادوں کو حضرت عمر الفاروقؓ کے عہد خلافت کے جہادوں سے تشبیہ دی گئی ہے ابن کثیر صرف ایک سال ۹۴ھ کی فتوحات کے ذکر میں لکھتے ہیں:۔

وفیھا فتح اللّٰہ علی الاسلام فتوحات عظیمۃ فی دولۃ الولید بن عبد الملک علی یدی اولادہ واقربائہ وامرائہ حتی عاد شبیھا بایام عمر بن الخطاب رضی اللّٰہ عنہ۔ (البدایہ ج۹ ص۹۵)	اور اس سنہ (۹۴ھ) میں الولید بن عبد الملک کے بیٹوں عزیزوں اور ان کے امیروں کے ہاتوں اسلام کے لئے عظیم فتوحات بفضل الٰہی ان کی خلافت میں عطا ہوئیں حتی کہ حضرت عمر بن الخطابؓ کے زمانہ کی فتوحات کے مشابہ ہوئیں۔

جو بیشمار و بے حد و حساب دولت غنائم و فتوحات سے حاصل ہوئی ملت ہی کی فلاح و بہبود پر صرف کی، دمشق کی جامع اموی کی بیمثال عمارت پر دس کروڑ اشرفیاں صرف کیں۔ اندھوں اپاہجوں اور جذامیوں تک کے لئے بیمارستان و اقامت گاہیں بنوائیں ہر اندھے کے لئے ایک ایک خادم مقرر کیا۔ مکہ و مدینہ میں آب رسانی کے لئے کنوئیں کھدوائے ۹۱ھ میں جب حج کے بعد مدینہ منورہ آئے مسجد نبوی میں نمازیں ادا کیں اور نماز جمعہ پڑھائی خطبہ دیا علماء و اتقیا سے ملاقاتیں کی اور اہل مدینہ کو سونا و چاندی بڑی مقدار میں تقسیم کی فصرف علی الناس من اھل المدینۃ ذھبا کثیرا و فضۃ کثیرۃ (ایضاً) اہل حجاز خصوصاً مکہ و مدینہ کے باشندوں کے ساتھ اسی طرح کا حسن سلوک دوسرے خلفاء بھی کرتے رہے بیشمار رقوم خانہ کعبہ اور مسجد نبوی کی توسیع و تزئین کے لئے صرف کرتے تھے۔

ان واقعات تاریخ کو جھٹلایا نہیں جا سکتا کہ بنو امیہؓ اور بنی عباس کے ابتدائی عہد تک جمہور امت کی متفقہ تائید خلفاء کو حاصل رہی ملت کے وہ تمام عظیم تعمیری کام انجام پائے جو اسلامی تاریخ

کا سنہرا باب، مگر اسلامی قومیت کی یکسنگی و یک عملی خصوصیت سے انحراف اسی نسلی امتیاز اور نسبی سیادت کے دعوے سے شروع ہوا اور سیاسی اقتدار حاصل کرنے کی خانہ جنگیوں سے صدیوں تک ہوتا رہا جس کا مجمل حال آپ نے ملاحظہ کیا۔ حضرت علی کی فاطمی نسل کے استحقاق "اولی خلافت" نے جسے مذہب کا رنگ دیدیا گیا تھا۔ بمرور زمانہ شیعہ سنی کشمکش کی اندوھناک صورت اختیار کرلی تھی اور بالآخر اسی جذبۂ عناد و رقابت نے بغداد کی عباسی خلافت کا تاتاری کفار کے ہاتھوں خاتمہ کرا دیا۔ مؤلف کتاب امام ابن تیمیہ صحیح لکھتے ہیں :۔

"جب تک عباسی حکومت طاقتور رہی شیعہ سنی کشمکش نمایاں اختلاف کی صورت میں ظاہر نہیں ہو سکی۔ (خلیفہ) معتصم (باللہ) کے بعد عباسی خلفاء کمزور ہو گئے تھے شیعہ سنی بار بار آپس میں جھگڑنے لگے تھے جس کی وجہ سے بسا اوقات بڑی خونریزی ہوتی تھی تاریخ کے صفحات اس قسم کے واقعات سے بھرے پڑے ہیں۔ دونوں فریق کے درمیان کوئی مفاہمت نہیں ہو سکی۔ دونوں ایک دوسرے کے دشمن ہو گئے اور تمام لوگ اس حقیقت کو اچھی طرح جانتے ہیں کہ بغداد کی عباسی خلافت کی تباہی میں شیعوں کا ہاتھ رہا ہے خود جمال الدین بن المطہر الحلی المتوفی ۷۲۶ھ نے لکھا ہے کہ ہلاکو کے بغداد پر حملہ کرنے سے پہلے ان کے والد اور دوسرے لوگوں نے اس کو فتح و کامیابی کی خوش خبری دی تھی اور یہ درخواست کی تھی کہ حلہ و کوفہ و کربلا و نجف اور دوسرے مقدس مقامات کی بے حرمتی نہ کی جائے" (ص۲۶۶)

چنانچہ مولف موصوف نے جمال الدین ابن المطہر کی عبارت کا یہ طویل اقتباس بھی نقل کیا ہے کہ شیعوں کے ان مقدس مقامات کی حفاظت کا سبب جہاں تاتاریوں کے حملے سے پہلے شیعوں نے پناہ لی تھی یہ تھا کہ :۔

پدرِ من کہ مصنف این کتابم	میرے والد نے کہ اس کتاب کا مصنف ہوں .....
بہ ہلاکو پیغام نوشتند پیش از گرفتن بغداد و امان خواستند پس چون بغداد را بگرفت ایشان را بطلبید ...... پس ہلاکو از پدرم	ہلاکو کو بغداد کے لینے سے پہلے ایک پیغام لکھ بھیجا اور اس سے امان چاہی پس جب اس نے بغداد پر قبضہ کیا تو ان کو بلا بھیجا ..... ہلاکو نے

پرسید کہ چوں بود مراسلت شما بہ من پیش ازیں واقعہ بغداد گرفتن و چہ گونہ بر چنیں خبر اعتماد نمودید کہ مرا بغداد خواہد مسخر شد (ص۴۷۸)	میرے والد سے پوچھا کہ اس واقعہ سے پہلے اور بغداد کے لینے سے قبل تم لوگوں نے کیونکر میرے ساتھ خط و کتابت کی اور تمہیں اس خبر پر کیسے اعتماد ہو گیا کہ بغداد میرا تابع ہو جائیگا۔

جمال الدین مذکور نے لکھا ہے کہ میرے باپ نے ہلاکو کے اس سوال کے جواب میں کہا تھا۔

بدرستی کہ سلطان اولیا امیر المومنین علی علیہ السلام در بارہ شما ایں خبر فرمودہ اند کہ خواہد آمد ترک بر آخر ملوک عباسی کہ بادشاہ آں ترک از ایشاں بودہ آں از مبداء ملک ترک خواہد بود۔ (ایضاً)	بے شک سلطان اولیا امیر المومنین علی علیہ السلام نے تمہارے بارے میں یہ خبر دی ہے کہ شاہان عباسی کے آخری بادشاہ کے وقت ترک آئیں گے جن میں ان ترکوں کا بادشاہ ہوگا اور اسی سے ترکوں کی سلطنت کی ابتدا ہوگی۔

اس اقتباس پر کسی تبصرے کی ضرورت نہیں صاف ظاہر ہے کہ تاتاری کفار کی حمایت میں غالی شیعہ ہی پیش پیش رہے تھے مسلمانوں کے مرکزی سیاسی نظام کی تباہی نسلی امتیاز کے اس جذبے کے لئے کیا باعث تسکین ہو سکتی تھی جب کہ بغداد کے قتل عام میں ہاشمی و غیر ہاشمی اور علوی و عباسی کی کوئی تمیز نہ تھی کتنے ہی صحیح النسب حسنی و حسینی خانوادے بھی فنا کے گھاٹ اتر گئے باقیماندہ مختلف دیار و امصار میں منتشر ہو گئے۔ بعد میں خود جمال الدین کو بھی نجف میں کسی نے گلا گھونٹ کر مار ڈالا اور اس کے آل خاندان میں سے ایک شخص جلال الدین بھی جو "باغی" کہلاتا تھا قتل کیا گیا (عمدۃ الطالب ص۳۲۵) بعض افراد سے انتقام لینا فضول تھا اس سے عام تباہی کا کیا مداوا ہو سکتا تھا۔ غرضیکہ ساتویں صدی ہجری کے اواخر میں جب بغداد میں عباسی خلافت کا خاتمہ ہو گیا نقابت بنی ہاشم کا ادارہ بھی ختم ہوا۔ اسی ادارے کے ذریعہ ہاشمی خانوادے کے عباسی و علوی گھرانوں کے شجرے اور خاندانی ریکارڈ مرتب رہتے تھے بعد کے مولفین کتب انساب نے نسابین متقدمین کی کتابوں سے مطالب اخذ کئے چھٹی صدی ہجری اور اس کے بعد سے صحیح و غلط کی جانچ اور مدعیان نسب کی تردید اور روک ٹوک کا ذریعہ باقی نہ رہا۔ عباسیہ بغداد کے انقراض کے بعد مصر میں ۹۱۳ھ تک عباسی خلفا کا

جو سلسلہ قایم رہا پھر ترکی کے خلفا کا سلسلہ عثمانیہ سنہ ۱۳۳۶ھ مطابق ۱۹۱۸ء تک جاری رہا مگر نہ نقابت بنی ہاشم کا کوئی ادارہ پھر قایم ہو سکا اور نہ اقامت دین کا وہ فرض پورا ہو سکا جو حسب ارشاد نبوی حکومت (اموی و عباسی) کے لئے لازمی قرار پاگیا تھا (بخاری)

بغداد کی تباہی پر دردناک مرثیے لکھے گئے شیخ سعدی بھی یہ کہہ کہہ کر ماتم کرتے رہے

آسماں را حق بود گر خوں ببارد بر زمین — بر زوالِ ملک مستعصم امیر المومنین

اے محمدؐ گر قیامت برآری سر ز خاک — سر برآر و ایں قیامت درمیانِ خلق بیں

خونِ فرزندانِ عم مصطفےٰ شد ریختہ — ہم برآں خاکے کہ سلطانان نہادندے جبیں

مرکزی سیاسی نظامِ ملت کے تاتاری کفار کے ہاتھوں برباد ہو جانے کے ساتھ ہی بخارا سمرقند و خوارزم کے بربادی کے بعد دار الخلافہ بغداد کی تباہی سے حرمان و قنوط و یاس انگیزی کے بادل قومی فضا پر ایسے چھا گئے کہ اس اندھیرے میں متصوفہ تحریک کے چمکنے کا موقع مل گیا۔ ان کے نظریہ ولایت اور شیعیت کے نظریہ امامت میں مماثلت ہی نہیں یکسانیت ہے کیونکہ شخصیت پرستی اور مطلق العنان نسلی و نسبی امتیاز تو ان دونوں کا محور ہیں۔ صوفی لٹریچر میں یہ وضعی حدیث آب و تاب سے بیان کی جاتی ہے کہ معراج کی شب میں جو خرقہ گلیم سیاہ پیغمبر خدا کو دربار خداوندی سے عطا ہوا تھا سفر معراج سے واپسی پر حضرت علیؓ کو پہنا دیا پھر حضرت حسنؓ نے پہنا کہتے ہیں کہ "پیر امام حسن کو تصوف میں گہری معرفت حاصل تھی" دے را اندریں طریقت نظرے تمام بود و اندر دقائق عبارت حظے وافر" ان کے بعد باری باری ان سب حضرات نے یہ خرقہ پہنا جنھیں امامیہ اپنا امام کہتے ہیں متصوفہ نے بھی ان سب کو اپنے سلسلہ میں شامل کر رکھا ہے بلا شبہ یہ سب حضرات نیک صفات و عبادت گذار تھے مگر نہ "ہو ہو" کی آوازیں بلند کرتے تھے نہ غیر شرعی مراقبے کرتے نہ حلقے باندھ کر بیٹھتے اور نہ راہبانہ زندگی بسر کرتے۔ اللہ کے اس ارشاد سے کہ آسمان و زمین اور ان کے درمیان جتنی اشیاء پیدا کی گئی ہیں وہ سب انسان کے استعمال اور فائدہ کے لئے ہیں یہ بزرگ بھی ان نعمتوں سے جائز جائز طور سے متمتع ہوتے افزایش نسل کی غرض سے نکاح پر نکاح کرتے حضرت علیؓ نے حضرت فاطمہؓ کی وفات کے بعد بکثرت نکاح کئے تھے تزوج بعدھا بزوجات کثیرۃ[۱] (البدایہ ج ۶ ص ۳۳۱) حضرت

---

[۱] علاوہ ان متعدد ازدواج کے جو حضرت علی کے سامنے فوت ہو گئیں تھیں یا جنھیں طلاق دیدی تھی ان کی چار نکاحی بیویاں اور ۱۹ کنیزیں ان کے وقت وفات موجود تھیں۔ اپنی اقتصادی حالت

(بقایا نوٹ صفحہ ۳۴۷ پر)

حسنؓ کے کثرت نکاح کا حال تو سب ہی جانتے ہیں متصوفہ کے ترک دنیا و رہبانیت سے ان بزرگواروں کا واسطہ نہ تھا محض اپنی تحریک عوام میں مقبول کرانے کی خاطر نسلی و نسبی امتیاز و شخصیت پرستی کے لئے متصوفہ کو اپنے سلسلہ میں ان کا شامل کرنا ضروری ہوا چنانچہ جس زمانہ کا ذکر ہو رہا ہے روحانی پیشوایت کے لئے "ولایت مآب" حضرت علی اور ان کے فاطمی نسب صاحبزادگان کی اولاد میں ہونا لازمی قرار دیا گیا پھر تو نسبی امتیاز کی وہ وبا پھیلی کہ صدی ڈیڑھ صدی پہلے جو عباد و زہاد و صالحین ذی رتبہ ہو گئے تھے جنھوں نے نہ فلاں ابن فلاں سے کوئی سروکار نہ رکھا تھا نہ اپنے نسب کا اظہار ہی کیا تھا ان کے اخلاف نے بھی حسنی حسینی نسب کو اظہار فضیلت کے لئے اور جلب منفعت کی خاطر ضروری سمجھا اس کے بعد سے تو یہ نوبت پہنچی کہ ہر ممتاز روحانی پیشوا کا نسباً حسنی و حسینی ہونا لازمی سا ہو گیا۔ دوسری جانب عراقی و ایرانی خاص کر غالی شیعوں نے جو کوفہ و حلہ و کربلا و نجف میں تاتاریوں سے امان پا کر مقیم تھے اور بعد میں تاتاری حکمران "خدابندہ" کے شیعہ مسلک اختیار کر لینے سے ایسی تقویت حاصل کر لی تھی کہ منہاج الکرامہ فی معرفۃ الامامہ نام کتاب تائید شیعیت میں تصنیف ہوئی نسبی امتیاز و تفاخر کے لئے لفظ سید کا استعمال شروع کیا اگرچہ ابتداءً علماء اور ممتاز افراد کے ناموں کے ساتھ استعمال کیا جاتا تھا جیسا خود شیعہ مؤلف عمدۃ الطالب ہی کی تصریحات سے ثابت ہے اپنے منہ سے کوئی اپنے کو سید نہ کہتا تھا۔

برصغیر ہند میں عربوں کی آمد و بود و باش اموی عہد سے شروع ہوئی، ثقفی و تمیمی و بنی مغیرہ وغیرہ کے علاوہ بعد میں بعہد عباسی دیگر انصاری و قریشی گھرانوں میں سے عباسی و علوی صدیقی و فاروقی وغیرہ خاندان آباد ہوئے کسی نے اپنے کو نسباً سید و شیخ نہ کہا۔ پھر کئی صدی بعد ترکستان

(بقایا نوٹ صفحہ ۳۴۶ کا) کے لحاظ سے اکثر قریشی و ہاشمی کئی کئی نکاح کرتے اور کنیزیں رکھتے خود حضرت علیؓ ہی کے پروتے عبداللہ بن حسن مثنیٰ کی سند ہے جاحظ نے ان کا ایک قول نقل کیا ہے جس سے ثابت ہے کہ متصوفہ کی رہبانیت سے ان کا کوئی تعلق نہ تھا وہ فرماتے تھے۔

قال علی بن ابی طالب خصصنا بخمس فصاحۃ و صباحۃ و نجدۃ و حظوۃ یعنی عند النساء۔
(البیان والتبیین ج ۲ ص ۹۹)

علیؓ بن ابی طالب نے کہا کہ پانچ باتوں میں ہمیں خصوصیت ہے فصاحت میں گوری رنگت میں فراخ دلی میں دلیری میں اور (صنف نازک سے) خوشی حاصل کرنے میں۔

ماوراالنہر وخراسان وعراق وایران وغیرہ سے لوگ خصوصاً پندرہ شاہزادے سلطان بلبن کے زمانہ میں بقول صاحب تاریخ فرشتہ آسیب سپاہ چنگیزیہ سے بچ کر ہندوستان آئے سلطان نے ان کی حسب مراتب عزت توقیر کی ان میں سے دو جو خلفائے عباسی کی اولادسے تھے بادشاہ کے ساتھ تخت پر بیٹھتے تھے۔" دو پادشاہ زادے کہ برپائے تخت می نشستند وآں ہر دو از اولاد خلفائے عباسی بودند" ان سب کی سکونت کے لئے دلی میں پندرہ محلے قایم ہوئے محلہ عباسی، محلہ علوی و محلہ سنجری وغیرہ حسب تصریحات کتب تاریخ مخدوم زادہ وشیخ وسردار وسید الفاظ احترام وتعظیم کے لئے اس زمانہ میں استعمال ہوئے نہ اظہار نسب میں۔ ہندو قوم تو چار ذاتوں میں جنھیں چار برن کہتے ہیں منقسم ہوئی برہمن، چھتری، ویش اور شودر، برہمن کا مرتبہ سب سے اعلیٰ قرار پایا کہا گیا کہ برہمن کی پیدائش برہما کے منہ سے، چھتری کی بازو سے، ویش کی ران سے اور شودر کی پیر سے تھی۔ پھر ان چاروں ذاتوں کی بے شمار گوتیں ہیں۔ پنجاب وسندھ میں مسلم اقوام کی سکونت تو غزنوی عہد سے ہوئی لیکن سلطان معزالدین محمد سام نے ساتویں صدی ہجری کے شروع میں جب ملک کا بیشتر حصہ فتح کرلیا باہر ملکوں کے آئے ہوئے مسلمان جن میں ترک تاجیک کا عنصر غالب تھا اور عربوں کا جز وقلیل مختلف اقطاع ملک میں متوطن ہوتے گئے ہندی عورتوں کے بکثرت زوجیت میں آنے سے ان غیر ہندی مسلمانوں کی جو نسل پیدا ہوئی پھر مختلف ذاتوں کے ہندو دائرہ اسلام میں داخل ہوتے گئے ان کے میل جول طور طریق اور رسوم کا اثر مسلم معاشرے پر پڑتا گیا مسلمانوں میں بھی شیخ، سید، مغل، پٹھان ذاتیں بننے لگیں۔ برہمن کی جگہ سید نے لی اور شیخ بیں وہ سب نو مسلم شامل ہوئے جو ویش اور شودر ذاتوں سے تھے چھتری وٹھاکر مسلمان ہوکر خطاب خاں سے سرفراز ہوئے۔ عربی وفارسی کے یوں تو متعدد الفاظ ہیں جن کی عوامی بول چال میں قلب ماہیت ہوگئی مثلاً خلیفہ لفظ خلف سے ہے جس کے معنی پیچھے آنے کے ہیں رسول خدا کے جانشین خلیفہ کہلائے یہاں یہ لفظ جو اظہار بزرگی کے لئے تھا عام طور سے حجام ودرزی وغیرہ پیشہ وروں کے لئے مستعمل ہے فارسی لفظ مہتر کے معنی بزرگ اور سردار کے ہیں یہاں خاکروب کے لئے مستعمل ہے۔ سید کی طرح شیخ بھی عربی میں بزرگ ومحترم وسردار اور بوڑھے وسن رسیدہ نیز معتبر عالم و درویش کے لئے مستعمل ہے نسل و قوم اور نسب وخاندان کے اظہار میں اہل زبان نے نہ کبھی استعمال کیا اور نہ اب کرتے ہیں اس ملک میں شیخ و شیخزادہ ذاتیں کہلانے لگیں یہی کیفیت فارسی لفظ پیر کی ہوئی جو بوڑھے اور بزرگ کے معنی میں ہے۔ متصوفہ نے شیخ طریقت کو پیر طریقت کہا۔

بمرور زمانہ پیر و پیرزادگان و پیرزادہ و پیرجی خاندان اور نسب کے اظہار میں مستعمل ہونے لگے۔ میر بھی فارسی لفظ ہے شاہ و شاہزادہ و سردار و سربراہ و قائد کے معنی میں مستعمل ہے بلوچی سردار میر کہلائے۔ عہد مغلیہ کے مختلف عہدوں کے ناموں میں میر شامل تھا جیسے میر عدل، میر عرض، میر ساماں و میر بکاول وغیرہ۔ ایران میں یہ لفظ صفویوں کے عہد سے ہاشمیوں کے لئے مستعمل ہونے لگا وہیں سے یہ بدعت اس ملک میں بھی آئی اردو کے مشہور شاعر میر نے تخلص ہی اپنا میر رکھا خاندان کا حال تو ان کے صحیح صحیح معلوم نہیں نہ خود نوشت سوانح عمری میں انھوں نے اس کا ذکر کیا اپنے کو البتہ سید کہتے تھے' آزاد کہتے ہیں شرفائے اکبر آباد سے تھے اپنے باپ کو بتاتے ہیں ایسے درویش تھے کہ حاکم شام (حضرت امیر معاویہؓ) کا نام مدت العمر زبان پر نہ لائے۔ متصوفہ کے اثرات ان پر بھی غالب رہے۔ حضرت علیؓ کے بارے میں غلو اس درجہ تھا فرماتے ہیں۔

مسکن علی نگر ہے مرا میں علی پرست
پیغمبر اس جگہ کا علی ہے خدا علی
یعنی کہ ذات پاک ہے اس کی خدا کی ذات

یہ مہمل عقیدہ تو نصیری کا تھا جس کے متبعین میں کوئی صحیح النسب ہاشمی دعلوی کبھی نہ تھا۔ راقم حروف کو اپنے ملک و دیار کے صحیح النسب علوی و حسنی و حسینی امراء و علماء و فضلا کے بے شمار کتبات شجروں اور نوشتوں کے مطالعہ کا اکثر موقع ملا جو تین چار سو برس پرانے اور اس کے بعد کے تھے یہ بزرگ خود اپنے قلم سے اپنے کو سید و میر نہیں لکھتے تھے نسب کا اظہار علوی و حسنی و حسینی سے کرتے بزرگوں کے ناموں میں البتہ لکھتے یا مخاطب کو احتراماً سید کہتے۔ عرب ممالک میں تو غیر مسلم معزز شخص کو بھی احتراماً سید کہتے ہیں جیسے سید جواہر لال نہرو یا سید چو این لائی۔ ہاشمیوں سے شریف و سید مخصوص کرنے کی بدعت پانچویں صدی سے شروع ہوئی جس کا تفصیلی تاریخی حال آپ پڑھ چکے ہیں مولف عناجۃ الطرب کا یہ بیان مطابق واقعہ ہرگز نہیں کہ اسلام کے بعد ہی سے شرف عربی بنی ہاشم سے مخصوص ہو گیا تھا اما بعد الاسلام فقد انحصر الشرف العربی فی سلالۃ الہاشمیۃ یہ تو مدتوں بعد کی بات ہے شریف اور سید مترادف المعنی ہیں السودد والشرف معروف (لسان العرب) اس لئے ان کا یہ کہنا صحیح ہے کہ ابھی کوئی ہاشمی شریف نہیں کہلایا جس پر اطلاق لقب سید کا نہ ہوتا ہو مگر قریشی اور غیر قریشی سب ہی معزز اشخاص کے لئے یہ لقب ابتداء میں احتراماً استعمال ہوتے تھے نہ اظہار نسب اپنے ہی منہ سے اپنے کو سید کہنا اور نام میں پیر و سید شامل کرنا نسلی امتیاز و تفاخر نسبی ہی کے جذبے سے ہے جس میں ایک زمانہ تھا کہ یہ حقیر فقیر بھی مبتلا رہا تھا ہاشمی سیادت کے سلسلہ میں صحیح کے صفحے اپنی بعض تالیفات میں سیاہ کئے اب آخر عمر میں کتاب اہل البیت و آل محمد کی تالیف کے دوران سیادت نسبی کی حقیقت منکشف ہوئی۔ اپنے ہاشمی عزیزوں سے معذرت خواہ ہوں۔

ع۔ عودرا ۲۰۰۱ء

قطعہ تاریخ طباعت

از قلم حضرت علامہ تمنّا عمادی زید مجدہٗ
مقیم ڈھاکہ

میزان میں عمل ہی صرف تُلینگے محشر میں
اس میں نہ رکھا جائیگا کبھی پاسنگ نسب

نخوت، کینہ، تحقیر و تعصب جنگ و جدل
لاتا ہے ہمیشہ رنگ نیا نیرنگ نسب

ڈرتا ہوں کھلائے بیٹھے بٹھائے گُل نہ کوئی
سُنتا ہوں کسی مجلس میں اگر کلبانگ نسب

سب علم و عمل کے طالب ہیں سُنتا ہی کون؟
یوں بیٹھے بجاتے لاکھ رہو تم چنگ نسب

ہر فضل و کمال اک مُسلم کا ہے تقویٰ میں
ارباب فا بھرتے نہیں ایں ایں رنگ نسب

دیوانِ عمل میں "ابنِ فلان" کا ذکر کہاں؟
ریکارڈ میں ایمان کے نہ بھرو آہنگِ نسب

یہ یاد رکھو، اعمال کی جب پُرسش ہوگی
کام آئیگا محشر میں نہیں عذر لنگ نسب

نازک ہی بہت یہ آئینہ ہو جائیگا چور
تم شیشۂ تقویٰ سے نہ لڑاؤ سنگِ نسب

ابلیس لعین کا نعرہ تھا انا خیر منہ
تم بھی نہ یہ کہہ کے لڑاؤ آپس میں سنگِ نسب

علامہ عباسی نے لکھی کیا خوب کتاب
یہ کتاب نہیں کہئیے اس کو فرہنگ نسب

تحقیق و ریسرچ اس طرح کرتے ہیں عُلماء
سب لکھ ڈالا ارژنگ نسبنا سنگِ نسب

تاریخ و سِیَر کے سارے مرقع ہیں اس میں
حق ہے جو کہوں اس کو نقش ارژنگِ نسب

تاریخ طباعت کی ہے تمنّا فکر اگر
لکھ فخر نسب لائے اہل زمن ہنگِ نسب

سنہ ۱۳۰۳ھ

عہ انگریزی کے جو الفاظ مصطلح عرفی یا علم کی حیثیت رکھتے ہیں ان کو فارسی ترکیب میں عربی وفارسی الفاظ کے ساتھ لانا جائز ہے خصوصاً جو الفاظ خود اہل ایران بھی استعمال کرتے ہیں۔

تمنّا عمادی عفی لہٗ